ششماہی علمی و تحقیقی مجلّہ

ایچ۔ای۔سی سے منظور شدہ

معارف اسلامی

جلد نمبر 13، شمارہ نمبر 2، جولائی 2014ء تا دسمبر 2014ء

ISSN: 1992-8556

فیکلٹی آف عریبک اینڈ اسلامک سٹڈیز

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ششماہی علمی و تحقیقی مجلہ

معارف اسلامی

جلد نمبر ۱۳، شمارہ نمبر ۲، جولائی ۲۰۱۴ تا دسمبر ۲۰۱۴

مجلس ادارت

پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی

پروفیسر ڈاکٹر عطاء اللہ صدیقی

ڈاکٹر غلام یوسف

ڈاکٹر عزیز الدین زبیغہ

پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود شیخ

پروفیسر ڈاکٹر ساجدہ علوی

پروفیسر ڈاکٹر طاہر منصوری

پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمود اختر

ڈاکٹر عبد العلی اچکزئی

پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد

پروفیسر ڈاکٹر تنویر الزمان

پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال کامران

سرپرست

ڈاکٹر شاہد احمد صدیقی (وائس چانسلر)

مدیر مسئول

پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی

مدیر

ڈاکٹر عبد الحمید خان عباسی، ڈاکٹر خلیل الرحمٰن

نائب مدیر

ڈاکٹر محمد سجاد، ڈاکٹر محی الدین ہاشمی، ڈاکٹر زکریا

مجلس مشاورت

پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد

پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود

پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت

پروفیسر ڈاکٹر محمد الغزالی

پروفیسر ڈاکٹر اکرم رانا

پروفیسر ڈاکٹر عبد المقصود

پروفیسر ڈاکٹر مستنصر میر

پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء

پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق

شعبہ قرآن و تفسیر

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مجلہ معارف اسلامی میں مقالہ کی اشاعت سے متعلق قواعد

مجلہ معارف اسلامی، اسلامی حدود کے اندر آزادی اظہار کا حامی ہے۔ اس مجلہ میں کسی مضمون کی اشاعت کا یہ مطلب نہیں کہ ادارہ ان افکار و خیالات سے لازماً متفق ہے جو اس میں پیش کئے گئے ہیں۔ ادارہ درج ذیل موضوعات پر بطور خاص اہل علم کی نگارشات کا خیر مقدم کرتا ہے:

۱- مقالہ میں اصالت اور گہرائی پر مبنی تحقیق ہو اور موجودہ علم میں اضافے پر مبنی ہو۔

۲- مقالہ کے حواشی و حوالہ جات اصولِ تحقیق کے مطابق ہوں۔

۳- مقالہ نگار حوالہ دیتے وقت مصنف، کتاب کے ناشر اور مقام اشاعت کے متعلق مکمل معلومات مع صفحہ نمبر اور جلد نمبر وغیرہ فراہم کریں۔ ایک ہی مصدر / مرجع سے دوبارہ حوالہ دیتے وقت اختصارات کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

۴- مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز شدہ اور اغلاط سے پاک ہونا چاہیے۔

۵- مقالہ کی ضخامت ۳۰ صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

۶- مقالہ نگار اپنے مقالہ کی ہارڈ کاپی اور سافٹ کاپی بھی فراہم کرے۔

۷- مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ یا کسی اور جگہ اشاعت کے لیے نہ دیا گیا ہو۔

۸- مقالہ نگار اپنے مقالہ کا انگریزی میں ملخص Abstract جو کہ ایک صفحے سے زیادہ نہ ہو لازمی طور پر فراہم کرے۔

۹- وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی منظوری سے مقالہ تجزیہ کے لیے منظور شدہ ماہرین میں سے دو ماہرین کے پاس بھیجا جائے گا۔

۱۰- ماہرین سے ایک مہینے کے اندر اندر مقالہ کی جانچ پڑتال کی درخواست کی جائے گی۔

۱۱- مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرے گا۔ نیز اگر کسی مقالہ میں تبدیلی ہوگی تو اس کے لیے بھی مقالہ نگار سے درخواست کی جائے گی۔

۱۲- مقالہ نگار کو شائع شدہ مجلہ کی ۲ کاپیاں فراہم کی جائیں گی۔

۱۳- مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مقالہ نگار پر ہوگی۔ مجلس ادارت یا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔

قیمت فی شمارہ۔/۱۰۰ روپے   سالانہ بدل اشتراک۔/۳۵۰ روپے

پتہ برائے رابطہ: مدیر مجلہ "معارف اسلامی" شعبہ قرآن و تفسیر، فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز

بلاک نمبر ۱۲، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/8، اسلام آباد

فون نمبر: ۰۵۱-۹۰۵۷۸۷۰   ای میل: a_hameed_k@hotmail.com

کمپوزنگ و ڈیزائننگ: محمد طیب خان، اسد اقبال

طباعت: .... ناشر: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/8، اسلام آباد

صاحبانِ نگارش

محمد لطیف خان

پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی

چیئرمین شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ڈاکٹر محمد حمود لکھوی

پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج، رینالہ خورد

حافظ مسعود قاسم

لیکچرر شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف ایگریکلچر، فیصل آباد

ڈاکٹر حافظ محمد شریف شاکر

ایسوسی ایٹ پروفیسر (ر) جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد

ڈاکٹر حافظ عبدالباسط خان

اسسٹنٹ پروفیسر شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

حافظ محمد یونس

پی ایچ ڈی سکالر شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ڈاکٹر حافظ امجد حسین

لیکچرر علوم اسلامیہ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، سمندری، فیصل آباد

پروفیسر ڈاکٹر محمد ارشد قیوم

پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج غازی، ہری پور

ڈاکٹر محمد ریاض محمود

لیکچرر اسلامیات، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، سیٹلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ

ڈاکٹر محمد صدیق

سابق چیئرمین شعبہ اسلامیات، گومل یونیورسٹی، ڈیرہ اسماعیل خان

ڈاکٹر محمد سجاد

ایسوسی ایٹ پروفیسر رچیئرمین شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ،

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

ڈاکٹر ضیاءاللہ الازہری

پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف پشاور، پشاور

ڈاکٹر جانس خان منصور

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، مالاکنڈ یونیورسٹی، مالاکنڈ

ڈاکٹر ہدایت خان

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ شریعہ و قانون، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ،

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

ڈاکٹر سعادت عظمیٰ

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ عربی زبان وادب، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

ڈاکٹر محمد الیاس

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث وعلوم الحدیث، فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز (اصول الدین)، بین الاقوامی اسلامی

یونیورسٹی اسلام آباد

ڈاکٹر شیر علی

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ ترجمہ وترجمانی، کلیہ عربی زبان وادب، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

ڈاکٹر عبدالمجید بغدادی

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

محمد عالمگیر

لیکچرر گورنمنٹ کالج خیرپور تامیوالی، بہاولپور

ظفر اقبال

پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی
پروفیسر شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
فہد انور
ایم فل اسلامیات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیم عباس
پی ایچ ڈی ریسرچ اسکالر شعبہ تفسیر وعلوم القرآن، کلیہ اسلامک اسٹڈیز (اصول الدین)
بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
ڈاکٹر تاج افسر
اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ تفسیر وعلوم القرآن، کلیہ اسلامک اسٹڈیز (اصول الدین)
بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

فہرست مقالات

حصہ اردو

زندگی کے بارے میں قرآنی حقائق و سائنسی نظریات: ایک تحقیقی مطالعہ	محمد لطیف خان پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی	۱
مابعد الطبیعاتی مسائل میں تفسیر محمدی کا اسلوب	ڈاکٹر محمد حمود لکھوی	۲۱
صحیح مسلم کی ایک حدیث کا تعلیلی و تحقیقی جائزہ	حافظ مسعود قاسم ڈاکٹر حافظ محمد شریف شاکر	۴۳
جین تھراپی کی شرعی حیثیت	ڈاکٹر حافظ عبدالباسط خان حافظ محمد یونس	۵۹
المحلی لابن حزم: ایک تعارفی، تنقیدی اور تجزیاتی مطالعہ	ڈاکٹر حافظ امجد حسین	۷۵
سر سید احمد خان کا تصور معجزات	پروفیسر ڈاکٹر محمد ارشد قیوم	۱۰۷
برصغیر میں مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب کے علمی و فکری اثرات	ڈاکٹر محمد ریاض محمود ڈاکٹر محمد صدیق	۱۳۷
دعوت نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کا مکالماتی اسلوب	ڈاکٹر محمد سجاد	۱۶۳

حصہ عربی

الموارد الاقتصادية فی القرآن الكريم	الدكتور ضياء الله الازهری الدكتور جانس خان منصور	۱۷۹
جريمة الردة و مجال دور المجتمع في مكافحتها بين الشريعة و القانون	الدكتور هدايت خان	۱۹۵
سقوط الأندلس: كيفيته و أهم اسبابه	الدكتورة سعادت عظمی	۲۱۱
الإرهاب الإلكتروني أسبابه وآثاره وعلاجه	الدكتورمحمد إلياس	۲۳۳
كتاب بانيني أشتدهيائي و كتاب سيبويه بين الاختلاف والاتفاق: دراسة مقارنة	الدكتور شير علي خان	۲۵۷

أدب الأطفال العربي، نشأته و تطوره: دراسة و تحليل	الدكتور عبدالمجيد البغدادي محمد عالمكير	۲۸۳

حصہ انگریزی

Islamic Code of Ethics for Academia	ظفر اقبال پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی	۱
Janin and the Modern Medical Research in the Light of Islamic Fiqh	فہد انور	۲۱
Concept of Ritual Purity: A Comparative Study between Islam & Hinduism	کلیم عباس ڈاکٹر تاج افسر	۳۷

زندگی کے بارے میں قرآنی حقائق اور سائنسی نظریات: ایک تحقیقی مطالعہ

Qura'nic & Scientific Facts about Life: A Research Study

محمد لطیف خان☆

ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی☆☆

Abstract

History gives us some glimpses of the discussions of Greek scholars and theologians about life and its existence in the Universe. They discussed life in their own philosophical way. Since then various philosophers and scientists depicted different notions and coined diverse definitions of life. But none of them is explicit in giving us a vivid description which could encompass the life with its totality. Holy Quran is the source of all the information. External truths and principles elaborated in it are final, unchallengeable and testified. A large number of the people are well versed in teachings of Holy Quran but have insufficient knowledge of science and vice versa. Some hold the opinion that religion and science should have equal sway in the affairs of life. These people are often hesitant about the Right and the Wrong.

Another group has tried to harmonize the scientific notions with religious injunctions by elaborating holy verses in the light of scientific achievements. The fact remains that the holy Quran is not a scientific book. Its teachings are eternal Truth. This book helps to understand different riddles of science and enhances its research-oriented progress of the world.

After this brief elaboration scientific notions and Qura'nic realities are being presented with genuine opinions of some learned scholars, theologians and scientists. A section have a clear understanding of the topic that there is no fundamental conflict between faith and science, as science and religion generally pursue knowledge of the universe using different methodologies.

☆ پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن وتفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

☆☆ چیئرمین، شعبہ قرآن وتفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

زندگی کے بارے میں معلوم تاریخ میں سب سے پہلے یونانی حکماء نے بحث کی اوراپنے انداز میں زندگی کی وضاحت کی۔تب سے اب تک زندگی کے بارے میں فلاسفہ اور سائنس دانوں نے زندگی کے بارے میں مختلف نظریات بیان کیے اور زندگی کی مختلف تعریفیں کیں۔زندگی کے بارے میں سائنس دانوں یا فلاسفہ کا نکتہ نظر تا حال واضح نہیں ہے۔ اس کا ثبوت زندگی کے بارے میں دوسو سے زائد تعریفیں ہیں مگر ان میں سے ایک تعریف پر بھی سائنس دان متفق و مطمئن نہیں ہیں۔Dr. Vinay Bhardwaj سات اپریل ۲۰۱۴ء کو اپنے ایک آرٹیکل "How do we define Death?" میں زندگی کی تعریف کے بارے میں لکھتے ہیں:

> ‘‘Death has always fascinated humanity; its finality and its mystery pervade all cultures and all age groups. The loss and the pain of death have a universal effect on humanity. But when it comes to defining death, we falter and fail. The basic problem is that we've never really been able to define what is "living". When we don't know what is alive we really can't define death’’(۱)۔

قرآن حکیم دنیا و آخرت کی تمام سچائیوں کا منبع اور مرکز ومحور ہے۔قرآن حکیم میں جو بھی کلیات بیان ہوئے ہیں وہ حتمی اور آخری فیصلے کی حیثیت رکھتے ہیں۔انسانوں کا ایک بڑا طبقہ قرآن حکیم سے بھی اتنا ہی ناواقف ہے جتنا کہ سائنس سے نا آشنا ہے۔اس طبقہ میں سے کچھ کا رجحان مذہب کی طرف ہے جبکہ کچھ مذہب کے مقابلے میں سائنس کی طرف زیادہ جھکاؤ رکھتے ہیں۔کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ مذہب اور سائنس میں برابری کے قائل ہیں۔یہ لوگ اکثر شش و پنج کا شکار رہتے ہیں کہ کیا صحیح ہے اور کیا غلط۔بقول مرزا غالب:

ایماں مجھے روکے ہے، جو کھینچے ہے مجھے کفر　　　　کعبہ مرے پیچھے ہے کلیسا مرے آگے

ایک اور طبقہ سائنس کی محبت میں مذہب بیزار بن گیا اور مذہب کو دنیا کا سب سے بڑا جھوٹ قرار دینے لگا۔اس کے مقابلے میں خالص مذہبی ذہن رکھنے والا طبقہ بھی مذہب بیزاروں کے ردعمل میں سائنس کو کفر قرار دینے لگا۔اس کشمکش میں سائنس اور مذہب کو ایک دوسرے کا مدمقابل سمجھا جانے لگا۔

سائنس دانوں میں سے بعض تو وہ ہیں کہ جان بوجھ کر مذہب دشمنی میں پیش پیش ہیں جبکہ بعض مذہبی رجحان رکھنے والے بھی ہیں۔مذہب دشمنی رکھنے والے سائنس دان کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے کہ سائنس کو مذہب کے خلاف استعمال کریں،خواہ ان کے پاس تجربہ کی بھٹی پر پرکھے جانے سے قبل کا نظریہ ہی کیوں نہ ہو۔حالانکہ نظریہ کو جب تک تجربہ کی مدد سے پرکھا نہ جائے یہ حتمی نہیں ہوتا اور نہ ہی ایسی صورت میں یہ سائنسی قانون کہلا سکتا ہے۔انہی غیر حتمی

نظریات کو سائنس سمجھنے والے حضرات نے سائنس کی مخالفت کر کے سائنس کو مذہب کا مدمقابل سمجھ لیا۔ایک گروہ نے مذہب اور سائنس کو ہم آہنگ کرنے کے لیے قرآن حکیم پر سائنسی قوانین اور نظریات چسپاں کرنے شروع کر دیئے اور قرآن حکیم کی تفسیر میں سائنس کی لیپا پوتی کر دی حالانکہ قرآن حکیم سائنس کی کتاب نہیں اور نہ ہی سائنس کی محتاج ہے البتہ قرآن حکیم کو سمجھنے کے لیے سائنس انسان کو سہولت فراہم کرتی ہے۔یوں سائنس قرآن حکیم کی خادم ہے نہ کہ مدمقابل یا بالاتر۔اس تمہید کے بعد اب زندگی کے بارے میں سائنسی نظریات کے ساتھ ساتھ قرآنی حقائق بیان کیے جائیں گے اور مختلف مفسرین کی آراء بھی مقالہ ہذا میں شامل کی جائیں گی۔

صاحبِ شعور مخلوق

یوں تو اللہ تعالیٰ کی مخلوق لاتعداد اقسام پر محیط ہے مگر ان تمام مخلوقات میں سے تین مخلوقات ایسی ہیں جو صاحبِ تشخص اور صاحبِ شعور ہیں۔ان میں اپنی ذات کا شعور موجود ہے۔جو درج ذیل ہیں:

۱۔ملائکہ
۲۔جنّات
۳۔انسان

ملائکہ کی تخلیق نور سے ہوئی۔انہوں نے اپنی ذات کی شعوری پہچان کی اور کہا کہ اے اللہ!''ہم'' تیری تسبیح و تقدیس کرتے ہیں۔جنات کی تخلیق آگ سے ہوئی۔اور شیطان جو کہ جنّات میں سے ہے،اس نے اپنی ذات کے شعور کے بارے میں کہا کہ''میں'' آدم (علیہ السلام) سے بہتر ہوں۔انسان کی تخلیق مٹی سے ہوئی،اور اپنی ذات کے شعور کے بارے میں ہمہ وقت آگاہ رہتے ہوئے ہر عمل میں کہتا ہے کہ''میں'' نے یہ کام کیا۔''میں'' یہ کرتا ہوں (۲)۔

زندگی کی خصوصیات

سائنس دانوں کے مطابق زندگی کی کوئی مخصوص تعریف نہیں کی جا سکتی بلکہ جن چیزوں میں مندرجہ ذیل آٹھ خصوصیات پائی جائیں ان کو جان دار کہا جاتا ہے اور ان خصوصیات کے مجموعہ کو زندگی کہتے ہیں:

۱۔ عملِ تنفس ۲۔ افزائشِ نسل ۳۔ حرکت ۴۔ نشوونما ۵۔ حساسیت
۶۔ تغذیہ ۷۔ عمل اخراج ۸۔ عملِ تحوّل (۳)

زندگی کے لوازمات

زندگی خواہ انسانی ہو یا کسی اور مخلوق کی،اس کے لیے کچھ ضروری لوازمات ہیں۔ان کے بغیر کوئی چیز زندہ نہیں رہ سکتی اور اگر رہے گی بھی تو چند دن کے لیے ہی رہ سکے گی۔اس کے بعد زندگی کا خاتمہ یقینی ہو جائے گا۔ان میں سے ہر ایک کی اپنی جگہ مسلّم حیثیت ہے۔زندگی کے یہ لوازمات درج ذیل ہیں:

۱۔ہوا ۲۔پانی ۳۔خوراک ۴۔عملِ تحوّل ۵۔درجۂ حرارت ۶۔عملِ اخراج

ہوا

زندہ رہنے کے لیے سب سے زیادہ ضروری چیز ہوا ہے۔ ہوا مختلف گیسوں کا آمیزہ ہے۔ ان گیسوں میں آکسیجن، ہائیڈروجن،کلورین، کاربن مونو آکسائیڈ، کاربن ڈائی آکسائیڈ، نائیٹروجن اور دیگر شامل ہیں۔ان میں سے انسانی وحیوانی زندگی کے لیے زیادہ ضروری آکسیجن ہے جب کہ پودوں کی زندگی کے لیے کاربن ڈائی آکسائیڈ اورآکسیجن دونوں ضروری ہیں۔ انسان اور جانور آکسیجن کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔ ایک عام آدمی ہوا کے بغیر تقریباً تین منٹ تک زندہ رہ سکتا ہے۔ سانس لیتے وقت ہوا میں موجود تمام گیسیں ناک کے ذریعے سے پھیپھڑوں میں داخل ہوتی ہیں۔ پھیپھڑوں میں موجود ہوا کی تھیلیوں کے باہر خون کی باریک رگوں کا جال گیسوں کے اس آمیزہ میں سے آکسیجن کو اپنے اندر جذب کر لیتا ہے اور خون میں موجود کاربن ڈائی آکسائیڈ نفوذ کے عمل کے ذریعے پھیپھڑوں میں آجاتی ہے اور وہاں سے سانس کے ذریعے خارج کر دی جاتی ہے۔خون میں آکسیجن جذب کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے خون میں لوہے کی کچھ مقدار رکھی ہے اور لوہے میں یہ خاصیت رکھی ہے کہ پانی کی موجودگی میں آکسیجن کو اپنے اندر جذب کر لیتا ہے۔آکسیجن خون کے ساتھ مل کر پورے جسم کے ہر خلیہ تک پہنچتی ہے اور خلیہ میں موجود خوراک کے ساتھ عملِ تکسید وتخفیف (Redox Reaction) کر کے توانائی مہیا کرتی ہے۔ اگر آکسیجن نہ ہو تو جسم کو توانائی نہ مل سکے اور یوں توانائی کے بغیر زندگی کا خاتمہ ہو جائے۔ پودے دن کے وقت سورج کی روشنی، کاربن ڈائی آکسائیڈ اور اپنے پتوں میں موجود ایک کیمیائی مادے کلوروفل کی موجودگی میں خود کے لیے اور حیوانات کے لیے خوراک تیار کرتے ہیں۔ جب سورج غروب ہو جاتا ہے اور خوراک تیار کرنا ناممکن ہو جاتا ہے تو اس وقت پودے بھی کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس کے بجائے آکسیجن گیس جذب کرنے لگتے ہیں۔خلیہ کا تنفس یعنی طاقت بخش چیزوں کا خرچ آئنز کے تبادلے کا ایک خاص عجوبہ ہے جو پانی کے آئنز سے تعلق رکھتا ہے(۴)۔

پانی

اللہ تعالیٰ نے ہر زندہ چیز کو پانی سے پیدا کیا۔ پودوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ قرآن حکیم میں ارشاد فرماتا ہے:﴿وَاَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ط فَاَخۡرَجۡنَا بِهٖۤ اَزۡوَاجًا مِّنۡ نَّبَاتٍ شَتّٰى﴾(۵)۔

(اور آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس کے ذریعے سے مختلف اقسام کے نباتات کی جوڑیاں پیدا کیں)۔

تمام جان دار اشیاء کے بارے میں سورۃ الانبیاء میں ارشاد ہے:﴿وَجَعَلۡنَا مِنَ الۡمَآءِ كُلَّ شَىۡءٍ حَىٍّ﴾(٦)

(اور ہم نے ہر جان دار چیز کو پانی سے پیدا کیا)۔

جب ہر جاندار چیز کی ابتدا پانی سے ہوتی ہے تو اس چیز کی زندگی کی بقا کے لیے پانی کی اہمیت اور زیادہ بڑھ جاتی

ہے۔ اگر پانی نہ ہوتو کوئی بھی جان دار زندہ نہیں رہ سکتا۔ انسانوں اور حیوانات میں پانی جسم میں خون کی گردش کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اگر جسم میں پانی نہ ہوتو خون کی گردش میں دقت ہو اور جسم کے ہر خلیہ تک خوراک نہ پہنچ سکے۔ پانی نئی اور تازہ قوتِ حیات مہیا کرنے کا باعث ہے۔ اسی وجہ سے خلیے پانی کے ختم ہو جانے (پیاس) کو برداشت نہیں کر سکتے۔ ایک عام درجہ کے انسانی جسم کے اندر پانی سات سے چودہ دن تک باقی رہتا ہے۔ لہٰذا ایک عام انسان پانی کے بغیر چودہ دن سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکتا۔ پودوں میں بھی پانی جڑوں سے پتوں تک نالیوں کے ذریعے سے پہنچتا ہے اور پھر پتوں میں تیار شدہ خوراک کو پودے کے تمام حصوں تک پانی کے ذریعے ہی پہنچایا جاتا ہے۔

پانی قوتِ حیات کی بنیاد ہے۔ پانی اور قوتِ حیات کے درمیان عظیم تعلق کو سائنس میں ابھی تک تسلی بخش طریقہ سے ظاہر نہیں کیا جا سکا۔ الیکٹرو کیمسٹری اور بائیو کیمسٹری کے ماہرین ابھی تک پوری تسلی کے ساتھ نہیں بتا سکے کہ ایک خاص وقت کے بعد پانی کے سالمے (Molecules) کیوں ضائع ہو جاتے ہیں اور ابھی تک یہ بھی دریافت نہیں ہو سکا کہ ایک خلیہ پانی کا ذخیرہ کیسے کر لیتا ہے۔ جسم کے غدودوں (Glands) میں خاص قسم کے ہارمون پیدا ہوتے رہتے ہیں جو اپنے اندر اور ایک دوسرے کے درمیان پانی کا تبادلہ کرتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ پانی خلیوں کو تناؤ کی حالت میں رکھنے میں بھی مدد فراہم کرتا ہے جس کی وجہ سے خلیے مرجھاتے نہیں (۷)۔

خوراک

خوراک زندہ جسم کے لیے زندگی کی بقاء میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ خوراک زندگی کی بقا کی ضامن ہے۔ یہ جسم کے ہر خلیہ میں پہنچ کر آکسیجن سے ساتھ مل کر توانائی پیدا کرتی ہے۔ یہ توانائی زندگی کی بقا کے لیے ضروری ہے۔ اسی توانائی کی بدولت حرکت ممکن ہوتی ہے اور مزید خوراک کا حصول ممکن ہوتا ہے۔ خوراک کے بغیر جسم میں لاغر پن آ جاتا ہے اور کچھ عرصہ کے بعد زندگی کا اختتام ہو جاتا ہے۔ ایسے شواہد بھی ملے ہیں کہ بغیر کچھ کھائے پیئے ایک انسان ۱۴۰ دن تک بھی زندہ رہا۔ خوراک میں ہر وہ چیز شامل ہے جو جسم کے لیے فائدہ مند ہو۔ بنیادی طور پر خوراک کے پانچ گروہ ہیں جو درج ذیل ہیں:

۱۔ لحمیات (Protines)　　۲۔ نشاستہ (Carbohydrate)　۳۔ نمکیات (Minerals)

۴۔ چکنائی (Fats)　　۵۔ حیاتین (Vitamines)

گوشت، انڈے اور دالیں وغیرہ اپنے اندر لحمیات رکھتی ہیں۔ نشاستہ والی غذاؤں میں چاول، گندم اور دیگر فصلیں شامل ہیں۔ نمکیات جسم میں مثبت اور منفی چارج پیدا کرنے کے لیے ضروری ہیں۔ بہت سے ایسے نمکیات جو انسانی

جسم کے اندر پائے جاتے ہیں، زہریلے بھی ہیں۔ چکنائی میں چربی اور خوردنی تیل شامل ہیں۔ حیاتین پھلوں میں پایا جاتا ہے۔ دھوپ سے بھی حیاتین D حاصل ہوتا ہے۔ چکنائی اور نشاستہ جسم میں سب سے زیادہ توانائی فراہم کرتے ہیں۔

عملِ تحوّل

جسمانی خلیوں کے اندر ہمہ وقت تعمیری اور تخریبی عمل ہوتے رہتے ہیں۔ تعمیر اور تخریب کے اس عمل کو مجموعی طور پر عملِ تحول (Metabolism) کہتے ہیں۔ انسائیکلو پیڈیا بریٹانیکا میں عملِ تحوّل کی تعریف یوں کی گئی ہے۔

"The sum of the chemical reactions that take place within each cell of a living organism and that provide energy for vital processes and for synthesizing new organic material"(8).

خلیوں (Cells) کے اندر تعمیری عمل کو اینابولزم (Anabolism) اور تخریبی عمل کو کیٹابولزم (Catabolism) کہتے ہیں۔ تعمیری اور تخریبی عمل تحوّل کو انسائیکلو پیڈیا بریٹانیکا میں یوں بیان کیا گیا ہے۔

"The sequences of enzyme-catalyzed reactions by which relatively complex molecules are formed in living cells from nutrients with relatively simple structures"(9).

تخریبی عمل تین مراحل میں مکمل ہوتا ہے۔ پہلے مرحلے میں بڑے مالیکیول ٹوٹتے ہیں۔ دوسرے مرحلے میں چھوٹے مالیکیول ٹوٹتے ہیں اور تیسرے مرحلے میں آکسیجن کی مدد سے توانائی کا اخراج ہوتا ہے۔ انسائیکلو پیڈیا بریٹانیکا میں ان تین مراحل کو یوں بیان کیا گیا ہے۔

"The sequences of enzyme-catalyzed reactions by which relatively large molecules in living cells are broken down, or degraded. Part of the chemical energy released during catabolic processes is conserved in the form of energy-rich compounds"(10).

درجہ حرارت

زندگی کے لیے جسم کے اندر اور باہر کا الگ الگ مخصوص درجہ حرارت ضروری ہے۔ اگر جسم کے اندر مخصوص درجہ حرارت نہ ہو تو جسم اندرونی طور پر ٹھنڈا ہو جائے اور خون سمیت جسم کے تمام خلیے سردی کی وجہ سے جم جائیں تو موت واقع

ہو جائے۔اسی طرح جان داروں کے ماحول کا مخصوص درجہ حرارت بھی ضروری ہے۔اگر ماحول کا درجہ حرارت کم ہوتو بھی موت واقع ہو جاتی ہے۔بعض جان داروں کے جسم کا درجہ حرارت موسم کے مطابق تبدیل ہوتا رہتا ہے۔انہیں ٹھنڈے خون والے جان دار کہا جاتا ہے۔ایسے جان داروں کو سردی یا گرمی کا احساس نہیں ہوتا۔بعض جان دار ایسے ہیں کہ موسم کے مطابق ان کا جسمانی درجہ حرارت تبدیل نہیں ہوسکتا۔انہیں گرم خون والے جان دار کہا جاتا ہے۔ایسے جان داروں کو گرمی اور سردی کا احساس ہوتا ہے۔انسانی جسم کا درجہ حرارت سینتیس درجے سینٹی گریڈ ہوتا ہے۔پودوں کی زندگی کی بقا کے لیے بھی مخصوص درجہ حرارت کی خاص اہمیت ہے۔

عملِ اخراج

کھائی گئی خوراک عمل تحول کے دوران ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتی ہے۔اس کے نتیجے میں توانائی پیدا ہوتی ہے اور کچھ فاسد مادے بھی پیدا ہوتے ہیں۔یہ فاسد مادے سانس، پسینہ اور پیشاب کے ذریعے سے خارج کر دیے جاتے ہیں۔اگر ان فاسد مادوں کا اخراج نہ ہو اور یہ جسم کے اندر ہی رہیں تو جسم کے لیے انتہائی نقصان کا باعث بن جاتے ہیں۔کچھ عرصہ تک ان فاسد مادوں کی جسم میں موجودگی کی وجہ سے بہت سی بیماریاں لگ جاتی ہیں اور موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔اس لیے زندگی کی بقا کے لیے دیگر لوازمات کی طرح عمل اخراج بھی ضروری ہے۔

زندگی کے درجات

زندگی کے بارے میں مسلم مفکرین کے دو مختلف نظریات ہیں۔ایک یہ کہ حیات ایک وجودی چیز ہے اور دوسرا یہ کہ یہ ایک حال ہے جو انسانی جسم پر طاری ہوتا ہے۔حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ اور بعض دوسرے ائمہ تفسیر سے منقول ہے کہ موت اور حیات دو مجسّم مخلوق ہیں(۱۱)۔تفسیر مظہری میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کا ایک قول لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موت کو چتکبرے مینڈھے کی شکل پر اور زندگی کو چتکبری گھوڑی کی شکل پر پیدا کیا ہے۔اس نظریہ کو ماننے والے گروہ کے نزدیک موت اور حیات صفات نہیں بلکہ جسم ہیں۔مگر قاضی ثناء اللہ پانی پتی کے نزدیک ان کا یہ خیال غلط ہے(۱۲)۔

قرآن حکیم میں زندگی کی تخلیق کے بارے میں ارشاد ہے:

﴿اَلَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیَاۃَ لِیَبْلُوَکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلاً﴾(۱۳)

(اللہ وہ ذات ہے جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں سے اچھے اعمال کون کرتا ہے)۔

حیات اللہ تعالیٰ کی بھی صفت ہے اور مخلوق کی بھی۔زندہ چیز صرف وہی ہے جس میں یہ دو صفات پائی جاتی ہوں: ۱۔قدرت ۲۔ارادہ(۱۴)

قرآن حکیم نازل ہونے سے پہلے زندگی کا تصور عموماً جانوروں تک محدود تھا۔بعض حلقوں میں نباتات کو بھی اس زمرے میں شامل کیا جاتا تھا۔ پھر قرآن حکیم نے انتہائی صراحت کے ساتھ جانوروں اور پودوں سے ماوراء نظریہ پیش کیا۔تمام زندہ چیزوں سے متعلق یہ نظریہ DNA کی دریافت کے بعد سائنس دانوں کی سمجھ میں آیا (۱۵)۔قرآن حکیم کا یہ نظریہ ان الفاظ میں بیان ہوا ہے۔

﴿ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۖ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴾(۱۶)۔

(اور ہم نے ہر زندہ چیز کو پانی کے ذریعے پیدا کیا۔کیا وہ نہیں مانتے)۔

ڈاکٹر ہلوک نور باقی کے مطابق قوتِ حیات پانی سے نکلتی ہے اور پانی ہی سے توانائی حاصل کرتی ہے۔اس آیت میں جَعَلْنَا کا لفظ پانی سے قوت دینے کو ظاہر کرتا ہے۔اس سے مراد پانی سے تخلیق نہیں ہے۔اگر پانی سے تخلیق مراد ہوتی تو جَعَلْنَا کے بجائے خَلَقْنَا ہوتا (۱۷)۔سائنس کے مطابق ایسی اشیاء جن میں مذکورہ بالا صفات نہ پائی جائیں وہ بے جان یعنی مردہ ہیں جب کہ قرآن حکیم اس کے خلاف کہتا ہے۔قرآن حکیم کے مطابق پہاڑ انکار بھی کر سکتے ہیں اور ڈرتے بھی ہیں (جبکہ سائنس کے مطابق پہاڑ بے جان ہیں، نہ تو ان میں اقرار یا انکار کی سوجھ بوجھ ہے اور نہ ہی وہ ڈر سکتے ہیں)۔

﴿اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا﴾(۱۸)

(ہم نے بارِ امانت کو آسمانوں، زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے)۔

قاضی مظہر صاحب پانی پتی لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کے ارادہ اور عمل کی استعداد کے مطابق تمام مخلوقات کو مختلف درجات کی زندگی عطا فرمائی ہے۔یہ درجات درج ذیل ہیں۔

۱۔حیاتِ انسانی ۲۔حیاتِ حیوانی ۳۔حیاتِ نباتی ۴۔حیاتِ جماداتی (۱۹)۔

حیاتِ انسانی

اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایسی زندگی عطا فرمائی کہ جس کے نتیجے میں اس کو اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کی معرفت حاصل ہوگئی۔یہی وہ حیات (قدرت وارادہ) ہے جس کو انسان نے برداشت کیا اور تمام آسمان و زمین اور پہاڑ اس کو اٹھانے سے خوف زدہ ہوگئے (۲۰)۔

﴿اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ﴾(۲۱)

(ہم نے امانت کو آسمانوں اور زمین پر پیش کیا تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھالیا)۔

انسانی زندگی روحِ انسانی کے پھونکے جانے سے حاصل ہوتی ہے۔ اس زندگی کے لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا(۲۲):

﴿اَ وَمَنْ کَا نَ مَیْتًا فَاَ حْیَیْنَا هُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا یَّمْشِیْ بِهٖ فِی النَّاسِ﴾(۲۳)

(بھلا جو پہلے مردہ تھا پس ہم نے اس کو زندہ کیا اور اس کے لیے روشنی کردی جس کے ذریعے سے وہ لوگوں میں چلتا پھرتا ہے)۔

تفسیر مظہری کے مذکورہ بالا حوالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جب انسانی جسم سے روح نکل جاتی ہے تو وہ جان دار نہیں رہتا۔

حیاتِ حیوانی

جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے ایسی حیات دی کہ اس میں حس اور حرکتِ ارادی ہے۔ یہ حیات روحِ حیوانی پھونکے جانے سے حاصل ہوتی ہے(۲۴)۔ اس زندگی کے لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿کُنْتُمْ اَمْوَا تًا فَاَ حْیٰنکُمْ ثُمَّ یُمِیْتُکُمْ ثُمَّ یُحْیِیْکُم﴾(۲۵)

(تم مردہ تھے پھر ہم نے تمہیں زندگی عطا کی۔ پھر وہی تمہیں مارے گا اور پھر تمہیں زندہ کرے گا)۔

حیاتِ نباتی

نباتات بھی زندگی سے بے بہرہ نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے پودوں کو جو زندگی عطا کی ہوئی ہے وہ پودوں میں نمو یعنی (نشوونما) تناسبِ طبعی کے مطابق لمبائی، چوڑائی اور موٹائی میں اضافہ کی صفات والی زندگی ہے۔ یہ زندگی نفسِ نباتی کے پھونکے جانے سے حاصل ہوتی ہے۔ قرآن حکیم کی یہ آیات نباتی زندگی پر دلالت کرتی ہیں(۲۶):

﴿وَ اِنَّ مِنْهَا لَمَا یَهْبِطُ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ﴾(۲۷)

(اور بعض ایسے ہیں کہ اللہ کے خوف سے گر پڑتے ہیں)۔

﴿وَ اللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَ حْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا﴾(۲۸)

(اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا۔ پھر اس سے مردہ زمین کو زندہ کیا)۔

حیاتِ جماداتی

جمادات میں اوپر درج کردہ تین اقسام کی زندگیوں میں سے ایک بھی قسم کی زندگی نہیں ہے۔ ان کے لیے

قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے(۲۹): ﴿اَمۡوَاتٌ غَیۡرُ اَحۡیَآءٍ وَمَا یَشۡعُرُوۡنَ اَیَّانَ یُبۡعَثُوۡنَ﴾(۳۰)
(وہ بے جان ہیں زندگی کے بغیر، ان کو یہ بھی معلوم نہیں کہ کب اٹھائے جائیں گے)۔

جمادات میں اس انداز کی حیات ہے کہ صرف تسبیح وتحمید تک ہی محدود ہے کیونکہ بغیر حیات کے تسبیح اور حمد ممکن نہیں ہے۔ان کی تسبیح وتحمید تکوینی ہے۔تسبیح وتحمید کے علاوہ جمادات کچھ نہیں کر سکتے (۳۱)۔اللہ تعالیٰ کے پاک کلام میں ارشاد ہے:

﴿وَ اِنۡ مِّنۡ شَیۡءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمۡدِہٖ﴾(۳۲)
(اور کوئی چیز ایسی نہیں، جو اس کی تسبیح اور تعریف نہ کرتی ہو)۔

علم سائنس کے آلات ابھی تک اس تسبیح کو سننے کے قابل نہیں ہو سکے اور نہ ہی اس کی تا حال سائنسی انداز میں وضاحت ممکن ہوئی ہے۔حواس خمسہ (سائنس) اور انسانی ذہن کے لیے یہ ایک نا قابل فہم معمہ ہے اور انسان اس زندگی کا ادراک نہیں کر سکتا۔اسی طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں شہید کی زندگی کے بارے میں فرمایا کہ شہید زندہ ہیں مگر تم لوگ اس کا شعور نہیں رکھتے۔

﴿وَ لَا تَقُوۡلُوۡا لِمَنۡ یُّقۡتَلُ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ اَمۡوَاتٌ ؕ بَلۡ اَحۡیَآءٌ وَّلٰکِنۡ لَّا تَشۡعُرُوۡنَ﴾(۳۳)
(جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ مت کہو، وہ زندہ ہیں مگر تم اس کا شعور نہیں رکھتے)۔

دو زندگیاں اور دو اموات

انسان کو زندگی اور موت صرف ایک ایک بار نہیں ملتیں بلکہ اللہ تعالیٰ قرآن حکیم میں دو زندگیوں اور دو اموات کی حقیقت کو بیان فرماتا ہے۔

﴿کَیۡفَ تَکۡفُرُوۡنَ بِاللّٰہِ وَ کُنۡتُمۡ اَمۡوَاتًا فَاَحۡیَاکُمۡ ثُمَّ یُمِیۡتُکُمۡ ثُمَّ یُحۡیِیۡکُمۡ ثُمَّ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ﴾(۳۴)
(تم اللہ تعالیٰ کا انکار کیوں کر کرتے ہو حالانکہ تم موت کی حالت میں تھے پھر اس نے تمہیں زندہ کیا۔پھر وہ تمہیں دوبارہ موت کی حالت میں لے جائے گا۔پھر تمہیں دوبارہ زندہ کرے گا)۔

جب انسان اس دنیا میں نہیں تھا تو وہ نہ ہونے کی کیفیت تھی اور یہ کیفیت انسان کے مردہ ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔اس حالت کو قرآن حکیم ایک اور انداز میں بیان فرماتا ہے۔

﴿ہَلۡ اَتٰی عَلَی الۡاِنۡسَانِ حِیۡنٌ مِّنَ الدَّہۡرِ لَمۡ یَکُنۡ شَیۡئًا مَّذۡکُوۡرًا﴾(۳۵)

(کیا انسان پر ایسا زمانہ نہیں آیا کہ وہ کوئی قابلِ ذکر چیز نہ تھا)۔

موت کے بعد زندگی اور زندگی کے بعد پھر موت اور اس کے بعد پھر زندگی یہ ایک ایسا راز ہے کہ آج کی سائنس ہی نہیں بلکہ انسان ہمیشہ سے اس کے حل کے لیے بے تاب رہا ہے۔ اس آیت سے یہ پتہ چلتا ہے کہ انسان کی موجودہ زندگی انسانی سفر کی ایک کڑی ہے۔ اس سے پہلے انسان موت کی حالت میں تھا اور اس کے بعد بھی موت ہی کی حالت میں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے زندگی کو اگر ''ہونا'' تخلیق کیا ہے تو پھر موت کو ''ان ہونا'' نہیں بنایا۔ بلکہ زندگی اور موت، انسان کے زمان اور مکان کے سفر میں دو ادوار ہیں۔ جب ایک خاص دور جسم کے اندر ہوتا ہے تو اسے زندہ کہتے ہیں اور جب وہ دور جسم میں نہیں ہوتا تو اسے مردہ کہتے ہیں (۳۶)۔

حیات کے نامیاتی مادّے

زمین کی پیدائش کے کروڑوں سال بعد اس کی بالائی تہوں پر ٹھنڈا ہونے کے بعد ہائیڈروجن، نائیٹروجن، آکسیجن اور کاربن سے متعلق کیمیائی روابط رونما ہوئے۔ ان عناصر کے آپس میں کیمیائی تعاملات ہوئے اور ان تعاملات کی بناء پر درج ذیل مرکبات وجود میں آئے۔

ہائیڈروجن مالیکیول	H_2	پانی	H_2O
ہائیڈروجن سائینائیڈ	HCN	امونیا	NH_3
کاربن ڈائی آکسائیڈ	CO_2	میتھین	CH_4

ان مرکبات کے ظہور میں آنے کے بعد ہوا کی نمی ٹھنڈی ہوئی، بارش بن کر برسی اور صدیوں تک بارش ہوتی رہی جس نے یہ چھ مرکبات ساحلِ سمندر پر پہنچا دیے۔ یہ گیلی مٹی عرصہ دراز گزرنے کے بعد چکنی ہوگئی۔ اس چکنی مٹی کو قرآن حکیم میں ''طین'' کہا گیا ہے (۳۷):

﴿هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ﴾ (۳۸) (وہ ذات جس نے تمہیں چکنی مٹی سے پیدا کیا)۔

یہ گیلی مٹی (طین) جب مندرجہ بالا چھ مرکبات سے ملی تو چپکنے لگی، یہ ''طینٍ لاّزب'' کہلائی (۳۹)۔

﴿اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ﴾ (۴۰) (ہم نے ان کو چکنی مٹی سے پیدا کیا)۔

پھر طویل عرصہ تک یہ مٹی دھوپ میں خشک ہوئی تو ٹھیکری کی طرح بجنے والی مٹی میں تبدیل ہوگئی (۴۱)۔ اس مرحلے کو قرآن حکیم نے یوں بیان فرمایا ہے۔

﴿خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ﴾ (۴۲)

(انسان کوٹھیکری کی طرح کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا)۔

اس کے ساتھ ساتھ درج بالا عناصر کے باہمی کیمیائی ملاپ سے بہت سارے مرکبات کی تشکیل ہوئی۔ جن میں سے پانچ مرکبات کا انسانی تخلیق میں اہم کردار ہے۔

۱۔شکر ۲۔گلیسرین ۳۔چکنائی والے تیزاب ۴۔لحمیاتی تیزاب ۵۔نائیٹروجنی گیسیں

یہ پانچ مرکبات مٹی کے کیمیائی نچوڑ کے طور پر سامنے آئے۔انہیں قرآن حکیم کی یہ آیت وضاحت سے بیان کرتی ہے(۴۳)۔

﴿وَ لَقَدْ خَلَقْنَاالْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ﴾(۴۴)(اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصے سے پیدا کیا)۔

درج بالا پانچ مرکبات کے باہم ملنے سے مزید پانچ اہم اور پیچیدہ گروہ بنے۔

۱۔ایڈینوسین فاسفیٹ	Adinosene Phosphate
۲۔پولی سیکائیڈز	Poly Sachaides
۳۔چکنائیاں	Fats
۴۔لحمیات	Proteins
۵۔نیوکلیئک ایسڈز	Nucleic Acids

ان پانچ مرکبات کے باہم کیمیائی تعاملات کے نتیجے میں سُلٰلۃٍ من طین میں دو خاصیتیں پیدا ہوئیں۔

۱۔خودکار عملِ تولید	Autoreproduction
۲۔قابلِ توارث تبدیلیاں	Mutations

اللہ تعالیٰ نے ایک خاص قسم کے کیمیائی مرکب ڈی آکسی رائبو نیوکلیئک ایسڈ (Deoxyribo Nucleic Acid) میں تقسیم در تقسیم ہونے کی خاصیت رکھی ہے۔اس طرح زندگی کی بقاء اور اس کے تسلسل کا محافظ DNA لونیہ اجسام بناتا ہے جسے کروموسوم (Chromosomes) کہتے ہیں۔ DNA کے ماتحت ایک اور نیوکلیئک ایسڈ ((Ribo Nucleic Acid (RNA) بنتا ہے جو لحمیات کو پیدا کرتا ہے اور DNA کے ماتحت ہی انسانی جسم کی تخلیق سے متعلق بہت سارے کاموں کی انجام دہی کا ذمہ دار ہے(۴۵)۔

زندگی کا آغاز

اسی مرحلہ پر زندگی کے عمل کا آغاز ہوا اور اس پر عملِ حیات کی بنیاد رکھی گئی۔ان کیمیائی مراحل کے نتیجے میں ابتدائی حیاتیاتی خلیے وجود میں آئے جو زندگی کا نقطہ آغاز بن گئے۔یہی مرحلہ غیر نامیاتی مادے کو نامیاتی مادے میں تبدیل

کرنے کا باعث بنا۔اوراس میں خودکارتولیدی عمل اور قابلِ توارث تبدیلی جیسی خصوصیات نے جنم لیا۔اسی مرحلہ پر اللہ ربّ العزّ ت نے اپنی قدرتِ کاملہ سے اس کیمیائی مرکب کو، جو سُلٰلۃ من طین کی صورت میں تھا، حضرت آدم علیہ السلام کی شکل میں جلوہ گر ہونے کا حکم دیا(۴۶)۔

﴿فَاِذَا سَوَّیۡتُہٗ وَ نَفَخۡتُ فِیۡہِ مِنۡ رُّوۡحِیۡ فَقَعُوۡا لَہٗ سٰجِدِیۡنَ﴾(۴۷)

(اور جب میں اسے بنا کر برابر کر دوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں تو اس کے لیے سجدے میں گر جانا)۔

یہ انسانی زندگی کے آغاز کا پہلا مرحلہ تھا جب پہلا انسانی وجود حضرت آدم علیہ السلام کی شکل میں تشکیل دیا گیا۔ اس طرح حضرت آدم علیہ السلام کو ان کی تشکیل وتخلیق کے ساتھ ساتھ تخلیق کے تسلسل کا ذریعہ بنایا گیا۔

انسانی جسم میں زندگی کی مثال

انسانی جسم میں زندگی کی مثال ایک برتن میں پانی جیسی ہے۔ پانی کو قابو کرنے کے لیے برتن کی ضرورت ہوا کرتی ہے اور اگر برتن ٹوٹ جائے تو پانی زمین میں جذب ہو جاتا ہے یا ہوا میں اُڑ جاتا ہے۔اسی طرح انسان کو زندگی میں ایک جسم چاہیے۔اس جسم کے بغیر انسان تحلیل ہو جاتا ہے۔ جب تک یہ جسم صحیح حالت میں ہوتا ہے تو انسان اس کے اندر بیٹھا رہتا ہے اور جب یہ رہنے کے قابل نہیں رہتا مثلاً بیمار ہو گیا، قتل کر دیا گیا یا بہت بوڑھا ہو کر ناکارہ ہو گیا، تو پھر انسان اس کو چھوڑ دیتا ہے۔اور چھوڑتا بھی اس انداز سے ہے جیسے برتن ٹوٹنے پر پانی باہر آ جاتا ہے(۴۸)۔

زندگی کے بارے میں نظریات

زندہ اجسام کی پیدائش کے بارے میں تین نظریات مشہور ہیں۔

۱۔ازخود حیات کا نظریہ ۲۔حیات از حیات کا نظریہ ۳۔قرآنی نظریہ

ازخود حیات کا نظریہ

اس نظریے کا بانی ارسطو کو سمجھا جاتا ہے۔اس نظریے کے مطابق زندہ چیزیں مردہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ارسطو نے اس کی عجیب مثالیں دی ہیں۔مثلاً میل کچیل سے جوؤں کا پیدا ہونا، گارے اور کیچڑ سے مچھلیوں کا بننا، گوشت میں سُنڈیاں پیدا ہو جانا اور مٹی سے کیڑے مکوڑوں کا پیدا ہونا وغیرہ۔لوگوں کی اکثریت اس نظریے کی حامی تھی تا آنکہ حیات از حیات کا نظریہ پیش کیا جاتا۔حیات از حیات کا نظریہ پیش کیے جانے سے قبل لوگوں کی اکثریت اسی نظریے کی حامی تھی۔اور دلچسپ امر یہ ہے کہ ارسطو اور اس کے ہم خیال افراد نے اپنی بصیرت اور وجدانی شعور سے ازخود حیات کا جو نظریہ پیش کیا تھا بعد ازاں قرآن مجید نے بھی اس نظریے کے حقیقت ہونے کی تائید کی۔

حیات از حیات کا نظریہ

اس نظریے کے مطابق زندہ چیزیں صرف زندہ سے ہی پیدا ہو سکتی ہیں۔ زندہ چیزوں کا مُردہ سے پیدا ہونا ناممکنات میں سے ہے۔ اس نظریے کا بانی اٹلی کا سائنس دان ریڈی تھا۔ اسی زمانے میں ایک اور سائنس دان سپیلنز نی نے بھی یہی نظریہ پیش کیا اور ریڈی کے نظریہ پر مُہرِ تصدیق ثبت کر دی۔ ریڈی اور سپیلنز نی کا یہ نظریہ مشاہدات اور تجربات پر مبنی تھا۔ اس نظریے کے پیش ہونے کے بعد سے از خود حیات کا نظریہ دم توڑ گیا۔

قرآنی نظریہ

قرآن حکیم نے جو نظریہ پیش کیا ہے وہ یہ ہے کہ کائنات کی ہر چیز کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کو جیسے چاہے پیدا کر دے۔ وہ کسی کو پیدا کرنے میں مخلوق میں سے کسی کا محتاج نہیں ہے۔ اور نہ ہی پیدا کرنے کے لیے کسی کے مشورے کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے شروع میں ہر چیز کا جوڑا پیدا کیا اور پھر اس جوڑے سے آگے ہر نوع کی نسلیں چلائیں۔ انسان کی پیدائش کے لیے اللہ تعالیٰ نے چار طریقوں سے اپنی قدرت کا اظہار فرمایا۔

۱۔ حضرت آدم علیہ السلام کو جمادات (مٹی) سے پیدا فرمایا۔

۲۔ حضرت حوّا رضی اللہ عنہا کو ماں باپ کے بغیر حضرت آدم علیہ السلام کے جسم سے پیدا فرمایا۔

۳۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے، صرف ماں سے پیدا فرمایا۔

۴۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے علاوہ حضرت آدم علیہ السلام کی تمام نسل کو ماں اور باپ کے ملاپ کے ذریعے پیدا فرمایا۔

قرآنی نظریے کے مطابق انسان کی پیدائش کے ان چار طریقوں کے علاوہ اور کوئی طریقہ نہیں ہے۔

انسان کی طرح باقی جان داروں کی بھی اللہ تعالیٰ نے شروع میں جوڑی جوڑی بنائی اور پھر ان جوڑیوں سے ان جان داروں کی نسلیں چلائیں۔ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے پیدا کرنے کے بارے میں ارشاد فرمایا۔

﴿يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ﴾ (۴۹)

(وہ زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ سے زندہ کو نکالتا ہے اور زمین کو اس کی موت کے بعد زندگی بخشتا ہے۔ اسی طرح تم لوگ بھی [موت کی حالت سے] نکال لیے جاؤ گے)۔

قرآن حکیم میں اس آیت سے ملتی جلتی اور بھی بہت سی آیات ہیں۔ مگر اس آیت کی ابتدا ان الفاظ سے ہو رہی ہے کہ وہ زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے۔ اس ابتدا سے اس آیت میں ایک خاص حیاتیاتی مظہرِ قدرت کی جھلک نظر آتی ہے۔

اکثر مفسرین نے اس آیت کے مجازی معنی مراد لیے ہیں کہ زندگی سے مراد ایمان ہے اور موت سے مراد کفر ہے۔ ڈاکٹر ہلوک نور باقی ان معانی کو قابلِ عزت خیالات کہتے ہوئے اپنا نقطہ نظر بیان کرتا ہے اور کہتا ہے:

"However, the comparison of these events to the Resurrection in the last part of the verse clearly implies that the first meaning has a scientific, biological aspect. Let us list a few biological phenomena where the living things emerge from the dead.

1. Some organisms die at the moment of delivery. This the invitable fate of these species.

2. Those who return from dead"(50).

ڈاکٹر ہلوک نور باقی کے اس بیان کے مطابق مردہ سے زندہ اور زندہ سے مردہ کی پیدائش کے بارے میں قرآن حکیم میں مجازی معنی نہیں ہیں بلکہ وہ مردہ سے زندہ کی پیدائش کے بارے میں شواہد بیان کرتا ہے کہ ایک قسم کی مثال میں زندہ مخلوق مردہ سے پیدا ہوتی ہے اور دوسری قسم کی مثال میں مخلوق مردہ حالت سے زندگی کی طرف لوٹتی ہے۔ پہلی قسم کی مخلوق میں سانپ نما بام مچھلی شامل ہے جو دریاؤں کے ڈیلٹا میں پائی جاتی ہے۔ ایک اور قسم کی بام مچھلی خلیج میکسیکو میں طویل سفر طے کر کے انڈے دینے کی مخصوص جگہ تک پہنچتی ہے اور بچوں کی پیدائش سے پہلے ہی مر جاتی ہے۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے وہ بچے مردہ سے نکلتے ہیں۔ ذہن کو چکرا دینے والی بات یہ ہے کہ یہی بچے پیدائش کے بعد کسی گائیڈ کی عدم موجودگی میں بحرِ اوقیانوس میں اس ڈیلٹا تک پہنچ جاتے ہیں جہاں سے ان کی ماں آئی تھی۔ یہاں پہنچ کر یہ اسی جگہ رہنا شروع کر دیتے ہیں۔ یہ فاصلہ دس ہزار کلومیٹر کا ہے۔

مکڑیوں اور تتلیوں کی کچھ اقسام انڈے دینے سے چند سیکنڈ قبل ہی مر جاتی ہیں۔ مکڑیوں کی کچھ اقسام ایسی بھی ہیں جن میں مادہ مکڑی، نر مکڑی کو جفتی کے عمل کے دوران ہی مار ڈالتی ہے اور اس نر کا مادہ منویہ اس کی موت کے بعد ہی مادہ مکڑی کے اندر بہہ کر داخل ہوتا ہے۔ یوں مردہ مکڑی کے مادہ منویہ سے زندہ بچے جنم لیتے ہیں (۵۱)۔ انسانوں میں بھی کئی واقعات ایسے ہیں کہ بچہ اپنی ماں کی وفات کے چند گھنٹوں بعد پیدا ہوا اور یہ واقعات خاصی بڑی تعداد میں ہیں۔

دوسری قسم میں وہ شامل ہیں جو مردہ حالت سے واپس آئے۔ پچھلے کئی سال میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں ان ہزاروں لوگوں پر بہت دل چسپ اور سنجیدہ تحقیقات کی گئی ہیں جو طب کے اصولوں کے تحت مردہ قرار دے دیئے گئے تھے مگر بعد میں وہ زندگی کی طرف لوٹ آئے۔ امریکہ کی مختلف یونیورسٹیوں میں علیحدہ علیحدہ قسم کے تجربات کیے گئے۔ ریمنڈ موڈی نے ایسے پچانوے افراد کے تجربات رقم کیے ہیں جن کو ان کی موت سے زندگی میں دوبارہ واپس آنے کا موقع

ملا تھا۔امریکہ کے مختلف حصوں کے ان لوگوں کے وہ تجربات جو انہیں اس وقت ہوئے جب ان کے دلوں کی کوئی دھڑکن ریکارڈ نہیں ہوسکتی تھی، ہمیشہ ایک جیسے ہی نکلے۔یعنی وہ لامحدود فضائے بسیط میں ایک دمکتی ہوئی لافانیت تھی۔کنیکٹی کٹ یونیورسٹی کے پروفیسر کینیث رنگ نے بھی اسی قسم کے نتائج ظاہر کیے ہیں۔کچھ لوگوں نے ان نتائج کے حامل مردوں کو عیسایئت سے اثر پذیر بتایا مگر جب کارلس اوسس نے ویتنام اور ہندوستان کی تحقیقات سے بھی یہی نتائج اخذ کیے تو پھر ان کو بھی معتبر سائنسی مطبوعات میں شائع کیا گیا۔درج بالا مثالیں ازخود حیات کی نہیں ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کو ظاہر کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کو جس طرح چاہے پیدا کردے اس کے لیے کوئی مشکل نہیں ہے(۵۳)۔

مستعد اور چلتے ہوئے آتش فشاں پہاڑوں سے بہنے والے لاوے کے ذریعے لاوے کی غاریں بن جاتی ہیں۔ ان غاروں کا درجہ حرارت ۲۰۰۰ سے ۳۰۰۰ ڈگری سینٹی گریڈ تک ہوتا ہے۔ ایک آتش فشانی جزیرے سرٹسے (Sertsey) میں اسی قسم کی ان غاروں میں نئی زندگی کی تخلیق کے ممکنات پر تحقیق کرنے والی ایک ٹیم نے ایک غار میں سانپ سے ملتی جلتی ایک مخلوق کا سراغ لگایا۔ یہ ایک دیوہیکل کیڑا تھا جو ڈیڑھ دو میٹر لمبا تھا۔ یہ لمبا کیڑا کسی اور کیڑے کی طرح کا نہیں تھا۔اس میں نہ تو کوئی نظامِ ہضم تھا اور نہ ہی کوئی نظامِ تنفس تھا۔ یہ واقعہ بھی عدم سے زندہ مخلوق کو پیدا کرنے کا ایک ناقابلِ تردید ثبوت ہے کہ ۳۰۰۰ ڈگری سینٹی گریڈ کی حدت سے بنی ہوئی اس غار میں، جہاں کہ کسی قسم کے کوئی نامیاتی مرکبات بھی نہ ہوں، وہاں ڈیڑھ سے دو میٹر لمبے کیڑے بھی پیدا ہو سکتے ہیں(۵۳)۔

تمام جان داروں کی پہلی نسل کو اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے پیدا فرمایا۔اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام اَلْمُبدِیءُ ہے جس کا مطلب ہے پہلی بار پیدا کرنے والا۔اللہ تعالیٰ نے ہر جان دار کی پہلی نسل کو جوڑی کی صورت میں پیدا فرمایا اور پھر اس جوڑی سے آگے افزائش نسل ہوئی۔پہلی بار پیدا کرنے کے بارے میں قرآن حکیم میں یہ ارشادات آئے ہیں۔

﴿ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ﴾(۵۴)

(وہی خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی اس کو دوبارہ پیدا کرے گا)۔

﴿قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْن ﴾(۵۵)

(کہہ دو کہ اللہ ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی اس کو دوبارہ پیدا کرے گا تو تم کہاں الٹے جا رہے ہو)۔

نتائج

مندرجہ بالا بحث سے درج ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں:

۱۔سائنس کے مطابق زندگی کی جامع اور مانع تعریف نہیں کی گئی بلکہ چند صفات کے مجموعہ کو زندگی کی علامات بتا دیا گیا ہے۔

۲۔قرآن حکیم کے مطابق بعض اجسام کی زندگی کو سائنس تا حال نہیں سمجھ سکی جیسے شہداء کی زندگی۔

۳۔جمادات کی زندگی کے بارے میں بھی سائنس تا حال کچھ دریافت کرنے سے قاصر ہے اور اس قرآنی حقیقت تک بھی سائنس کی رسائی نہیں ہوسکی کہ جمادات ذکر کرتے ہیں۔

۴۔عدم سے اچانک زندگی کا ظہور مشاہدات میں تو آیا ہے مگر سائنس اس کی توضیح بیان نہیں کرسکتی۔

۵۔زندہ سے مردہ اور مردہ سے زندہ کی پیدائش کی حقیقت کو ابھی تک سائنس نہیں سمجھ سکی۔

۶۔سائنس اپنی حدود میں اس قدر جکڑی ہوئی ہے کہ قرآن حکیم میں بیان کیے گئے حقائق تک پہنچنے کے لیے کروڑوں سال بھی ناکافی ہیں۔

۷۔ارسطو نے اپنے وجدانی شعور سے از خود حیات کا جو نظریہ پیش کیا اس کی بنیاد تجربات پر نہیں تھی نیز یہ اس بات کی دلیل ہے کہ نظری پاکیزگی انسان کے وجدان میں وہ بصیرت پیدا کر دیتی ہے کہ وہ بغیر تجربات کے بھی حقائق کا ادراک کر لیتی ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔http://www.healthcaremagic.com/insights/how-do-we-define-death/65?utm_content=buffer85f6e &utm_medium=social&utm_source=twitter.com&utm_campaign=buffer

۲۔بیان القرآن،ڈاکٹر اسرار احمد،انجمن خدام القرآن،پشاور،ط۲،اپریل ۲۰۱۱ء،ج۱،ص ۱۴۸

۳۔جسم کے اندر خوراک اور آکسیجن کے کیمیائی ملاپ کی وجہ سے ہر وقت توڑ پھوڑ کا عمل جاری رہتا ہے جس کے نتیجے میں توانائی ملتی ہے۔اس عمل کو تحول کہتے ہیں۔

۴ ۔Verses from the Holy QURAN and the Facts of Science, Dr Haluk Nurbaki, Indus Publishing Corporation,HighCourtRoad,Karachi,1stEdition,1992,P115.

۵۔سورۃ طٰہٰ ،۲۰:۵۳۔

۶۔سورۃ الانبیاء،۲۱:۳۰۔

۷۔Verses from the Holy QURAN and the Facts of Science, P11

۸۔ Encyclopedia Britannica Ultimate Reference Suite. Chicago:2012 (DVD).

۹۔ Encyclopedia Britannica Ultimate Reference Suite. (DVD).

۱۰۔ Ditto.

۱۱۔معارف القرآن،مفتی محمد شفیع،ادارۃ المعارف،احاطہ دارالعلوم،کراچی نمبر۱۴،۲۰۰۱ء،ج۸،ص ۵۱۵۔

۱۲۔تفسیر مظہری،ثناءاللہ پانی پتی،دارالاشاعت،اردو بازار کراچی،۱۹۹۹ء،ج۱۲،ص۱۶۔

۱۳۔سورۃ الملک،۶۷:۲۔

۱۴۔تفسیر مظہری،ج۱۲،ص۱۴۔

۱۵۔ Verses From The Holy QURAN And The Facts Of Science, P112.

۱۶۔سورۃ الانبیاء،۲۱:۳۰۔

۱۷۔ Verses From The Holy QURAN And The Facts Of Science, P112.

۱۸۔سورۃ الاحزاب،۳۳:۷۲۔

۱۹۔تفسیر مظہری،ج۱۲،ص۱۴۔

۲۰۔ایضاً۔

۲۱۔سورۃ الاحزاب،۳۳:۷۲۔

۲۲۔تفسیر مظہری،ج۱۲،ص۱۴۔

۲۳۔سورۃ الانعام،۶:۱۲۲۔

۲۴۔تفسیر مظہری،ج۱۲،ص۱۴۔

۲۵۔سورۃ البقرہ،۲:۲۸۔

۲۶۔تفسیر مظہری، ج ۱۲،ص ۱۴۔

۲۷۔سورۃ البقرہ، ۲:۴۷۔

۲۸۔سورۃ النحل، ۱۶:۶۵۔

۲۹۔تفسیر مظہری، ج ۱۲،ص ۱۴۔

۳۰۔سورۃ النحل، ۱۶:۲۱۔

۳۱۔تفسیر مظہری، ج ۱۲،ص ۱۴۔

۳۲۔سورۃ بنی اسرائیل،۱۷:۴۴۔

۳۳۔سورۃ البقرہ،۲:۱۵۴۔

۳۴۔سورۃ البقرہ،۲:۲۸۔

۳۵۔سورۃ الدھر، ۷۶:۱۔

۳۶۔کتابِ زندگی، ڈاکٹر سلطان بشیر محمود، دار الحکمت اسلام آباد، ص ۶۹۔

۳۷۔تفسیر منہاج القرآن، ڈاکٹر طاہر القادری، ادارہ منہاج القرآن لاہور،۱۹۹۲ء، ج ا،ص ۴۷۸۔

۳۸۔سورۃ الانعام، ۶:۲۔

۳۹۔تفسیر منہاج القرآن، ج ا،ص ۴۷۸۔

۴۰۔سورۃ الصّٰفّٰت، ۳۷:۱۔

۴۱۔تفسیر منہاج القرآن، ج ا،ص ۴۷۸۔

۴۲۔سورۃ الرحمٰن، ۵۵:۱۴۔

۴۳۔تفسیر منہاج القرآن، ج ا،ص ۴۷۸۔

۴۴۔سورۃ المومنون،۲۳:۱۲۔

۴۵۔تفسیر منہاج القرآن، ج ا،ص ۴۷۸۔

۴۶۔تفسیر منہاج القرآن، ج ا،ص ۴۷۸۔

۴۷۔سورۃ الحجر، ۱۵:۲۹۔

۴۸۔کتابِ زندگی، ص ۶۹۔

۴۹۔سورۃ الروم، ۳۰:۱۹۔

۵۰۔ Verses From The Holy QURAN And The Facts Of Science, P278, P279.

۵۱۔ Ibid.

۵۲۔ Ditto, P279-280.

۵۳۔ Ditto, P278.

۵۴۔سورۃ یونس، ۱۰:۴۔

۵۵۔سورۃ یونس، ۱۰:۳۴۔

مابعدالطبیعاتی مسائل میں تفسیر محمدی کا اسلوب

Methodology of Tafsir Muhammadi in Metaphysical Matters

ڈاکٹر محمد حمود لکھوی☆

Abstract

" Tafsir-e-Muhammadi" is an oldest Punjabi Tafsir of the Holy Quran in the history of Punjabi Quranic exegesis. It is first complete poetic tafsir of Quran in the history of Punjabi language ever written. It is a detailed interpretation of the Holy Quran comprising of seven colums accordig to the seven stages or (Manazil) of the Holy Quran. Every volume covers a stage or Manzil of the Holy Quran. Renowned religious Scholar of the Sub-continent Hafiz Muhammad Bin Barkallah, wrote this exegesis in 1868 AD/ 1285 AH. Its historical name "Moodheh-e-Furqan" indicates its year of begning through numbers of its elphabetical letters. Tafsir-e-Muhammadi has three kinds of translations of Quranic verse i,e Persian (written by hazrat Shah Wali Allah) Punjabi text and thirdly versified in Punjabi lenguage. The style of Tafsir-e-Muhammadi in the metaphysical matters is discussed in this paper.

تفسیر محمدی ملقب بہ موضح فرقان اولین منظوم پنجابی تفسیر ہے یہ قدیم پنجابی تفسیر قرآن مجید کی سات منازل کے مطابق سات ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ یہ تفسیر موضح فرقان کے تاریخی نام سے تالیف کی گئی اور تفسیر محمدی کے نام سے پہچانی جاتی ہے۔

تفسیر محمدی کے مصنف نامور بزرگ اور باعمل عالم دین حافظ محمد بن بارک اللہ رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔آپؒ نے 1285ھ بمطابق 1868ء میں اس تفسیر کی ابتداء کی اور دس سالوں میں تکمیل کی۔

تفسیر محمدی میں تمام عقائد و مسائل پر مفصل بحث کی گئی ہے۔اور مختلف مسائل کا حل علم الکلام کی روشنی میں پیش

☆ پرنسپل، گورنمنٹ ڈگری کالج، رینالہ خورد، پاکستان۔

کیا گیا ہے۔درج ذیل میں تفسیر محمدی کے مابعد الطبیعاتی مسائل کے فہم و ادراک کے حوالے سے اختیار کردہ اسلوب و انداز اور طریق کار بیان کیا گیا ہے۔

دنیا میں عموماً تمام اقوام کو مذہب ہر چیز سے زیادہ عزیز رہا ہے۔لیکن مسلمانوں کو اور بھی زیادہ عزیز تھا اور ہونا بھی چاہیے تھا کیونکہ مسلمان کسی نسل، خاندان، افراد یا کسی آبادی کا نام نہیں بلکہ مسلمانوں کی قومیت کا عنصر مایہ یا خمیر صرف مذہب ہے۔ اس لیے اگر مذہب کی حیثیت الگ کر لی جائے تو قومیت بھی فنا ہو جاتی ہے۔اسی خیال کا اثر تھا کہ مسلمانوں نے مذہب کو ہر قسم کے خطرات سے بچانے کے لیے ہر زمانے میں حیرت انگیز کوششیں کیں۔ دولت عباسیہ میں جب یونان فارس کے علمی ذخیرے عربی زبان میں آئے اور تمام قوموں کو مذہبی مباحثات و مناظرات میں عام آزادی دی گئی تو اسلام کو ایک بڑے خطرے کا سامنا پیش آیا۔ پارسی، یہودی، عیسائی اور زنادقہ ہر طرف سے اٹھ کھڑے ہوئے اور فتوحات اسلام کے آغاز میں ان کو جو صدمہ اسلام کی ترویج و اشاعت سے پہنچ چکا تھا اس کا انتقام قلم سے لینا چاہا۔اور عقائد و مسائل اسلام پر اس آزادی اور بے باکی سے نکتہ چینیاں کیں کہ ضعیف العقیدہ مسلمانوں کے اعتقاد متزلزل ہو گئے۔

اس وقت اگرچہ نہایت آسانی سے ممکن تھا کہ حکومت کے زور سے نکتہ چینوں کی زبانیں بند کر دی جاتیں لیکن مسلمانوں کی آزاد خیالی نے اس ننگ کو گوارا نہ کیا کہ قلم کا جواب تلوار سے دیا جائے۔علمائے اسلام نے نہایت شوق اور محنت سے فلسفہ سیکھا اور جو ہتھیار مخالفین نے اسلام کے مقابلہ میں استعمال کیے تھے، ان ہی سے ان کے وار روکے۔انہی معرکوں کے کارنامے ہیں جو آج علم الکلام کے نام سے مشہور ہیں (۱)۔

علم الکلام وہ علم ہے جو عقائد ایمانیہ پر عقلی دلائل پیش کرتا ہے۔اور جو بدعتی عقائد سلف میں سلف اور اہل سنت سے پھر گئے ہیں ان کی تردید کرتا ہے (۲)۔

علم کلام اسلام کے دینی علوم میں سے ایک علم ہے جس کا مقصد عقائد دینیہ کو دلائل عقلیہ کے ذریعہ پایۂ ثبوت تک پہنچانا اور مخالفین کے شکوک و شبہات کو دور کرنا ہے۔اگر اس علم کلام کی بڑی تقسیم کی جائے تو اس کو دو حصوں میں بانٹا جا سکتا ہے۔ایک اس دنیا کا علم جس میں دنیا کے تمام سائنسی علوم اور فنون آ جاتے ہیں۔ جیسے طبیعات، کیمیا، ارضیات، معاشیات، سیاسیات، نفسیات، عمرانیات، مصوری، موسیقی، سنگ تراشی، ادب وغیرہ۔ دوسرا علم وہ ہے جو کائنات میں مظاہر کے پیچھے چھپی ہوئی حقیقت کو دریافت کرتا ہے۔ وہ علم ہمیں مظاہر سے پرے لے جاتا ہے۔ان مسائل میں حقیقت مطلق یعنی خدا، روح، حیات بعد ممات، خیر و شر کے مسائل آتے ہیں۔ ان مسائل کو مابعد الطبیعاتی مسائل کہتے ہیں (۳)۔

چنانچہ مابعدالطبیعات کی اصطلاح ،حقیقت کے فہم و ادراک کی ہر کوشش کے لیے استعمال ہوتی ہے۔کہ دنیا کے ظاہری پہلوؤں کے پس پشت کیا حقائق پنہاں ہیں اور ان کی اصل حقیقت کیا ہے۔اس طرح بے شمار مابعدالطبیعاتی مسائل سامنے آتے ہیں۔جن پر مختلف ادوار میں مختلف فلاسفہ نے بحث کی ہے۔ان مابعدالطبیعاتی مسائل میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت ،نبوت ورسالت ،آخرت اوراخروی زندگی کے متعلق دیگر مسائل اورعقائد دینیہ بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔ان اہم مابعدالطبیعاتی مسائل کے بارے میں تفسیر محمدی کا منہج اوراسلوبِ بیان پیش خدمت ہے۔

بنیادی عقائد

توحید

کائنات اور خالق کائنات کی ذات وصفات کا موضوع ابتدائے آفرینش سے ہی زیر بحث رہا ہےاور ہر دور کے اہل علم جو کائنات وحیات کے اسرار ورموز کے بارے میں سوچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔جب زندگی کی ابتدائی ہیئت کے بارے میں غور وخوض کرتے ہیں تو ضروران کے ذہن میں خالقِ کائنات کا تصور ابھرتا ہےاور ہر دور کا انسان اپنے ماحول اورتہذیب وتمدن کے زیراثر خالقِ کائنات کے بارے میں اپنے نظریات واعتقادات رکھتا ہے۔

خالق کائنات کا صحیح تصور جاننے کا اہم ترین اور قابل اعتماد ذریعہ مذہب ہے۔اورتمام مذاہب عالم میں سب سے زیادہ بااعتماد الہامی مذاہب ہیں۔وہی بات سب سے زیادہ یقینی وحقیقی ہوسکتی ہے جو خالقِ کائنات نے خود بیان فرمائی ہو۔

اللہ تعالیٰ نے الہامی کتاب کے اندر اپنی ذات وصفات کے بارے میں تفصیلاً بیان فرمایا ہے۔اہل اسلام کے لیے تعارف ذات باری تعالیٰ کا اہم ترین ذریعہ قرآن مجید ہے۔قرآن مجید کا مطالعہ کرنے والے اہل اسلام میں بھی اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کو سمجھنے کے حوالے سے فہم وادراک میں تفاوت کے باوجود بہت معمولی اختلاف پایا جاتا ہے۔

اس سلسلے میں شیخ محمد ابوزہرہ مصری تحریر فرماتے ہیں:

> ''اولین مہاجرین وانصاراور تابعین قرآن کریم کے چشمہ صافی سے اپنے عقائد اخذ کیا کرتے تھے۔ انہیں بخوبی علم تھا کہ ذات باری تعالیٰ کن صفات حسنہ کی جامع اور کن نقائص وعیوب سے پاک ہے۔یہی وجہ ہے کہ ان میں عقائدی اختلاف رونما نہیں ہوا'' (۴)۔

فلسفیانہ افکار کے رواج پانے سے عقائد کی بحث چھڑ گئی۔بعض علماء نے یہ مسئلہ کھڑا کر دیا کہ آیا صفات خداوندی عین ذات ہیں یا غیر ذات؟ کیا خدا کی صفت ہے؟ کیا قرآن کریم خدا کی مخلوق ہے یا نہیں؟ اس طرح بہت سے اختلافی موضوعات پیدا ہو گئے۔ پھر تقدیر کا مسئلہ چھڑا اور اس سے انسانی ارادہ کی مناقشات نے جنم لیا۔ کہ آیا انسان فاعل مختار اور قادر علی الفعل ہے یا بے اختیار ہے۔ اور اس پَر کی مانند ہے جو بلا ارادہ ہوا کے رخ اڑنے لگتا ہے۔اسی طرح افکار و آراء کا یہ سلسلہ پیہم جاری وساری رہا۔جس کے نتیجہ میں اہل علم مختلف گروہوں میں تقسیم ہو گئے۔ ہر جماعت کے مخصوص آراء وافکار ہوتے تھے، وہ انہی بحثوں میں لگے رہتے اور اپنی تحقیق وتجسس کو اسی کے دائرہ میں محدود کر دیتے تھے۔اس سے مختلف اعتقادی مذاہب کی بنیاد پڑی۔

ہم اپنے قول کو پھر دہراتے ہیں کہ اعتقادی اختلاف عقیدہ کے جوہر ومغز میں پیدا نہیں ہوا تھا بلکہ یہ اختلاف ان فلسفیانہ مسائل میں تھا جن کو جوہر عقیدہ سے کوئی تعلق نہیں۔ جوہری عقائد سے مراد خدا کی وحدانیت کا عقیدہ، رسولوں پر ایمان، روز آخرت پر ایمان اور اس بات پر ایمان کہ آنحضور ﷺ جو مسائل واحکام لائے تھے، وہ سب حامل صدق وصواب تھے(۵)۔

ہم تصور توحید کے بارے میں اہل فکر وفلسفہ کے نکتہ نگاہ کو سامنے رکھتے ہوئے مابعد الطبیعاتی مسائل میں سے تصور توحید کے بارے میں تفسیر محمدی کے اسلوب کو واضح کرنے کی کوشش کریں گے۔

تفسیر محمدی کے اسلوب اور تصور توحید کے متعلق تفسیر محمدی کے نکتہ نگاہ کی وضاحت سے قبل توحید باری تعالیٰ کو علم الکلام کے حوالے سے بیان کیا جانا ضروری ہے تا کہ تصور توحید کے بارے میں فلاسفہ ومفکرین کے مباحث کا پس منظر سامنے آئے اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے بارے میں اہل فکر وفلسفہ کی طرف سے اٹھائے گئے سوالات اور ان کے جوابات کا جائزہ لیا جائے۔تا کہ توحید ذات باری تعالیٰ کے ضمن میں تفسیر محمدی کے اسلوب کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

اصحاب فکر وفلسفہ کے سامنے خدا کی ذات اور صفات کے متعلق ابتداء ہی سے چند بنیادی سوال رہے ہیں۔

پہلا سوال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات اور خلق کے ساتھ اس کے تعلق کی نوعیت کیا ہے؟ یعنی یہ کہ کیا خدا خلق کو پیدا کرنے کے بعد بالکل بے تعلق ہو کر بیٹھ گیا ہے یا اس نے خلق کے ساتھ اپنا تعلق قائم رکھا ہے۔اگر اس نے اپنا تعلق قائم رکھا ہے تو وہ کس نوعیت کا ہے اور خلق کے ساتھ اس کے رابطہ کا ذریعہ کیا ہے؟۔

دوسرا اہم سوال یہ پیش نظر رہا ہے کہ کیا انسانوں کو خدا کی معرفت حاصل ہو سکتی ہے، یعنی کیا خدا انسانی عقل کی رسائی سے اتنا بالاتر ہے کہ انسان اس کی کوئی معرفت حاصل نہیں کر سکتا یا خدا انسان کی عقل کی گرفت میں آسکتا ہے؟۔

تیسرا سوال ان کے سامنے یہ رہا ہے کہ انسانوں کی طرح خدا بھی ایک شخص (Person) ذات ہے جس

کی خصوصیات اور صفات معلوم ہیں یا خدا ان قوتوں، طاقتوں اور قوانین کا نام ہے جو اس کائنات میں بالکل اس طرح جاری و ساری ہیں جس طرح انجن میں بھاپ ہوتی ہے یا جسم کے اندر روح ہوتی ہے؟ یعنی خدا بھی ایک توانائی ہے جس نے کائنات کو متحرک کر رکھا ہے۔

سوالات تو اور بھی ہیں، لیکن یہی بنیادی اور اہم سوالات ہیں۔ ان کے علاوہ ان فلسفیوں کی رائے جنھوں نے تہذیب اور مذہب کے ارتقاء پر گفتگو کی ہے، غور طلب ہے۔ جو یہ کہتے ہیں کہ انسان ابتدا میں خدائے واحد سے نہیں بلکہ بہت سے خداؤں اور دیوتاؤں سے آشنا ہوا، عقل کی ترقی کے ساتھ غیر ضروری خدا چھٹتے چلے گئے، یہاں تک کہ ایک خدا باقی رہ گیا۔ دوسرے الفاظ میں دین کا آغاز شرک سے ہوا اور پھر رفتہ رفتہ انسان توحید کی لذت سے آشنا ہوا(۶)۔

اس کے برعکس مذہب کا آغاز ایک خدا کے تصور سے ہوا ہے۔ قرآن مجید نے انسانوں کی جو تاریخ بیان کی ہے اس کے مطابق آدم علیہ السلام پہلے انسان اور خدا کے نبی ہیں۔ ظاہر ہے کہ انہوں نے اپنی ذریت کو شرک نہیں سکھایا، توحید ہی سکھائی۔ قرآن مجید نے ان کے بیٹوں کے جو واقعات بیان کیے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ نہ صرف توحید سے بلکہ قانون اور عدل وانصاف سے بھی واقف تھے اور خدائے واحد کی رضا جوئی کے لیے قربانیاں پیش کرتے تھے۔

اولادِ آدم میں آہستہ آہستہ توحید سے بُعد پیدا ہوا اور شرک کے طور طریقے ان میں گھر کر گئے تو اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو رسول بنا کر بھیجا۔ انہوں نے قوم کو پھر سے توحید کی راہ پر لانے کی کوشش کی لیکن ان کی دعوت پر لبیک کہنے والے کم ہی نکلے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے قوم پر طوفان کا عذاب بھیجا اور موحدین سے نئی دنیا آباد کی۔

اس کے بعد قرآن مجید نے جلیل القدر پیغمبر حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر کیا ہے اور بیان کیا ہے کہ انہوں نے توحید کے لیے کیا کیا قربانیاں دیں۔ چاند اور سورج کو پوجنے والوں کو کیسے مسکت جواب دیئے اور بتوں کی پرستش کرنے والوں کا کیسا کیسا مذاق اڑایا جس کے نتیجہ میں ان کے لیے آگ کی چتا تک تیار کر دی گئی، جس سے اللہ تعالیٰ نے انہیں بچالیا۔ توحید کی خاطر انہیں اپنا گھر چھوڑنا پڑا اور ہجرت کر کے فلسطین کے علاقے میں آئے۔ انہوں نے توحید کا مشن جاری رکھنے کے لیے کئی مراکز قائم کیے اور مکہ میں بیت اللہ تعمیر کیا۔ انہوں نے خدا کی رضا کے لیے اپنے اکلوتے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کی قربانی سے بھی دریغ نہ کیا۔ حضرت ابراہیمؑ کی انہی قربانیوں کا نتیجہ یہ نکلا کہ بنی اسماعیل اور بنی اسحاق میں کثرت سے ان کے پیروکار ہوئے۔ ابتداءً ان کی ذریت توحید پر کاربند رہی لیکن آہستہ آہستہ اس میں شرک نے راہ پالی۔ سب سے آخر میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تشریف لائے جنہوں نے شرک کی

جڑیں کاٹ دیں اور دنیا کو پھر سے توحید کی لذت سے آشنا کیا اور ایک نئی امت برپا کی۔اس امت نے اس کے باوجود کہ آنحضرت ﷺ کا لایا ہوا صحیفہ اس کے ہاتھوں میں ہے، شرک میں جو دلچسپی لی ہے وہ سب کے سامنے ہے(۷)۔

توحید شرک کی ضد ہے اور توحید کا مطلب ہے کہ خدا واحد ہے۔لفظ واحد کئی معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ کبھی اس کے معنی ہوتے ہیں۔ جو چیز مقدار ہی نہ ہو۔اپنے اندر کمیت نہ رکھتی ہو۔قابل قسمت نہ ہو۔اس معنے کے مطابق کئی ایک اشیاء پر لفظ واحد کا اطلاق ہوسکتا ہے۔مثلاً علم، شجاعت، بزدلی، غمی، خوشی وغیرہ۔الغرض جو چیزیں نہ اجسام ہیں نہ اجسام کے ساتھ قائم ہیں، اس معنے کے لحاظ سے وہ واحد کہلاتی ہیں۔خدا تعالیٰ بھی اس معنے کے مطابق واحد ہے۔کیونکہ نہ اس کی کوئی ضد ہے اور نہ اس کا کوئی شریک۔ضد تو اس لیے کہ ضد اس چیز کا نام ہے جو دوسری چیز کے ساتھ ایک محل پر علی سبیل البدلیہ وارد ہو سکے۔جیسے سفیدی سیاہی کی ضد ہے۔اور خدا کے لیے چونکہ محل نہیں لہٰذا اس کی ضد بھی نہیں۔اور شریک اس لیے کہ اس کا کوئی شریک ہو تو وہ جملہ کمالات میں یا اس کا ہم پلہ ہوگا یا اس سے اعلیٰ ہوگا یا کم، یہ تینوں باطل ہیں۔پہلی شق تو اس لیے باطل ہے کہ یہ قاعدہ ہے کہ جن دو چیزوں پر دو کا لفظ صادق آتا ہے، ان کا باہم متغائر ہونا ضروری ہے ورنہ ان کو دو کہنا جائز نہ ہوگا۔ایک سیاہی دوسری سیاہی سے محض اس لیے ممتاز ہوتی ہے کہ ان میں ایک مثلاً زید کے بالوں کے ساتھ قائم ہے اور دوسری بکر کے بالوں کے ساتھ یا ایک ہی محل کے ساتھ ان میں سے ایک صبح کے وقت قائم ہوتی ہے اور ظہر کے وقت وہ چلی گئی اور دوسری اس کی جگہ قائم ہوگئی ہے۔اگر ان دونوں صورتوں میں سے کوئی صورت نہ ہو تو ان کو دو کہنا درست نہ ہوگا۔

اور جو چیزیں باہم متغائر ہوتی ہیں یا تو ان میں تغائر حقیقی ہوتا ہے مثلاً حرکت اور رنگ، یہ دو چیزیں ایک وقت میں ایک محل کے ساتھ قائم ہوں۔مگر ان کی حقیقتوں کا باہم تبائن ان کے امتیاز کے واسطے کافی ہے۔ان کے امتیاز کے لیے اس بات کی ضرورت نہیں کہ الگ الگ محلوں کے ساتھ قائم ہوں یا ایک محل مختلف وقتوں میں قائم ہوں اور کبھی دو چیزوں میں اعتباری تغائر ہوتا ہے۔مگر یہ تب ہوسکتا ہے کہ یا تو وہ الگ الگ محلوں کے ساتھ قائم ہوں یا ایک محل کے ساتھ مختلف وقتوں میں قائم ہوں ورنہ ان کو دو کہنا اور ان میں امتیاز قائم کرنا بالکل غلط ہوگا۔پس اگر خدا تعالیٰ کا شریک اس کے ہم پلہ ہو اور ان دونوں کی حقیقت ایک ہو تو ان کو دو کہنا اور ایک دوسرے سے الگ الگ خیال کرنا سب جائز ہو۔جب خدا تعالیٰ اور محل کے ساتھ قائم ہو۔مگر مختلف وقتوں میں یہ پہلے ثابت ہو چکا ہے کہ خدا تعالیٰ کے لیے نہ کوئی محل ہے نہ مکان، نہ اس کو کسی جہت سے تعلق ہے نہ زمانہ سے سروکار پس ثابت ہوا کہ اس کا کوئی شریک نہیں جو اس کے ہم پلہ ہو اور اس کی ماہیت میں مشترک ہو۔

اور خدا کا شریک اس سے اعلیٰ اس لیے نہیں ہوسکتا کہ خدا اس کو کہا جاتا ہے جو جملہ موجودات سے کمالات

میں فائق ہو۔ کسی صفت میں بھی کسی وجود سے کم یا مساوی نہ ہو۔تو جس کا نام آپ خدا کا شریک رکھتے ہیں حقیقت میں خدا وہی ہے۔جس کو آپ خدا بتاتے ہیں، وہ خدا نہیں۔کیونکہ خدا کی تعریف اس پر صادق نہیں آ سکتی۔اور اگر اس کا شریک اس سے کم ہو تو وہ شریک نہیں کہلا سکتا۔اس صورت میں خدا ایک ہی رہے گا (۸)۔

ہم اس سے پہلے ثابت کر چکے ہیں کہ مذہبی وجدان عقل و استدلال کے معیار پر بھی پورا اترتا ہے اور تجربہ حیات و کائنات کا وسیع استقرا راس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ جوہر وجود میں ایک تخلیقی وتکوینی مثبت ہے جسے نفس یا انا کہہ سکتے ہیں۔قرآن نے اس انائے مطلق کی انفرادیت کو سورہ اخلاص میں پیش کیا ہے۔اللہ اس کا اسم مخصوص ہے۔اس کی انفرادیت ان صفات سے مترشح ہوتی ہے جو سورہ اخلاص میں بیان کیے گئے ہیں کہ وہ احد اور صمد ہے۔تولید کے انداز کی آفرینش نہ اس کے جوہر اور ماخذ میں ہے اور نہ ہی اس سے سرزد ہوتی ہے۔ اور موجودات کی کوئی شے اس کے مماثل یا اس کے ہمسر نہیں (۹)۔

حکما مبدا اول کے بارے میں ان صفات کے بھی قائل ہیں کہ وہ مبدائے اول ہے۔موجود ہے۔جوہر ہے۔واحد وقدیم ہے۔ باقی و عالم ہے۔عقل، عاقل اور معقول ہے۔ فاعل ہے۔خالق و مرید ہے۔قادر وحی ہے۔عاشق و معشوق ہے۔لذیذ و متلذذ ہے۔جواد ہے۔خیر محض ہے اور اس پر طرہ یہ کہ اس کے باوجود اس کی ذات ہر طرح کی کثرت سے منزہ ہے (۱۰)۔

مندرجہ بالا مباحث سے تصور توحید باری تعالیٰ کے بارے میں حکماء وفلاسفہ کے نکتہ ہائے نگاہ کو علم الکلام کی روشنی میں سمجھا جا سکتا ہے اور ان کے اسالیب بیان کے مطالعہ سے تفسیر محمدی کے اسلوب کی وضاحت میں مدد حاصل ہو گی۔آیئے ہم تفسیر محمدی کا مطالعہ کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ حافظ محمد بن بارک اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں تصور توحید کو کس انداز و اسلوب سے بیان کیا ہے۔

توحید باری تعالیٰ کے تصور کے ضمن میں حافظ محمد صاحبؒ کے اسلوب بیان کو سمجھنے کے لیے سورہ اخلاص کی تفسیر ملاحظہ فرمائیں۔

توں آکھ محمدؐ وہ ہی اللہ واحد ہک ہکلا
اللہ صمد نہ کھاوی پیوی ناکجھ حاجت اللہ
نہ جنیا اوس کسیئوں نا اوہ جنیا گیا کسے تھیں
تے ناکوئی اوسدا کفو برابر جنس شریک اوسے تھیں
شان نزول اس سورت لیایا بغوی ابن عباسوں
کسے مشرک نبیؐ تھیں پچھیا جو ہے اللہ کس شے پاسوں

سونے کنوں یا روپیئوں لکڑ کٹ تراماں

تد ایہ سورت اللہ بھیجی کیتا رد تماماں(۱۱)

کسی مشرک نے نبی پاک ﷺ سے سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ کس چیز سے بنا ہے۔سونے چاندی سے یالکڑی سے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔اے محمدؐ آپ کہہ دیں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔وہ بے نیاز ہے۔اس کو کھانے پینے کی کوئی حاجت نہیں۔نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا اور اس کا کوئی ہمسر نہیں۔

صفت صمد کی تفسیر میں توحید کو یوں بیان کیا ہے:

تے معنی صمد جو بے پرواہ نہ حاجت پینے کھانے

کوئی لم یلد و لم یولد تفسیر صمد دی جانے

ہک کہن صمد سردار وڈا جس سبہ تھیں وده سرداری

جتنی قسم ایھی سرداری اوہ سبہ اوسوچہ جاری

ہک کہن جو کامل سب صفتا نوچہ سب کمانوچہ نالے

ہک کہن جو مقصد ہر دا ہر کوئی حاجت اوستیں بہالے

ہے اوہ مقصود جو کل مرداں ہر کوئی اوستھیں منگے

بہی سختی وقت پوکارن اسنوں سبہ مندے تے چنگے

ہک کہن صمد جو باقی دائم پچھے خلق فنا تھیں

ہک کہن جو سب تھیں اپرنا کوئی اپر پاک خدا تھیں

ہک کہن صمد اوہ جسنوں نا دکھ دیوے آفت کوئی

ہک کہن صمد بے عیب خدا کجہ عیب نہ جس وچہ بھائی

جعفر صادق کہے صمد جو نہیں محتاج کسیدا

تے جو کجہ وچہ زمین آساناں سب محتاج اوسیدا(۱۲)

صمد کے معنی بے پرواہ کے ہیں جسے کھانے پینے کی حاجت نہ ہو۔لم یلد ولم یولد سے اس کی تفسیر کی جاسکتی ہے۔صمد کا ایک مطلب یہ ہے کہ سب سے بڑا سردار جس کی سرداری سب سے بڑی ہو۔سرداری کی جتنی بھی قسمیں ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ کی ذات میں جاری وساری ہیں۔بعض کے نزدیک صمد وہ ہے جو سب صفات میں کامل ہو اور تمام کاموں میں کامل ہو۔بعض کے نزدیک صمد وہ ہے جو سب کا مقصود ہو اور ہر کوئی اس سے اپنی حاجت براری کی امید رکھے۔اور وہ تمام مرادیں پوری کرنے والا ہے اور ہر کوئی اس سے مانگتا ہے اور سختی وتکلیف میں ہر برا بھلا اسی کو پکارتا ہے۔بعض کے نزدیک صمد وہ ہے جو مخلوق کے فنا ہونے کے بعد بھی قائم ودائم رہے۔اور بعض کے نزدیک صمد وہ صفت ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سب سے اوپر ہے اور اس سے اوپر کوئی نہیں۔بعض کے نزدیک صمد وہ ذات ہے جسے کوئی

آفت دکھ نہ پہنچائے۔ بعض کے نزدیک صمد وہ خدا ہے جس میں کوئی عیب نہ ہو۔ جعفر صادقؒ کے نزدیک صمد وہ ہے جو کسی کامحتاج نہ ہو اور جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے سب کچھ اسی کا محتاج ہے۔

رسالت

جیسا کہ رسالت کے معنی ومفہوم سے اللہ تعالیٰ کا نبی ہونا ظاہر ہوتا ہے تو یہ رسالت یا نبوت علم الکلام کے مباحث میں سے ایک الگ بحث ہے۔ اس موضوع پر بھی حکماء و فلاسفہ نے سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ رسالت کے بارے میں تفسیر محمدی کے اسلوب کو جاننے سے قبل رسالت کے پس منظر سے آ گاہی نہایت ضروری ہے تاکہ رسالت و نبوت کے بارے میں مختلف فلاسفہ کی آراء اور ان کے نظریات کو سامنے رکھتے ہوئے تفسیر محمدی میں رسالت کے اسلوب بیان کو بخوبی سمجھا جاسکے۔

نظام نبوت سے مراد خلق کی ہدایت کا وہ خدائی نظام ہے جو انبیاء علیہم السلام، وحی اور آسمانی صحیفوں کی اساس پر قائم ہوا۔ جس کا آغاز حضرت آدم علیہ السلام سے ہوا اور اس کی تکمیل حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر ہوئی۔

اس نظام سے متعلق اس دور میں بہت سے لوگوں کے ذہنوں میں یہ سوال پایا جاتا ہے کہ انسان اپنی عقلی فتوحات کے لحاظ سے اس وقت ایسے بلند مقام پر پہنچ چکا ہے کہ وہ زمین کے تمام نشیب وفراز کو مسخر کر کے آسمان کے ثوابت اور سیاروں پر کمندیں ڈال رہا ہے۔ وہ اپنی فطرت کے اندر خیر وشر کی اتنی معرفت رکھتا ہے کہ وہ متمدن اور شائستہ انسان کی زندگی بسر کرسکتا ہے اور ایک مہذب معاشرہ کا فرد بن سکتا ہے۔ وہ اپنے پاس اسلاف کے افکار وعقائد ،ان کی روایات، ان کے احکام وقوانین اور ان کے علوم کا اتنا بڑا ذخیرہ رکھتا ہے کہ اس کی اساس پر وہ ایک عظیم سلطنت قائم کرسکتا ہے۔ تو کیا انسان کی زندگی کی تعظیم کے لیے یہ ساری چیزیں کافی نہیں ہیں؟ آخر وہ ضرورت کیا ہے جس کے پورا کرنے کے لیے نبوت کا نظام قائم کیا گیا اور انسان کو اس پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے؟ اگر عقل اور وحی کے دونوں نظام انسان کے لیے ضروری ہیں تو ان دونوں میں تعلق کی نوعیت کیا ہے۔ ان کی حدود کیا ہیں اور اگر ان میں کوئی تصادم ہو تو ان کے درمیان توفیق کی کیا صورت ہے؟ (۱۳)

انسان کی ہدایت کے معاملے میں اہل فلسفہ کے تین مختلف نکتہ ہائے نظر ہیں۔ ایک گروہ کا نکتہ نظر تو یہ ہے کہ عقل اگر چہ بڑی چیز ہے لیکن زندگی کے مسائل اور اس کی مشکلات اتنی زیادہ ہیں کہ ان کے اندر وحی کا بدرقہ حاصل نہ ہو تو کسی کے لیے کامیابی کے ساتھ اس راستے کو طے کرنا آسان نہیں۔

دوسرا گروہ ان لوگوں کا ہے جو کہتے ہیں کہ عقل کی رسائی تو ہے ہی بہت محدود۔ الٰہیات اور دینیات کے تمام اہم مسائل میں عقل کو مطلقاً کوئی دخل نہیں۔ ان سے متعلق امور میں وہ کسی مافوق فطرت اور مافوق بشر رہنمائی کے محتاج

ہیں۔ کیونکہ یہ مسائل ہیں ہی ایسے کہ عقل کے راستے سے وہ انسان کے اندر نہیں اترتے بلکہ دل کے راستے سے اترتے ہیں۔ لہٰذا عقل کا ان معاملات میں کوئی دخل ہو ہی نہیں سکتا۔

تیسرا گروہ ان لوگوں کا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ ہم عقل سے واقف ہیں۔ وحی یا الہام کا ہمیں کوئی تجربہ نہیں۔ ہمارے لیے یہ کس طرح ممکن ہے کہ اس پر ایمان لائیں۔ اس کی اطاعت کریں اور اس کا اتباع کریں (۱۴)۔

سب سے پہلے آخری گروہ کو لیجئے جس کا نمائندہ ہابس ہے۔ اس گروہ کا دعویٰ یہ ہے کہ ہم صرف اس چیز کو مان سکتے ہیں، اسی چیز کو ماننا چاہیے اور اسی چیز کو ماننے پر ہمیں مجبور کیا جا سکتا ہے جس چیز کا ہمیں تجربہ ہے۔ یہ فلسفہ نیا نہیں۔ بعینہٖ یہی بات کفار قریش آنحضرت ﷺ کے دعوائے نبوت کی تردید میں کہتے تھے۔ وہ پوچھتے تھے کہ اگر تمہارے گمان کے مطابق تم پر وحی آتی ہے تو ہم پر کیوں نہیں آتی۔ ظاہر ہے کہ یہ سخت قسم کی سوفسطائیت ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ اگر آپ نے کبھی کوئی شعر نہیں کہا ہے یا آپ کو شعر کا تجربہ نہیں ہے تو آپ کسی کو شاعر ماننے کے لیے تیار نہ ہوں۔ ہوا کریں سعدی اور حافظ یا غالب اور حالی اور ہوا کریں شبلی اور اقبال، لیکن چونکہ خود آپ کو شعر کا تجربہ نہیں اس لیے آپ ان کو شاعر تسلیم نہیں کرتے۔ اسی طرح آپ کو اگر یہ سعادت نصیب نہیں ہوئی ہے کہ آپ کوئی تقریر کر سکیں تو آپ کسی کو خطیب ماننے پر تیار نہ ہوں۔ اس لیے کہ خود ہمیں خطابت کا کوئی تجربہ نہیں اور ہم کس طرح یہ مان سکتے ہیں کہ ڈیماستھینز یا برک کوئی بڑے خطیب تھے۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ اس خیال کے حامل لوگوں نے اگر کبھی ایک اینٹ پر دوسری اینٹ نہیں رکھی تو انجینئرنگ کے کسی کارنامے کا ان کو قائل نہیں کیا جا سکتا، چاہے دہلی کا لال قلعہ اور جامع مسجد اور لاہور کا شالامار باغ بنانے والے لوگوں کی یادگاریں آج بھی موجود ہوں۔ اس گروہ کی دلیل محض انانیت اور ضد پر مبنی ہے۔ عقل میں اس کی کوئی بنیاد نہیں (۱۵)۔

دوسرا گروہ جس کا نمائندہ پاسکل ہے۔ دین کے اندر کسی عقل کا دخل نہیں مانتا۔ وہ اس چیز کو ماننا چاہتا ہے جو دل کے راستے آئے۔ انہوں نے اس حقیقت پر کبھی غور نہیں کیا کہ دل تو خیالات، جذبات، احساسات، روایات اور نہ جانے کن کن چیزوں کا ایک مجموعہ ہے۔ یہ واقعہ ہے کہ دل کا دروازہ کھلا ہوا ہے اور ہر چیز اس کے اندر داخل ہو سکتی ہے۔ انسان کو عقلاً اس بات کی اجازت ہونی چاہیے کہ جو کچھ دل میں آجائے وہ سب کو مان لے۔ اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ ہر چیز کو عقل کی کسوٹی پر پرکھ کر مانے ورنہ آدمی بالکل ہی آبرو باختہ ہو کر رہ جائے گا۔ آدمی کے لیے افکار، خیالات اور دل کی خواہشوں میں سے انہیں کو ماننا معقول اور جائز ہے جن کو عقل کی کسوٹی پر پرکھ کر اس نے یہ جان لیا ہو کہ وہ ٹھیک ہیں۔ اس فلسفے نے بڑے بڑے فتنے پیدا کیے۔ یورپ میں سٹیٹ اور کلیسا کی تقسیم اسی بات پر ہوئی۔ دین کو جو بے عقلی کا مجموعہ مانا جاتا ہے اس کی بنیاد میں بھی اس فلسفہ کا ہاتھ ہے۔ انسان کے اندر اصلی جوہر یہ ہے کہ اس کے اندر خواہشیں،

تمنائیں جو کچھ بھی ہوں اس کی فطرت کا یہ تقاضا ہے کہ وہ ان کو عقل کی کسوٹی پر پرکھے۔انسان کو عقل دی ہی اس لیے گئی ہے۔میرے نزدیک فلسفیوں کا یہ خیال بہت کمزور ہے(۱۶)۔

فلسفیوں کا پہلا گروہ،جس کا نمائندہ ارسطو ہے،جس طرح بات کرتا ہے اس میں وحی اور عقل دونوں کا مقام محفوظ ہے۔دونوں کو پورے توازن کے ساتھ ٹھیک ٹھیک ان کی جگہ دی گئی ہے۔یہ نکتہ نظر رکھنے والے مذکورہ تینوں فلاسفہ دنیا کے بہت بڑے حکیم مانے گئے ہیں۔یہ لوگ کہتے ہیں کہ عقل اگرچہ بہت بڑی چیز اور بہت بڑی نعمت ہے لیکن زندگی کی مشکلات اور اہم مسائل کو طے کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کو وحی کی کمک بھی حاصل ہو۔میرے نزدیک یہ رائے صائب ہے اور اس سلسلہ میں لاک کی یہ بات تو زر سے لکھے جانے کے قابل ہے کہ وحی عقل کی تکبیر ہے۔وحی عقل کی قوت کو بڑھا دیتی ہے اور اس کا دائرہ بہت وسیع کر دیتی ہے۔یہ حقیقت ہے کہ عقل اگر دنیا کے دائرے کو دیکھنے کی اہل ہے تو وحی اس کی رسائی اس قدر بڑھا دیتی ہے کہ وہ آخرت کے امور کو بھی سمجھ سکے(۱۷)۔

حجۃ الاسلام ابو حامد غزالیؒ اپنی کتاب ''علم الکلام'' میں خدا تعالیٰ کے افعال کے ضمن میں اپنے سات دعاوی کو ثابت کرتے ہوئے اپنے ساتویں دعویٰ میں تحریر فرماتے ہیں:

> ''انبیاء علیہم السلام کی بعثت نہ محال ہے نہ واجب بلکہ جواز کے درجہ میں ہے۔معتزلہ اس کو واجب اور براہمہ اس کو محال اور ناممکن کہتے ہیں۔معتزلہ کی تردید تو اس بات سے ہوسکتی ہے جس کو ہم پہلے ثابت کر آئے ہیں کہ خدا پر کوئی چیز واجب نہیں ہے۔باقی رہے براہمہ سو جب ہم بعثت کے جواز پر دلیل قائم کریں گے تو ان کی بھی تردید ہو جائے گی۔کیونکہ جو چیز محال اور ناممکن ہوتی ہے وہ جائز اور ممکن کبھی نہیں ہوسکتی ہے۔
>
> انبیاء کی بعثت کا محال ہونا اس بات پر موقوف ہے کہ خدا تعالیٰ متکلم اور قادر نہ ہوتا۔جب یہ دونوں وصف اس میں پائے جاتے ہیں تو بعثت کے جواز میں کیا شبہ ہوسکتا ہے اور یہ بھی ہر ایک شخص جانتا ہے کہ بعثت کوئی قبیح امر نہیں کہ اس حیلہ سے بعثت کو ناممکن قرار دیا جائے۔اس سے بڑھ کر اس کا اور کیا ثبوت ہوسکتا ہے کہ معتزلہ بھی،باوجودیکہ یہ ہر ایک امر میں قباحت کو دخل دے دیتے ہیں،اس کو قبیح نہیں کہتے بلکہ الٹا واجب کہتے ہیں''(۱۸)۔

قرآنی تصور یہ ہے کہ آدمیت کا آغاز نبوت سے ہوا ہے۔بعض حکماء نے کہا ہے کہ ہر علم وفن کا آغاز بھی وحی ہی کی بدولت ہوا۔ایسا شخص انسانوں کو انتشار سے نکال کر ان میں وحدت پیدا کرتا ہے۔ایسے مرد صاحب دل کا انداز نظر بالکل تازہ ہوتا ہے۔وہ ہر شے کو ایک نئی بصیرت سے دیکھتا ہے اور اس سے نئے نتائج اخذ کرتا ہے۔اس کے اندر

زندگی کی حرارت ہوتی ہے جس کی چنگاریاں بے شمار قلوب میں شعلے پیدا کرتی ہیں۔ اس کی بدولت عقل کو بھی ایک نیا پیرایہ حاصل ہوتا ہے۔ وہ لوگوں کو کھوٹے اور کھرے میں تمیز کرنا سکھاتا ہے۔ وہ زندگی کے اقدار کی نئی تقدیر کرتا ہے۔ وہمی معبودوں کی پرستش سے انسان کو نجات دلاتا ہے۔ مادی فطرت کی قوتوں کا خوف دلوں سے زائل کرتا ہے اور انسان میں یہ احساس پیدا کرتا ہے کہ تو خدائے خلاق واحد کے سوا کسی کا بندہ نہیں۔ اس کے طفیل میں انسان ایک جماعت بن جاتے ہیں اور توحید الٰہی وحدت انسانی میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ تمام زندگی کے لیے ایک مقصود معین ہو جاتا ہے۔

اس قسم کے توحید آموز اور وحدت آفرین تلمیذ الرحمان کو اسلامی اصطلاح میں نبی کہتے ہیں۔ از آدم تا ایندم نوع انسانی نے جو ترقی کی ہے اور انسان کی بصیرت اور قوت میں جو اضافے ہوئے ہیں، سب کا سرچشمہ نبوت ہی ہے(۱۹)۔

کچھ لوگ نیک اور پرہیزگار ہوتے ہیں جو فطرت ہی سے بشری جسمانیت وروحانیت سے بے تعلق ہونے اور ملائکہ کے درجۂ اعلیٰ تک پہنچنے کی قابلیت واستعداد رکھتے ہیں تاکہ کسی وقت وہ بالفعل ملائکہ کی صف میں کھڑے ہو سکیں اور ان کو ملاء اعلیٰ کا حضور نصیب ہو، کلام نفسانی اور خطاب ربانی سننے کا شرف ملے، یہ بزرگ گروہ انبیاء علیہم السلام کا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو خاص وقت میں بشریت سے بے نیاز و بے تعلق ہونے کی قابلیت عطا فرمائی یعنی بحالت وحی، یہی گویا ان کی فطرت ہے جس پر ان کو پیدا فرمایا۔ یہی ان کی جبلت ہے جس پر ان کے اجساد کی تشکیل کی۔ بشری لباس میں ملبوس رکھتے ہوئے بدنی رکاوٹوں اور جسم کے گندے تقاضوں سے ان کو پاک و بری کیا۔ ان کے نفوسِ مقدسہ میں قصد واستقامت کی جڑ بٹھا دی کہ اس کے ذریعے وہ ملاء اعلیٰ کی طرف جلد تر ترقی کریں۔ ان کی پاک طبیعتوں میں عبادت کی رغبت والفت جاگزیں کر دی گئی ہے تاکہ عالم ملکوت کا ان کو انکشاف ہو اور اسی کی طرف وہ کھچیں۔ غرض کہ انبیاء علیہم السلام اپنی انہی مذکورہ فطری صلاحیتوں کی بنا پر جب چاہتے ہیں، بدون کسب وصنعت کے ملاء اعلیٰ تک پہنچ جاتے ہیں اور عالم بشریت سے نکل جاتے ہیں اور وہاں القاء والہام جو کچھ بھی لینا ہوتا ہے لے کر پھر مدارک بشریہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جو اپنی قوتوں میں موجود ہوتے ہیں تاکہ بندوں تک احکام ربانی پہنچا سکیں(۲۰)۔

مندرجہ بالا افکار وآراء سے رسالت ونبوت کی حقیقت کو سمجھا جا سکتا ہے اور ان افکار وآراء کی روشنی میں تفسیر محمدی کے اسلوب رسالت کو واضح کیا جا سکتا ہے۔ حافظ محمد بن بارک اللہؒ سورہ بقرہ کی اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے بیان فرماتے ہیں:

﴿ كَانَ النَّاسُ اُمَةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ﴾ (۲۱)

" آہے لوگ گروہ ہکو پس بھیجیا اللہ نے پیغمبراں نوں خوشخبری دینے والے تے ڈراون والے"۔

آہے لوگ گروہ ہکو فر بھیجیا رب رسولاں
خوشخبری دیہن ثواباں تے ڈروہن عذاب جھولاں
آدم تھیں تا نوح تائیں دہ قرن گزشتہ ہوئے
سبہ ہک شریعت حق اپر اوہ نال ہدایت موئے
وچہ نوح زمانے کفر ہویا تد بھیجیا نوح خدانے
فر وارو وار پیغمبر آئے ہر ہک وچہ زمانے
ہک کہن جو کشتی نوح چڑھے ہک امت مومن آیا
فر نوح مرن تھیں پچھے بعضے کافر پئے کوراہے
ہک کہن جو ابراہیم اگے سن کافر لوگ تمامی
تا ابراہیم نبی رب بھیجیا ہور پیغمبر نامی
ہک لکھ چوبیہ ہزار نبی وچہ مرسل تریسو تیراں
اٹھاویہ نبیاں نام قرآن اندر مذکور نہ غیراں (۲۲)

دراصل لوگ ایک ہی گروہ تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے انبیاء کو خوشخبریاں دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا۔ حضرت آدمؑ سے لے کر حضرت نوح علیہ السلام تک، دس صدیوں تک، سب لوگ ایک شریعت حق پر تھے اور ہدایت پر ان کا خاتمہ ہوا۔ حضرت نوحؑ کے زمانے میں لوگوں نے کفر کیا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت نوحؑ کو بھیجا پھر باری باری ہر زمانے میں پیغمبر آتے رہے۔ بعض کے نزدیک جو لوگ حضرت نوحؑ کی کشتی پر سوار تھے وہ ایک ایماندار امت تھے۔ پھر حضرت نوحؑ کی وفات کے بعد بعض ان میں سے گمراہ ہو کر کافر ہو گئے۔ بعض کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے تمام لوگ کافر تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو نبی بنا کر بھیجا اور ان کے بعد اور نامور انبیاء بھیجے۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی مبعوث فرمائے اور ان میں سے تین صد تیرہ مرسل تھے۔ اٹھائیس انبیاء کے نام قرآن مجید میں مذکور ہیں۔ باقی انبیاء کے نام مذکور نہیں۔

اس آیت کے آخری حصے کی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں:

تے اللہ کرے ہدایت سدھے راہ ول جسنوں چاہے
شاہ ولی اللہ اس آیت دا حاصل ایہ سمجھائے
جو عادت رب دی جاری جد پیغمبر گھلیا کوئی

اختلاف پیاوچہ امت اینویں عادت ہوئی
کئی منن کئی منکر ہوون اس تھیں تنگ نہ ہوؤ
جنہاں ہدایت پائی محکم سدھے راہ کھلوؤ
شاہ عبدالقادر حاصل لکھیا بہت پیغمبر آئے
بھی بہت کتاباں آیاں اپر راہ نہ بہت بتائے
سبھنا ہکو راہ بتایا جو توحید الٰہی
اس راہوں جد لوکی چلے پکڑ یا شرک مناہی
تد ہور پیغمبر نواں گھلیا رب ہور کتاب اتاری
جو اوہو راہ توحید حقانی آکھن رکھو جاری
جد اہل کتاب کتابوں وچلے خلل اندر اس پایا
تاہور کتاب تے ہور پیغمبر خلل مٹاون آیا
اوہ سبھے ہکو راہ بتاون بعضے حکم وٹاون
جونکر حال بیمار موافق دار و فرق بتاون
توحید مثال صحت دی شرک گناہ مثال بیماری
ہر ہر مرض جدا ہے دارو مطلب صحت ساری
پروچہ قرآن جو آخر بھیجیا دارو ساریاں مرضاں

حاجت ہور کتاب نہ چھوڑی حاصل سبھے غرضاں (۲۳)

اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف ہدایت دیتا ہے۔شاہ ولی اللہؒ اس آیت کا حاصل یہ سمجھاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا یہ دستور ہے کہ جب بھی کوئی پیغمبر بھیجا تو اس امت میں ہمیشہ اختلاف پیدا ہو جاتا ہے۔کوئی مان لیتے ہیں اور کئی لوگ منکر بن جاتے ہیں۔اس سے پریشان نہیں ہونا چاہیے۔جنہوں نے ہدایت پائی ہے ان کو چاہیے کہ وہ سیدھے اور پختہ رستے پر کھڑے رہیں۔

شاہ عبدالقادرؒ نے اس آیت کا حاصل یہ لکھا ہے کہ بہت سے پیغمبر آئے اور بہت سی کتابیں نازل ہوئیں لیکن بہت سے راستے نہیں بتائے گئے۔سب پیغمبروں نے توحید الٰہی کا ایک ہی راستہ بتایا اور جب لوگ اس راستے سے دور ہٹے تو شرک اور نافرمانی میں مبتلا ہو گئے۔پھر اللہ تعالیٰ نے ایک اور نیا پیغمبر اور ایک نئی کتاب بھیج دی جو لوگوں کو توحید حقانی کی راہ پر گامزن رہنے کی تلقین کرتے ہیں۔جب اہل کتاب نے اللہ تعالیٰ کی کتاب سے منہ پھیرا اور اس میں خلل ڈالا تو اور کتاب اور نیا پیغمبر خلل مٹانے کے لیے آیا۔وہ سب ایک ہی رستہ بتاتے اور بعض حکم تبدیل فرماتے ہیں۔جس

طرح مریض کی حالت کے مطابق دوائی میں تبدیلی کی جاتی ہے۔توحید کی مثال حالت صحت کی ہے اور گناہ وشرک کی مثال بیماری کی ہے۔ ہر ہر مرض کا علاج مختلف اور جدا ہوتا ہے لیکن صحت کی حالت یکساں رہتی ہے۔لیکن قرآن مجید کے اندر جو آخر میں بھیجا گیا ہے تمام مرضوں کا علاج موجود ہے اور اس سے تمام اغراض حاصل ہوتی ہیں۔ اس کے نزول کے بعد کسی اور کتاب کی حاجت باقی نہیں رہی۔

آخرت

یوم آخرت پر ایمان اسلامی عقائد میں سے ایک بنیادی عقیدہ ہے۔اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد اللہ تعالیٰ کے فرشتوں، اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں، تقدیر اور آخرت یعنی مرنے کے بعد جی اٹھنے پر ایمان لانا واجب ہے۔آخرت پر ایمان لائے بغیر باقی تمام عقائد پر ایمان ویقین بے معنی ہے۔عقیدہ آخرت سے ہی باقی تمام بنیادی عقائد وابستہ ہیں۔ چونکہ تمام بنیادی اسلامی عقائد کی تصدیق عقیدہ آخرت سے ہوتی ہے اس لیے احیاء بعد الموت پر ایمان لانا فرض ہے اور اس کا انکار کفر ہے۔

تمام آسمانی کتابیں اور انبیائے کرام کی شریعتیں اس بات پر متفق ہیں کہ آخرت پر ایمان لانا ضروری ہے اور توحید کے بعد اس عقیدے پر ایمان لانے پر بہت زور دیا گیا ہے(۲۴)۔

جہاں تک آخرت کے لغوی مفہوم کا تعلق ہے تو یہ لفظ آخر کا مونث ہے۔یعنی سب سے بعد کی چیز۔ ع۔ ج۔ل کے مادوں سے آخرت سے دوسرے جہاں میں سعادت وشقاوت کے اعتبار سے نفس ناطقہ کے احوال بھی مراد ہیں۔اور اس کی ضد بھی لفظ ''دنیا'' ہی ہے۔زیادہ اصطلاحی رنگ کی کلامی اور فلسفی تعبیرات کی بنیاد انہی معنوں پر ہے(۲۵)۔

لسان العرب میں آخرت کا مفہوم ''دار البقاء صفة غالبة. والآخرة بعد الاول'' بیان ہوا ہے(۲۶)۔

امام راغب کے نزدیک مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہوکر اٹھنے سے مراد آخرت ہے(۲۷)۔

سید سلیمان ندوی کے خیال میں آخرت کا مفہوم پچھلا دن، پچھلی زندگی اور پچھلا آنے والا گھر ہے(۲۸)۔

ریلیجن آف اسلام میں آخرت کا مفہوم اس طرح بیان ہوا ہے:

> "Akhir" is the opposite of "Awwal" and thus signifies that which comes after or the future or the last."(۲۹)

جہاں تک آخرت کے اصطلاحی مفہوم کا تعلق ہے۔اس کے بارے میں مولانا محمد شریف اصلاحی اور مولانا

مودودی کے نقطہ نظر میں یہ روز جزا ہے جس دن اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا (۳۰)،(۳۱)۔

آخرت سے مراد موت کے بعد کی زندگی ہے۔ اسے ہی یوم آخر، حیات اخروی اور دار آخرت کہا گیا ہے۔ اسلامی تعلیمات میں اس عقیدے کی اہمیت کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ قرآن کا شاید ہی کوئی صفحہ ایسا ہو جس میں کسی نہ کسی انداز سے اس عقیدے کا ذکر کئی بار نہ آیا ہو۔ ہر طرح سے اس عقیدے کو سمجھایا گیا ہے، اس پر دلیلیں دی گئی ہیں، اس کے جھٹلانے والوں کے اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے، اس کے ماننے یا نہ ماننے سے زندگی کا جو رنگ ہو جاتا ہے، اس کی تفصیلات پیش کی گئی ہیں، اس کی اہمیت جتائی گئی ہے اور اس پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے اور صاف صاف کہہ دیا گیا ہے کہ آخرت پر ایمان لائے بغیر انسان کے سارے اعمال بے کار ہیں (۳۲)۔

انسان کی دنیوی زندگی دراصل اس کی اخروی زندگی کا مقدمہ ہے۔ یہ زندگی عارضی ہے اور وہ زندگی پائیدار ہے۔ یہ ناقص ہے اور وہ کامل ہے۔ تمام اعمال کے پورے پورے نتائج اس عارضی زندگی میں مرتب نہیں ہوتے اور نہ ہر وہ بیج جو یہاں بویا جاتا ہے، اپنے فطری ثمرات کے ساتھ اس ناقص زندگی میں بار آور ہوتا ہے۔ اس نقص کی تکمیل اس دوسری زندگی میں ہوگی اور جو کچھ یہاں بے نتیجہ اور بے ثمر رہ گیا ہے وہ اپنے حقیقی نتائج اور ثمرات کے ساتھ وہاں ظاہر ہوگا (۳۳)۔

آخرت کی ضرورت واہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے مولانا مودودی فرماتے ہیں:

> ''حیات اخروی کے اعتقاد سے خالی الذہن ہونے یا اس کا انکار کر دینے کے معنی یہ نہیں ہیں کہ انسان ایک مابعد الطبعی نظریہ سے خالی الذہن رہا یا اس نے اس نظریہ کو ماننے سے انکار کر دیا۔ بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ اپنی ذمہ دارانہ اور مسئولانہ حیثیت سے غافل ہو گیا۔ اپنے آپ کو مطلق العنان اور جواب دہی سے بری الذمہ سمجھ لیا۔ اور اس کی ظاہری زندگی اور اس کے غیر مکمل بلکہ بسا اوقات دھوکہ دینے والے نتائج سے مطمئن ہو گیا۔ اور اس نے اخروی منافع اور اخروی نقصانات سے غافل ہو کر محض ابتدائی اور عارضی اور نا قابل اعتبار منفعتوں کا اعتبار کر لیا۔ (۳۴) عقیدہ اور آخرت کو پس پشت ڈال کر نفس کو اپنا معبود اور نفس کی خواہشوں کو اپنے لیے دین وشریعت بنا لیا گیا ہے'' (۳۵)۔

عقیدہ آخرت کے معنی ومفہوم اور اس کی ضرورت واہمیت کی وضاحت سے اس عقیدہ کی فضیلت اور افادیت ظاہر ہو جاتی ہے۔ اس اہمیت وافادیت کے پیش نظر حافظ محمدؒ نے آخرت کے مضمون کو اولین حیثیت دی ہے اور عقیدہ آخرت کو خاص طور پر زیر بحث لائے ہیں۔

تفسیر محمدی میں حافظ صاحبؒ نے عقیدہ آخرت کو اختصار کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔ اگر چہ کہیں کہیں مفصل بھی بیان ہوا ہے لیکن بحیثیت مجموعی تفسیر محمدی کے اندر اختصار پایا جاتا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ اس موضوع پر حافظ صاحب کی الگ تصنیف ''احوال الآخرۃ'' ہے۔ اس کتاب میں حافظ صاحبؒ نے عقیدہ آخرت نہایت تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے اور عقیدہ آخرت کے موضوع پر آیاتِ قرآنی اور احادیث نبویہؐ کی روشنی میں موت اور احیاء بعد الموت کے تمام حالات و واقعات کو مرحلہ وار بالترتیب مدلل انداز میں بیان فرمایا ہے۔ چونکہ احوال الآخرۃ تفسیر محمدی سے پہلے لکھی گئی اس لیے عقیدہ آخرت کے بارے میں تمام تر تفصیلات احوال الآخرۃ میں موجود ہیں۔

حافظ صاحبؒ نے احوال الآخرۃ کا آغاز سورہ ملک کی ابتدائی آیات سے کیا ہے۔ احوال الآخرۃ میں سورہ ملک کی ابتدائی آیات کا ترجمہ کرتے ہوئے حافظ صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں:

﴿تَبٰـرَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ o الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوۃَ لِیَبْلُوَکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا. وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ o الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا﴾ (۳۶)۔

بابرکت اوہ مالک ہے ہتھ جسدے ملک ایہائی
اوہ ہر شے اوپر قادر ہے جس موت حیات او پائی
تا آزماوے بندیاں نوں کس احسن عمل کمائے
اوہ غالب بخشنہار ایہی جس ست آسمان ٹکائے (۳۷)

بڑی بابرکت ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے۔ وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تا کہ لوگوں کو آزمائے کہ کس نے اچھے اعمال سرانجام دیئے۔ وہ غالب بخشنے والا ہے جس نے سات آسمان پیدا کیے۔

تفسیر محمدی میں سورہ ملک کی دوسری آیت کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

جس جیون مرن بنایا تا تساں بندیاں نوں ازماوے
جو کہڑا احسن بہتر خالص مخلص عمل کماوے
اکثر عملاً کہیانہیں رب بہتے نفل گزارے
احسن کہیا جو خالص عمل موافق سنت پیارے
ہک کہن مراد مرن وچہ دنیا جیون روز حشر دے
ہک کہن مرن تے جیون بندیاں وچہ دنیا اس گھر دے
ایہ دنیا دن تے جیوندا گھر اوڑک دنیا فانی

تے اوہ گھر جیون نت رہن دا خوشی یا غم جاودانی (۳۸)

جس نے زندگی اور موت کو پیدا کیا تا کہ تم لوگوں کو آزمائے کہ کون بہتر خالص اور مخلص عمل سرانجام دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اکثر عملاً نہیں کہا کہ زیادہ نفل پڑھنے والا ہو۔ احسن کہا ہے جو سنت کے مطابق خالص عمل کرتا ہو۔ بعض کہتے ہیں کہ مرنے سے مراد دنیا میں مرنا ہے اور جینے سے مراد روز حشر ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ مرنا اور جینا اس دنیا کے گھر میں ہے۔ یہ دنیا مرنے اور جینے کا گھر ہے۔ بالآخر دنیا فانی ہے اور آخرت ہمیشہ رہنے کا گھر ہے۔ خوشی یا غمی بھی جاودانی ہوگی۔

سورہ بقرہ کی آیت ﴿وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ﴾ (۳۹) کی تشریح میں حافظ صاحب لکھتے ہیں:

''آکھیا ابن کثیر نے مراد آخرت تھیں ایس جگہ بعث اتے قیامت اتے جنت اتے نار اتے حساب اتے میزان ہے۔ اوہ دن پچھے دنیا دے آوے گا۔ ایس واسطے اسنوں آخرت تے یوم آخر بولدے ہیں'' (۴۰)۔

سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۸۵ کے ابتدائی حصے کی تفسیر بیان کرتے ہوئے حافظ صاحبؒ لکھتے ہیں:

ہر ہر جان ہے چکھن والی موت نہ رہے سلامت
تے پورے دتے جاسن اجر تسانوں روز قیامت
یعنی دنیا جائے کمائی جائے جزا دی ناہیں
جائے جزا ہے روز قیامت مرسو یسو تاہیں (۴۱)

ہر ہر جان موت کا ذائقہ چکھنے والی ہے۔ اور قیامت والے دن تم پورے پورے بدلے دیئے جاؤ گے۔ یعنی دنیا کمائی کی جگہ ہے جزا کی جگہ نہیں ہے۔ قیامت کا دن جزا کا ہے جب مرو گے بدلہ پاؤ گے۔

سورۃ النساء کی آیت نمبر ۷۸ کی تفسیر میں حافظ صاحب فرماتے ہیں:

تسیں جتھے ہوموت ہے وچہ برجاں اچیاں توڑے
یا قلعے بلند چونے گچ کوٹاں اندر موت مروڑے (۴۲)

تم جہاں کہیں بھی چلے جاؤ، اونچے برجوں کے اندر بھی موت پہنچ جاتی ہے۔ یا بلند و بالا قلعے اور چونے کے محلات بنالو، ان کے اندر بھی موت مروڑ دیتی ہے۔

احوال الآخرۃ میں حافظ صاحب نے اسی آیت کی تشریح یوں فرمائی ہے:

لکیاں چھپیاں موت نہ چھوڑے جتھے ہوو گھیرے
بھاویں برج بناؤ محکم قلعہ یا کوٹ چنگیرے

نسیاں بھجیاں جان نہ دیوے دارو موت نہ کوئی
نیکی کرو کماؤ تقویٰ بدلہ لیسو سوئی(۴۳)

سورۃ العنکبوت کی آیت نمبر۶۴ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے حافظ محمد صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں:

تے نہیں حیاتی دنیا دی ایہہ باجھوں کھیڈ تے بازی
تے بے شک ہے گھر آخر والا عیش حیاتی تازی
جیکر جانن ایہ جو دنیا فانی بے بنیادی
تے آخر دا گھر باقی دائم رہسی ابد آبادی(۴۴)

دنیا کی زندگی کھیل اور بازی کے علاوہ کچھ نہیں اور بے شک آخرت کا گھر عیش کی زندگی اور تازگی ہے۔ان کو یہ بات معلوم ہونی چاہیے کہ دنیا کی زندگی فانی اور بے بنیاد ہے اور آخرت کا گھر ہمیشہ ابدالآباد تک باقی رہے گا۔

یوم آخرت کے بارے میں حافظ صاحبؒ سورۃ النباء کی آیت نمبر۱۷اور۱۸ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ٹھیک اوہ فیصلیدا دینہ ہے میعاد معین والا
جسدن وچہ قرناؤ پہو کیسی آؤ ٹولا ٹولا
اوہ فیصلے دا دینہ روز قیامت ہے میعاد تماماں
بداں نوں بریاں ملن سزائیں نیکانوں انعاماں
جسدن دوجی واری وچہ قرنادی پھوکیا جاسی
اوسدن فیصلے دا دینہ ہوسی ہر کوئی بدلہ پاسی
تافوجاں فوجاں ٹولے ٹولے ہوسی خلقت ساری
ہنود یہود مجوس نصاری فوجاں ہوسن جاری(۴۵)

بے شک فیصلے کا دن مقرر ہے۔جس دن صور پھونکا جائے گا پس تم گروہ در گروہ آؤ گے۔وہ فیصلے کا دن روز قیامت تمام چیزوں کی میعاد ہے۔برے لوگوں کو بری سزائیں ملیں گی اور نیکوکاروں کو انعامات دیئے جائیں گے۔جس دن دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا وہ فیصلے کا دن ہوگا۔ ہر ایک بدلہ پائے گا۔اس دن ہنود، یہود، مجوسی اور نصاریٰ فوجوں کی مانند نکلیں گے اور ساری خلقت فوج در فوج اور ٹولے ٹولے ہو جائے گی۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ نعمانی شبلی، علم الکلام اورالکلام نفیس اکیڈمی، اردو بازار کراچی، ۱۹۷۹ء، ص ۱۵۔۱۶۔

۲۔ ابن خلدون، مقدمہ ابن خلدون حصہ دوم (ترجمہ راغب رحمانی) نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی، ص ۲۵۴۔

۳۔ وحید عشرت، ڈاکٹر، فلسفہ کیا ہے، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور ۲۰۰۰ء، ص ۲۷۔

۴۔ ابوزہرہ مصری، اسلامی مذاہب ر ترجمہ پروفیسر غلام احمد حریری، ملک سنز، کارخانہ بازار فیصل آباد، س۔ن، ص ۱۶۶۔

۵۔ ایضاً، ص ۱۷۴۔۱۷۵۔

۶۔ اصلاحی، امین احسن، فلسفے کے بنیادی مسائل، فاران فاؤنڈیشن، لاہور، اگست ۱۹۹۱ء، ص ۳۷۔۳۸۔

۷۔ محولہ بالا۔

۸۔ غزالی، حجۃ الاسلام، ابوحامد محمد، علم الکلام، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، س ن، ص ۶۱ تا ۶۳۔

۹۔ خلیفہ، عبدالحکیم، ڈاکٹر، فکر اقبال، بزم اقبال کلب روڈ لاہور، س ن، ص ۹۳۷۔

۱۰۔ ندوی، محمد حنیف مولانا، تہافۃ الفلاسفہ، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور: ۱۹۸۷ء، ص ۱۲۵۔

۱۱۔ لکھوی، حافظ محمد، تفسیر محمدی، ملقب بہ، موضح فرقان، مکتبہ اصحاب الحدیث، حسن مارکیٹ، مچھلی منڈی، اردو بازار، لاہور، ۲۰۰۲ء، ج ۷، ص ۴۵۳۔

۱۲۔ ایضاً، ج ۷، ص ۴۵۴۔

۱۳۔ فلسفے کے بنیادی مسائل، ص ۲۱۹۔

۱۴۔ ایضاً، ص ۲۲۰۔

۱۵۔ ایضاً، ص ۲۲۴۔۲۲۵۔

۱۶۔ ایضاً، ص ۲۲۵۔

۱۷۔ ایضاً، ص ۲۲۵۔۲۲۶۔

۱۸۔ علم الکلام، ص ۱۲۷۔

۱۹۔ فکر اقبال، ص ۶۴۹۔۶۵۰۔

۲۰۔ ابن خلدون، علامہ عبدالرحمٰن المغربی، مقدمہ ابن خلدون اردو، میر محمد کتب خانہ مرکز علم وادب آرام باغ، کراچی، س۔ن، ص ۱۰۸۔

۲۱۔ القرآن الحکیم، ۲:۲۰۳۔

۲۲۔ تفسیر محمدی، ج ۱، ص ۱۸۲۔

۲۳۔ تفسیر محمدی، ج ۱، ص ۱۸۴۔

۲۴۔ عقائد الاسلام، ص ۹۹۔۱۰۰۔

۲۵۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۱، ص ۱۷۔

۲۶۔ ابن منظور الافریقی، لسان العرب، دارالصادر، بیروت، ۱۹۵۶ء، ج ۴، ص ۱۴۔۱۱۔

۲۷۔ راغب اصفہانی، امام، مفردات القرآن، لاہور، ۱۹۷۱ء، ص ۴۴۔

۲۸۔ سیرۃ النبی، ج ۴، ص ۵۶۸۔

۲۹۔ The Religion of Islam, p 264

۳۰۔ آفاقی تہذیب وتمدن، ص ۲۴۔

۳۱۔ مودودی، سید ابوالاعلی، دینیات، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، ۱۹۹۰ء، ص ۱۰۸۔

۳۲۔ ابوسلیم عبدالحی، ایمان کی اہمیت، اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۶۳، ص ۸۶۔

۳۳۔ پروفیسر خورشید احمد، اسلامی نظریہ حیات، مطبع ٹیکنیکل پرنٹرز کراچی، ۱۹۸۶، ص ۲۸۳۔

۳۴۔ مولانا مودودی، اسلامی تہذیب اور اس کے اصول ومبادی، مطبع اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۷۵ء، ص ۴۱۰۔۴۱۱۔

۳۵۔ صدرالدین اصلاحی، اساس دین کی تعمیر، مرکزی مکتبہ اسلامی دہلی، ۱۹۸۱ء، ص ۸۶۔

۳۶۔ سورہ ملک ۶۷: ۱۔۲۔۳۔

۳۷۔ حافظ محمد، احوال الآخرۃ، ملک بشیر احمد تاجران کتب لاہور، س ن، ص ۲۔

۳۸ تفسیر محمدی، ج ۷، ص ۱۸۳۔

۳۹۔ البقرہ ۲: ۴۔

۴۰۔ تفسیر محمدی، ج ۱، ص ۱۴۔

۴۱۔ ایضاً، ص ۳۶۹۔

۴۲۔ ایضاً، ص ۴۳۳۔

۴۳۔ احوال الآخرۃ، ص ۴۔۵۔

۴۴۔ تفسیر محمدی، ج ۵، ص ۱۲۱۔

۴۵۔ تفسیر محمدی، ج ۷، ص ۳۰۶۔

صحیح مسلم کی ایک حدیث کا تعلیلی و تحقیقی جائزہ

Explanatory and Research Overview on a Hadith of "Sahih Muslim"

حافظ مسعود قاسم☆

ڈاکٹر حافظ محمد شریف شاکر☆☆

Abstract

The word "illat" is derived from "illah" which means "hidden fault or illness". In the field of Hadith, "illat" means such a hidden fault, if this fault is proved in sanad (Channel of Transmitters) and Matan (Text), that particular hadith is called "Zaeef". This fault is well acquainted only to the experts of Hadith.

In the present research paper the authors have pointed out the concept of Imam Hakim who pointed out various such points as "illat" is existed there. Imam Hakim has claimed "illah" (hidden fault) in the following Hadith where as various researches of Muhaddiseen prove that there is no "illat" (hidden fault) is found in this Hadith. Therefor this Hadith is Sahih & Correct one.

حدیث

حدثنا محمد ابن مهران الرازی قال نا الولید بن مسلم قال نا الاوزاعی عن قتادة انه كَتَبَ اليه يخبرهٗ عن انس بن مالك انه حدّثه قال صليتُ خلف النبى صلى الله عليه وسلم و أبى بكر و عمر و عثمان فكانوا يستفتحون بالحمد لله رب العلمين لايذكرون بسم الله الرحمٰن الرحيم فى اوّل قراءة ولا فى آخره۔

☆ لیکچرر شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف ایگریکلچر، فیصل آباد، پاکستان۔

☆☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر (ر) جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد، پاکستان۔

علت حدیث

محدثین کی اصطلاح میں عام طور پر علت حدیث سے ایسے غامض اور خفی اسباب مراد لئے جاتے ہیں جو حدیث کی صحت میں قادح ہوں، باوجود اس کے کہ حدیث ظاہری طور پر اس سے صحیح وسلامت ہو، اور اس میں ظاہری طور پر جرح کا کوئی دخل نہ ہو۔ اور ان اسباب سے ایسی صحیح سند کی طرف رسائی حاصل ہو جائے جس کے رجال ثقہ ہوں اور وہ (سند) شروطِ صحت کی جامع ہو[۱]۔

پس ثابت ہوا کہ جس حدیث میں علت پائی جائے اسے "معلّل" یا "معلول" کہا جاتا ہے۔

معرفت علل حدیث کا علم

یہ علم، صحیح وسقیم اور جرح وتعدیل کے علم کے علاوہ ایک مستقل علم ہے[۲]۔

یہ علم، علم حدیث میں نہایت دقیق اور مشکل سمجھا گیا ہے۔ کیونکہ اس کے لئے وفیات وموالید اور لقاء وعدم لقاء کی معرفت پر عبور حاصل کرنے کے علاوہ طُرُقِ حدیث اور رُواۃِ حدیث کے اختلاف اور اُن کے ضبط واتقان سے خوب باخبر ہونا ضروری ہے۔ اسی لئے محدثین کہتے ہیں کہ یہ فن، علوم حدیث میں نہایت دقیق اور مشکل ترین ہے، بلکہ ان علوم کا سردار اور سب سے زیادہ شرف وفضیلت والا ہے۔ اس علم پر صرف وہی لوگ قدرت حاصل کر سکتے ہیں جو حفظِ حدیث اور اطلاع حدیث کے اہل، اور روشن فہم کے مالک ہوں۔ اسی لئے اس فن میں ابن مدینیؒ، احمد بن حنبلؒ، بخاریؒ، یعقوب بن شیبہؒ، ابو حاتمؒ، ابوزرعہ رازیؒ، ترمذیؒ اور دار قطنیؒ جیسے (ائمہ) کے سوا کوئی گفتگو نہیں کر سکا[۳]۔

علت کی پہچان کا طریقہ

عِلل کی پہچان، طرقِ حدیث جمع کرنے، رواۃ حدیث کے اختلاف اور ان کے ضبط واتقان پر نظر رکھنے سے ہوتی ہے۔ اس شان کے عالم وعارف کو اللہ تعالیٰ یہ ملکہ عطا فرماتے ہیں کہ وہ پہچان لیتا ہے کہ یہ حدیث معلول ہے۔ وہ اپنے تجربہ اور یقین کی بنا پر حدیث کی عدم صحت کا حکم لگا دیتا ہے یا تردّد کی وجہ سے اس میں توقف اختیار کر لیتا ہے[۴]۔

محلِّ قدح کے اعتبار سے علت کی اقسام

علت اکثر اسناد میں ہوتی ہے اور کبھی کبھی متن میں پائی جاتی ہے۔ جو علت اسناد میں ہوتی ہے وہ کبھی تو صحت سند ومتن دونوں میں اور کبھی خاص صحت سند میں قادح ہوتی ہے[۵]۔

چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ لکھتے ہیں کہ جب علت اسناد میں واقع ہو تو وہ کبھی قادح ہوتی ہے اور کبھی قادح نہیں ہوتی۔ اور یہی بات علت فی المتن کے بارے میں ہے (۶)۔ اس لحاظ سے اس کی درج ذیل چھ اقسام بنتی ہیں:

۱- علت اسناد میں واقع ہوگی، اور مطلقاً قادح نہیں ہوگی۔ اس کی مثال ایسی حدیث ہوگی جسے مدلّس راوی نے عنعنہ کے ساتھ روایت کیا ہو۔ ایسی حدیث کی قبولیت سے توقف لازم ہوتا ہے، یعنی ایسی حدیث "متوقف فیہ" ہوتی ہے۔ لیکن جب یہ حدیث کسی اور طریق سے دستیاب ہوجائے، جس میں سماع کی صراحت پائی جائے تو علت کا غیر قادح ہونا واضح ہوجاتا ہے۔ ایسے ہی جب اسناد میں اس کے بعض رُواۃ پر اختلاف پایا جائے تو بظاہر اس کی قبولیت سے توقف لازم ہوتا ہے، البتہ اگر اہل حدیث کے طریقے کے مطابق، مختلف الاسناد قرائن کے ذریعے سے ان طرق کو جمع کرنا ممکن ہو، تو ایسی علت کا غیر قادح ہونا واضح ہوجاتا ہے (۷)۔

اس کی مثال صحیح مسلم کی یہ حدیث ہے:

حدثنا محمد ابن مهران الرازی قال نا الولید بن مسلم قال نا الاوزاعی عن قتادة انه كَتَبَ الیه یخبرهٗ عن انس بن مالك انه حدّثه قال صلیتُ خلف النبی صلی الله علیه وسلم و أبی بكر و عمر و عثمان فكانوا یستفتحون بالحمد لله رب العلمین لایذكرون بسم الله الرحمٰن الرحیم فی اوّل قراء ة ولا فی آخره (۸)۔

۲- علت اسناد میں واقع ہوگی اور صرف اسناد میں قادح ہوگی۔

اس کی مثال یہ حدیث ہے:

یعلٰی بن عبید عن سفیان الثوری عن عمرو بن دینار عن ابن عمر عن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم قال البیعان بالخیار (۹)۔

یہ اسناد نقل العدل عن العدل کے ساتھ متصل ہے، حالانکہ یہ مُعَلَّلُ اور غیر صحیح ہے۔ اور متن بہر حال صحیح ہے۔ راوی (یعلیٰ بن عبید) کے "عن عمرو بن دینار" کہنے کے سبب علت واقع ہوئی ہے۔ حالانکہ یہ "عن عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر" ہے (۱۰)۔

سفیان ثوری کے شاگرد ائمہ نے اس حدیث کو سفیان سے اسی طرح روایت کیا ہے۔ اور یعلیٰ بن عبید نے وہم کے سبب عبد اللہ بن دینار کی بجائے عمرو بن دینار کہہ دیا، حالانکہ یہ دونوں ثقہ ہیں (۱۱)۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہاں ثقہ راوی، ثقہ راوی سے بدل دیا گیا ہے۔ اس لئے اسے مقلوب کی قسم شمار کرنا زیادہ لائق ہے (۱۲)۔

۳- علت اسناد میں واقع ہوگی اور بیک وقت اسناد اور متن میں قادح ہوگی۔ مثلاً موصول کو مرسَل بنا دیا جائے یا مرفوع کو موقوف بنا دیا جائے [۱۳]۔

۴- علت متن میں واقع ہوگی اور متن و اسناد میں قادح نہیں ہوگی۔ اس کی مثال صحیحین کی بعض احادیث کے بہت سے الفاظ میں اختلاف کا واقع ہونا ہے، جبکہ ان الفاظِ مختلفہ کا ایک ہی معنی و مفہوم بن سکتا ہو، تو اس صورت میں علت سے قدح جاتی رہے گی [۱۴]۔

یعنی علت، متن اور اسناد دونوں سے جاتی رہے گی۔

۵- علت، متن میں واقع ہوگی اور بیک وقت متن اور سند میں قادح ہوگی۔ اس کی مثال ایسی حدیث بنتی ہے جسے راوی اپنے ظنّی معنٰی کے ساتھ روایت کرے جو (ظنّی معنٰی) درست نہ ہو، اور لفظِ حدیث سے مراد اس معنٰی کے سوا کچھ اور ہو۔ چونکہ اس سے راوی میں قدح لازم آتی ہے، اس لئے یہ اسناد کو بھی معلّل بنا دیتی ہے [۱۵]۔ جیسا کہ امام ابو موسیٰ محمد بن مثنیٰؒ (جن کا تعلق قبیلہ عنزسے ہے) نے اس حدیث میں جس میں یہ الفاظ آئے ہیں: "ان النبی صلی الله علیه وسلم صلّی الٰی عنزة".

اسے عدم فہم کے سبب سے کہا: "نحن قوم لنا شرف نحن من عنزة التی هي قبيلة قد صلّی النبی صل الله عليه وسلم إلينا" حالانکہ جس عنزہ کی طرف آپ ﷺ نے منہ کر کے نماز پڑھی تھی، اس سے مراد عصا یا حربہ ہے [۱۶]۔

۶- علت متن میں واقع ہوگی اور سند کے علاوہ متن میں بھی قادح ہوگی۔ (۱۷) اس کی مثال یہ حدیث ہے جسے ولید بن مسلم کی روایت سے صرف امام مسلم نے اپنی صحیح میں تخریج کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

> حدثنا محمد ابن مهران الرازی قال نا الولید بن مسلم قال نا الاوزاعی عن قتادة انه كَتَبَ اليه يخبرهٗ عن انس بن مالك انه حدّثه قال صليتُ خلف النبی صلی الله علیه وسلم و أبی بكر و عمر و عثمان فكانوا يستفتحون بالحمد لله رب العلمين لايذكرون بسم الله الرحمٰن الرحيم فی اوّل قراء ة ولا فی آخره [۱۸]۔

محمد بن مہران رازی نے ہمیں حدیث بیان کی، اس نے کہا کہ ہمیں ولید بن مسلم نے حدیث بیان کی، اس نے کہا کہ ہمیں اوزاعی نے قتادہ سے روایت کیا کہ قتادہ نے اوزاعی کو حضرت انس بن مالک کے بارے میں خبر دیتے ہوئے لکھا کہ انس نے اسے حدیث بیان کرتے ہوئے کہا: میں نے نبی ﷺ، ابو بکر، عمر اور عثمان کے پیچھے نماز

پڑھی، وہ (سبھی نماز کا) آغاز الحمد للہ رب العٰلمین سے کرتے تھے۔ قرأت کے اوّل و آخر میں بسم اللہ الرحمن الرحیم نہیں ذکر کرتے تھے۔

امام مسلم نے اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد: "الولید بن مسلم عن الاوزاعی قال: أخبرنی إسحاق بن عبداللہ بن أبی طلحة" کی سند سے روایت کیا کہ اسحاق نے حضرت انس کو یہ حدیث ذکر کرتے ہوئے سنا[۱۹]۔

ولید امام مسلم کے شیخ ہیں اور ولید کے شیخ اوزاعی ہیں۔ پہلی سند میں اوزاعی کے شیخ قتادہ ہیں اور دوسری سند میں ان کے شیخ اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ ہیں۔ اس حدیث کو تخریج کرنے میں امام مسلم متفرد ہیں۔ اس میں قرأتِ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی واضح نفی ہے۔ بعض محدثین نے لفظ مذکور (لایذکرون) کی روایت کو معلّل قرار دیا ہے[۲۰]۔

حافظ ابن الصلاح کی اس سے مراد امام دار قطنی ہیں، کیونکہ سب سے پہلے آپ ہی نے اسے غیر محفوظ بتایا ہے[۲۱]۔ امام دار قطنی شعبہ تک اپنی سند (ذکر کرنے) کے ساتھ یہی حدیث لائے ہیں:

حدثنا شعبة وھمام بن یحیی عن قتادة عن أنس أن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم و ابابکر و عمر رضی اللہ عنھما لَمْ یکونوا یجھرون بسم اللہ الرحمٰن الرحیم [۲۲]۔

شعبہ اور ھمام بن یحیٰی نے قتادہ سے اور اس نے حضرت انس سے روایت کیا: بیشک رسول اللہ ﷺ، ابو بکر اور عمر بسم اللہ الرحمن الرحیم اونچی آواز سے نہیں پڑھا کرتے تھے۔

امام دار قطنی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو یزید بن ھارون، یحیٰی بن سعید قطان، حسن ابن موسےٰ اشیب، یحیٰی بن سکن، ابو عمر حوضی اور عمرو بن مرزوق وغیر ھم نے "شعبة عن قتادة عن انس" سے ان مذکورہ بالا لفظوں کے سوا روایت کیا ہے۔ مذکورہ بالا تمام راویوں نے شعبہ سے روایت کرتے ہوئے کہا ہے:

"ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم و أبابکر و عمر و عثمان کانوا یفتتحون القراء ة بالحمد للہ رب العلمین" اور یہی حدیث امام ابن خزیمہ، امام بیہقیؒ، امام ابو یعلیٰ، موصلی اور امام احمد بن حنبل نے بھی تخریج کی ہے[۲۳]۔

اور "اعمش عن شعبة عن قتادة و ثابت عن انس" سے اسی طرح کے الفاظ روایت کئے گئے ہیں، اور قتادہ سے اس کے اکثر اصحاب مثلاً ھشام دستوائی، سعید بن ابی عروبہ، ابان بن یزید عطار، حماد بن سلمہ، حمید طویل، ایوب سختیانی اور سعید بن بشیر وغیر ھم نے اسی طرح روایت کیا ہے۔ معمر اور ھمام نے بھی ایسا ہی روایت کیا ہے۔ لیکن

لفظوں میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔ حضرت انس سے قتادہ وغیرہ کی روایت کی ہوئی (مذکورہ بالا) حدیث ہی محفوظ ہے [۲۴]۔

یعنی مسلم کی "لایذکرون" والی حدیث، اور دار قطنی کی "لم یکونوا یجھرون" والی حدیث محفوظ نہیں بلکہ شاذ ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ اکثر رواۃ نے اس حدیث میں "بسملہ" کے ذکر کا تعرض کئے بغیر "فکانوا یستفتحون القراء ۃ بالحمد للہ رب العلمین" روایت کیا ہے۔ اور امام بخاری و امام مسلم اپنی اپنی صحیح میں بالاتفاق یہی الفاظ لائے ہیں [۲۵]۔

نیز صحیح مسلم کی اس حدیث کو معلّل قرار دینے والوں کی دلیل یہ ہے کہ اوزاعی سے روایت لینے والا ولید بن مسلم اگرچہ اپنے شیخ سے سماع کی تصریح بھی کر دیتا ہے پھر بھی تدلیسِ تسویہّ سے کام لیتا ہے [۲۶]۔

چنانچہ حافظ زین الدین عراقی فرماتے ہیں: "بیشک ولید بن مسلم کی اوزاعی سے روایت کی ہوئی حدیث جسے امام مسلم نے تخریج کیا، معلول ہے، کیوں کہ ولید تدلیسِ تسویہّ سے کام لیتا ہے" [۲۷]۔

اور اس حدیث کو معلول کہنے والوں کا خیال ہے کہ جس راوی نے لفظ "لایذکرون" کے ساتھ اس حدیث کو روایت کیا ہے اس نے اسے اس معنٰی کے ساتھ روایت کیا ہے جو اس کے پیش نظر تھا، لہٰذا اس راوی نے صحابی کے قول "کانوا لا یستفتحون بالحمد للہ" سے یہ سمجھ لیا کہ وہ "بسم اللہ الرحمن الرحیم" نہیں پڑھا کرتے تھے۔ اس راوی نے اپنے فہم کے مطابق اسے روایت کر دیا اور خطا کا ارتکاب کیا، کیونکہ اس کا معنٰی یہ ہے کہ سورتوں میں سے جس سورت سے آپ قرأت کا آغاز کیا کرتے تھے، وہ "الفاتحہ" ہوتی تھی۔ اس میں بسم اللہ کے ذکر سے کوئی تعرُّض نہیں کیا گیا [۲۸]۔

ان تمام اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ ولید کے مدلّس ہونے کے سبب یہ حدیث معلول نہیں ہو سکتی، کیونکہ ولید نے اوزاعی سے اپنے سماع کی تصریح کی ہے اور اوزاعی نے بھی یہ وضاحت کی ہے کہ اس نے قتادہ سے سنا تو نہیں، البتہ قتادہ نے اس کی طرف لکھ بھیجا تھا اور قتادہ نے اسے حضرت انس سے سنا تھا [۲۹]۔

اور لکھا ہوا پڑھ کر آگے روایت کرنا امام بخاری سے ثابت ہے۔ جزء القراء ۃ للبخاری کے راوی محمود بن اسحاق الخزاعی روایت کرتے ہیں:

حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن یوسف قال حدثنا الأوزاعی قال کتب إلَیَّ قتادۃ قال: حدثنی أنس یعنی ابن مالك قال صلیت خلف النبی صلی اللّٰه علیه وسلم و أبی بکر و عمر و عثمان وکانوا یفتتحون بالحمد لله رب العلمین(۳۰)۔

اس روایت سے ثابت ہوا کہ امام بخاریؒ کے ہاں لکھاہوا روایت کرنا درست ہے۔

اور امام احمد بن حنبل اپنی مسند میں یہ حدیث لائے ہیں:

حدثنا أبو المغیرۃ ثنا الأوزاعی قال کتب إلیّ قتادۃ قال حدثنی أنس بن مالك قال صلیتُ خلف النبی صلی الله علیه وسلم و أبی بکر و عمر و عثمان فکانوا یستفتحون بالحمد للّٰه رب العلمین لایذکرون بسم اللّٰه الرحمٰن الرحیم فی أوّل القراء ۃ ولا فی آخرہ(۳۱)۔

اور یہ ولید بن مسلم کے لئے طاقتور متابعت ہے۔ ابوالمغیرہ حمص کے ثقات محدثین میں سے ہیں۔ امام بخاری نے اسے قابل حجت سمجھ کر اس سے اپنی صحیح میں حدیث تخریج کی ہے۔ اس سے واضح ہوا کہ اس حدیث کو ولید کی تدلیس کے سبب معلول قرار دینے کی کوئی وجہ نہیں ہے(۳۲)۔

لیکن اگر حافظ عراقی اس حدیث کو اس سبب سے معلول قرار دیں کہ اوزاعی کے قول " إن قتادۃ کتب إلیه" میں مجاز پایا جاتا ہے، کیونکہ قتادہ مادرزاد نابینا تھے، لکھ نہیں سکتے تھے، اس لئے کسی اور کو اپنی طرف سے لکھنے کا حکم دیا ہوگا، اور یہ غیر شخص ہمارے ہاں مجہول الحال ہے حتیٰ کہ اگر قتادہ کو بھی اس پر اعتماد ہو تا تب بھی یہ اس کی عدالت کے ثبوت کے لئے کافی نہ ہوتا مگر اس شخص کے ہاں جو علی الابہام تزکیہ کو قبول کر لیتا ہو۔ اور یہ (علی الابھام تزکیہ قبول کرنا) حافظ عراقی کے ہاں مرجوح تصور ہوتا ہے، کیونکہ عراقی کے غیر کے ہاں، قادح کے سبب اس کے ضعیف قرار دیئے جانے کا احتمال موجود ہے۔ اب اصل بات اوزاعی کی روایت کی ہے کہ یہ (روایت) ایک مجہول شخص سے ہے جس نے قتادہ کے حکم سے "حضرت انس سے قتادہ کی روایت" اوزاعی کو لکھ کر بھیجی۔ یہ علت تو "تدلیسِ ولید" سے بھی اشد ہے جس سے سماع ولید کی تصریح اور اصحابِ اوزاعی کی طرف سے ولید کی متابعت کے سبب اس (تدلیس ولید) کا خوف جاتا رہا تھا(۳۳)۔

امام مالک نے مؤطا میں "حمید عن انس" سے روایت کیا اس (انس) نے کہا:

"میں نے ابو بکر، عمر اور عثمان کے پیچھے نماز پڑھی وہ سبھی بسم اللہ الرحمن الرحیم نہیں پڑھتے تھے"(۳۴)۔

امام سیوطی تنویر الحوالک میں اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں کہ خطیب بغدادی "کتاب الرواۃ عن مالک" میں لکھتے ہیں کہ امام مالک کے تمام اصحاب نے ان سے اسے اسی طرح موقوف روایت کیا ہے اور اسی طرح کئی ایک نے "ابی مصعب عن مالک" سے روایت کیا۔ اور اس حدیث کو سلیمان بن عبد الحمید البرانی نے: "عن ابی مصعب عن مالك عن حميد عن انس قال صليتُ مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فلم يقرأ بسم الله الرحمٰن الرحيم و صليت وراء أبى بكر فلم يقرأ بسم الله الرحمٰن الرحيم وصليت وراء عمر فلم يقرأ بسم الله الرحمٰن الرحيم و صليت وراء عثمان فلم يقرأ بسم الله الرحمٰن الرحيم" روایت کیا ہے[۳۵]۔

سیوطیؒ مزید لکھتے ہیں کہ خطیب بغدادی نے کہا کہ اس حدیث کو ابو مصعب سے اس طرح مرفوع روایت کرنے میں سلیمان متفرد ہے۔ ابن عبد البرؒ کہتے ہیں کہ میرے علم کے مطابق مؤطا کے جمیع رُواۃ کے ہاں یہ اس طرح موقوف ہے۔ اس حدیث کو امام مالک سے روایت کرتے ہوئے ایک جماعت نے مرفوع کر دیا، اس میں نبی ﷺ کا ذکر کر دیا حالانکہ یہ (مرفوع ہونا) محفوظ نہیں ہے۔

ولید بن مسلم، ابو قرہ موسےٰ بن طارق اور اسماعیل بن موسےٰ السدّی سب نے "مالک عن حمید عن أنس" سے روایت کیا کہ اس (انس) نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ، ابو بکر، عمر اور عثمان کے پیچھے نماز پڑھی، وہ سبھی نماز شروع کرتے وقت بسم اللہ الرحمن الرحیم نہیں پڑھا کرتے تھے۔

عبد اللہ بن وھب کے بھتیجے نے اپنے چچا ابن وھب سے اس نے عبید اللہ بن عمر اور مالک بن انس سے، اور سفیان بن عیینہ نے حمید سے اس نے انس سے (یہ) حدیث روایت کی: "أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان لايجهر بالقراءة بسم الله الرحمٰن الرحيم" بے شک رسول اللہ ﷺ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی قرأت اونچی نہیں کیا کرتے تھے۔"

اس حدیث کو حضرت انس سے قتادہ، ثابت بنانی وغیر ھمانے روایت کیا۔ سب نے اسے مسند ذکر کرتے ہوئے اس میں نبی ﷺ کا ذکر کیا مگر ان میں اس (حدیث) کے لفظوں کا بہت اضطراب اور متدافع اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس (حدیث) میں بعض کہتے ہیں "كانوا لا يقرءون بسم الله الرحمٰن الرحيم" اور ان میں سے بعض کہتے ہیں: "كانوا لايجهرون بسم الله الرحمٰن الرحيم" اور ان میں سے بعض نے کہا ہے: "كانوا يجهرون بسم الله الرحمٰن الرحيم" اور ان میں سے بعض نے کہا: "كانوا لايتركون بسم الله الرحمٰن الرحيم" اور ان میں سے بعض نے کہا: "كانوا يفتتحون القراءة بالحمد لله رب العٰلمين"۔ خطیب نے کہا کہ یہ ایسا اختلاف ہے جس کے ساتھ کسی فقیہ کے لئے حجت قائم نہیں ہو سکتی[۳۶]۔

چونکہ امام مالک نے (حمید سے) روایت کرنے میں حفاظ کی مخالفت کی ہے، اس لئے امام شافعی نے حمید کی روایت کو معلّل قرار دے دیا(۳۷)۔

امام شافعی فرماتے ہیں اگر کوئی کہنے والا کہے کہ جو مالک بن انس نے روایت کیا اس نے اسے یاد رکھا، تو اسے جواباً کہا جائے گا کہ سفیان بن عیینہ، فزاری، ثقفی اور سات یا آٹھ اشخاص جن سے میں ملا ہوں، انہوں نے بالاتفاق مالک کی مخالفت کی ہے۔ اور ایک کے مقابلہ میں زیادہ تعداد بہتر یاد رکھ سکتی ہے۔

لہٰذا امام شافعی نے اپنی روایت کردہ حدیث: "عن سفیان عن ایوب عن قتادة عن أنس قال کان النبی صلی الله علیه وسلم و ابوبکر و عمر یفتتحون القراء ة بالحمد لله رب العٰلمین۔" کی وجہ سے ان حفاظ کی روایت کو راجح قرار دیا(۳۸)۔

امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو کچھ ام القرآن کے بعد پڑھا جاتا اس سے پہلے اسے پڑھتے تھے، اور یہ معنٰی نہیں کہ وہ بسم اللہ چھوڑ دیتے تھے(۳۹)۔

امام سیوطیؒ لکھتے ہیں کہ حافظ ابن عبد البرؒ نے کہا ہے کہ قتادہ کے اصحاب کے اس حدیث کو روایت کرنے میں کوئی ایسی چیز نہیں جس سے بسم اللہ کا سقوط لازم آتا ہو، اور یہی الفاظ صحیحین میں متفق علیہ ہیں اور زیادہ تر کی یہی روایت ہے۔ اور حضرت انسؓ سے ثابت بنانی اور اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ نے بھی اسے ایسے ہی روایت کیا۔ اور جو حدیث امام شافعی نے روایت کی ہے یہی حدیث دار قطنی میں واضح الفاظ "فکانوا یستفتحون بأم القرآن" کے ساتھ روایت کی گئی ہے(۴۰)۔

امام سیوطیؒ لکھتے ہیں:

"ویقولون إن أكثر رواية حميد عن أنس إنما سمعها من قتادة وثابت عن أنس، ويؤيد ذٰلك أن ابن عدی صرّح بذكر قتادة بينه ما فی هذا الحديث۔فتبين انقطاعها "(۴۱)۔

حافظ ابن عبد البرؒ محدثین کا قول ذکر کرتے ہیں کہ حمید کی حضرت انس سے اکثر روایتیں، قتادہ اور ثابت بنانی کے واسطہ سے سنی ہوئی ہوتی ہیں۔ اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ ابن عدی نے اس حدیث میں حمید اور انس کے درمیان قتادہ کے ذکر کی وضاحت کی ہے، لہٰذا اس سند کا انقطاع واضح ہو گیا"۔

انقطاع کی توضیح

حافظ ابن حجر اس انقطاع کی توضیح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"اس (عبارت) سے یہ وہم پڑتا ہے کہ حمید نے حضرت انس سے اصلاً نہیں سنا بلکہ اس سے تدلیساً روایت کیا ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ حمید نے حضرت انس سے یقیناسنا ہے لیکن اس نے اس حدیث کو "کلھم کان لا یقرأ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم" الفاظ کے ساتھ موقوفاً روایت کیا ہے۔ اور یہ امام مالک کی روایت میں ہے، جیسا کہ موطا کے تمام نسخوں میں موجود ہے۔ بعض نے اس روایت کو حمید کی طرف سے مرفوع روایت کر دیا حالانکہ یہ وہم ہے، جس کی وضاحت دارقطنی نے "غرائب مالک" میں اور ابن عبد البرؒ نے "التمہید" میں کی ہے"(۴۲)۔

حافظ ابن عبد البرؒ اس حدیث کو اختلافِ الفاظ کے سبب مضطرب قرار دیتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں:

"بعض راوی "صلیتُ خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و أبی بکر و عمر" کہتے ہیں، بعض عثمان کا ذکر کرتے ہیں اور بعض ابو بکر و عثمان پر اقتصار کرتے ہیں، اور بعض "فکانوا لایقرؤن بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کا ذکر نہیں کرتے۔ اور بعض "فکانوا لایجھرون بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کہتے ہیں۔ اور بعض "فکانوا یجھرون بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کہتے ہیں، اور بعض "فکانوا یفتتحون القراء ۃ بالحمد للہ رب العٰلمین" کہتے ہیں اور کچھ "فکانوا یقرؤن بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کہتے ہیں اور اضطراب قابل حجت نہیں ہو سکتا"(۴۳)۔

حافظ ابن حجر اسے محل نظر قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"کانوا یقرؤن بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" اور "کانوا یجھرون" ان دونوں روایتوں میں سے کوئی بھی ثابت نہیں ہے، کیونکہ خطیب بغدادی نے حدیث انس کے طرق بالاستیعاب ذکر کئے ہیں، اور یہ دونوں لفظ، منقطع اور اہی اسناد سے وارد کئے ہیں(۴۴)۔

حافظ ابن عبد البرؒ نے جن الفاظ کو متخالف قرار دیا، ان میں سے صرف تین الفاظ: "(۱) لا یجھرون (۲) لایقرؤن (۳) یفتتحون بالحمد للہ رب العٰلمین" قابل ذکر ہیں۔ اور ان الفاظ کو عدم جہر پر محمول کرتے ہوئے ان میں جمع و تطبیق ممکن ہے(۴۵) کیونکہ صحیح مسلم میں حضرت انس سے مروی ہے:

قال صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و ابی بکر و عمر و عثمان فلم اسمع احدا منھم یقرأ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"انس رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ، ابو بکر، عمر اور عثمانؓ کے ساتھ نماز پڑھی، میں نے ان میں سے کسی کو بھی بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھتے ہوئے نہیں سنا"۔

اس سے متصل مابعد حدیث کی سند امام مسلم یوں ذکر کرتے ہیں:

حدثنا محمد بن المثنٰی قال نا أبوداؤد قال نا شعبة فی هذا الإسناد و زاد قال شعبة: فَقُلْتُ لِقَتَادَة اَسَمِعْته مِنْ اَنَسٍ قَالَ: نَعَمْ ، نَحْنُ سَأَلْنَاه عَنْه(۴۶)۔

شعبہ نے اس سند میں اضافہ کیا، اور شعبہ نے کہا کہ میں نے قتادہ سے کہا: کیا آپ نے حضرت انس سے سنا ہے؟ تو قتادہ نے کہا: ہاں! ہم نے اس بارے میں اُن سے سوال کیا تھا۔

ان الفاظ سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت انسؓ سے جو سوال کیا گیا، وہ عدم سماع قرأت کے بارے میں تھا نہ کہ اس بارے میں کہ کس سورت سے آغاز کیا جائے؟(۴۷)۔

اور ابویعلیٰ اپنی مسند میں "أحمد بن إبراهيم الدورقی ثنا أبو داؤد عن شعبة عن قتادة عن أنس قال صليت خلف رسول الله و خلف أبی بكر و خلف عمر و خلف عثمان فلم يكونوا يستفتحون بسم الله الرحمٰن الرحيم" حدیث لائے ہیں(۴۸)۔

حافظ ابن حجرؒ نے ذکر کیا ہے کہ شعبہؒ کہتے ہیں کہ میں نے قتادہؒ سے کہا: کیا آپ نے انس سے سنا ہے؟ تو قتادہ نے کہا: ہاں! میں نے انس سے سوال کیا تھا(۴۹)۔

اسی طرح "مستخرج ابی نعیم" میں عمرو بن مرزوقؒ نے شعبہ سے "يستفتحون بالحمد لله رب العٰلمين" کے لفظ کے ساتھ روایت کیا ہے، اور اس میں "نحن سألناه عن ذٰلك" کے الفاظ آئے ہیں(۵۰)۔

امام سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت انسؓ سے سوال کرنے والے قتادہؒ کے علاوہ دوسرے شخص ابو سلمہ ہیں۔ چنانچہ امام احمد بن حنبلؒ نے اپنی مسند(۵۱) میں اور امام ابن خزیمہ نے شیخین کی شرط پر سند کے ساتھ روایت کیا(۵۲):

> أنَّ ابا سلمة سأله اكان رسول الله صلی الله عليه وسلم يفتتح بالحمد لله رب العلمين أو ببسم الله الرحمٰن الرحيم فقال: إنك سألتنی عن شيیء ما أحفظه وما سألنی عنه أحد قبلك(۵۳)۔
>
> ابو سلمہ نے انس سے سوال کیا کہ رسول اللہ ﷺ الحمد للہ رب العلمین سے افتتاح کیا کرتے تھے یا بسم اللہ الرحمن الرحیم سے؟ تو حضرت انس نے جواب دیا کہ تو نے مجھ سے ایسی چیز کے بارے سوال کیا جو مجھے یاد نہیں اور تجھ سے پہلے اس بارے میں مجھ سے کسی نے سوال نہیں کیا۔

اس سے واضح ہوا کہ قتادہ کا سوال ابو سلمہ کے سوال کے مخالف نہیں ہے۔ ان دونوں سوالوں کے مابین جمع و تطبیق میں یہ کہنا چاہئے کہ ابو سلمہ کا سوال، قتادہ کے سوال سے پہلے کا ہے۔ اس کی دلیل ابو سلمہ کی روایت میں انس کا قول "لَمۡ یسألنی عنہ احد قبلک" ہے۔ گویا اس وقت انسؓ کو یاد نہیں تھا، اس لئے آپؓ نے جواباً "ما احفظہ" کہہ دیا۔ پھر جب اس بارے آپ سے قتادہ نے سوال کیا تو آپ کو وہ (جو یاد نہیں تھا) یاد آگیا اور اس بارے جو کچھ آپ کو محفوظ تھا آپ نے بیان کر دیا[۵۴]۔

مسلم کی حدیث شاذ نہیں ہے

صحیح مسلم کی حدیث کو شاذ کہنا، جیسا کہ دار قطنی نے ذکر کیا محلّ نظر ہے۔ کیونکہ اس سے ایک روایت کو دوسری روایت پر ترجیح دینا لازم ٹھہرتا ہے۔ عدم جہر کی یہ روایت جس کے رُواۃ میں قتادہ سے روایت لینے والے شعبہ جیسے محدّث ہوں، اس پر شُذوذ کا حکم کیسے لگایا جا سکتا ہے؟

تطبیق

ان دونوں روایتوں میں یوں تطبیق دی جا سکتی ہے کہ قرأءت بسم اللہ کی نفی کو عدم سماع پر محمول کیا جائے تو عدم جہر میں دونوں روایتوں کے مابین مطابقت پیدا ہو جائے گی[۵۶] چنانچہ بہت ساری احادیث سے اس تطبیق کو تقویت ملتی ہے۔

امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں: "حدثنا وکیع ثنا شعبة عن قتادة عن انس......فکانوا لایجهرون ببسم اللہ الرحمٰن الرحیم" ہمیں وکیع نے شعبہ سے اس نے قتادہ سے اس نے انس سے روایت کیا...... کہ وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم جہراً نہیں پڑھا کرتے تھے[۵۷]۔

اسی طرح اسے امام مسلم نے اپنی صحیح میں "غندر عن شعبة اور محمد بن جعفر عن شعبة" کے طریق سے اور ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں "محمد بن جعفر عن شعبة" کے طریق سے تخریج کیا ہے[۵۸]۔

اور محدّث ابن حبان نے اسے اپنی صحیح میں یوں روایت کیا:

أخبرنا عمر بن إسماعیل بن أبی غیلان الثقفی والصوفی وغیرهم قالوا حدثنا علی بن الجعد قال اخبرنا شعبة و شیبان عن قتادة قال سمعت أنس بن مالك قال صلّیت خلف رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم و أبی بکر و عمر و عثمان رضوان اللہ علیهم فلما سمع أحدًا یجهر ببسم اللہ الرحمٰن الرحیم[۵۹]۔

ان الفاظ کو دار قطنی نے بھی "بغوی عن علی بن الجعد" سے روایت کیا ہے[۶۰]۔

اور صحیح ابن حبان کے مرتب ابن بلبان نے تو اس پر یوں باب باندھا ہے: "ذكر الخبر المدحض قول من زعم أن قتادة لم يسمع هذا الخبر من أنس"(یعنی جو شخص گمان کرتا ہے کہ قتادہ نے انس سے یہ حدیث نہیں سنی، اس کے قول کو باطل قرار دینے والی حدیث کا ذکر)(٦١)۔

اصحاب قتادہ کی ایک جماعت نے اس حدیث کو قتادہ سے اسی طرح روایت کیا۔ اور شعبہ کے حفاظ شاگردوں کی ایک جماعت نے اسے شعبہ سے اسی طرح روایت کیا اور کچھ دوسروں نے اس حدیث کو اُس سے لفظ افتتاح کے ساتھ روایت کیا ہے، لہٰذا ظاہر ہوا کہ قتادہ اسے دونوں طریقوں پر روایت کیا کرتے تھے اور ایسا ہی شعبہ کیا کرتے تھے۔ اس پر سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ یونس بن حبیب نے "مسند ابی داوٗد الطیالسی" میں اسے "ابو داوٗد عن شعبة" سے لفظ افتتاح کے ساتھ روایت کیا ہے۔ محمد بن مثنیٰؒ اور یحییٰ بن ابی طالب نے اسے ابو داوٗد طیالسی کے طریق سے "لا يجهرون" لفظ کے ساتھ روایت کیا ہے(٦٢)۔

هذا ما عندی والله أعلم بالصواب

حواشی وحوالہ جات

۱۔ امام حاکم نیشاپوری، محمد بن عبداللہ، ابوعبداللہ: معرفت علوم الحدیث (تعلیق و تصحیح سید معظم حسین) دار احیاء العلوم، بیروت،۱۴۰۶ھ /۱۹۸۶ء ص:۱۱۲۔

۲۔ ایضاً،احمد محمد شاکر، الباعث الحثیث شرح اختصار علوم الحدیث، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، سن ندارد، ص:۶۵، امام سیوطی، عبدالرحمان بن ابی بکر، جلال الدین، تدریب الراوی شرح التقریب للنووی، مکتبۃ علمیۃ،مدینۃ منورۃ، 1959ء/۱۳۷۷ھ، ص:۱۶۱۔

۳۔ احمد محمد شاکر: الباعث الحثیث: ص:۶۵۔

۴۔ ایضاً۔

۵۔ ابن الصلاح، عثمان بن عبدالرحمان، مقدمۃ ابن الصلاح، فاروقی کتب خانہ، ملتان، سن ندارد، ص:۴۳۔

۶۔ حافظ ابن حجر عسقلانی احمد بن علی بن حجر، ابوالفضل، شہاب الدین، النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح (تحقیق و دراسۃ: ڈاکٹر ربیع بن ھادی عمیر) جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ۱۹۸۴ء/۱۴۰۴ھ، ۲/۷۴۶۔

۷۔ حافظ ابن حجر عسقلانی، النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/۷۴۷۔

۸۔ امام مسلم، مسلم بن حجاج، القشیری، النیشابوری، صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، باب حجۃ من قال لایجہر بالسملۃ، حدیث ۲ ۸۹، دارالسلام للنشر والتوزیع، الریاض، ۱۹۹۸ء/۱۴۱۹ھ، ص: ۱۶۹۔

۹۔ حافظ ابن حجر العسقلانی: النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/ ۷۴۷۔

۱۰۔ السیوطی، تدریب الراوی، ص: ۱۶۳۔

۱۱۔ ابن الصلاح، مقدمۃ ابن الصلاح، ص:۴۳۔

۱۲۔ حافظ ابن حجر عسقلانی، النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/۷۴۷۔

۱۳۔ السیوطی، تدریب الراوی: ص:۱۶۳۔

۱۴۔ حافظ ابن حجر عسقلانی، النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/۴۸، ۲/۷۴۷، امیر صنعانی، محمد بن اسماعیل الحسنی صاحب سبل الاسلام، توضیح الافکار، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۳۶۶ھ /۱۹۴۶ء، ۲/۳۲۔

۱۵۔ ایضاً: ص ۲/۷۴۸، ایضاً ۲/۳۲۔

۱۶۔ امیر صنعانی، توضیح الافکار، ۲/۴۲۱۔

۱۷۔ ایضاً: ۲/۳۳۔

۱۸۔ امام مسلم، صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، باب حجۃ من قال لایجہر بالبسملۃ، حدیث:۸۹۲، ص:۱۶۹۔

۱۹۔ ایضاً، حدیث ۸۹۳: ص: ۱۷۰۔

۲۰۔ ابن الصلاح، مقدمۃ ابن الصلاح، ص: ۴۳۔

۲۱۔ حافظ ابن حجر عسقلانی، النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/۷۶۶۔

۲۲۔ امام دار قطنی، علی بن عمر، ابوالحسن: سنن الدار قطنی، کتاب الصلاۃ، باب ذکر اختلاف الروایۃ فی الجھر بسم اللہ الرحمن الرحیم، حدیث: ۶، نشر السنۃ، ملتان، سن ندارد: ص: ۱/۳۱۶۔

۲۳۔ امام دار قطنی، سنن الدار قطنی، ص ۱/۱۶، امام ابن خزیمہ، محمد بن اسحاق، ابو بکر، صحیح ابن خزیمہ المکتبۃ الاسلامی، بیروت، ۱۹۷۱ء ص: ۱/۲۴۸، امام بیہقی، احمد بن حسین بن علی، ابو بکر، معرفۃ السنن والآثار عن الامام الشافعی، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۱ء، ۱/۵۲۳، امام ابو یعلیٰ، احمد بن علی بن مثنیٰ، الموصلی، مسند ابی یعلیٰ (تعلیق و تخریج: حسین سلیم اسد)، دارالمامون للتراث، دمشق، ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء، ۵/۴۳، امام احمد بن حنبل، المسند، المکتب الاسلامی، بیروت، ۱۳۸۹ھ/۱۹۶۹ء، ۳/۲۰۳۔

۲۴۔ امام دار قطنی، سنن دار قطنی، ۱/۳۱۶۔

۲۵۔ امام بخاری: صحیح البخاری، کتاب الآذان، باب مایقول بعد التکبیر، حدیث ۷۴۳، ص: ۱۲۱، امام مسلم: صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، باب حجۃ من قال......الخ، حدیث ۱۹۲: ص ۹۴۱؛ باب مایجمع صفۃ الصلاۃ، حدیث ۱۱۱۰، ص: ۲۰۴۔

۲۶۔ السیوطی: تدریب الراوی: ص ۱۶۵۔

۲۷۔ زین الدین عراقی، عبدالرحیم بن حسین، الحافظ: التقیید والایضاح شرح مقدمۃ ابن الصلاح: مکتبہ سلفیہ، مدینہ منورہ: الطبعۃ الاولیٰ ۱۳۸۹ھ/۹۹۹۱ء: ص: ۱۲۰۔

۲۸۔ حافظ ابن الصلاح: مقدمۃ ابن الصلاح: ص: ۴۳۔

۲۹۔ حافظ ابن حجر عسقلانی: النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/۷۵۴، ۷۵۳۔

۳۰۔ امام بخاری، محمد بن اسماعیل، ابوعبداللہ: جزء القراءۃ خلف الامام، مطبع علیمی، دہلی: سن ندارد، ص ۱۶۔

۳۱۔ امام احمد بن حنبل، المسند، ۳/۲۲۴، ۲۲۳۔

۳۲۔ حافظ ابن حجر عسقلانی: النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/۷۵۵۔

۳۳۔ ایضاً، ۲/۷۵۶، ۷۵۵۔

۳۴۔ امام مالک، مالک بن انس الاصبحی: المؤطا (مع تنویر الحوالک)، مکتبہ مصطفےٰ الحلبی واولادہ بمصر: ۱۳۷۰ھ/۱۹۵۱ء: ص: ۷۸۔

۳۵۔ السیوطی، عبدالرحمان بن ابی بکر، جلال الدین، الشافعی: تنویر الحوالک (ذیل المؤطا لمالک): مکتبۃ مصطفیٰ الحلبی واولادہ بمصر: ۱۳۷۰ھ/۱۹۵۱ء: ص: ۷۸۔

۳۶۔ ایضاً؛ ابن عبدالبر، یوسف بن عبداللہ، ابو عمر الاندلسی: التمہید لما فی الموطا من المعانی والاسانید: المکتبۃ التجاریہ، مکۃ المکرمۃ، ۲/۲۵۰۔

۳۷۔ السیوطی: تدریب الراوی: ص: ۱۶۵۔

۳۸۔ السیوطی: تدریب الراوی: ص ۴۶۱؛ امام بیہقی: معرفۃ السنن والآثار عن الشافعی، ۱/۵۲۳۔

۳۹۔ ایضاً۔

۴۰۔ ایضاً: ص: ۱۶۵۔

۴۱۔ ایضاً: ص: ۱۶۴۔

۴۲۔ حافظ ابن حجر عسقلانی: النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/ ۷۵۸؛ حافظ ابن عبد البرؒ، یوسف بن عبد اللہ، ابو عمر، القرطبی: التمہید لما فی المؤطا من المعانی والاسانید: المکتبۃ القدوسیۃ، لاہور: ۱۴۰۳ھ/ ۱۹۸۴ء، ۲/ ۲۲۸۔ ۲۰۳۔

۴۳۔ حافظ ابن عبد البر: التمہید، ۲/ ۲۲۸، ۲۲۹۔

۴۴۔ حافظ ابن حجر عسقلانی: النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/ ۷۵۳۔

۴۵۔ ایضاً۔

۴۶۔ امام مسلم: صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، حدیث ۸۹۱: ص: ۱۶۹۔

۴۷۔ حافظ ابن حجر عسقلانی: النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/ ۷۶۰۔

۴۸۔ ابو یعلیٰ موصلی: مسند ابی یعلیٰ، ۶/ ۱۸۔

۴۹۔ حافظ ابن حجر عسقلانی: النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/ ۷۶۱، ۷۶۰۔

۵۰۔ ایضاً، ۲/ ۷۶۰، ۷۶۱۔

۵۱۔ امام احمد بن حنبل: المسند، ۳/ ۱۹۰۔

۵۲۔ یہ حدیث صحیح ابن خزیمہ میں نہیں مل سکی۔

۵۳۔ السیوطی: تدریب الراوی: ص: ۱۶۵۔

۵۴۔ ایضاً؛ امام بیہقی: معرفۃ السنن والآثار عن الشافعی، ۱/ ۵۲۴۔

۵۵۔ حافظ ابن حجر عسقلانی: النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/ ۷۶۲۔

۵۶۔ ایضاً، ۲/ ۷۶۶۔

۵۷۔ امام احمد بن حنبل: المسند، ۳/ ۱۷۹۔

۵۸۔ امام مسلم: صحیح مسلم: حدیث نمبر ۸۹۰: ص: ۱۶۹، امام ابن خزیمہ: صحیح ابن خزیمہ، ۱/ ۲۴۹۔

۵۹۔ الامیر الفارسی، علی بن بلبان: الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان: مکتبۃ الاثریۃ، سانگلہ ہل، پاکستان: سن ندارد، ۴/ ۱۴۴۔

۶۰۔ امام دار قطنی: سنن الدار قطنی، ۱/ ۳۱۴۔

۶۱۔ ابن حبان: الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، ۴/ ۱۴۴۔

۶۲۔ حافظ ابن حجر عسقلانی: النکت علیٰ کتاب ابن الصلاح، ۲/ ۸۶۷؛ الطیالسی، سلیمان بن داوٗد بن الجارود، الفارسی: مسند ابی داوٗد الطیالسی: مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ، حیدر آباد، دکن: الطبعۃ الاولیٰ ۱۳۲۱ھ/ ۱۹۰۳ء: ص: ۲۶۶۔

جین تھراپی کی شرعی حیثیت

Gene Therapy: A Sharia'h Perspective

ڈاکٹر حافظ عبدالباسط خان*

حافظ محمد یونس**

Abstract

The research addressed in this article is about genetic engineering techniques that emerged recently, its position in Islam and its accordance with Sharia. Gene therapy is most recent and in terms, authentic technique of curing fatal disease by transferring healthy genes into a sickening body which takes the place of those genes which are not working properly. This article provides classification of types of gene therapy such as somatic cells therapy, and brief description about scientific techniques being used in this field which makes it easy to understand what gene therapy is and where it is used.

As the opinion of Islamic scholars and liability of different types of gene therapy differs in accordance with conditions, the scholars view and principles are given at the end of each most practiced type of gene therapy with a healthy debate on standards taken from the Quran and Sunnah. At the end of article the final decision of Fiqh Academies is given.

علوم میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے جس کی بدولت سائنسدان مختلف موروثی و متعدی بیماریوں کو جاننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ موجودہ سائنسی تحقیقات کافی حد تک نہ صرف ان بیماریوں کے متعلق معلومات حاصل کر چکی ہیں بلکہ ان کا علاج ڈھونڈنے میں بھی کامیابیاں حاصل کی جا رہی ہیں۔ عموماً اس طرح کی بیماریاں جین کی خرابی یا ان کی تشکیل میں تبدیلی کی وجہ سے رونما ہوتی ہے۔ یہ تبدیلی ماحولیاتی اثرات، مخصوص درجہ کی شعاعوں، خوراک اور مختلف ادویہ کے استعمال سے پیدا ہو سکتی ہے۔ جس کی وجہ سے جین اپنا کام نہیں کرتے۔ لہٰذا کوئی ایسی نئی جین جو ہر لحاظ سے مکمل ہو بیمار فرد میں اس کو ڈال کر جین کی اس کمی کو پورا کر دیا جاتا ہے۔ اس کے لئے جو طریقہ علاج مؤثر ثابت ہو سکتا ہے، اس کو جین تھراپی کہا جاتا ہے۔

* اسسٹنٹ پروفیسر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان۔

** پی ایچ ڈی سکالر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان۔

جین تھراپی کی تعریف

آکسفورڈ ڈکشنری میں جین تھراپی کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے:

"The introduction of normal genes into cells in place of missing or defective ones in order to correct genetic disorders"(1).

یہ ایک ایسی تجرباتی تکنیک ہے جس میں ایک خراب یا کمزور جین کو دوسری تندرست جین سے بدل دیا جاتا ہے تاکہ جسم مناسب اینزائم یا پروٹین بنا سکے۔ ایسی بیماریاں جن میں خراب جینز کسی enzyme کی غیر موجودگی یا خرابی کا ذریعہ بنتی ہیں انہیں "Genetic Metabolic" بیماریاں کہا جاتا ہے۔ جین تھراپی کا ہدف یہ بیماریاں ہوتی ہیں۔ خراب جینز کی درستگی کے عمل تک رسائل حاصل کرنے کے بہت سے طریقے ہیں:

۱- سب سے عام انداز یہ ہے کہ ایک جین کو "Genome" (یعنی کروموسومز کا وہ مکمل مجموعہ جو والدین میں سے کسی ایک سے منتقل ہوتا ہے) میں کسی بھی "غیر مخصوص" جگہ پر داخل کر دیا جاتا ہے جس سے وہ خراب جین کا متبادل بن جاتی ہے۔



۲- Selective Reverse Mutation کے ذریعے جس میں خراب جین ہی میں تبدیلی پیدا کر کے اس کے کام کو بحال کر دیا جاتا ہے۔

۳- Homologous Recombinatio کے ذریعے، خراب جین کا درست جین سے تبادلہ کر دیا جاتا ہے۔

۴- مصنوعی چکنائی کا ایک گولا جس کا اندرونی حصہ پانی کا ہوتا ہے اسے liposome کہتے ہیں۔ اس لائپوسوم کو بھی درستگی کرنے والے ڈی این اے کو ٹارگٹ سیل میں خلیے کی جھلی کے ذریعے داخل کیا جاسکتا ہے(۲)۔

جین تھراپی کی اقسام

بنیادی طور پر جین تھراپی کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ جسمانی خلیہ کی تھراپی (Somatic cell Theorapy)

۲ ۔ جنسی خلیہ کی تھراپ (Germs Cells Therapy)

جسمانی خلیہ کی تعریف (Somatic Gene Therapy)

جسمانی خلیہ میں جسم بنانے والے اعضاء جیسے ہاتھ پاؤں، آنکھ، کان، ناک، دل، دماغ، آنت، جگر، وغیرہ آتے ہیں سوائے نطفی خلیوں کے۔ موجودہ دور میں جینی علاج کے لئے انہی جسمانی خلیوں میں یعنی سیموٹک سلز میں نارمل جین ڈالا جاتا ہے اور جس کے ذریعے بیمار جین کی اصلاح کی جاتی ہے۔ اس عمل میں درستگی کرنے والی جینز کو غیر تولیدی خلیوں میں منتقل کیا جاتا ہے۔ اس سے جو بھی اثر یا تبدیلی مرتب ہوتی ہے وہ صرف اسی انسان تک محدود رہتی ہے۔ اس کی اولاد میں منتقل نہیں ہوتی۔ موجودہ جین تھراپی اسی قسم کی ہے۔ بہت سی بیماریوں کا اس تکنیک سے علاج کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جن میں immunodeficiencies(نظام دفاعِ بدن کی بیماریاں)Haemophilia (خون کے نہ جمنے کی بیماری) Thalassaemia (خون کی بیماری) اور Cystic fiberosti (جس میں پھیپھڑوں اور نظام انہضام میں زیادہ تر خرابی ہوتی ہے) شامل ہیں ان بیماریوں میں چونکہ ایک ہی جین میں خرابی ہوتی ہے اس لئے جین تھراپی کے لئے اچھی امیدوار ہیں[۳]۔

جنسی خلیہ کی تعریف: (Germline Gene Therapy)

اس عمل میں درستگی کرنے والی جینز تولیدی خلیوں (سپرم اور انڈے) میں منتقل کی جاتی ہیں۔ اس لئے ان سے پیدا ہونے والی تبدیلی یا اثر اگلی نسل میں بھی منتقل ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ موروثی بیماریوں کے لئے بہت مفید ہے لیکن فی الحال کچھ ممالک میں اس پر پابندی ہے[۴]۔

جسمانی تھراپی کے علاج کے طریقے

جین کی منتقلی کے طریقے

جین کی منتقلی کے دو طریقے ہیں:

۱-وائرس کے ذریعے (Viral)　　　　۲-براہِ راست (non-viral)

ایک خاص جین کو چلانے والے نظام میں تبدیلی کر کے ایک درست کردہ جین کو مریض کے خاص خلئے تک پہنچانے کے لئے "اٹھانے والا مالیکیول" یعنی Vector ضرور استعمال ہوتا ہے۔ Vector کی سب

سے عام صورت وائرس ہے۔ جس میں جنیاتی تبدیلی کر کے اس میں انسانی موروثی مادہ (ڈی این اے) داخل کیا جا چکا ہوتا ہے۔ پھر اس انسانی ڈی این اے رکھنے والے وائرس میں تبدیلی کر کے خراب جین کو درست جین سے بدلا جاتا ہے۔ اس طرح وائرس اچھی جین کو انسانی خلیے میں منتقل کرنے کی گاڑی کا کام کرتے ہیں۔ جن خلیوں میں درست جین پہنچانی ہوتی ہے یعنی "target cells" یہ عموماً جگر یا پھیپھڑے کے خلیے ہوتے ہیں۔

وائرس کے علاوہ منتقلی (Non-viral)

ان میں آسان ترین طریق درست جین رکھنے والے خلیوں کو براہِ راست ٹارگٹ خلیوں میں داخل کرنا ہے۔ اس میں مسائل یہ ہیں کہ وراثتی مادہ کی بڑی مقدار چاہیئے ہوتی ہے اور دوسرا یہ صرف چند خاص بافتوں کے لئے استعمال ہو سکتا ہے۔

ایک اور طریقہ "درستگی کرنے والے" (Therapeutic) ایسے ڈی این اے کا استعمال ہے جو ٹارگٹ سیل پر موجود receptors سے کیمیائی جوڑ بنا سکے اسے naked DNA بھی کہتے ہیں۔ جوڑ بننے کے بعد خلیہ اس ڈی این اے کو نگل لیتا ہے لیکن یہ طریقہ زیادہ کامیاب نہیں[۵]۔

جین تھراپی میں مشکلات

وائرس

اس میں استعمال ہونے والے وائرس بعض اوقات دفاعی نظام کو ابھار کر مریض کی تکلیف کا باعث بن سکتے ہیں۔ محققین اس بارے میں بھی فکر مند ہیں کہ وائرس پھر سے بیماری پیدا کرنے کی صلاحیت حاصل کر کے مریض کی وائرل بیماری کا بھی باعث بن سکتے ہیں۔

جین تھراپی کا عارضی ہونا

جین تھراپی کا مستقل طریقہ علاج بننے کے لئے ضروری ہے کہ درستگی کرنے والا ڈی این اے، ٹارگٹ خلیے میں وراثتی مادہ میں مستقل جماؤ حاصل کر کے اپنا کام باقی رکھے، جو کہ اب تک ممکن نہیں ہوا۔ جس کی وجہ سے مریض کو ایک تسلسل کے ساتھ علاج کراتے رہنا پڑتا ہے۔

دفاعی نظام کا جواب

اس بات کا ہمیشہ خطرہ رہتا ہے کہ دفاعی نظام vector کے بیرونی مادہ ہونے کو پہچان کر اس کے خلاف عمل نہ کر دے اور یکبارگی عمل کرنے کے بعد دوسری دفعہ vector کا عمل پہلے سے زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔

کثیر جنیاتی بیماریاں

کچھ عام بیماریاں مثلاً Alzherines، جوڑوں کی سوجن اور ذیابطیس ایسی بیماریاں ہیں جو ایک سے

زیادہ جینز کے اکٹھے اثر کی وجہ سے ہوتی ہیں، جین تھراپی سے ان کا علاج مشکل ہوتا ہے۔

پروٹین کے بنے ہوئے ایسے مادے جو کسی بھی عمل میں مدد کرتے ہیں اور اس کی رفتار کو ایک خاص رخ میں بڑھاتے ہیں، ان کو enzyme (انزائم) کہتے ہیں۔ ایسے انزائم جو ڈی این اے کی کانٹ چھانٹ کرتے ہیں، ان میں سے ایک قسم nucleases مثلاً zin finger nucleases ہے۔ اب اس بات کی کوشش کی جارہی ہے کہ بجائے براہِ راست جین کو درست کرنے کے جین تھراپی سے نیوکلیئس کو ٹارگٹ خلیوں میں بنایا جائے جو خود ہی خراب جینز کو درست کر دیں گے[۶]۔

کچھ اور تکنیکس بھی ہیں جن میں nucleic acid (کیمیائی مادہ جس کی ایک قسم ڈی این اے ہے) کو "دوائی" کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً antisense, small IRNA وغیرہ۔ کچھ حد تک یہ کروموسومز میں تبدیلی لاتے ہیں لیکن زیادہ تر ان کا اثر دوسرے biomolecules (جانداروں میں موجود مالیکیول) مثلاً آر این اے پر ہوتا ہے۔ اس لئے عموماً ان تکنیکس کو جین تھراپی نہیں سمجھا جاتا[۷]۔

جینی طریقہ علاج کے فوائد

اس طریقہ علاج کے کچھ فوائد کو ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے:

۱- اس طریقہ علاج کو ان مریضوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جن میں دوسرے کیمیائی طریقہ علاج ناکام ہو چکے ہوں[۸]۔

۲- یہ علاج متعدی اور بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی امراض کے خاتمے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

۳- وہ امراض جو قوت مدافعت کو کمزور کرنے کا سبب بنیں جیسے کینسر وغیرہ، تو اس علاج کو ان بیماریوں کے ازالے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے[۹]۔

۴- اس کے ذریعے بدن انسانی کے اندر نقص اور خرابی کا ازالہ کیا جاتا ہے[۱۰]۔

۵- اس کو حفاظتی تدابیر کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جب انسان کو یہ معلوم ہو کہ وہ فلاں بیماری میں مبتلا ہے یا اس کے بچوں کا اس بیماری میں مبتلا ہونے کا خدشہ ہے تو ان امراض سے حفاظت کے لئے جین تھراپی کو استعمال کیا جاتا ہے[۱۱]۔

۶- زائیگوٹ میں صلاحیت کا نہ ہونا یا کم ہونا، اس صلاحیت کو ابھارنے کے لئے یہی طریقہ علاج مستعمل ہے[۱۲]۔

۷- اس کے ذریعے بہت سارے موروثی امراض جیسے شوگر، غیر موروثی امراض جیسے جگر کی جلن اور قوت مدافعت کی کمی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریاں جیسے کینسر، یا وائرس اور جراثیم کے انتقال سے پیدا ہونے والی بیماریاں جیسے ایڈز، کا علاج کیا جاتا ہے۔

۸- شادی سے پہلے اگر کسی مرد و عورت میں دوران ٹیسٹ کوئی موروثی مرض ظاہر ہو جو بعد میں پریشانی کا سبب ہو تو اس مرض کے ازالے کے لیے بھی یہ طریقہ علاج بیشتر ممالک میں مستعمل ہے۔

۹- اس طریقہ علاج کی کامیابی موجودہ دور میں ڈاکٹروں کو دوسرے طریقہ علاج پر ابھارنے کا سبب ہے۔ جس سے ڈاکٹروں کو مزید تحقیق کا موقع ملتا ہے اور اس سے ان کی حوصلہ افزائی بھی ہوتی ہے(۱۳)۔

۱۰- اس علاج کی کامیابی حکومت کے لئے عملی ترغیب کا سبب ہے کہ وہ لیبارٹریز پر اپنی رقم خرچ کرے تاکہ دوسری مختلف بیماریوں کے علاج کی تحقیق میں مدد مل سکے۔

جینی علاج کے نقصانات

جینی علاج کے بعض نقائص بھی سامنے آئے ہیں۔ جن کو ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے۔

۱- یہ بھی ممکن ہے کہ جن جینوں کو علاج کے لئے استعمال کیا جارہا ہے ان میں بھی کوئی بیمار کرنے والے وائرس ہوں جو کہ علاج کروانے والے آدمی کو مزید نقصان پہنچائے اور اس میں موت کا بھی خدشہ پایا جاتا ہے۔

۲- جو جین ڈالی گئی ہے اس سے ری ایکشن کی صورت میں کینسر کے واقعات بھی رونما ہوئے ہیں۔

۳- جین کے علاج میں خوردبین کا استعمال ماں اور بچے کی زندگی میں مختلف پیچیدگیوں کا باعث بنتا ہے۔ جین کے علاج سے ری ایکشن کے خدشات بھی پائے جاتے ہیں۔

۴- کبھی منتقل ہونے والی جین کی ناکامی مریض کے اندر ایک اور بیماری کا بھی سبب بن سکتی ہے جو اس بیماری سے بھی زیادہ شدید ہو جس کا علاج ہو رہا ہے۔

۵- کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ڈالی جانے والی جین اپنی مطلوبہ ذمہ داری کو پورا نہیں کر پاتی جس کی وجہ سے کئی غیر معروف بیماریاں جنم لیتی ہیں(۱۴)۔

۶- اس کا ایک اخلاقی نقصان یہ ہے کہ اس جین کے حصول اور اس کو سٹور کرنے کے لئے بینک قائم کئے جائیں گے جس کو تجارت کا ایک ذریعہ بنایا جائے گا۔

۷- بعض تحقیق کرنے والے ڈاکٹر انسان کی عزت سے کھیلیں گے اور یوں انسان ایک تجربہ گاہ بن جائے گا۔

۸- اسی طرح بعض فضول کاموں مثلاً تحسینی امور اور تحسینی صفات کے حصول کے لئے بھی اس طریقہ کو اپنایا جائے گا(۱۵)۔

جینی علاج کا شرعی حکم

بنیادی طور پر جین سے علاج کرنے کے دو طریقے ہیں۔ ذیل میں ان طریقوں اور ان سے متعلقہ مسائل کا ذکر کیا جائے گا۔

پہلا طریقہ انسانی بدن میں پیدا ہونے والے امراض کا علاج کرنا۔

دوسرا طریقہ حفاظتی تدابیر کے طور پر بدن کا علاج کرنا۔

پہلے طریقہ علاج کا حکم: بدن میں پیدا ہونے والے خرابی کو دور کرنے کے لئے جین تھراپی علاج کے تین طریقے ہیں:

۱۔ کسی جین کی اصلاح کرنا۔

۲۔ جین کو نکال کر اس کا علاج کرنا۔

۳۔ بیمار جین کا کسی دوسرے جین کے ساتھ اضافہ کر کے علاج کرنا۔

جین کو اپنی ذمہ داری نبھانے کے لئے ایک مطلوبہ طاقت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر اس قوت میں کچھ کمی آجائے تو یہ اپنی ذمہ داری پوری طرح نہیں نبھا سکتی۔ پس جب اس میں ضعف یا کمزوری ہو تو ایسی صورت میں اس کمزوری کی اصلاح کے لئے اضافی جین ڈالا جاتا ہے۔

معاصر علماء اور فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ نے اس طریقہ علاج کو علاج کے دوسرے طریقوں پر قیاس کرتے ہوئے جائز قرار دیا ہے۔ بشرطیکہ اس طریقہ کار سے مریض کو نسبتاً بڑا نقصان نہ ہو[۱۶]۔

موروثی امراض سے بچاؤ اور علاج کی تکلیف کو کم کرنے کے لئے، بشرطیکہ اس سے بڑا ضرر پیدا نہ ہو تو جین تھراپی کا استعمال درست ہے۔ اسی طرح فقہ اکیڈمی اُردن نے بھی چند شرائط کے ساتھ اس طریقہ علاج کو درست قرار دیا ہے۔

شرائط

۱- انسان کا علاج کرنے سے پہلے اس کا کسی حیوان پر تجربہ کیا جائے۔

۲- اس طریقہ علاج کے علاوہ کوئی دوسرا متبادل ذریعہ علاج نہ ہو۔

۳- اس علاج کے فوائد اس کے نقصانات سے زیادہ ہوں۔

۴- ان میں شرعی احکام مثلاً انسانی تکریم واحترام کا لحاظ رکھا جائے[۱۷]۔

مجوزین کے دلائل

۱- چونکہ یہ طریقہ علاج، علاج کے دوسرے طریقوں کی طرح ہے لہٰذا یہ بھی جائز ہے۔

۲- اس علاج سے مقاصد شرع کے اہم مقصد حفظ نفس کی ترغیب ملتی ہے اور ہر وہ کام جس میں حفظ نفس کی رعایت ہو جائز ہے۔

۳- جین اعضاء کے قائم مقام ہے۔ جس طرح اعضاء کو بیماری لگتی ہے اسی طرح جین بھی بیماری سے متاثر ہوتی ہے۔ پس اعضاء کی طرح اس کا بھی تمام احوال میں علاج کیا جائے گا۔

۴- مصالح مرسلہ کے قاعدے کے تحت جس طریقہ علاج میں منفعت ہو اور اس کی حرمت پر کوئی نص شرعی بھی نہ ہو تو اس کو مُباح قرار دیا جائے گا۔

۵- "الضرر یزال"[۱۸]۔ یہ قاعدہ ہر قسم کے ضرر اور حرج کو دور کرنے کو شامل ہے۔ چاہے وہ ظاہری ہو یا باطنی (جیسے جین وغیرہ)۔

۶- "الضرورات تبیح المحظورات"[۱۹]۔ کے قاعدے کی رُو سے جینی علاج بھی ضرورت میں سے ہے اس لئے کہ اس کے ذریعے مریضوں کو بعض ایسے امراض سے بچایا جا سکتا ہے جو موت کا سبب بنتے ہیں۔ پس اس طریقہ علاج کا استعمال کرنا بھی مباح ہو گا۔

طاقت کے حصول کے لئے جین کا استعمال

۱- اس صورت میں جین میں کوئی خرابی نہیں ہوتی محض طاقت کے حصول کے لئے اس طریقہ علاج کو اپنایا جاتا ہے۔ یہ علاج نہ تو ضروریات میں سے ہے اور نہ حاجیات میں سے ہے بلکہ اس کا مقصد صرف تحسینی امور کا حصول ہے اور تحسینی امور کے لئے ایسا طریقہ ناجائز ہے۔

۲- اصل انسان کی تکریم ہے۔ اور علاج کرنا بھی خلاف اصل ہے۔ اور علاج کا جواز تو صرف حفظ نفس کے لئے ہے۔ پس جہاں ضرورت نہ ہو تو وہاں انسانی تکریم کی رعایت رکھی جائے گی۔ اس لئے ایسی صورت میں علاج اپنے اصل یعنی منع ہونے کی طرف لوٹے گا[۲۰]۔

۳- ایسا طریقہ علاج اختیار کرنا جس سے انسان کا وہ توازن جس پر اس کو پیدا کیا گیا ہے اس میں فرق پڑتا ہو تو وہ ناجائز ہے۔ اس لئے یہ بھی ناجائز ہے۔

تبدیلی جین کا حکم

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جین میں جو مرض ہے اس کا علاج اس کے اندرونی اصلاح سے نہیں ہو سکتا بلکہ اس کو بدن سے نکالنا ضروری ہوتا ہے تاکہ یہ انسان کے بدن میں مزید خلل کا باعث نہ بنے[۲۱]۔ علماء نے اس طریقہ علاج کو جائز قرار دیا ہے۔ ان کے دلائل درج ذیل ہیں:

۱- یہ علاج قاعدہ شرعیہ کے موافق ہے۔ اس لئے کہ قاعدہ ہے "الضرر یزال"[۲۲] چونکہ خراب جین کے وجود سے جسم میں مزید ضرر کا خدشہ ہے اس لئے اس کا نکالنا ضروری ہے۔

۲- علماء نے اس طریقہ علاج کو اعضاء کی پیوند کاری پر قیاس کیا ہے چونکہ اعضاء کی پیوند کاری جائز ہے اس لئے اس ضمن میں یہ بھی جائز ہے[۲۳]۔

اس طریقہ علاج کو تین طریقے سے اعضاء کی پیوند کاری پر قیاس کیا گیا ہے۔

۱- اگر جسم کے اعضاء میں کوئی ایسا مرض ہو جس کا دوسرے عضو میں سرایت کرنا یقینی ہو تو اس کو کاٹنا واجب ہے۔ اگر احتمال ہو تو افضل ہے۔ پس خراب جین کا بھی یہی حکم ہے۔

۲- بعض علماء تو اعضاء کے ہبہ کے بھی قائل ہیں تو مریض کا اپنے ہی ناکارہ عضو سے چھٹکارہ پانا تو دلالۃً بطریق اولیٰ جائز ہو گا[۲۴]۔

۳- قانون یہ ہے کہ انسانی جسم میں دخل اندازی حرام ہے۔ لیکن اگر کوئی تکلیف ہو جیسے جین کی ایسی خرابی جو دوسرے امراض کا سبب بنے تو ہم اس قاعدہ سے انحراف کریں گے تاکہ انسانی مصلحت اور فائدے کی رعایت رکھی جائے۔ لیکن اس طریقہ علاج میں درج ذیل شرائط کی رعایت رکھنا ضروری ہے:

۱- جین کے نکالنے میں یہ ظن غالب ہو کہ نقصان کو دور یا ختم کرنے کا باعث بن جائے گا۔

۲- اس جین کا نکالنا بقدر ضرورت ہو۔

۳- یہ علاج ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق ہو۔

۴- اس طریقہ علاج میں نقصانات کم ہوں۔

خراب جین کا اضافی جین کے ساتھ علاج

وہ طریقہ علاج جو خراب جین میں اضافہ یا تبدیلی کی صورت میں ہو یہ جین کے علاج کا اعلیٰ طریقہ ہے۔ اور اس کی ضرورت دو صورتوں میں ہوتی ہے۔

۱- جہاں پر جین نکالنے کی صورت میں انسان کا توازن بحال نہ ہوتا ہو تو اس کو تندرست جین کے ساتھ بدل دیا جائے گا۔

۲- بعض دفعہ خلیہ کے اندر مطلوبہ مواد کی کمی ہوتی ہے جو تکلیف کا باعث بنتی ہے۔ اس تکلیف کو دور کرنے کے لئے اضافی جین تھراپی کی جاتی ہے[۲۵]۔

اس علاج کے تین ممکنہ طریقے ہیں:

۱- مریض کا اپنا ہی خلیہ استعمال کیا جائے۔

۲- دوسرے انسان کا خلیہ استعمال کیا جائے۔

۳- کسی حیوان کے خلیہ کا استعمال کیا جائے۔

مریض کا اپنا خلیہ استعمال کرنے کا حکم

یہ طریقہ علاج مندرجہ ذیل اسباب کی وجہ سے جائز ہے:

تمام فقہی اکیڈ میز کے نزدیک انسانی جسم کے ایک عضو کو دوسری جگہ لگانا جائز ہے۔ جیسے جلد اور شریانوں کی پیوند کاری وغیرہ۔ اسی طرح جین بھی انسان کا جُز ہے۔ لہٰذا اس کو پیوند کاری پر قیاس کرتے ہوئے ایک جین کو دوسرے کی جگہ استعمال کیا جاسکتا ہے(۲۶)۔

چونکہ انسان کے بدن کے ساتھ کھیلنا اور ایک عضو کو بغیر عذر کے منتقل کرنا ناجائز ہے، لیکن جب ضرورت ہو تو فقہی قاعدے "الضرورات تبیح المحظورات"(۲۷) کے تحت جائز ہے۔ اسی طرح جین کے اصلاح کے لئے جب صرف یہی طریقہ موجود ہے تو اس کا استعمال کرنا بھی درست ہے۔

نفس انسانی کی حفاظت شریعت کے ذکر کردہ بنیادی مقاصد میں سے ہے(۲۸)۔ اس لئے انسان کے ایک جز کو ضائع کرنا اس کی زندگی بچانے کے لئے جائز ہے۔ اور یہ جز کو زائل کر کے کُل کو باقی رکھنے کی قبیل سے ہے(۲۹)۔ اسی طرح جین کو منتقل کرنا، جب اس میں کوئی بیماری پیدا ہو، اصلاح کی غرض سے درست ہے(۳۰)۔ "المنظمة الإسلامية للعلوم الطبية" نے بھی اس طریقہ علاج کو جائز قرار دیا ہے۔ جس میں ایک جین کو دوسرے کے ساتھ بدلا جائے یا اس جین میں مریض کے خلیوں کو ہی داخل کیا جائے۔ اس طرح اس کو کسی دوسرے جین میں ڈالا جائے تاکہ اس کی علیحدگی کے ساتھ مواد کا ایک بڑا ٹکڑا کسی مریض کے علاج کے لئے حاصل کیا جائے(۳۱)۔

جسم میں اپنا جین منتقل کرنے کی شرائط

۱- ضرورت ثابت ہو اور علاج کا دوسرا متبادل طریقہ نہ ہو(۳۲)۔

۲- اس انتقال جین سے کوئی بڑا ضرر و نقصان لاحق نہ ہو۔

۳- اس کو عبث اور فضول کاموں کی غرض سے استعمال نہ کیا جائے۔

۴- اس کے استعمال سے جین کی اصلاح یقینی، یا ظن غالب کے ساتھ ہو(۳۳)۔

کسی دوسرے انسان کا جین استعمال کرنا

یہ طریقہ علاج کسی انسان کے ایک عضو کو دوسرے انسان کو منتقل کرنے کے مشابہ ہے۔ معاصرین کا چونکہ پیوند کاری کی اس صورت میں اختلاف ہے لہٰذا جین کے استعمال کو بھی اس طریقے پر قیاس کیا جائے گا۔ اس کے انتقال کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں:

۱۔ کسی زندہ انسان کا عضو منتقل کرنا ۲۔ کسی مردہ انسان کا عضو منتقل کرنا

زندہ انسان کا عضو دوسرے انسان میں منتقل کرنے میں علماء کے دو گروہ ہیں:

پہلا گروہ: انتقال اعضاء جائز ہے، معاصر علماء اور فقہی اکیڈمیز کا بھی یہی فیصلہ ہے(۳۴)۔

دوسرا گروہ: زندہ انسان کے اعضاء کا دوسرے انسان میں منتقل کرنا جائز نہیں(۳۵)۔

دلائل

۱- زندہ انسان کے اعضاء کی پیوند کاری جائز ہے اور جین بھی انسان کا ایک جز ہے اس لئے اس کو اعضاء کی پیوند کاری پر قیاس کرتے ہوئے دوسرے انسان میں علاج کے لئے استعمال کرنا جائز ہو گا۔ کیونکہ خلیہ مختلف خلیات کے اندر تقسیم ہوتا ہے تو ممکن ہے کہ منقسم ہونے والے خلیوں میں کوئی ایک خلیہ مفقود جین کا متبادل بن سکے۔ بخلاف عضو کے کہ اس میں ایسا نہیں ہو سکتا۔

۲- جین کے انتقال میں اعضاء کے انتقال کی بہ نسبت نقصانات بھی کم ہیں، اس لئے اس کا انتقال بطریق اولیٰ جائز ہونا چاہیے۔

۳- جین کا انتقال خون کی طرح ہے۔ اس لئے کہ دونوں انسانی اجزاء ہونے میں برابر ہیں اور خون کا انتقال بلا کسی اختلاف کے جائز ہے۔ بلکہ بعض علماء تو اس کی ترغیب دیتے ہیں۔ چنانچہ جین کا انتقال بھی جائز ہو گا۔

۴- چونکہ اس انتقال میں انفرادی اور اجتماعی مصلحت کی رعایت کا پہلو بھی پایا جاتا ہے، اس لئے اس کا انتقال جائز ہو گا۔

زندہ انسان سے جین کے انتقال کی شرائط

۱- یہ انتقال تبرعاً ہو، اس کو بیچا نہ جائے، کیونکہ انسانی جُز کو فروخت کرنا حرام ہے۔

۲- اس بات کا گمان ہو کہ تبرعاً دینے والے کو نقصان نہ ہو گا۔ اگر نقصان کا گمان ہو تو نا جائز ہے[۳۶]۔

۳- اس کے متعلقات میں سے بھی کسی کو ضرر نہ ہو جیسے بیوی[۳۷]۔

۴- جین کا انتقال دینے والے کی رضامندی سے ہو[۳۸]۔

۵- جین دینے والا کامل اہلیت رکھتا ہو۔ پس مجنوں اور بچے کا جین لینا جائز نہیں اس لئے کہ ولی کو اس کے تبرع کی اجازت نہیں[۳۹]۔

۶- یہ جواز مسلم اور غیر مسلم دونوں کے لئے ہے۔ اس لئے کہ انسان دونوں کو شامل ہیں۔ ہاں جو اسلام کا اعلانیہ دشمن ہو تو اس کو نہ دیا جائے[۴۰]۔

مردہ انسان سے جین کا حصول

مردہ انسان سے اعضاء لینے میں علماء کے دو آراء ہیں:

پہلی رائے: زندہ کی طرح اس کے اعضاء کا انتقال جائز ہے۔ معاصر علماء اور فقہی اکیڈمیز کی یہی رائے ہے[۴۱]۔

دوسری رائے: مردہ انسان کے اعضاء کا انتقال جائز نہیں[۴۲]۔

علماء نے جب زندہ انسان کے اعضاء کے انتقال کو جائز قرار دیا ہے تو مردہ کے اعضاء بھی منتقل کرنا جائز ہے۔ کیونکہ زندہ کی عزت مردہ کی نسبت زیادہ ہے۔

جین کے انتقال میں اعضاء کے انتقال کی طرح بے حرمتی نہیں ہوتی اس لئے کہ جین جسم کا چھوٹا سا جُزہے جو کہ میت کے جسم میں تبدیلی نہیں لاتا۔

مردہ سے جین کے انتقال کی شرائط

۱۔ اس شخص کا فوت ہو جانا یقینی ہو۔

۲۔ وفات سے قبل اس سے اجازت لی ہو۔

۳۔ وفات کے بعد اس کے ورثاء اجازت دیں [۴۳]۔

۴۔ میت نے وصیت نہ کی ہو کہ اس کے کسی عضو یا جز کو منتقل نہ کیا جائے [۴۴]۔

کسی حیوان کا جین انسان میں منتقل کرنا

یہ مسئلہ اس صورت کے زیادہ قریب ہے کہ کسی جانور سے عضو لے کر انسان میں اس کو منتقل کر دیا جائے۔ فقہانے اس کی وضاحت کی ہے:

۱۔ وہ حیوان مباح الاکل ہو، اس میں تمام علماء کا اتفاق ہے۔

۲۔ معاصر علماء نے حلال جانوروں کے اعضاء کے استعمال کو جائز قرار دیا ہے [۴۵]۔

۳۔ اسی طرح حرام جانوروں کے اعضاء (سور وغیرہ) ضرورت کے تحت جائز ہے [۴۶]۔

حیوان کے اعضاء کا انتقال اس لئے بھی جائز ہے کہ انسان عضو کے محروم ہونے سے بچ جاتا ہے۔ لیکن حیوانی اعضاء کے انتقال پر جین کے انتقال کو قیاس نہیں کیا جائے گا اس لئے کہ حیوانی اعضاء اور جین کے انتقال میں فرق ہے۔ جین کا انتقال آسان اور اعضاء کا انتقال مشکل ہے۔ ممکن ہے کہ انسانی جنیات کو کافی مقدار میں تقسیم کے ذریعے بڑھایا جائے اور کسی حیوان کے جین کو انسان کی طرف منتقل کرنے کی ضرورت نہ رہے۔

حیوان کا جین حجم میں انسان کے جین کے برابر نہیں، بخلاف انسان کے۔

انسان اور حیوان کے جین مختلف ہونے کی وجہ سے شاید ان کا انسانی جسم اس کو قبول نہ کرے۔

حفاظتی تدابیر کے لئے جسمانی خلیہ کا استعمال

جب انسان کو یہ معلوم ہو جائے کہ اس کے بدن میں ایک ایسی بیماری لگی ہے جو اس کی نسل میں منتقل ہو سکتی ہے، اگر اس کی حفاظت جینی طریقہ علاج سے ممکن ہو تو اس طریقہ علاج کو اپنانے میں کوئی حرج

نہیں ہے۔ کیونکہ شریعت اس کو حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ وہ چاہے جس طریقہ پر ہو، جین کی اصلاح کے ذریعے، اس کو نکالنے کے ذریعے یا اس کو بدلنے کے ساتھ۔ اس کا ثبوت اس حدیث سے بھی ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''لولا أن أشق علی أمتی لأمرتهم بالسواک لکلّ صلاة''[٤٧]۔ مسواک کے استعمال سے امراض کا بچاؤ کیا جاتا ہے[٤٨]۔ تو اس پر قیاس کرتے ہوئے جینی خلیہ کو حفاظتی تدابیر کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔

جو تدابیر حفظ انسانی کے لئے ہوں، شریعت اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے تاکہ اس سے انفرادی اور اجتماعی طریقے سے معاشرہ امراض سے پاک ہو۔ جینی علاج بھی اس ترغیب اور شریعت کے اہتمام میں شامل ہے۔ اسلام چونکہ صفائی کا حکم دیتا ہے، اس لئے کہ ماحول گندہ نہ ہو تو اس سے جین متاثر ہوتا ہے۔ پس جب اسلام اسی بالواسطہ چیز کے ذریعے حفاظت کی ترغیب دے رہا ہے تو جس ذریعہ سے اس کا علاج بالواسطہ ہو رہا ہو، اس حفاظتی طریقہ کو اپنانا بطریق اولیٰ جائز ہوگا۔ موروثی امراض میں کثرت کی وجہ سے حکومت کو اس کنٹرول کرنے میں زیادہ کوشش کرنی پڑے گی۔ اگر ان کو ابتدا ہی میں کنٹرول کر لیا جائے جیسا کہ عموماً کوششیں ہو رہی ہیں تو اس کے ذریعے جین کے مرض سے متاثرہ افراد کے علاج میں بھی کامیابی ہوسکتی ہے اور حکومتی مشکلات کو بھی کم کیا جاسکتا ہے۔

اسلامی فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ کا فیصلہ

جین تھراپی سے متعلق اسلامی فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ نے ۳۱ اکتوبر ۱۹۹۸ء میں درج ذیل فیصلہ صادر کیا:

۱۔ کسی مرض کے علاج یا بچاؤ کے لئے یا اس کی شدت کو کم کرنے کے لئے جنیٹک انجینئرنگ جائز ہے بشرطیکہ اس سے بڑا ضرر نہ ہو۔

۲۔ غلط مجرمانہ اور حرام کاموں کے لئے جنیٹک انجینئرنگ کا استعمال جائز نہیں۔

۳۔ کسی انسان کے جین سے متعلق تشخیص، یا اقدام ضرورت کے وقت ہی جائز ہوگی تاکہ تحقیق سے پہلے اس کے ممکنہ فوائد اور خطرات کے بارے میں باریکی کے ساتھ صحیح اندازہ کیا جائے اور شرعی اجازت بھی حاصل کی جائے۔ نیز نتائج کو مکمل مخفی رکھنے کا اہتمام ہو اور اسلام کے ان تمام احکام کی پابندی کی جائے جس میں انسان کے احترام اور شرف و مقام پر زور دیا گیا ہے[٤٩]۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ http://www.oxforddictionaries.com/definition/english/genetherapy (Cited: 09-08-2014).

۲۔http://sgugenetics.pbworks.com/wpage/38371/Gene%20Therapy(cited:10072014)۔

۳۔ Mavilio F, Ferrari G (2008). "Genetic modification of somatic stem cells. The progress, problems and prospects of a new therapeutic technology" EMBO Rep.9 Suppl1:S649.

۴۔"International Law".The Genetics and Public Policy Center, Johns Hopkins University Berman Institute of Bioethics. 2010.

۵۔Leho, Lai sum. 2014. "Gene delivery in malignant B cells using the combination of lentiviruses conjugated to anti-transferrin receptor antibodies and an immunoglobulin promoter." The Journal of Gene Medicine no.16 (ssue 1-2) P:11-27.

۶۔ Urnov FD, Rebar EJ, Holmes MC, Zhang HS, Gregory PD (2010). "Genome editing with engineered zinc finger nucleases". Nature Reviews Genetics۱۱ (9): 643-646.

۷۔Korthof, G. 2014. The implications of Steele's soma-to-germline feedback for the safety of somatic gene therapy in humans. 2002 [cited: 29-08-2014]. Available from http://wasdarwinwrong.com/kortho39a.htm.

۸۔ الجمل، عبد الباسط، عصر الجینیات، دار الرشاد، قاہرہ، طبع دوم ۲۰۰۱ء، ص:۷۹۔

۹۔ علی عباس، عالم الجینیات، دار الشروق، عمان، طبع اول ۱۹۹۹ء، ص: ۱۴۹۔

۱۰۔ الجمل، عبد الباسط، الھندسۃ الوراثیہ وابحاث الدواء، دار الرشاد، قاہرہ، طبع اول ۱۹۹۸ء، ص: ۳۸۔

۱۱۔ الجمل، عبد الباسط، عصر الجینیات، ص: ۶۳۔

۱۲۔ الجمل، عبد الباسط، الھندسۃ الوراثیہ وابحاث الدواء، ص: ۳۸۔

۱۳۔ عارف علی، ڈاکٹر، قضایا فقہیہ فی الجنایات البشریہ من منظور اسلامی، دراسات فقہیہ فی قضایا طبیہ معاصرہ، دار النفائس، عمان، طبع اول ۲۰۰۱ء، ۲/ ۷۴۸۔

۱۴۔ مصباح، عبد الہادی، العلاج الجینی واستنساخ الاعضاء البشریہ، دار مصریہ، قاہرہ، طبع اول ۱۹۹۹ء، ص:۲۹۔

۱۵۔ موسیٰ، حسنیہ، العلاج بالجنیات، مجلۃ العلم، شمارہ ۱۹۸، جولائی ۲۰۰۱ء، ص: ۴۸۔

۱۶۔ اسلامی فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ کے فقہی فیصلے، مترجم فہیم اختر ندوی، ڈاکٹر، ایفا پبلی کیشنز، س-ن، ص: ۳۷۷۔۷۹۔

۱۷۔ ابو البصل، عبد الناصر، الھندسۃ الوراثیہ من المنظور الشرعی، فقہیہ فی قضایا طبیہ معاصرہ، دار النفائس، عمان، طبع اول ۲۰۰۱ء، ص:

۔۲۰۶

۱۸۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم، الاشباہ والنظائر، دار الکتب العلمیہ، بیروت، طبع اول، ۱۹۹۹ء ص: ۷۲۔

۱۹۔ ابن نجیم، الاشباہ والنظائر، ص: ۸۵۔

۲۰۔ ابن قیم، زاد لمعاد، مؤسسہ الرسالہ، بیروت، ۱۹۹۴ء ۴/ ۹۴۔

۲۱۔ الجمل، عبد الباسط، عصر الجنیات، ص: ۱۰۹۔

۲۲۔ ابن نجیم، الاشباہ والنظائر، ص: ۷۲۔

۲۳۔ شریف، محمد عبد الغفار، بحوث فقہیہ معاصرہ، دار ابن حزم، بیروت، طبع اول ۲۰۰۱ء، ۲/۱۶۷۔

۲۴۔ قرضاوی، یوسف، ڈاکٹر، فتاویٰ معاصرہ، مکتبہ اسلامی، طبع اول ۲۰۰۰ء، ۲ / ۵۸۳۔

۲۵۔ الجمل، عبد الباسط، عصر الجنیات، ص:۷۶۔

۲۶۔ شریف، محمد عبد الغفار، بحوث فقہیہ معاصرہ، ۲/۱۶۷۔

۲۷۔ ابن نجیم، الاشباہ والنظائر، ص: ۸۵۔

۲۸۔ شاطبی، ابراہیم بن موسیٰ، الموافقات، دار ابن عفان، طبع اولیٰ ۱۹۹۷ء، ۲/۱۹۔

۲۹۔ شربینی، شمس الدین محمد بن احمد الخطیب، مغنی المحتاج الیٰ معرفہ معانی الفاظ المنہاج، دار الکتب العلمیہ، طبع اول، ۱۹۹۴ء ص: ۱۸۱۔

۳۰۔ ابو البصل، عبد الناصر، الہندسۃ الوراثیہ، ۲/۲۰۵۔

۳۱۔www.islamicnet.com/arabic/abioethicsgenetic/index.html. (Cited: 20-05-2014)۔

۳۲۔ شریف، محمد عبد الغفار، بحوث فقہیہ معاصرہ، ۲/۱۶۷۔

۳۳۔ مجلہ مجمع الفقہ الاسلامی، شمارہ نمبر ۴، جز اول ۱۹۸۸ء، ص: ۵۰۹۔

۳۴۔ قرضاوی، یوسف، ڈاکٹر، فتاویٰ معاصرہ، ۲/۵۸۳؛ مجلہ مجمع الفقہ الاسلامی، ص: ۵۰۹۔

۳۵۔ شریف، محمد عبد الغفار، بحوث فقہیہ معاصرہ، ۲/۱۸۴۔

۳۶۔ قرضاوی، یوسف، ڈاکٹر، فتاویٰ معاصرہ، ۲/ ۲۳۰، ۵۸۸، ۵۸۶۔

۳۷۔ مجلہ مجمع الفقہ الاسلامی، ص: ۵۰۹۔

۳۸۔ ابو البصل، عبد الناصر، قضایہ طبیہ معاصرہ، ۲/۲۰۵۔

۳۹۔ قرضاوی، یوسف، ڈاکٹر، فتاویٰ معاصرہ، ۲/۵۸۷۔

۴۰۔ ایضاً، ۲/۲۸۸۔

۴۱۔ مجلہ مجمع الفقہ الاسلامی، ۱/۵۰۹۔

۴۲۔ قرضاوی، یوسف، ڈاکٹر، فتاویٰ معاصرہ، ۲/۵۸۳۔

۴۳۔ ایضاً، ۲/۵۹۰۔

۴۴۔ مجلہ مجمع الفقہ الاسلامی، ص: ۱۳۷۔

۴۵۔ یوسف قرضاوی، فتاویٰ، مترجم ڈاکٹر اصغر فلاحی، مکتبہ دارالنوادر، لاہور، س-ن، ۴/ ۲۲۔

۴۶۔ قاسمی، مجاہد الاسلام، مولانا، فقہی فیصلے، مکتبہ ادراۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، کراچی، ۱۹۹۹ء ص: ۲۱۲۔

۴۷۔ بخاری، ابو عبداللہ، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الجمعہ ،، باب السواک یوم الجمعہ، ۲/ ۴، دار طوق النجاہ، ۱۴۲۲ھ ح: ۸۸۷۔

۴۸۔ ابن حجر، فتح الباری، دارالحرمین قاہرہ، طبع اول ۱۹۹۶ء، ۸/ ۱۲۲۔

۴۹۔ اسلامی فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ کے فقہی فیصلے، ص: ۳۷۸-۳۷۹۔

المحلی لابن حزم: ایک تعارفی، تنقیدی اور تجزیاتی مطالعہ

Al-Muhalla by Ibn Hazm:
An Introductory, Critical & Analytical Study

ڈاکٹر حافظ امجد حسین*

Abstract

Fiqh Zahiri is one of the schools of Islamic Law that have very rare followers in the contemporary age.However in intellectual circles, Fiqh Zahiri still survives in the form of a book named "al - Muhalla" , composed by Imam Ibn Hazm Zahiri (Andalusian d.456 A.H/1064 C.E).In the interpretation of jurisprudence, "al-Muhalla" is a fundamental book in Fiqh Zahiri which still exists and is the only basic source for this of this particular school of thought.

Al-Muhalla is, in fact, based on fundamental teaching of the Holy Quran and Hadith of the beloved prophet Muhammad (SAW). This book is not only embalished with the opinions of Sahaba, Tabieen, Sahabiyat, Taabiyat and the scholary figures of Islamic jurisprudence till ۵th A.H, but also an analytical criticism on their opinions in the light of the Quran and Hadith. On account of this sublimity, al-Muhalla is an encyclopedic work concerning magnificent Islamic jurists. The paper under discussion presents an introduction and analytical study of this significant book.

جن فقہی مذاہب کے پیروکار آج بہت کم ہیں ان میں سے ایک فقہ ظاہری ہے، جو ابو سلیمان داود بن علی بن خلف الاصفہانی الکوفی البغدادی الظاہریؒ (م: ۲۷۰ھ) کی طرف منسوب ہے۔ انہوں نے اپنے فقہی اجتہادات واستنباطات کو نصوص میں محدود رکھا اور اجتہاد بالرائے کی ہر صورت کی مخالفت کی۔ اپنے مذہب کی حمایت میں کئی کتب تصنیف کیں[1] جو آج ناپید ہیں۔ پانچویں صدی ہجری میں فقہ ظاہری کو امام ابن حزم الاندلسی (م۴۵۶ھ) نے مدون کیا۔ نصوص سے استنباط واستخراج کرنے اور قیاس ورائے کے انکار میں اپنے پیش رو، داود ظاہری سے زیادہ سختی کا مظاہرہ کیا۔ اس سلسلہ میں اپنے فتاوی وفقہی آراء پر مشتمل چار کتب تصنیف کیں۔ سب سے پہلے دو جلدوں

* لیکچرر، علوم اسلامیہ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، سمندری، فیصل آباد، پاکستان۔

پر محیط"كتاب الخصال الحافظ لجمل شرائع الاسلام"لکھی، پھر اس کی مبسوط و مفصل شرح"كتاب الإيصال" تحریر کی۔"المحلی"میں اس کا اختصار کیا اور آخر میں الایصال کا خلاصہ اور المجلی کی مختصر شرح"المحلی"تصنیف کی[۲] جو فقہ ظاہری کی موجود بنیادی کتاب ہے اور فقہی دائرۃ المعارف کا درجہ رکھتی ہے۔اسی اہمیت کے پیش نظر مقالہ ھٰذا میں المحلی کا ایک تعارفی، تنقیدی اور تجزیاتی مطالعہ درج ذیل عناوین کے تحت پیش کیا جاتا ہے:

۱۔تعارف ابن حزم ۲۔المحلی کا تعارف ۳۔المحلی کا علمی مقام و مرتبہ ۴۔المحلی کا تنقیدی و تجزیاتی جائزہ

ا۔ تعارف ابن حزم

فقہ ظاہری کے مدار المہام فارسی الاصل ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الاندلسی، رمضان المبارک کی آخری شب بروز بدھ ۳۸۴ھ بمطابق ۷ نومبر ۹۹۴ء کو قرطبہ کے علاقے منیۃ المغیرۃ کے محلے میں پیدا ہوئے۔آپ کے والد منصور عامری (م۳۹۳ھ) اور اس کے بیٹے المظفر (م ۳۹۹ھ) کے وزیر تھے، اس لیے ابتدائی زندگی خوشحالی میں گزاری۔ابتدائی تعلیم و تربیت خواتین، مربی اور ان اساتذہ سے حاصل کی جو آپ کے باپ کی مجلس میں حاضر ہوتے تھے۔آغاز میں فقہ مالکی کو پڑھا، پھر شافعی مسلک اختیار کر لیا اور آخر کار فقہ ظاہری کے پابند ہو کر اس سوچ کی معاونت میں زندگی صرف کر دی۔ابن حزمؒ نے حکومت بنو امیہ کے بقا کی عملی کوشش بھی کی۔اموی خلفاء میں سے المرتضی(م۴۰۸ھ)،عبدالرحمن المستظہر باللہ(م۴۱۴ھ) اور ھشام المعتمد باللہ(م۴۲۸ھ) کے کچھ عرصہ کے لئے وزیر بھی رہے۔اندلس میں آپ کو مخالفت کی وجہ سے قید کیا گیا اور اشبیلیہ میں آپ کی کتب بھی نذر آتش کی گئیں۔یہ عظیم محدث و فقیہ ۲۸ شعبان ۴۵۶ھ بروز اتوار بمطابق ۱۵ جولائی ۱۰۶۵ء کی رات اکہتر سال دس ماہ اور انتیس دن کی عمر میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے[۳]۔

ا۔اساتذہ

ابن حزم کے تمام اساتذہ کا شمار ایک مشکل امر ہے تاہم کتب ابن حزم اور کتب تراجم سے جن اساتذہ کا تذکرہ مل سکا،وہ یہ ہیں۔عبداللہ بن ابراہیم بن محمد الاصیلی(م۳۹۲ھ) ، محمد بن عیسیٰ بن محمد الوراق قاضی طرطوشہ(م بعد۳۹۶ھ)،احمد بن محمد بن احمد المعروف ابن الجسور الاموی (م۴۰۱ھ)،عبدالرحمن بن ابی یزید المصری(م۴۰۱ھ)، یحییٰ بن عبد الرحمن بن مسعود المعروف ابن وجہ الجنۃ(م۴۰۲ھ)،عبداللہ بن محمد بن یوسف بن نصر ابن الفرضی(م۴۰۳ھ)، محمد بن عبد الرحمن بن محمد الکتانی(م۴۰۸ھ)،عبدالرحمن بن عبداللہ بن خالد الہمدانی(م۴۱۱ھ)،عبداللہ بن ربیع بن عبداللہ التمیمی(م۴۱۵ھ)،حسان بن مالک بن ابی عبدۃ الوزیر

(م۴۱۶ھ)، عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن الجحاف المعافری(م۴۱۸ھ)، محمد بن الحسن المذحجی المعروف ابن الکتانی(م۴۲۰ھ)، حمام بن احمد بن عبداللہ الاطروش القرطبی(م۴۲۱ھ)، خلف مولی الحاجب جعفر الفتی الجعفری(م۴۲۵ھ)، مسعود بن سلیمان بن مفلت ابوالخیار(م۴۲۶ھ)، احمد بن محمد بن عبداللہ المقری الطلمنکی(م۴۲۹ھ)، محمد بن سعید بن عمر بن نبات الاموی(م۴۲۹ھ)، یونس بن عبداللہ بن محمد بن مغیث المعروف ابن الصفار القرطبی(م۴۲۹ھ)، احمد بن قاسم بن محمد بن اصبغ البیانی (م۴۳۰ھ)، ثابت بن محمد الجرجانی العدوی(م۴۳۱ھ)، عبداللہ بن یحییٰ بن احمد بن دحون(م۴۳۱ھ)، محمد بن عبد الواحد بن محمد الزبیری (م بعد ۴۳۴ھ)، عبداللہ بن یوسف بن نامی القرطبی (م۴۳۵ھ)، المہلب بن احمد بن اسید بن ابی صفرۃ التمیمی(م۴۳۵ھ)، محمد بن عبداللہ البکری الترمذی(م۴۳۶ھ)، احمد بن اسماعیل بن دیلم الحضرمی(م قبل ۴۴۰ھ)، محمد بن الحسن بن عبدالرحمٰن الرازی(م بعد ۴۵۰ھ)، محمد بن اسماعیل العذری المعروف ابن الفورتش(م۴۵۳ھ)، علی بن محمد بن عباد الانصاری الاشبیلی(م۴۵۶ھ)، یوسف بن عبد اللہ بن محمد بن عبد البر المزی(م۴۶۳ھ)، احمد بن عمر بن انس العذری المری المعروف ابن الدلائی(م۴۷۸)، ابراہیم بن قاسم الطرابلسی، احمد بن محمد بن عبد الوارث، البراء بن عبد الملک الباجی، جعفر بن یوسف الکاتب القرطبی، عبدالرحمٰن بن سلمہ الکنانی، ابو المطرف عبداللہ بن عبدالوارث، عبداللہ بن محمد بن عبد الملک بن جہور، عبداللہ بن محمد بن عثمان، عبداللہ بن یوسف بن ابی زید الاموی البلوطی، علی بن ابراہیم التبریزی،، الفرات بن ھبۃ اللہ ابوالمجد، محمد بن سعید بن جرج، محمد بن عبد الاعلیٰ بن ہاشم المعروف ابن الغلیط، یحییٰ بن خلف بن نصر الرعینی(۴)۔

۲۔ تلامذہ

ابن حزم کی علمی رفعت کے باوجود ان کے بہت کم طلباء کا ذکر ملتا ہے جنہوں نے ان کے مذہب، علم اور فکر کی اشاعت کی۔ اس کی وجہ مذہب اندلس (مالکی) کی مخالفت اور ان کی سخت زبان تھی، تاہم مصادر سے جن طلباء کا تذکرہ مل سکا وہ یہ ہیں۔ محمد بن احمد بن محمد بن حسن بن اسحاق (م فی حدود ۴۵۰ھ)، عبدالملک بن زیادۃ اللہ التمیمی الطبنی (م۴۵۷ھ)، سالم بن احمد بن فتح (م۴۶۱ھ)، صاعد بن احمد بن عبدالرحمٰن التغلی القرطبی (م۴۶۲ھ)، احمد بن عمر بن انس العذری المری المعروف ابن الدلائی (م۴۷۳ھ، اور ان کے شیخ بھی ہیں)، عمر بن حیان بن خلف (م۴۷۴ھ)، عبد اللہ بن محمد الصابونی(م۴۷۸ھ)، الفضل بن علی بن احمد بن سعید بن حزم ابورافع (م۴۷۹ھ)، علی بن سعید العبدری (م۴۹۱ھ)، عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن العربی الاشبیلی (م۴۹۳ھ)، محمد بن ابی نصر بن فتوح بن عبداللہ الازدی الحمیدی (م۴۸۸ھ)، محمد بن خلف الخولانی (م بعد ۴۹۴ھ)، یعقوب بن علی بن

احمد بن سعید بن حزم(م۵۰۳ھ)، محمد بن الولید بن محمد بن خلف الطرطوشی (م۵۱۰)، محمد بن محمد بن مسلمہ (م۵۱۱ھ)، شریح بن محمد بن شریح الرعینی المقری الاشبیلی (م۵۳۹ھ)، حسین بن عبد الرحیم بن نام البہرانی، محمد بن عبید اللہ اللخمی اور مصعب بن علی بن احمد بن سعید بن حزم[۵]۔

۳۔ علمی آثار

ابن حزم کی علوم اسلامیہ کے مختلف موضوعات حدیث، فقہ، اصول، سیرت و تاریخ، لغت و ادب، منطق، کلام اور انساب و ملل پر موجود و مفقود کتب و رسائل کی تعداد ایک صد سینتیس(۱۳۷) شمار کی گئی ہے[۶] جن میں سے، "الإحكام فى أصول الأحكام"، "الفصل فى الملل والأهواء والنحل" "طوق الحمامة" اور "المحلی" نے بڑی شہرت حاصل کی۔

۲۔ المحلی کا تعارف

الف۔ المحلی کا خارجی تعارف

۱۔ المحلی کا نام

کتاب ھذا کے نام میں "المحلّی" کا لفظ قدر مشترک ہے اس نام کے ساتھ اضافوں میں اختلاف ہے۔ طرطوسیؒ نے المحلى بالآثار[۷] اور امام ذہبیؒ (م۷۴۸ھ) نے تین نام "المحلى فى شرح المجلى" "المحلّى شرح المجلّى" اور "المحلى فى شرح المجلى بالحجج والآثار" ذکر کیے ہیں[۸]۔ کتب کی فہارس مرتب کرنے والوں نے اس کتاب کا نام "المحلى بالآثار فى شرح المجلى بالاختصار"[۹] ذکر کیا ہے۔

المحلی کے نام میں سب سے عجیب بات حاجی خلیفہ (م۱۰۶۷ھ) کا یہ قول ہے۔ "المحلى فى الخلاف العالى فى فروعِ الشافعية" پھر اس کی وضاحت یوں کرتے ہیں کہ یہ کتاب مذہب فقہ شافعی کی نہیں، شاید کہ المحلی کی شافعیہ کی طرف نسبت اس لئے کر دی گئی ہو کیونکہ ابن حزم ظاہریت اختیار کرنے سے پہلے کچھ عرصہ فقہ شافعی کے بھی پیروکار رہے تھے[۱۰]۔ یہ ظاہریت اختیار کرنا تقلیدی رنگ میں قطعاً نہ تھا بلکہ کئی جگہ اہل ظاہر کا بھی رد کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ خود کو متبع سنت کہلانا پسند کرتے تھے۔

۲۔ مفہوم

حلّى يُحلّى تحلية، مادہ (ح ل ی) ناقص یائی سے باب تفعیل ہے۔ جس کے معنی آراستہ کرنا اور سجانا کے ہیں۔ المحلّی اس باب سے اسم مفعول ہے جس کا مطلب ہے آراستہ کیا ہوا، سجایا ہوا۔ "أي تزيّن"[۱۱] اس طرح ابن

حزم کی کتاب"المحلی بالاثارفی شرح المجلی بالاختصار"کا مفہوم ہوگا:احادیث و آثار سے مزین، المحلی کی مختصر شرح۔

۳۔نسبت

المحلی کے ابن حزم الاندلسیؒ (م۴۵۶ھ) کی تصنیف ہونے میں ذرابرابر بھی شک نہیں۔کیونکہ مورخین و مصنفین کی فہارس مرتب کرنے والوں نے اس کی نسبت ابن حزمؒ کی طرف کی ہے۔المحلی کے تکملہ "مسأله من الکتاب الایصال تکملة لما انتهى اليه أبو محمد من كتاب المحلى"[۱۲] میں اس کی نسبت ابن حزمؒ کے بیٹے ابو رافعؒ کی طرف جو کی گئی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ المحلی کی تکمیل سے پہلے ہی جب ابن حزم کا وقت آخر آگیا تو اس وقت وہ جلد نمبر ۱۰ مسالۃ ۲۰۲۳ بعنوان "مسألة فى دية العمد والخطاء"تک پہنچے تھے۔تب انہوں نے اپنے بیٹے ابو رافع الفضل بن علی کو الایصال کی روشنی میں المحلی کو مکمل کرنے کی وصیت کی۔۔اس سے آگے مسالہ ۲۰۲۴ سے گیارہویں جلد کے آخر تک ۲۸۵ مسائل کو ان کے صاحب زادے نے الایصال سے خلاصہ کرکے مکمل کیا۔اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ المحلی، ابن حزم کی آخری تالیفات میں سے ہے۔

۴۔وجہ تالیف

امام ابن حزم کتاب المحلی کی وجہ تالیف مقدمہ میں یوں لکھتے ہیں:

"واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو اپنی اطاعت کی توفیق عطا فرمائے۔ آپ نے اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ ہم ان مختصر مسائل کی قدرے توضیح کریں جن کو ہم نے اپنی کتاب الموسوم "المجلی" میں جمع کیا ہے اور براہین و دلائل کو مختصراً بیان کرنے پر اکتفا کریں تاکہ طالب و مبتدی بسہولت ان سے استفادہ کر سکے۔اس کے ساتھ ساتھ اسے بحث و استدلال میں مہارت حاصل ہو۔اختلافی مسائل سے آگاہ ہو اور ان دلائل کی صحت سے باخبر ہو جن سے حق کی پہچان ہوتی ہے مگر لوگوں نے (بلاوجہ) انہیں متنازعہ بنا رکھا ہے۔بایں طور مبتدی، قرآنی احکام اور احادیث سے آگاہ ہوگا، جو رسول اکرم ﷺ سے ثابت ہیں۔علاوہ ازیں اس میں یہ ملکہ پیدا ہوگا کہ غیر صحیح احادیث میں فرق و امتیاز کر سکے۔ثقہ راویوں سے آشنا ہو اور ان کو ضعیف راویوں سے ممیز و ممتاز کر سکے۔اس سے ایک مقصد یہ بھی ہے کہ قیاس اور اس کے قائلین کا فساد و تناقض واضح کیا جائے۔ان مقاصد کے پیش نظر میں نے

استخارہ کیا اور اللہ تعالیٰ سے مدد چاہی کہ وہ حق کی امداد کی طرف راہنمائی فرمائے۔ میں نے خالق حقیقی سے اس کے اظہار و بیان کی توفیق مانگی اور نیز یہ کہ وہ وہاب حقیقی (اس ناچیز کاوش کو) خاص طور سے اپنی خوشنودی و رضا کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔ کتاب ھٰذا کے قاری پر یہ حقیقت خوب عیاں ہونی چاہیے کہ ہم نے اس میں صرف اسی حدیث سے اخذ و احتجاج کیا ہے جو متصل ہونے کے ساتھ ساتھ ثقہ راویوں سے مروی و منقول ہو۔ ہم نے ضعیف و منسوخ حدیث کی صرف مخالفت ہی نہیں کی بلکہ اس کے ضعیف اور منسوخ ہونے کی وجہ بھی بیان کر دی ہے۔ وماتوفیقی الا باللہ "[۱۳]۔

۵۔ المحلی کی طباعات

۱۔ پہلی بار مطبعۃ النہضۃ، مصر سے ۱۳۴۷ھ تا ۱۳۵۲ھ کو گیارہ جلدوں میں، شیخ محمد منیر الدمشقی کی تصحیح و تحقیق سے شائع ہوئی[۱۴]۔

۲۔ اس طبع پر شیخ احمد محمد شاکر نے تعلیق لکھی۔ پہلی چھ جلدوں میں احادیث کی تصحیح و تضعیف بھی کی۔ باقی اجزاء میں تحقیق نادر اور آخری تین اجزاء میں تحقیق ناقص ہے۔ دارالتراث، القاہرہ سے گیارہ جلدوں اور ۴۳۸۸ صفحات پر مشتمل، اس کتاب کو شائع کیا۔ مقالہ ھٰذا میں اسی نسخہ کے حوالہ جات درج ہیں۔ ہر جلد کی تفصیل درج ذیل ہے:

جلد ۱: صفحات ۲۸۶ مسائل ۱-۱۶۹ مقدمہ، مسائل التوحید، مسائل من الاصول، کتاب الطہارۃ۔

جلد ۲: صفحات ۲۸۸ مسائل ۱۷۰-۲۸۵ کتاب الطہارۃ، کتاب التیمّم، کتاب الحیض والاستحاضہ، کتاب الصلاۃ۔

جلد ۳: صفحات ۲۸۸ مسائل ۲۸۶-۳۷۶ کتاب الصلاۃ۔

جلد ۴: صفحات ۲۸۴ مسائل ۳۷۷-۵۱۲ کتاب الصلاۃ۔

جلد ۵: صفحات ۲۹۱ مسائل ۵۱۳-۶۷۲ کتاب الصلاۃ، کتاب الزکاۃ۔

جلد ۶: صفحات ۲۸۰ مسائل ۶۷۳-۷۷۴ کتاب الزکاۃ، کتاب الصیام۔

جلد ۷: صفحات ۵۶۲ مسائل ۷۷۵-۱۱۱۳ کتاب الصیام، کتاب الحج، کتاب الجہاد، الاضاحی، الاطعمۃ الصید، الاشربۃ اور کتاب العقیقۃ پر مشتمل ہے۔

جلد ۸: صفحات ۵۵۸ مسائل ۱۱۱۴-۱۵۰۷ کتاب النذور، الوعد، الأیمان، القرض، الرہن، الحوالۃ الکفالۃ، الشرکۃ، القسمۃ، کتاب الاستحقاق والغصب والخبایات علی الاموال، الصلح، کتاب المداینات والتفلیس

الاجارات والاجراء، کتاب المزارعة والمغاربة، کتاب المعاملة فی الثمار، الوکالة، المضاربة و ہی القراض الاقرار، کتاب اللقطة والضالة، کتاب الودیعة، کتاب الحجر، الاکراہ، کتاب البیوع۔

جلد ۹: صفحات ۵۶۸ مسائل ۱۵۰۸-۱۸۶۲ کتاب البیوع، الشفعة، السلم، الہبات، العاریة، الضیافة، العتق، کتاب الکتابة، المواریث، الوصایا، الامامة، الاقضیة، الشہادات، النکاح۔

جلد ۱۰: صفحات ۵۵۲ مسائل ۱۸۶۳-۲۱۰۶ کتاب الرضاع، الایلاء، الظہار، العنین، النفقات، اللعان، ماینسخ بہ النکاح، الطلاق، الخلع، المتعة، الحضانة، کتاب الدماء والقصاص والدیات۔

جلد ۱۱: صفحات ۴۳۲ مسائل ۲۱۰۷-۲۳۰۸ کتاب الدماء والقصاص والدیات، کتاب الحدود، کتاب المحاربین، مسائل التعزیر ومالاحد فیہ۔

۳۔ یہی نسخہ دوسری بار طبعة التجاریة فی مطبعة الامام، مصر سے ۱۳۸۴ھ کو گیارہ جلدوں میں شیخ محمد خلیل ھراس کی تعلیق سے نشر ہوا[۱۵]۔

۴۔ حنان عبد المنان کی نگرانی میں ۳۰۲۹ صفحات پر مشتمل دو جلدوں میں، بائیبل پیپر پر ۲۰۰۳ء میں بیت الافکار الدولیة، الاردن، السعودیة نے شائع کیا۔ اس طبع کی کئی خصوصیات ہیں مثلاً، شروع میں ایک علمی مقدمہ ہے جس میں ابن حزم کے نظریہ حدیث اور جرح و نقد کے اسلوب کو واضح کیا گیا ہے۔ آخر میں قرآنی آیات اور احادیث و آثار کی فہارس دی گئی ہیں، حسب ضرورت اعراب بھی لگائے گئے ہیں اور خوبصورت کمپیوٹر کمپوزنگ سے مزین ہے۔

۵۔ المحلّی کا اُردو زبان میں پروفیسر غلام احمد حریری (م۱۹۹۸ء) نے ترجمہ بھی کیا ہے۔ جس کی پہلی تین جلدیں مولانا ابو الاشبال صغیر احمد بہاری، مقیم جدہ، کی نظر ثانی کے ساتھ شائع ہو چکی ہیں۔ جلد اوّل کو دارالدعوۃ السلفیہ، شیش محل روڈ، لاہور سے المجلس العلمی السلفی، نے ۱۹۸۴ء میں نشر کیا۔ دوسری اور تیسری جلد مرکز الدعوۃ والارشاد نے شائع کی۔ بقیہ مسودہ ہنوز زیور سے طبع آراستہ نہ ہو سکا، اس عظیم کتاب کو تخریج اور اُردو ترجمہ کے ساتھ شائع کرنا بہت بڑی دینی خدمت ہو گی۔

۶۔ المحلی کے اکمالات واختصارات

المحلی کی تکمیل واختصارات پر مندرجہ ذیل تالیفات لکھی گئیں:

۱۔ اختصار المحلی لِابن العربی الحاتمی (م۶۳۸ھ)،اسے المعلّی فی اختصار المحلّی بھی لکھا گیا ہے[۱۶]۔اس کا نسخہ تیونس میں ہے[۱۷]۔اس کے مؤلف محمد بن علی بن محمد، ابو بکر محی الدین المعروف ابن العربی الحاتمی، الصوفی، الظاہری، الاندلسی ہیں۔ ان کی کئی تصانیف ہیں، جن میں سب سے زیادہ مشہور "الفتوحات المکیة" ہے[۱۸]۔

۲ ۔ اختصار المحلی للعمرانی[۱۹]۔

۳۔ الأنوار الأجلی فی اختصار المحلّی لِابی حیان الأندلسی(م ۷۴۵ھ)۔اسے "النور الأجلی" اور" الانوار الأعلی" کے ناموں سے بھی لکھا گیا ہے[۲۰]۔اس کے مؤلف اثیر الدین محمد بن یوسف بن علی، اَبو حیان الغرناطی، الحیانی، جوحجة العرب، فرید العصر، اپنے زمانے میں نحویوں کے امام، مغربی عالم اور تفسیر البحر المحیط کے مصنف ہیں۔[۲۱]۔

۴۔ تتمة المحلّی لِأبی رافع الفضل بن علی بن احمد بن سعید بن حزم(م۴۷۹ھ)، یہ المحلی کے ساتھ دسویں جلد کے آخر مسئلہ ۲۰۲۴ سے گیارہویں جلد کے اختتام تک مطبوع ہے۔

۵۔ القدح المعلّی فی اکمال المحلّی،اس کے مؤلف بعض ظاہری علماء ہیں۔ ابو عبد الرحمٰن ابن عقیل ظاہری نے ذکر کیا ہے کہ صفدی نے ترجمہ ابن حزم میں لکھا ہے کہ میں نے اسے تین جلدوں پر مشتمل ابن خلیل کے خط میں ابن سید الناس (م۷۳۴ھ) کے پاس دیکھا تھا[۲۲]۔

۶۔ المعلّی تتمة المحلّی،اس کا مؤلف مجہول ہے۔ شیخ ابراہیم کتانی کو یہ کتاب شہر سلا کی عظیم مسجد کے مکتبہ میں ملی تھی [۲۳]۔

۷۔ المستحلی فی اختصار المحلّی ،امام شمس الدین ذہبی(م۷۴۸ھ) کی ہے[۲۳ب] ۔

۸۔ المورد الأحلی فی اختصار کتاب المحلّی، امام ذہبی کے مجہول شاگرد اس کے مؤلف تھے[۲۴]۔

۹۔ معجم فقه ابن حزم الظاهري، شیخ محمد المنتصر کتانی (م۱۴۱۹ھ) نے مرتب کیا اور دار الکتب العلمیہ، بیروت نے ۲۰۰۹ء میں رنگین دو جلدوں میں طبع کیا۔ اس کے شروع میں بھی ایک علمی مقدمہ ہے۔

۷۔ المحلی کے تعاقب میں لکھی جانے والی کتب

۱۔ الرد علی المحلّی لعبد الحق الانصاری (م۶۳۱ھ)[۲۵]،اس کے مؤلف عبد الحق بن عبد اللہ بن عبد الحق، ابو محمد الانصاری حافظ، اصولی اور اشبیلیہ کے قاضی تھے[۲۶]۔

۲۔ السیف المجلی علی المحلی، اسے عصر حاضر کے ایک ہندوستانی مؤلف، مہدی حسن القادری نے لکھا ہے۔ مطبعۃ العزیزیۃ، حیدر آباد، دکن سے ۱۳۹۴ھ کو چار اجزاء میں طبع ہوئی تھی [۲۷]۔

۳۔ القِدْحُ المعلَّی فی الکلام علی بعض أحادیث المحَلَّی للحلبی المقری (م۷۳۵ھ) [۲۸]، اسے عبدالکریم بن عبدالنور بن منیر، قطب الدین، أبو محمد، امام، الحافظ، المحدث، بقیۃ السلف، مؤلف تاریخ مصر نے لکھا [۲۹]۔

۴۔ المعلی فی الرد علی المحلَّی لِابن زرقون المالکی (م۶۲۱ھ) [۳۰]، اس کے مؤلف محمد بن محمد سعید، ابوالحسن الاشبیلی، المعروف ابن زرقون ہیں جو مالکی مذہب کے ایک متعصب فقیہہ اور جلیل القدر حافظ تھے [۳۱]۔

ب۔ المحلی کا داخلی تعارف

ا۔ اسلوب بیان

فقہ ظاہری کے موجود و میسر مصادر میں سے اہم ترین مصدر "المحلی" فقہ اسلامی کے بڑے بڑے دواوین میں سے ایک ہے، جو فقہ ابن حزم کے مختصر متن "المجلی" کی شرح اور فقہ ظاہری کے مسائل کا خلاصہ ہے۔ جس کی تفصیل ابن حزم کی ایک دوسری عظیم کتاب الایصال میں موجود تھی، جو اس وقت ناپید ہے۔ ابن حزم کے اس فقہی موسوعہ "المحلی" میں مسائل کا اسلوب بیان درج ذیل ہے:

ا۔ ہر فقہی مسئلہ کا آغاز "مسألہ" لکھ کر کرتے ہیں۔

۲۔ آغاز مسئلہ میں، مسئلہ کا خلاصہ درج کرتے ہیں۔

۳۔ ہر مسئلہ اپنی جگہ پر ایک مستقل قضیہ ہے۔ بعض مسائل ایک سطر، ایک یا چند صفحات، کئی ایک دس دس، بیس بیس اور کئی تو تیس تیس صفحات پر مشتمل یا اس سے بھی زیادہ طویل ہیں [۳۲]۔

۴۔ نصوص شرعیہ کے ظاہر پر مسئلہ کی بنیاد رکھتے ہیں۔ اپنے استنباط واستدال میں احادیث و آثار کو نہ صرف متعدد طرق سے بیان کرتے ہیں بلکہ ان روایات کو جرح و تعدیل کے اصولوں پر پرکھ کر ان پر صحت یا ضعف کا حکم بھی لگاتے ہیں۔

۵۔ اجماع امت کو بھی دلیل شرعی کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ ابن حزم نے المحلی اور الاحکام میں

اپنے نظریہ اجماع کو بیان کیا ہے۔ مزید یہ کہ نظریہ اجماع کی وضاحت کے ساتھ ساتھ "مراتب الاجماع" میں علیحدہ سے تمام اجماعی مسائل کو ابواب فقہ پر مرتب بھی کر دیا ہے[۳۳]۔

۶۔ اگر نصوص میں بظاہر کوئی تعارض نظر آئے تو ان میں تطبیق یا تنسیخ کو بھی واضح کرتے ہیں[۳۴]

۷۔ فقہ الصحابہؓ، تابعین، تبع تابعین اور بعض مفقود فقہی مذاہب جو اپنے زمانے میں موثر تھے، جیسے مذہب اوزاعیؒ (م۱۵۷ھ)، ثوریؒ (م۱۶۱ھ)، ابو ثورؒ (م۲۴۰ھ) وغیرہ کا بھی ذکر کرتے ہیں۔

۸۔ پھر دیگر معروف ائمہ کے اقوال درج کرتے ہیں جن میں زیادہ تر امام ابو حنیفہؒ (م۱۵۰ھ)، امام مالکؒ (م۱۷۹ھ) اور امام شافعیؒ (م۲۰۴ھ) ہیں۔ امام احمد بن حنبل (م۲۴۱ھ) کے اقوال بہت کم درج کرتے ہیں کیونکہ وہ انہیں امام الحدیث سمجھتے تھے۔

مذکورہ ائمہ کے دلائل سند سے نقل کرکے ایک ایک کا رد کرتے جاتے ہیں۔ مناظرانہ اسلوب سے بعض اوقات ان ائمہ کے اقوال کا رد انہی کے اصولوں کی روشنی میں کرتے ہیں۔ جیسے احناف کا رد قیاس اور مالکیوں کا قول صحابی سے۔ ابن حزمؒ قیاس اور اقوال صحابہ کو خود حجت تسلیم نہیں کرتے، لیکن حجت سمجھنے والے جب قیاس یا اقوال صحابہ کی مخالفت کرتے ہیں تو ان کی مخالفت کو بطور دلیل بیان کرتے ہیں۔ اسی طرح قول بلا برہان، تقلید، قیاس، استحسان وغیرہ کے مسائل میں ائمہ کی آراء کا رد کرتے ہیں اور آخر میں صحیح حدیث کی روشنی میں اپنے موقف کی تائید کرکے اس کی حقانیت ثابت کرتے ہیں۔

۲۔ المحلی کے مصادر

۱۔ القران الكريم۔

۲۔ الجامع الصحيح، أبو عبد الله محمد بن إسماعيل البخارى(م۲۵۶ھ)۔ مرویات صحیح بخاری کو المحلی میں ابن حزم نے مندرجہ ذیل دو طرق سے روایت کیا ہے:

الف۔ عبدالرحمٰن بن عبدالله بن خالد الوهراني، عن إبراهيم بن أحمد، أبى إسحاق البلخى، عن محمد بن يوسف عن الفربرى، عن البخارى[۳۵]

ب۔ عن عبدالله بن ربيع، عن محمد بن يحييٰ بن مفرج، عن سعيد بن السكن، عن الفربرى، عن البخارى[۳۶]

۳ ۔ صحیح مسلم، أبو الحسين مسلم بن الحجاج القشيری(م۲۶۱ھ)۔ اسے ابن حزمؒ نے ایک ہی سند یعنی عن عبداللہ بن یوسف بن نامی، عن احمد بن فتح، عن عبدالوهاب بن عيسى، عن أحمد بن محمد، عن أحمد بن علی، عن مسلم سے روایت کیا ہے[۳۷]۔

۴ ۔ سنن أبی داود: سليمان بن الأشعث السجستانی(م۲۷۵ھ)۔ اسے دو طرق سے روایت کرتے ہیں:

الف۔ عن عبداللہ بن ربيع التميمی، عن محمد بن إسحاق بن السليم، عن ابن الأعرابی، عن أبی داود[۳۸]۔

ب۔ عن عبد اللہ بن ربيع، عن عمر بن عبد الملك الخولانی، عن محمد بن بكر بن محمد بن داسه، عن أبی داود[۳۹]۔

۵۔ سنن النسائی، أبوعبد الرحمن أحمد بن شعيب النسائیؒ(م۳۰۳ھ)۔ اسے المحلی میں ایک سند سے روایت کرتے ہیں جو یہ ہے: عن عبداللہ بن ربيع، عن محمد بن معاوية عن النسائی[۴۰]۔

۶ ۔ موطأ الإمام مالك، الإمام مالك بن أنس(م۱۷۹ھ)۔ ابن حزم نے المحلی میں اسے بھی ایک سند سے روایت کیا ہے جو یہ ہے: عن أحمد بن محمد بن الجسور، عن أحمد بن سعيد بن حزن الصفدی، عن عبيد اللہ بن يحيیٰ بن يحيیٰ، عن أبيه، عن مالك[۴۱]۔

۷ ۔ مسند احمد بن حنبل اوران کے مسائل: أبو عبد اللہ أحمد بن حنبل الشيبانی(م۲۴۱ھ)۔ ابن حزم اسے مندرجہ ذیل دو طرق سے روایت کرتے ہیں:

الف۔ عن حمام بن أحمد، عن عباس بن أصبغ، عن محمد بن عبد الملك ابن أيمن، عن عبداللہ بن أحمد بن حنبل، عن أبيه[۴۲]

ب۔ عن أحمد بن عمر بن أنس، عن عبيداللہ بن محمد السقطی، عن أحمد بن جعفربن محمد الختلی، عن عمر بن محمد بن عيسیٰ الجوهری السذابی، عن أحمد بن محمد بن هانی الأثرم، عن أحمد بن حنبل[۴۳]۔

۸ ۔ مسند سعید بن منصور، الحافظ سعید بن منصور الخراسانی المکی(م۲۲۸ھ) احکام الحج میں قران، یعنی حج اور عمرے کا ایک ساتھ احرام باندھنے کے متعلق ابن عباسؓ اور مجاھد کے اقوال سعید بن منصورؒ کی روایت سے نقل کرتے ہیں[۴۴]۔

۹۔ مصنف عبد الرزاق، أبو بکر عبد الرزاق بن همام الصنعانی(م۲۱۱ھ)۔ ابن حزمؒ نے اسے حمام بن احمدؒ کے ذریعے مندرجہ ذیل دو طرق سے المحلی میں روایت کیا ہے:

الف۔ عن حمام بن أحمد، عن ابن مفرج، عن ابن الأعرابی، عن الدبری، عن عبد الرزاق[۴۵]۔

ب۔عن حمام بن أحمد، عن عبد الله بن محمد بن علی الباجی، عن أحمد ابن خالد، عن عبیدالله بن محمد الکشوری، عن محمدبن یوسف الحذاقی، عن عبد الرزاق[۴۶]۔

۱۰ ۔ مصنف ابن أبی شیبة، أبوبکر عبدالله بن محمد بن أبی شیبة(م۲۳۵ھ)اسے ابن حزم نے ذیل کے چار طرق سے روایت کیا ہے:

الف۔ عن أحمد بن محمد بن الجسور، عن محمد بن عبدالله بن أبی دیلم، عن محمد بن وضاع، عن ابن أبی شیبة[۴۷]۔

ب۔ عن أحمد بن محمد بن الجسور، عن وهب بن مسره، عن محمد بن وضاع[۴۸]۔

ج۔ عن یحییٰ بن عبد الله بن مسعود، عن أحمد بن دحیم بن إبراهیم بن حماد، عن إسماعیل بن إسحق القاضی، عن ابن أبی شیبة[۴۹]۔

د۔ عن یونس بن عبدالله بن محمد الصفار، عن أبی عیسیٰ یحییٰ بن عبدالله بن یحییٰ اللیثی، عن أحمد بن خالد الجباب، عن محمد بن وضاع، عن ابن أبی شیبة[۵۰]۔

۱۱ ۔ مصنف الطحاوی: أحمد بن محمد بن سلامة بن سلمة الأزدی الطحاوی المصری(م۳۲۱ھ)[۵۱]۔

۱۲ ۔ مسند أبوداود الطیالسی: سلیمان بن داود بن الجارود الفارسی البصری(م۲۰۴ھ)کو مندرجہ ذیل ایک ہی سند سے روایت کرتے ہیں: هشام بن سعید الخیر عن عبد الجبار بن أحمد المقری، عن الحسن بن الحسین النجیرمی عن جعفر بن محمد بن الحسن الأصفهانی، عن یونس بن حبیب بن عبدالقادر، عن أبو داود الطیالسی[۵۲]۔

۱۳۔ مصنف قاسم بن أصبغ، أبو محمد قاسم بن أصبغ بن محمد بن يوسف البيانی القرطبی (م ۳۴۰ھ)۔ اسے ابن حزم کئی طرق سے روایت کرتے ہیں۔ جن میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں:

محمدبن سعيد بن نبات سے چار، أحمد بن قاسم بن محمد بن قاسم بن أصبغ، عبدالله بن ربيع، أحمد بن محمد الطلمنكى اور يحيىٰ بن عبدالرحمن بن مسعود سے ایک ایک طرق سے روایت کرتے ہیں [۵۳]۔

۱۴۔ کتاب العذری: أحمد بن عمر بن أنس العذری المری المعروف ابن الدلايئ (م ۴۷۸ھ)۔ اس ضمن میں ابن حزم نے ابو بکرؓ پر عمرؓ کی فضیلت کا حوالہ اس کتاب سے دے کر رد بھی کیا ہے [۵۴]۔

۱۵۔ سنن ابن أيمن، أبو عبدالله محمد بن عبدالملك بن أيمن الأندلسی (م ۳۳۰ھ)۔ ذیل کی ایک سند سے روایت کرتے ہیں: عن حمام بن أحمد عن عباس بن أصبغ، عن محمد بن عبدالملك بن أيمن [۵۵]۔

۱۶۔ سنن الاثرم: أبو بكر أحمد بن محمد بن هانی الاثرم البغدادی (م ۲۷۳ھ) [۵۶]۔

۱۷۔ ابن حزم کی اپنی کتابیں، جن میں اہم ترین الایصال ہے [۵۷] جس کا المحلی ایک خلاصہ ہے۔

وہ مصادر جن کا بہت کم تذکرہ کرتے ہیں، مندرجہ ذیل ہیں:

۱۸۔ كتاب السبعه لعبد الرحمٰن بن زيد۔

ممکن ہے اس کتاب میں مدینہ کے فقہاء سبعہ کے فقہی اقوال درج ہوں۔ ان میں قاسم بن محمد بن اَبی بکر الصدیقؓ، ابو محمد (م ۱۰۷ھ)، عروہ بن الزبیرؓ بن العوام (م ۹۴ھ)، عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود، خارجہ بن زید بن ثابت الانصاری البخاری المدنی ابو محمد (م ۹۹ھ)، سلیمان بن یسار مولیٰ میمونۃ اُم المومنینؓ، اَبو بکر بن عبدالرحمٰن بن الحارث بن ہشام اور سعید بن المسیب (م ۹۴ھ) شامل ہیں۔ نماز فجر سے پہلے دائیں پہلو پر لیٹنے کے متعلق ان فقہاء کے عمل کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے: وذكر عبدالرحمٰن بن زيد فی كتاب السبعة [۵۸]۔

۱۹۔ كتاب المبسوط لإسماعيل بن إسحاق القاضی المالكی (م ۲۸۲ھ)۔

نماز قصر کے مباح ہونے کی مقدار پر ائمہ کے کئی اقوال ذکر کر کے کہتے ہیں: "ذكر هذه الروايات عنه إسماعيل بن إسحاق القاضی فی كتابه المعروف المبسوط" [۵۹]۔

۲۰۔ كتاب النبات لأبي حنيفة أحمد بن داؤد الدينوري اللغوي۔ احکام زکوۃ میں لفظ حبۃ کی تحقیق میں اس کتاب کا حوالہ دیتے ہیں[۶۰]۔

۲۱۔ كتاب الجامع الصغير لمحمد بن الحسن (م ۱۸۹ھ) اس سفر کی مقدار میں جہاں روزہ چھوڑا جا سکتا ہو امام ابو حنیفہؒ کا قول نقل کر کے کہتے ہیں۔

"ذكر ذلك محمد بن الحسن فی الجامع الصغير"[۶۱]۔

۲۱۔ كتاب أخبار فقهاء قرطبة لخالد بن سعد (م ۳۵۳ھ)۔ أحكام القضاء میں اس کتاب کا حوالہ دیا ہے[۶۲]۔ خالد بن سعد نے یہ کتاب خلیفہ المستنصر باللہ (م ۳۶۶ھ) کے لئے لکھی تھی[۶۳]۔

۲۲۔ كتاب أحكام سحنون بن سعيد

ابن اغلب کے زمانہ ولایت میں قیروان کی قضات میں جو فیصلے سحنون نے دیے تھے، ان کے بیٹے محمد بن سحنون (م ۲۱۳ھ) نے انہیں اس کتاب میں جمع کیا۔ ابن حزم نے کتاب التعزیر کے باب میں اس کا حوالہ نقل کیا ہے[۶۴]۔

۳۔ المحلی کا علمی مقام و مرتبہ

المحلی، اسلامی ادب کی ان عظیم کتب میں سے ایک ہے جن میں قرآن، حدیث، اقوال صحابہؓ، تابعین، پانچویں صدی ہجری کے نصف اوّل (ابن حزم کے زمانے) تک کے ائمہ کی فقہی آرا، ہر گروہ کے دلائل اور ان پر نقد بھی موجود ہے، جس نے المحلی کو فقہ القرآن والحدیث میں دائرۃ المعارف کے درجہ پر فائز کر دیا ہے۔ معجم فقہ ابن حزم کے مؤلف، محمد المنتصر باللہ (م ۱۴۱۹ھ) کے مطابق اس میں ایک جلد کے برابر امام ابن حزم کے استنباطات وفتاوی، ایک جلد احکام القرآن اور ایک جلد احکام الحدیث پر مشتمل ہے۔ فقہ صحابہؓ و تابعینؒ پر ایک جلد کے قریب ہے[۶۵]۔ ہر مسئلہ میں ہزاروں صفحات پر ان کے اقوال پھیلے ہوئے ہیں۔ ابن حزم نے اپنے ایک مستقل رسالہ "أصحاب الفتياء من الصحابة فمن بعدهم إلى زماننا على مراتبهم فی كثرة الفتياء"[۶۶] میں ان فقہاء صحابہؓ وہ تابعین کو شمار کیا ہے جن کی تعداد ۱۶۲ کے قریب ہے۔ ان میں سات مکثرین، اکیس متوسطین اور ایک سو چونتیس مقلین شامل ہیں۔ (ان صحابہؓ کے فقہی اقوال کو علیحدہ کرنے سے ایک مستقل جلد بنے گی۔ کئی فقہاء صحابہؓ کے فتاویٰ علیحدہ سے چھپ بھی چکے ہیں اور ان کا ترجمہ بھی میسر ہے۔) مقلین میں سے کئی صحابہ تو ایسے ہیں جن

سے صرف ایک، دو یا چند مسائل ہی منقول ہیں۔ ابن حزمؒ کے مطابق فقہاء صحابہؓ سے بیس ہزار سے زائد مسائل کے فتاویٰ منقول ہیں۔

ایک جلد کے برابر تبع تابعین اور پانچویں صدی ہجری کے نصف اوّل تک کے فقہاء کے فتاویٰ کی ہے۔ جن میں ائمہ اربعہ کے اقوال بھی شامل ہیں۔

دو جلد کے قریب فقہ حنفی اور دو فقہ مالکی کے رد میں، جب کہ ایک جلد کے برابر فقہ شافعی، ظاہری اور دیگر مذاہب کے رد میں ہے۔

فقہاء کا رد کرتے ہوئے بڑی شدت اختیار کرتے ہیں۔ ابن حزمؒ کی اس سختی کو اندلسی زاہد ابن العریف (م ۵۳۶ھ) نے حجاج کی تلوار سے یوں تشبیہ دی ہے۔"کان لسان ابن حزم و سیف الحجاج شقیقتین"(۶۷)۔

ابن حزم نے تقریباً بیس صحابیاتؓ اور چار تابعیات کی فقہی آراء بھی بیان کی ہیں، جو کتاب کے مختلف ابواب میں موجود ہیں۔ مذکورہ صحابہؓ وصحابیاتؓ کا ذکر مذکورہ مستقل رسالہ اور "الإحکام فی أصول الأحکام" میں بھی کیا ہے(۶۸)۔

تبع تابعین، ائمہ میں مرد و خواتین کے اقوال ابن حزم نے بلا تحریف نقل کیے ہیں۔ ڈاکٹر عبد الحلیم عویس کی تحقیق کے مطابق "حافظ ابن حزم نے المحلی میں کل ۵۴۶ علماء سلف کے آراء و اقوال درج کیے ہیں۔ ان میں سے بعض علماء کی ۶۰۰ سے بھی زائد آراء موجود ہیں"(۶۹)۔

۱۔ مسند و متواترات ابن حزم

یوں تو المحلی میں ہزاروں احادیث ہیں لیکن ایک جلد کے قریب ابن حزم کی مسند بنتی ہے۔ کیوں کہ ابن حزم نے "المحلی" میں سات سو احادیث، نبی ﷺ تک اپنی سند سے بیان کی ہیں، جو اندلس کے چار حفاظ حدیث، بقی بن مخلد (م ۲۷۶ھ)، قاسم بن اصبغ (م ۳۴۰ھ)، احمد بن خالد (م ۳۳۲ھ) اور محمد بن أیمن (م ۳۳۰ھ) کے واسطے سے نقل کی ہیں۔ اوائل میں احادیث متواتر کو نادر و نایاب سمجھا جاتا تھا۔ اگر چہ بہت بعد میں امام سیوطیؒ (م ۹۱۱ھ) نے "الأزھار المتناثرہ فی الأحادیث المتواترہ" میں ایک سو گیارہ روایات کو جمع کیا۔ بعد ازاں ابو جعفر الکتانیؒ (م ۱۳۴۵ھ) نے ۳۱۰ احادیث کو "نظم المتناثرة فی الأحادیث المتواترة" میں بیان کر دیا۔

امام ابن حزمؒ اس سے بہت پہلے، تقریباً ۸۰ احادیث متواترہ کو "المحلی" میں درج کر چکے ہیں۔ متواتر کی تعریف ابن حزم نے یہ کی ہے کہ جسے دو سے زائد رواۃ بیان کریں جن کا جھوٹ پر اتفاق محال ہو(۷۰)۔ المحلی میں کئی

روایات ایسی بھی ہیں جنہیں،انہوں نے پانچ، چھ یا سات طرق سے بیان کر کے بھی ضعف کا حکم لگایا ہے[۷۱]۔احادیث احاد و متواترہ کی اتنی بڑی تعداد اور ان کی مسند اس کتاب کے علمی مقام پر واضح دلیل ہے۔

۲۔ علماء کی آراء

علوم و معارف کی اسی بہتات کی بنا پر شیخ عز ابن عبد السلامؒ (م ۶۶۰ھ)[۷۲] نے کہا تھا۔

"ما رأيت في كتب الإسلام في العلم مثل المحلّى لابن حزم و كتاب المغني لِابن قدامة"[۷۳]

شیخ الحدیث حافظ محمد بنیامین طورؒ (م ۲۰۰۹ء) جن سے مقالہ نگار نے بخاری شریف کا درس لیا، کا کہنا تھا کہ ایک مجتہد و مفتی اگر "المحلی""فتح الباری" اور "نیل الأوطار" تینوں کتب کا بالاستیعاب مطالعہ کر لے تو مسائل کے استنباط اور ان کے دلائل میں کسی اور کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔

۳۔ المحلی میں فقہی غرائب کا ذکر

المحلی میں صحابہؓ و تابعین اور ائمہ سے منقول بہت سے فقہی عجائب و غرائب کا تذکرہ بھی ہے، جس کے مطالعہ سے فقہ اسلامی کی وسعت کا اندازہ ہوتا ہے، جو انسانی مصالح کا خیال رکھنے، ہر زمانے اور تمام حالات میں راہنمائی کا موجب ہے۔ ابن حزمؒ نے ان نادر معلومات کو بلا تحریف ذکر کر دیا ہے، قطع نظر اس بات سے کہ وہ انہیں تسلیم کرتے ہیں یا نہیں جو اس کتاب کے علمی مقام پر دلیل ہے۔

المحلی کے ان فقہی غرائب میں بعض کی مولف نے موافقت کی ہے اور بعض کو قرآن و سنت کی دلیل سے رد کیا ہے۔ چند فقہی غرائب درج ذیل ہیں۔

۱۔ موزوں اور جرابوں کے بغیر پاؤں کا مسح

حضرت علیؓ، عبد اللہ بن عباسؓ، حسن بصری، عکرمہ، شعبی اور امام طبری کا مذہب یہ ہے کہ موزوں اور جرابوں کے بغیر پاؤں پر مسح کرنا درست ہے۔

امام ابن حزم اس رائے کا انکار کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "إنَّما قلنا بالغسل فيهما"[۷۴]۔

دلیل میں عبد اللہؓ بن عمرو بن عاص کی اس روایت کو پاؤں پر مسح کرنے کی ناسخ قرار دیتے ہیں:

ويل لِلأعقاب من النار [۷۵]۔

۲۔ران(الفخذ) ستر میں شامل نہیں(الفخذ ليست عورة)

یہ رائے حضرت ابو بکر صدیقؓ، ثابت بن قیسؓ، انس بن مالکؓ، ابوذرؓ کی ہے، کسی صحابی سے اس کی مخالفت بھی مذکور نہیں۔ اسی طرح عبداللہ بن صامت، ابوالعالیہ ابن ابی الذئب، سفیان ثوری اور داؤد ظاہری کے نزدیک مرد کی ران عورۃ میں شامل نہیں[۷۶]۔

امام ابن حزم نہ صرف اس رائے کی تائید کرتے ہیں بلکہ یہ بھی لکھتے ہیں:

"والأخبار فی أن الفخذ عورة، كلها واهية ساقطة"[۷۷]۔

یہ رائے کھلاڑیوں اور پہلوانوں کے لئے آسانی کا موجب ہے۔

۳۔وقت سے پہلے نماز

حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حسن بصری کے نزدیک وقت سے پہلے نماز جائز ہے۔ امام ابن حزمؒ کے مطابق ایسی عبادت جو وقت کے لحاظ سے محدود الطرفین ہو، اسے وقت سے پہلے یا بعد از وقت ادا کرنا درست نہیں۔ کیونکہ یہ دونوں (قبل از وقت اور بعد از وقت) اس کے وقت نہیں[۷۸]۔

۴۔عمداً ترک نماز موجب کفر وارتداد

جس نے جان بوجھ کر فرض نماز چھوڑ دی، یہاں تک کہ اس کا وقت گزر گیا وہ کافر و مرتد ہے۔ یہ رائے حضرت عمرؓ، معاذؓ، عبدالرحمٰنؓ بن عوف، ابوہریرہؓ اور دیگر صحابہؓ کی ہے[۷۹]۔ اس صورت میں ابن حزم کا نظریہ اس سے تھوڑا سا نرم ہے۔ لکھتے ہیں:

"من تعمّد ترك الصلاة حتى خرج وقتها فهذا لايقدر على قضائه أبدًا، فليكثر من فعل الخير و صلاة التطوع، ليثقل ميزانه يوم القيامة، و ليتب وليستغفر الله عزّوجل"[۸۰]۔

(جو عمداً نماز کو ترک کر دے یہاں تک کہ اس کا وقت گزر جائے، وہ اس کی قضا پر کبھی بھی قادر نہیں ہو گا۔ اب وہ نیکی کے کام کرے، نفلی نمازیں زیادہ ادا کرے تاکہ قیامت کو اس کا میزان بھاری ہو اور اللہ تعالیٰ سے توبہ و استغفار کرے)۔

۵۔معدنیات سرکاری ملکیت ہیں

امام مالک کی رائے ذکر کرتے ہیں کہ جس کی زمین سے، چاندی، سونا، تانبا، لوہا، سیسہ، معدنی دھات، نمک، پھٹکڑی، سرمہ اور یاقوت وزمرد میں سے کوئی بھی چیز نکلے، وہ معدنیات زمین سمیت سلطان کی طرف لوٹ

جائے گی اور وہ مملکت کی ملکیت بن جائے گی (۸۱)۔ امام ابن حزمؒ اور دیگر ائمہ جن میں امام ابو حنیفہؒ، امام شافعیؒ اور داؤد ظاہریؒ کے نزدیک ان معدنیات اور زمین کی ملکیت منتقل نہیں ہو گی۔ ابن حزمؒ لکھتے ہیں:

"فصح أن من ظهر فی أرضه معدن فهو له، یورث عنه و یعمل فیه ماشاء"(۸۲)۔

امام مالک کی یہ رائے بہت سے مفاسد سے بچاؤ کا باعث ہے جو گورنمنٹ کی رٹ کو چیلنج کرتے ہوں۔

۶۔ گواہوں کا نکاح کو چھپانا

گواہوں کا نکاح کو چھپانے سے نکاح میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہ رائے امام ابو حنیفہؒ، امام شافعیؒ، امام داؤد ظاہریؒ اور خود ابن حزمؒ کی ہے (۸۳)۔

بعض ائمہ کے نزدیک گواہ جب نکاح کو چھپائیں تو نکاح باطل ہو جاتا ہے۔ ابن حزمؒ بطلان نکاح کی اس رائے کو دو وجوہ سے خطا کہتے ہیں۔

(الف) جب دو عادل گواہ گواہی دے دیں تو ایسے نکاح سِرّ (پوشیدہ) کی نہی میں آپ ﷺ سے کوئی صحیح نص مذکور نہیں۔

(ب) ایسا نکاح جس میں گواہ مقرر ہو جائیں پوشیدہ رہتا ہی نہیں کیونکہ یہ پانچ لوگ تھے۔ ناکح، المنکح، المنکحہ اور دو گواہ۔ پھر عربی شعر کا حوالہ دیتے ہیں:

السِّر یکتمه الإثنان بینهما — و کل سرٍّ عد الإثنین منتشر(۸۴)

یہ رائے بعض اوقات بڑے مصالح کے حصول کا سبب بن سکتی ہے۔

۷۔ نکاح متعہ

آپ ﷺ کی رحلت کے بعد نکاح متعہ کی حلت پر ۹ صحابہؓ اور چار تابعین کے اقوال نقل کرتے ہیں۔ لیکن خود اس رائے کا رد کرتے ہیں کیونکہ یہ موقف نص کے خلاف ہے۔ لکھتے ہیں:

"لا یجوز نکاح المتعة وهو النکاح إلی أجل وکان حلالًا علی عهد رسول اللهﷺ ثم نسخها الله علی لسان رسوله نسخًا باتًا"(۸۵)۔

دلیل میں حضرت سبرہ الجہنیؓ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا تھا:

"فَإنّ الله قد حرمها علیکم إلٰی یوم القیامة"(۸۶)۔

۸۔ حمل کی مدت

حمل کی مدت کے متعلق کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ بن خطاب، محمد بن عبد اللہ بن عبد الحکم، داؤد ظاہری، ظاہریہ کے نزدیک آخری وطی کے بعد زیادہ سے زیادہ ۹ ماہ اور کم از کم ٦ ماہ حمل کا دورانیہ ہو سکتا ہے۔ اس سے کم یا زیادہ درست نہیں۔ اگرچہ بعض صحابہؓ، تابعین اور ائمہ سے ۲، ۴، ۵، ٦ اور ۷ سال تک کے اقوال بھی منقول ہیں (۸۷)۔

۹۔ سرکاری مال کی چوری

بیت المال سے چوری پر، خواہ وہ مال غنیمت کا ہو یا خمس کا، چور پر حد نہیں ہو گی۔ سعد بن ابی وقاصؓ کے پاس ایسا ہی مسئلہ آیا تو انہوں نے بذریعہ خط حضرت عمرؓ سے دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا:

"لا قطع عليه لأن له فيه نصيبًا"

حضرت علیؓ نے خمس کے چور کے ہاتھ نہ کاٹے بلکہ اسے چھوڑ دیا اور کہا:

"إنّ له فيه نصيبًا"

یہی نظریہ ابراہیم نخعیؒ، حکم بن عتیبہؒ، امام ابو حنیفہؒ اور امام شافعیؒ کا ہے۔ جبکہ امام مالکؒ، ابو ثورؒ، داؤد ظاہریؒ اور دیگر اہل ظاہر کے نزدیک سرکاری مال کی چوری پر قطع ید ہے۔ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی چور کو، خواہ بیت مال سے چرائے، غنیمت سے یا ایسے مال سے جس میں اس کا حصہ ہو، خاص نہیں کیا، سرکاری مال کے چور پر حد سرقہ ہو گی، تعزیر نہیں۔ ابن حزمؒ آیت سرقہ کو دلیل کے طور پر بیان کر کے کہتے ہیں:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چور پر قطع ید کو لازم کیا (۸۸)۔

۱۰۔ مصحف کا چور

امام ابو حنیفہؒ اور صاحبینؒ کے نزدیک مصحف کی چوری پر خواہ اس پر چاندی لگی ہو، یا وہ سینکڑوں درہم سے مزین ہی ہو، چور پر حد نہیں لگے گی کیونکہ چور کو تعلیم کا حق ہے۔ جب یہ اس کا حق ہے تو بیت المال کی چوری کی مثل ہے۔ اس لئے اس کی سزائے حد کو تعزیر میں تبدیل کر دیا جائے گا۔

جبکہ دیگر ائمہ میں، امام مالکؒ، شافعیؒ، اہل ظاہر اور ابن حزمؒ کے نزدیک مصحف کے چور پر حد نافذ ہو گی، اور دلیل میں نص کا عموم پیش کرتے ہیں (۸۹)۔

۱۱۔ قحط میں چوری

بھوک کی وجہ سے تنگ شخص کو حضرت عمرؓ نے چور نہیں سمجھا اور فرمایا:

"إنّا لانقطع فی عام المجاعة" (ہم قحط کے سال میں چوری کی سزا نہیں دیں گے)۔

ابن حزمؒ نے کہا ہے کہ جسے بہت تکلیف ہو، اور اتنے مال کو چرائے جتنا اس کے نفس کے لئے کافی ہو جبکہ اس کے سوا کوئی اور ذریعہ بھی اس کے پاس نہ ہو تو اس پر کوئی سزا نہیں کیونکہ اس نے اپنا حق لیا ہے۔ اور انسان پر اپنے معاش سے مجبور ہو کر یہ لینا فرض تھا۔ اگر وہ یہ چوری نہ کرتا تو اپنے نفس کو ہلاک کر کے (۹۰) خدا کی نافرمانی کرتا کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

"ولاتقتلُوا أنفسکم"(۹۱)۔

یہ رائے قضاۃ کے لئے چوروں کے بارے میں حالات کو پیش نظر رکھنے کی دلیل ہے جس سے نظریہ ضرورت ثابت ہوتا ہے۔

۱۲۔ المحلی میں ابن حزم نے کئی نادر اقوال بھی نقل کیے ہیں۔ جیسے حضرت علیؓ کے پاس ایک شخص باندھ کر لایا گیا۔ ایک بندہ کہنے لگا کہ اسے گذشتہ رات میری ماں پر احتلام ہوا ہے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا:

"إذهب فأقمه فی الشمس واضرب ظِلّه"(۹۲) اسے لے جا کر دھوپ میں کھڑا کر کے اس کے سائے کو مارو۔ مدعی کا دعویٰ فضول تھا اس لئے حضرت علیؓ نے یہ فیصلہ سنایا۔

المحلی میں ایسی بہت سی مثالیں ہیں جو ابن حزمؒ کی اس کتاب کی عظمت کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ ان کا یہ فقہی دائرۃ المعارف کیسے کیسے ہیروں اور جواہرات سے بھرا ہوا ہے۔

۴۔ المحلّی۔ ایک تنقیدی و تجزیاتی مطالعہ

ابن حزمؒ بھی دیگر ائمہ کی طرح ایک امام ہیں، جن سے اجتہادی غلطی ممکن ہے، معصوم صرف انبیاءؑ کی ہستیاں ہیں۔ ابن حزمؒ میں مجتہد مطلق کی تمام شرائط و صفات پائی جاتی تھیں جنہیں استعمال میں لا کر ابن حزمؒ نے المحلی میں کل ۲۳۰۸ مسائل کا حل درج کیا، جن میں سے چند مسائل میں ان کی رائے پر نقد ہو سکتا ہے۔ ان کی قابل نقد آراء کتاب کی شان میں کمی کا باعث نہیں بلکہ اسے مزید خوبصورت بناتی ہیں کیونکہ انسان بالطبع خطاء و نسیان کا مرقع ہے۔ اسی لئے رسول ﷺ کے علاوہ ہر شخص کی بات رد بھی کی جا سکتی ہے اور قابل قبول ہونے کی صورت میں تسلیم بھی۔

ذیل میں ابن حزم کی ان چند فقہی آراء کا ذکر کیا جاتا ہے جنہیں تسلیم کرنا مشکل ہے۔ مثلاً

۱۔ اگر کوئی انسان کسی شخص کو کاٹنے کے لئے کتّے، یا کسی شیر کو چھوڑے، یا کسی احمق کو تلوار تھما دے اور اس کے نتیجے میں کوئی آدمی مارا جائے تو کتّے کو ابھارنے، شیر کو چھوڑنے اور احمق کو تلوار تھمانے والے کے بارے میں فرماتے ہیں۔"فلا ضمان علی المهيج ولا علی المطلق ولا علی المعطی السیف"۔

اسی مسئلہ کے تحت مزید لکھتے ہیں:

اگر کوئی آدمی گڑھا کھودے اور اس گڑھے کو ڈھانپ دے، پھر کسی شخص کو اس راستے سے گزرنے کا حکم دے اور گزرنے والا اس میں گر کر مر جائے یا اسے کوئی نقصان پہنچے تو ابن حزمؒ کے نزدیک چونکہ وہ اختیاراً اچل رہا تھا اس لئے "فلا ضمان علی آمرہٖ بالمشی ولا علی الحافر"(۹۳)

ابن حزم کی اس رائے کو قبول کرنا درج ذیل وجوہ سے ممکن نہیں کیونکہ:

الف: ایسا کرنا دوسرے کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے جس کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں۔

ب: واضح نص کی عدم موجودگی میں بہت سے مسائل میں ﴿وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾(۹۴) سے استدلال کرتے ہوئے ابن حزمؒ نے انسانی مصلحت کا لحاظ رکھا ہے،(۹۵) یہاں بھی وہی اصول استعمال ہونا چاہیے تھا جبکہ ایسا نہیں ہوا۔

ج: جان کا نقصان ہے جو "المسلم من سلم المسلمون"(۹۶) کے عموم کے تحت آتا ہے، ابن حزمؒ نے یہاں نص کی روح کو چھوڑا ہے۔

۲۔ اگر کسی شخص نے کھانے میں زہر ملائی پھر کھانے پر کسی کو دعوت دی جسے کھانے سے وہ مر گیا تو اس بارے میں لکھتے ہیں:

"لا قود فيه ولا دية ولا كفارة و إنما عليه ضمان الطعام الذى اَفْسَدَ"(۹۷).

آگے مزید لکھتے ہیں:

"لا قود على من سم الطعام لأحد مريدًا قتله فاطعمه اِيّاه فمات منه ولا دية عليه ولا على عاقلته ولا شئ(۹۸).

دلیل میں فتح خیبر کے موقع پر یہودیہ کا کھانے میں زہر ملانا، جس سے ایک صحابیؓ رسول ﷺ بشرؓ بن براء کی شہادت ہوئی، کا تذکرہ کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ یہودیہ کو قصاصاً قتل کرنے والی تمام روایات سنداً مجروح ہیں۔ اس لئے کھانے میں زہر دینے والے مجرم پر کوئی سزا نہیں۔ دوسری روایت ذکر کرتے ہیں:

"أن رسول اللهﷺ قال لها: أسمتِ هذه الشاة؟ قالت نعم فعفا عنها رسولُ اللهﷺ ولم يعاقبها"(۹۹)۔

ان الفاظ سے ثابت ہو رہا ہے کہ آپ ﷺ نے یہودیہ کو معاف کیا تھا۔ معاف جرم کو کیا جاتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس یہودیہ کی سزا تو بنتی تھی مگر آپ ﷺ نے اسے معاف فرمادیا۔

نص کے مطابق ورثاء قاتل کو معاف کرنے کا شرعی حق رکھتے ہیں اور آپ ﷺ نے بطور سلطان اسے معاف کیا ہوگا۔ دھوکے سے قتل کرنا فساد بھی ہے اور ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ نے اس صحابیؓ کے خون کو باطل قرار نہیں دیا بلکہ یہودیہ کو معاف کیا۔

ابن حزم کی یہ رائے بھی قبول کرنا کئی مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔

۳۔ ابن حزم کی آراء میں تناقض یا مسئلہ میں غلطی کی وجہ سے ان کی آراء پر نقد کے کئی مواقع اور بھی ہیں۔ مثلاً:

نماز جنازہ میں ہر تکبیر کے ساتھ رفع الیدین کے متعلق لکھتے ہیں:

"و أما رفع الأيدی فانه لم يات عن النبیﷺ أنه رفع فی شئ من تكبير الجنازة اِلّا فی أوّل تكبيرة فقط، فلا يجوز فعل ذلك، لأنه عمل فی الصلاة لم يات به نص"(۱۰۰).

جنازہ میں تکبیر اولیٰ کے علاوہ رفع الیدین پر کوئی نص نہیں۔ حالانکہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے متعلق مروی ہے کہ وہ نماز جنازہ کی ہر تکبیر کے ساتھ رفع الیدین کیا کرتے تھے(۱۰۱)۔

چونکہ یہ صحابی کا عمل ہے جو مطلقاً ابن حزمؒ کے نزدیک دلیل نہیں۔ جبکہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مرفوعاً بھی مروی ہے کہ جب نبی ﷺ نماز جنازہ پڑھتے تو ہر تکبیر کے ساتھ رفع الیدین کرتے:

"ان النبیﷺ كان اذا صلى على جنازة رفع يديه فی كل تكبيرة واذا انصرف سلم"(۱۰۲).

یہ گویا فعل رسول ﷺ پر صریح نص ہے۔

اسی مسئلہ میں جنازہ میں دو سلاموں کے قائل ہیں۔ لکھتے ہیں:

"و أما التسليمتان فهي صلاة، وتحليل الصلاة التسليم، والتسليمة الثانية ذكر وفعل خير و باللّٰه تعالٰی التوفيق"(۱۰۳).

جنازہ کو دیگر نمازوں پر قیاس کرتے ہوئے دو سلاموں کو، باوجود عدم نص کے درست قرار دیتے ہیں جبکہ رفع الیدین کو عدم ثبوت (ان کے نزدیک) کی بنا پر پہلی تکبیر کے ساتھ خاص کرتے ہیں۔ یہ تناقض ہے۔

دوسرا تناقض یہ ہے کہ ان کے مطابق جنازہ میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے سات تکبیریں ثابت نہیں لیکن ساتھ ہی ذکر کرتے ہیں کہ تین سے کم اور سات سے زیادہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے ثابت نہیں[۱۰۴]۔

دوسری عبارت سے معلوم ہو رہا ہے کہ سات تک ثابت ہیں، اس سے زیادہ کا ثبوت نہیں۔ یہ تناقض ہے۔ واللہ اعلم۔

۴۔ مسئلہ عدت میں لکھتے ہیں: اگر عورت عدت میں ہو اور اسے حمل، حیض یا ناامیدی کے بارے میں قطعی یقین بھی نہ ہو تو حمل واضح ہونے تک انتظار کرے۔ اگر حاملہ ہو گی تو اس کی عدت وضع حمل ہے۔ اگر اسے کافی دیر کے بعد پتہ چلے کہ وہ حاملہ نہیں اور اس کی عدت کی مدت بھی گزر چکی ہے تو وہ آگے شادی کر سکتی ہے۔

"لِأنها قد تمت عدتها المتصلة بما أوجبها اللّٰہ تعالٰی من الطلاق، اما الإقرار و أما الشهور"[۱۰۵]۔

آگے ایک دوسری صورت بیان کرتے ہیں:

اگر عدت گزارنے والی عورت کو ایک یا دو حیض آئے، پھر حیض رُک گیا۔ یہ عورت تب تک انتظار کرے گی جب تک تین حیض مکمل نہ کر لے یا وہ حیض سے ناامید نہ ہو جائے۔ اسی انتظار میں جب وہ یئسن من الحیض کی عمر کو پہنچے گی تو "استانفن ثلاثة قروء"[۱۰۶] نئے سرے سے تین حیض انتظار کرے گی۔

پہلی صورت (حمل، حیض یا ناامیدی میں یقین نہ ہونے کی صورت میں) اگر وہ تین ماہ یا تین قروء گزار چکی ہے، اگر حمل نہیں تو آگے نکاح کر سکتی ہے۔ کیونکہ وہ عدت کی مدت گزار چکی ہے۔ جبکہ دوسرے مسئلہ میں اگرچہ وہ حیض و یاس کے انتظار میں کئی سال گزار چکی ہو، ناامیدی کا یقین ہونے پر نئے سرے سے عدت شروع کرواتے ہیں۔ پہلی صورت میں انتظار کے عرصے کو عدت میں شمار کرتے ہیں جبکہ دوسری صورت میں یاس کا یقین ہونے کے بعد، خواہ وہ کافی دیر کے بعد ہو، دوبارہ عدت شروع کرواتے ہیں۔ یہ تناقض ہے۔

عدت میں نو ماہ بعد یقین ہو جائے گا کہ وہ خاتون حاملہ نہیں (کیونکہ ابن حزمؒ کے نزدیک حمل کی مدت کم از کم ۶ ماہ اور زیادہ سے زیادہ ۹ ماہ ہے)[۱۰۷] اگر وہ حاملہ نہیں تو حیض کی گنتی اور یاس کا یقین کروانے میں عدت سے زیادہ عرصہ تک انتظار کروانا بھی تناقض ہے۔

۵۔ کئی مسائل میں ظاہر کے ساتھ ایسا جمود کرتے ہیں کہ واضح اسباب و معانی بھی لغو قرار پاتے ہیں۔ مثلاً کھانا کھلانے والے کی اجازت کے بغیر دو چیزوں کو بیک وقت اٹھا کر کھانا حلال نہیں کیونکہ ابن عمرؓ کا فرمان ہے:

"لا تقارنوا فانّ رسول اللهﷺ نهى عن القران"(۱۰۸).

مسند اسحاق میں حضرت ابو ہریرہؓ کا فرمان ہے کہ ہم اصحاب صفہؓ میں سے تھے۔ ہماری طرف آپ ﷺ نے عجوہ کھجوریں بھیجیں، بھوک کی شدت کی وجہ سے ہم دو دو کھاتے تھے۔ صحابہ کرامؓ جب کسی کے ساتھ مل کر کھاتے تو کہا کرتے تھے کہ ہم ملاتے تھے لہٰذا تم بھی ملاؤ(۱۰۹)۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کے زمانے میں صحابہؓ کا یہ فعل اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ملا کر کھانے کی مشروعیت صحابہ میں معروف تھی، اور صحابی کا یہ فرمانا "کنا نفعل فی زمن رسول اللهﷺ، کذا له حکم الرفع عند الجمھور"(۱۱۰) جمہور کے نزدیک یہ ممانعت تنزیہی ہے، تحریمی نہیں۔

ابن بطالؒ کا ایک خوبصورت قول ہے: "النهي عن القران من حسن الأدب فی الأکل عندالجمهور لا علی التحریم"(۱۱۱).

اسی طرح لکھتے ہیں:

جس چیز سے کتّا چاٹ جائے اسے بہا دیا جائے کیونکہ اسے کھانا جائز نہیں۔ لیکن اگر کتّا چاٹے بغیر کھائے تو اس کی بچی ہوئی چیز کو کھایا جا سکتا ہے:

"فَاِن أکل منه ولم یلغ فیه فهو کله حلال"(۱۱۲).

امام صاحب روایت کے ظاہری الفاظ پر حکم لگاتے ہوئے أکل بلا ولغ کے بعد کھانے کو حلال اور ولغ کی صورت میں حرام قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ جب کتّا کھائے گا ولغ تو لازماً ہو گا۔ یہاں ابن حزم کی ظاہریت، شریعت میں مشکلات کا باعث ہے۔ اللہ اعلم۔

۶۔ بول و براز کے وقت استقبال قبلہ اور دائیں ہاتھ سے استنجا کرنے کے متعلق لکھتے ہیں:

"ولا یجزی أحدًا أن یستنجی بیمینه ولاهو مستقبل القبلة"

اسی مسئلہ کے تحت لکھتے ہیں:

"و مسح البول بالیمین جائز، و کذلك مستقبل القبلة"(۱۱۳).

استقبال قبلہ میں تو واضح تناقض ہے اور مسح البول بالیمین میں ظاہری معنی پر جمود اختیار کیا ہے۔ کیونکہ نص میں صرف استنجاء کی ممانعت ہے جبکہ بول کو دایاں ہاتھ لگانے میں اس لئے کوئی حرج نہیں کیونکہ اس کا ذکر نص میں نہیں ہے۔ حالانکہ استنجاء بالیمین کی ممانعت بھی غلاظت کی وجہ سے ہے۔ بول میں ناپاکی بالاولیٰ زیادہ واضح ہے۔ ورنہ حدیث میں تو شرمگاہ کو بضعۃ کہا گیا ہے جس کی بنا پر وضو بھی نہیں (۱۱۴)۔

کبھی کوئی مسئلہ اپنے مقام سے رہ جائے تو بعد کے ابواب میں اس کا استدراک کرتے ہیں جیسے کتاب البیوع سے یہ مسئلہ تھا کہ زمین خریدنے پر اس میں موجود عمارت اور درخت بھی ساتھ ملتے ہیں، اس کو احکام السلم کے آخر میں درج کرتے ہیں (۱۱۵)۔

ابن حزم کی بعض آراء فقہ اسلامی میں بڑی وسعت کا سبب بھی بنی ہیں ہے جیسے مرضعہ پر روزہ فرض ہی نہیں تو قضا بھی نہیں (۱۱۶)۔

ایسے ہی بھوک اور پیاس کی شدت کی وجہ سے روزہ توڑنے والے پر بھی کفارہ و قضاء نہیں (۱۱۷)۔

چند مسائل میں کچھ سہو و تناقض کے سوا مجموعی طور پر یہ کتاب فقہ الکتاب و الحدیث، اسلاف (صحابہؓ، تابعین ائمہ کرام) کے اقوال اور ان کے دلائل میں ایک انسائیکلوپیڈیا کا مقام رکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مولف کو جزائے خیر عطا فرمائے اور علماء کو اس سے استفادہ کی توفیق بخشے۔ آمین۔

حوالہ جات وحواشی

۱۔ ابن ندیم، ابوالفرج محمد بن اِسحاق الوراق، کتاب الفهرست، تحقیق: رضا تجدد، منشورات نور محمد، اصح المطابع، کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ کراچی، س ن، ص:۲۷۱۔

۲۔ کتانی، محمد المنتصر باللہ بن محمد زمزمی(م۱۴۱۹ھ)، معجم فقه ابن حزم الظاهری، دارالکتب العلمیہ بیروت، ۲۰۰۹ء، ص:۱۵، مقدمہ۔

۳۔ حمیدی، محمد بن ابی نصر اندلسی(م۴۸۸ھ)، جذوة المقتبس فی ذکر ولاة الاندلس، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ط/الاولی، ۱۴۱۷ھ/۱۹۹۷ء، ص:۲۷۷(ت۲۰۸)، ضبی، احمد بن یحیٰی بن احمد بن عمیرة(م۵۹۹ھ) بغية الملتمس فی تاریخ رجال أهل الاندلس، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ط/اولی، ۱۴۱۷ھ/۱۹۹۷ء، ص:۳۶۴ (ت۱۲۰۵)، ابن بشکوال، ابو القاسم خلف بن عبدالملک(م۵۷۸ھ)، کتاب الصلة فی تاریخ ائمة الاندلس، ناشر: عزت العطار، قاهرة، ۱۹۸۹ء، ص:۲/۴۱۶، یاقوت الحموی، معجم الادباء، مصر، ۱۹۲۸ء، ص:۱۲/۲۳۷۔

مقالہ نگار کا غیر مطبوع Ph.D مقالہ بعنوان "امام ابن حزم کا فقہی منہج، استنباط واستخراج، ایک تنقیدی مطالعہ، (جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد، سیشن ۱۲-۲۰۰۹ (B))

۴،۵۔ ابن فرضی، ابو الولید عبداللہ بن محمد بن یوسف ازدی (م۴۰۳ھ)، تاریخ علماء الاندلس، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ط/اولی، ۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء، حمیدی، جذوة المقتبس، الضبی، بغية الملتمس، ابن بشکوال، کتاب الصلاة، ذہبی، سیر اعلام النبلاء، تحقیق: شعیب ارناؤط، مؤسسة الرسالہ، بیروت، ط/ثانیہ، ۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء، مقالہ نگار کا Ph.D مقالہ۔

۶۔ ابن حزم، رسالة المفاضلة بين الصحابة، مقدمة تحقیق: سعید افغانی، دارالفکر، بیروت، ط/ثانیہ، ۱۹۶۹، ص: ۴۷تا۶۰، ابن حزم، کتاب الدرة فیما یجب اعتقاده، مقدمہ تحقیق، احمد بن ناصر وسعید بن عبدالرحمٰن، مطبعہ مدنی قاهرة، ط/اولی، ۱۴۰۸ھ/۱۹۸۸ء، ص:۸۹، اسماعیل رفعت فوزی، منهج ابن حزم فی الاحتجاج بالسنة، دارالوفاء، مصر، ط/اولیٰ ۲۰۰۹ء، ص:۵۶، مجید خلف منشد، ابن حزم الاندلسی ومنهج فی دراسة العقائد والفرق الاسلامية، دار ابن حزم، بیروت، ط/اولی، ۱۴۲۲ھ/۲۰۰۲ء، ص:۹۳، عویس، عبدالحلیم، سیرت حافظ ابن حزم الاندلسی، (مترجم، رئیس احمد ندوی) جامعہ سلفیہ بنارس، ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء، ص:۱۲۲۔

۷۔ طرسوسی، نجم الدین، تحفة الترك فيما يجب أن يعمل فی الملك، تحقیق: عبدالکریم حمداوی، ط/ثانیہ، س ن، ص:۸۶۔

۸۔ ظاهري، ابوعبدالرحمٰن بن عقیل، ابن حزم خلال الف عام، دار الغرب الاسلامی، بیروت، ط/الاولیٰ، ۱۳۹۹ھ/۱۹۸۲ء، ص:۱/۱۴۹، ذہبی، تاريخ الإسلام و وفيات مشاهير الأعلام، تحقيق: ڈاکٹر عمر تدمیری، دارالکتاب العربی، بیروت، ط/اولیٰ، ۱۴۰۷ھ ص۳/۴۰۶، ذہبی، سیر اعلام النبلاء، ص: ۱۸/۱۹۴۔

۹۔ بغدادی، اسماعیل پاشا، ایضاح المکنون فی الذیل علی کشف الظنون، دارالکتب العلمیہ، بیروت،۱۴۱۳ھ، ص ۴/۴۴۴، عمر رضا کحالۃ،معجم المولفین، مکتبہ المثنی، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ص: ۷/۱۶، بغدادی، اسماعیل پاشا،ھدیۃ العارفین فی أسماء المؤلفین و آثار المصنفین، استنبول، س ن، ص: ۵/۶۹۰، فاسی، علی بن محمد بن القطان، بیان الوھم والإیھام فی کتب الأحکام، تحقیق: ڈاکٹر الحسین آیت سعید،دار طیبہ، ریاض، ط/اولیٰ، ۱۴۱۸ھ ص: ۲/۳۱۲، عسقلانی،ابن حجر، تجرید أسانید الکتب المشھورۃ، أوالمعجم المفھرس، تحقیق:محمد المیادینی، مؤسسۃ رسالہ، بیروت، ط/اولیٰ، ۱۴۱۸ھ، ص:۱۶۵۔

۱۰۔ حاجی خلیفہ، مصطفی بن محمد المعروف بالکاتب الجلبی، کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون، منشورات مکتبۃ المثنی، بغداد، س ن، ص:۲/۱۶۱۷۔

۱۱۔ بلیاوی، ابو الفضل مولانا عبدالحفیظ، مصباح اللغات، مکتبہ قدوسیہ، لاہور، ۱۹۹۹ء، ص:۱۷۳۔

۱۲۔ ابن حزم، المحلی، تحقیق:احمد محمد شاکر، دارالتراث، القاھرۃ، ص: ۱۰/۴۰۱ (مسئلہ ۲۰۲۴)۔حاشیہ میں درج ہے کہ ان کے بیٹے نے آگے سے الایصال سے اختصار کیا ہے۔

۱۳۔ ابن حزم، المحلی، ص: ۱/۲ ۔

۱۴،۱۵۔ کتانی، معجم فقہ ابن حزم الظاھری، ص:۱/۵۵۔

۱۶۔ کتانی، عبدالحی، فھرس الفھارس والاثبات ومعجم المعاجم المشیخات، تحقیق: ڈاکٹر احسان عباس، دارالعرب الاسلامی، بیروت، ط/الثانیۃ، ۱۴۰۲ھ، ص:۳/۲۴۵۔

۱۷۔ ظاھری، ابن حزم خلال الف عام، ص: ۱/۱۵۲۔

۱۸۔ ذہبی ،سیر اعلام النبلاء، ص: ۲۳/۴۸۔

۱۹۔ شہری، ضیف اللہ بن عامر بن سعید شہری، الزامات ابن حزم الظاھری فقھاء المذاھب الاربعۃ فی کتاب الطھارۃ من المحلی، ص: ۵۳،جامعہ ام القریٰ، کلیہ شریعہ میں ڈاکٹریٹ کا غیر مطبوع مقالہ ہے جسے ۱۴۳۱ھ -۱۴۳۲ھ میں پیش کیا گیا۔

۲۰۔ فیروز آبادی، مجد الدین محمد بن یعقوب(م۸۱۷ھ)، البلغۃ فی تراجم أئمۃ النحو واللغۃ، تحقیق: محمد مصری، جمعیۃ احیاء التراث الاسلامی، کویت، ط/اولیٰ، ۱۴۰۷ھ، ص: ۱۸۵، عسقلانی، الدرر الکامنۃ فی أعیان المائۃ الثامنۃ، تحقیق: ڈاکٹر عبدالمعید خان، دائرہ معارف عثمانیہ، الھند، ط/ثانیہ، ۱۹۷۲ء، ص: ۶/۶۰، حاجی خلیفہ، کشف الظنون، ص:۲/۱۶۱۷، بغدادی، اسماعیل پاشا، ھدیۃ العارفین، ص: ۶/۱۵۲۔

۲۱۔ ذہبی ، معرفۃ القراء الکبار علی الطبقات والاعصار، ص: ۲/۷۲۳۔

۲۲،۲۳۔ ظاھری، ابن حزم خلال الف عام، ص: ۱/۱۵۱،۱۵۳۔

(۲۳ب)۔ کتبی، محمد بن شاکر، فوات الوفیات، تحقیق: علی معوض، عادل عبد الموجود، دارالکتب العلمیہ، بیروت،ط/الاولیٰ ۲۰۰۰ء، ص: ۲/۳۰۶۔

۲۴۔ بغدادی، هدية العارفين، ص:۶/۱۵۵، صدیق حسن خان، أبجد العلوم، دارالکتب العلمیہ، بیروت،۱۹۷۸ء، ص: ۳/۹۹، صفدی، صلاح الدین خلیل بن ایبک، الوافی بالوفیات، داراحیاء التراث، بیروت،۱۴۲۰ھ، ص: ۲/۱۱۵۔

۲۵۔ ابن ملقن، سراج الدین، البدر المنیر فی تخریج الاحادیث والآثار الواقعة فی الشرح الکبیر، دار الہجرۃ، ریاض، ط/اولیٰ،۱۴۲۵ھ، ص:۵/۶۶۲، عسقلانی، لسان المیزان، مؤسسۃ الاعلمی للمطبوعات، بیروت، ط/ثانیۃ ۱۳۹۰ھ، ص:۴/۱۹۹، ظاہری،ابن حزم خلال الف عام، ص: ۱/۱۵۲۔

۲۶۔ ذہبی، تاريخ الإسلام و وفيات مشاهير والاعلام، ص: ۴۶/۷۰، قضاعی، محمد بن عبداللہ، التکملة لکتاب الصلة، تحقیق: عبدالسلام ہراس، دارالفکر، بیروت،۱۴۱۵ھ، ص: ۳/۱۲۵۔

۲۷۔ ظاھري،ابن حزم خلال الف عام، ص: ۱/۱۵۲ ۔

۲۸۔ بغدادی،هدية العارفين، ص: ۵/۶۱۰، کتانی،فهرس الفهارس، ص: ۲/۹۶۲۔

۲۹۔ عسقلانی،الدررالکامنة، ص: ۳/۱۹۸۔

۳۰۔ قضاعی، التکملة لکتاب الصلة، ص:۴/۵۱۴، بغدادی،ايضاح المكنون، ص: ۴/۵۱۴ وهدية العارفين، ص: ۶/۱۱۱، ظاہری،ابن حزم خلال الف عام، ص: ۱/۱۵۲۔

۳۱۔ ذہبی، سير أعلام النبلاء، ص ۲۲/۳۱۱، ابن فرحون مالکی، برھان الدین، الديباج المذهب فی معرفة أعيان علماء المذهب، تحقیق: مامون بن محی الدین، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ط/اولیٰ، ۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء، ص:۵/۹۶۔

۳۲۔ المحلی، مسائل: ۲۶۶، ۸۳۵، ۱۰۹۸، ۱۳۹۴۔

۳۳۔ المحلی، ص:۱/۵۴تا۵۵(مسائل: ۹۶تا۹۹)، ابن حزم،الاحکام فی اصول الاحکام، دارالحدیث بجوار ادارۃ الازھر، ط/اولیٰ، ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء ص:۱/۵۲۵، ابن حزم، مراتب الاجماع فی العبادات والمعاملات والاعتقادات، دارالکتب العلمیہ، بیروت، س ن۔

۳۴۔ المحلی، ص:۵/۶۵ (مسئلہ: ۵۲۹) ص: ۷/۵۰ (مسئلہ: ۸۱۳)، ص:۹/۴۴۵ (مسئلہ: ۱۸۱۷)، ص: ۱۰/۱۴ (مسئلہ: ۱۸۶۹)۔

۳۵۔ المحلی، ص:۱/۱۸۸(مسئلہ:۱۳۹)، ص:۲/۱۶۴(مسئلہ:۲۵۴)، ص:۳/۱۲۲(مسئلہ: ۳۱۵)، ص:۶/۱۰۷ (مسئلہ: ۶۹۹)۔

۳۶۔ ایضاً، ص:۱/۸۲(مسئلہ: ۱۱۳) ۔

۳۷۔ ایضاً، ص:۲/۱۶۴(مسئلہ: ۲۵۴)، ۳/۹۰(مسئلہ: ۲۹۹)، ص:۴/۱۲(مسئلہ: ۳۸۵)۔

۳۸۔ ایضاً، ص:۲/۱۸۲(مسئلہ: ۲۶۰)، ۴/۱۷۲، ۱۷۳(مسئلہ: ۴۷۳)، ص:۴/۲۲۶(مسئلہ: ۴۹۴)۔

۳۹۔ ایضاً، ص:۶/۴۰، ۴۲ (مسئلہ: ۶۷۴)۔

۴۰۔ ایضاً، ص:۲/۱۸۲(مسئلہ: ۲۶۰)، ص:۳/۱۲۴(مسئلہ:۳۱۵)، ص:۴/۹۲ (مسئلہ: ۴۴۲)، ص: ۴/۱۳۸(مسئلہ:۴۵۹)، ص:۵/۲۷۸ (مسئلہ: ۶۷۲)۔

۴۱۔ ایضاً، ص: ۱۰/۴۵۲(مسئلہ: ۲۰۵۵)۔

۴۲۔ ایضاً، ص:۴/۹۵(مسئلہ: ۴۴۳)، ص:۴/۱۱۹(مسئلہ: ۴۵۱)۔

۴۳۔ ایضاً، ص:۷/۱۰۴، ۱۰۵(مسئلہ:۸۳۳)۔

۴۴۔ ایضاً، ص: ۷/۱۰۳(مسئلہ: ۸۳۲)۔

۴۵۔ ایضاً، ص:۴/۹۴(مسئلہ: ۴۴۲)، ص:۱۱/۱۱۴(مسئلہ: ۲۱۵۹)۔

۴۶۔ ایضاً، ص:۷/۱۰۰(مسئلہ: ۸۳۳)۔

۴۷۔ ایضاً، ص:۳/۱۳۱، ۱۳۵(مسئلہ: ۲۲۱)، ص:۴/۶(مسئلہ: ۳۸۰) ۔

۴۸۔ ایضاً، ص:۴/۹۲(مسئلہ: ۴۴۲)، ص:۶/۵۷(مسئلہ: ۶۸۱)، ص: ۹/۴۵۳(مسئلہ: ۱۸۲۱)۔

۴۹۔ ایضاً، ص:۴/۲۴(مسئلہ: ۶۴۱)۔

۵۰۔ ایضاً، ص:۴/۲۴(مسئلہ: ۳۹۲)۔

۵۱۔ ایضاً، ص:۹/۴۵۲(مسئلہ: ۱۸۲۱)۔

۵۲۔ ایضاً، ص:۲/۸۳(مسئلہ: ۲۱۲)، ص:۳/۲۵۹(مسئلہ: ۳۶۹)، ص:۱۱/۲۲۶(مسئلہ: ۲۱۹۹)۔

۵۳۔ ایضاً، ص: ۱۱/۲۷۸ (مسئلہ: ۲۲۳۱)، ص:۱۱/۲۴۹ (مسئلہ: ۲۲۱۲)، ص:۱۱/۲۷۷ (مسئلہ:۲۲۳۱)، ۳/۱۵۱(مسئلہ: ۲۱۷۸)، ص:۶/۱۵ (مسئلہ: ۶۷۳) ۷/۸۶ (مسئلہ: ۸۲۵)، ۱۱/۱۵۸(مسئلہ: ۲۱۸۲)، ص: ۱۱/۲۴۶(۲۲۰۹)۔

۵۴۔ ایضاً، ص:۱۱/۲۸۶(مسئلہ ۲۲۳۸)۔

۵۵۔ ایضاً، ص: ۳/۹۴، ۹۵(مسئلہ: ۳۰۱)، ۴/۹۵(مسئلہ: ۴۴۳)۔

۵۶۔ ایضاً، ص: ۷/۱۰۵(مسئلہ: ۸۳۳)۔

۵۷۔ ایضاً، ص: ۹/۵۲۰ (مسئلہ: ۱۸۵۵)۔

۵۸۔ ایضاً، ص: ۳/۱۹۹ (مسئلہ: ۳۴۱)۔

۵۹۔ ایضاً، ص: ۵/۵ (مسئلہ: ۵۱۳) و۶/۲۴۴ (مسئلہ: ۷۶۲)۔

۶۰۔ ایضاً، ص: ۵/۲۲۰ (مسئلہ: ۶۴۱)۔

۶۱۔ ایضاً، ص: ۶/۲۴۳ (مسئلہ: ۷۶۲)، ص: ۷/۴۹۲ (مسئلہ: ۱۰۹۸)۔

۶۲۔ ایضاً، ص: ۹/۳۷۹ (مسئلہ: ۱۷۸۳)۔

۶۳۔ **ابن الفرضی**، تاریخ علماء الاندلس، ص: ۱۱۵ (ت۳۹۸)۔

۶۴۔ **ابن حزم**، المحلی، ص۱۱/۴۰۲ (مسئلہ: ۲۳۰۵)۔

۶۵۔ **الکتانی**، معجم فقه ابن حزم الظاهری، ص: ۲۸۔

۶۶۔ یہ رسالہ **جوامع السیرۃ**، کے ساتھ ص۳۱۹-۳۳۵ڈاکٹر احسان عباس کی تحقیق سے، احیاء السنۃ، گرجاکھ، گوجرانوالہ سے چھپا ہے۔

۶۷۔ **ابن خلکان**، وفیات الاعیان، ص: ۴/۱۳۔

٦٨۔ ابن حزم،الاحکام،ص: ۲/۸۷-۹۷وجوامع السیرۃ،ص: ۳۱۹-۳۳۵۔

٦٩۔ عبدالحلیم عویس،سیرۃ حافظ ابن حزم الاندلسی،ص: ۱۹٦۔

۷۰۔ ابن حزم،الاحکام،دارالحدیث بجوار ادارۃ الازھر، ط/اولیٰ۔۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء، ص: ۱/۱۰۰۔

۷۱۔ ابن حزم،المحلی، ص: ۹/۱۰۱ (مسئلہ: ۱٦۱۱) و۱۰/۳۳۳ (مسئلہ: ۲۰۱٦)۔

۷۲۔ عبدالعزیز بن عبدالسلام بن أبی القاسم، ابو محمد عزالدین سلمی، شافعی، امام، فقیہ، مجتہد، سلطان العلماء کے لقب سے معروف۔ ان کی کئی تصانیف ہیں جن میں مشہور ترین "القواعد الکبری" ہے(سبکی،طبقات الشافعیۃ الکبری،ص: ۸/۲۰۹، قاضی ابن شہبہ،طبقات الشافعیۃ،ص: ۲/۱۰۹۔

۷۳۔ عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامہ، موفق الدین ابو محمد مقدسی، حنبلی، مجتہد، صاحب المغنی (ابن رجب حنبلی،ذیل طبقات الحنابلۃ، ص: ۳/۲۸۱،ابن مفلح،برھان الدین،المقصد الأرشد فی ذکر أصحاب الإمام أحمد،ص: ۲/۱۵۔

۷۴۔ ایضاً،ص:۲/۵٦ (مسئلہ: ۲۰۰)۔

۷۵۔ بخاری،الجامع الصحیح، کتاب الوضوء، باب غسل الرجلین ولا یمسح علی القدمین،(ح: ۱٦۳)، مسلم، الجامع الصحیح، کتاب الطھارۃ، باب وجوب غسل الرجلین بکمالھما، (ح:۵٦٦)، جامع الترمذی (ح: ۴۱)، سنن ابی داؤد(ح:۹۷)، سنن النسائی(ح:۱۱۱)،سنن ابن ماجہ (ح:۴۵۱)۔

۷٦۔ ابن حزم،المحلی، ص: ۲/۱۷۴ (مسئلہ: ۲۵٦) و۳/۲۱۰ (مسئلہ: ۳۴۹)۔

۷۷۔ ایضاً،ص: ۳/۲۱۳ (مسئلہ: ۳۴۹)۔

۷۸۔ ایضاً،ص: ۲/۲۳۵-۲۳٦ (مسئلہ:۲۷۹)۔

۷۹۔ ایضاً،ص: ۲/۲۴۲ (مسئلہ:۲۷۹)۔

۸۰۔ ایضاً،ص: ۲/۲۳۵ (مسئلہ:۲۷۹)۔

۸۱۔ ایضاً،ص: ۸/۲۳۸ (مسئلہ:۱۳۵۰)۔

۸۲۔ ایضا،ص: ٦/۱۱۱ (مسئلہ: ۷۰۰)۔

۸۳۔ ایضاً،ص: ۹/۴٦۵ (مسئلہ:۱۸۲۸)۔

۸۴۔ ایضاً،ص: ۹/۴٦٦ (مسئلہ: ۱۸۲۸)۔

۸۵۔ ایضاً،ص: ۹/۵۱۹ (مسئلہ: ۱۸۵۴)۔

۸٦۔ البخاری، الجامع الصحیح،کتاب الذبائح والصید، باب لحوم الإنسیۃ(ح:۵۵۲۱)،مسلم، الجامع الصحیح، کتاب النکاح، باب نکاح المتعۃ،(ح: ۳۴۱۸)،سنن ابی داؤد،(ح: ۲۰۷۲)،سنن ابن ماجہ،(ح:۱۹٦۱)، مسند الحمیدی، (ح۸۴٦)، جامع الترمذی(ح:۱۷۹۴)، سنن النسائی(ح:۴۳۴۰)۔

۸۷۔ ابن حزم،المحلی،ص: ۱۰/۳۱٦-۳۱۷ (مسئلہ: ۲۰۱۱)۔

۸۸۔ ایضاً، ص: ۱۱/۳۲۷ (مسئلہ: ۲۲۶۴)۔

۸۹۔ ایضاً، ص: ۱۱/۳۳۷ (مسئلہ: ۲۲۷۳)۔

۹۰۔ ایضاً، ص: ۱۱/۳۴۳ (مسئلہ: ۲۲۷۷)۔

۹۱۔ سورۃ النساء، ۴: ۲۹۔

۹۲۔ ابن حزم، المحلی، ص: ۱۱/۴۰۴ (مسئلہ: ۲۳۰۵)۔

۹۳۔ ایضاً، ص: ۱۱/۱۱ (مسئلہ: ۲۱۱۱)۔

۹۴۔ سورۃ المائدہ، ۵: ۲۔

۹۵۔ ابن حزم، المحلی، ص: ۸/۲۷۳ (مسئلہ: ۱۳۸۴)، ص: ۸/۴۵۸ (مسئلہ: ۱۴۷۲)۔

۹۶۔ البخاری، الجامع الصحیح، کتاب الایمان، باب المسلم من سلم المسلمون(۱۰، ۶۴۸۴)، مسلم، الجامع الصحیح (ح:۱۶۲)، سنن ابی داؤد(ح: ۶۴۸۱)، سنن النسائی (ح: ۴۹۹۹)، جامع الترمذی(ح: ۲۶۲۷)۔

۹۷۔ ابن حزم، المحلی، ص: ۱۱/۲۵ (مسئلہ:۲۱۲۱)۔

۹۸،۹۹۔ ایضاً، ص: ۱۱/۲۶ (مسئلہ:۲۱۲)۔

۱۰۰۔ ایضاً، ص: ۵/۱۲۸ (مسئلہ: ۵۷۴)۔

۱۰۱۔ بخاری، صحیح، کتاب الجنائز، باب سنة الصلاة علی الجنائز(قبل الحدیث: ۱۳۲۲)، سنن الدار قطنی (ح: ۱۹۲)

۱۰۲۔ دار قطنی، العلل، تعلیق: محمد بن صالح بن محمد الدباسی، دار ابن جوزی، ط/ اولیٰ، ۱۴۲۷ھ، ص:۱۲/۲۴۸(ح: ۲۷۷۶)، ۱۳/۲۲ (ح: ۲۹۰۸)۔

۱۰۳۔ ابن حزم، المحلی، ص: ۵/۱۲۹ (مسئلہ: ۵۷۵)۔

۱۰۴۔ ایضاً، ص: ۵/۱۲۹ (مسئلہ: ۵۷۴)۔

۱۰۵۔ ایضاً، ص: ۱۰/۲۶۸ (مسئلہ: ۱۹۹۷)۔

۱۰۶۔ ایضاً، ص: ۱۰/۲۶۹ (مسئلہ: ۱۹۹۷)۔

۱۰۷۔ ایضاً، ص: ۱۰/۳۱۶-۳۱۷ (مسئلہ: ۲۰۱۱)۔

۱۰۸۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب المظالم، باب إذا أذن إنسان لآخر شیئا جاز(ح: ۲۴۵۵) و کتاب الشرکة، باب القران فی التمر بین الشرکاء حتی یستاذن أصحابه(ح: ۲۴۸۹، ۲۴۹۰) ایضاً، ص۷/۴۲۲ (مسئلہ:۱۰۱۶)۔

۱۰۹۔ ہیثمی، الحافظ نور الدین علی بن ابی بکر، موارد الظمآن الیٰ زوائد ابن حبان، دار الکتب العلمیہ، س ن، کتاب الاطعمة، باب الانصاف فی الأکل إذا کان الطعام مشترکا، (رقم: ۱۳۵۰)۔

۱۱۰۔ عسقلانی، ابن حجر، فتح الباری بشرح البخاری، دار الحدیث، القاهرة، ۱۴۲۴ھ/۲۰۰۴ء، کتاب الأطعمة، باب القران فی التمر، ص:۹/۶۵۳(رقم: ۵۴۴۶)۔

۱۱۱۔ **ایضاً**،کتاب الشرکۃ،ص:۵/۱۴۸،(رقم: ۲۴۸۹،۲۴۹۰)۔

۱۱۲۔ **ایضاً**،ص: ۷/۴۲۲ (مسئلہ: ۱۰۱۹)۔

۱۱۳۔ **ایضاً**،ص: ۱/۹۵،۹۸(مسئلہ:۱۲۲)۔

۱۱۴۔ **ابو داؤد**،السنن،کتاب الطھارۃ، باب الرخصۃ(ح: ۱۸۲،۱۸۳)،جامع الترمذی(ح: ۸۵)، سنن ابن ماجہ (ح:۴۸۳)، صحیح ابن حبان،(ح:۱۱۱۹)، **احمد**،مسند،ص: ۴/۲۳۔

۱۱۵۔ **ابن حزم**،المحلی،ص: ۹/۱۱۵ (مسئلہ: ۱۶۲۴)۔

۱۱۶۔ **ایضاً**،ص: ۷/۴۲۲ (مسئلہ: ۱۰۱۹)۔

۱۱۷۔ **ایضاً**،ص:۶/۲۲۹(مسئلہ:۷۵۵)۔

سر سید احمد خان کا تصور معجزات

Sir Sayyid Ahmad Khan's Concept of Miracle

پروفیسر ڈاکٹر محمد ارشد قیوم*

Abstract

Sir Syed Ahmed Khan (1817 – 1898) says that in the history of Prophets the incidents which were regarded as miracles were not miracles, but happening which took place according to the natural laws. He says if miracles can be traced back the causes, they are subject to natural laws and not miracles. According to him nothing happens which is against the law of nature. He rejects miracles not because they are contrary to reason but because Quran does not lend to support to miracles He denies that the Prophets could perform miracles, even Muhammad (PBUH) who was the greatest of the Prophets, was not given any power to perform miracles. According to him miracles are not testimony of Prophet hood.

سر سید احمد خان نے مسئلہ معجزات میں جمہور سے اختلاف کیا ہے۔ وہ اپنی تفسیر میں اپنے موقف کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں، جو تین نکات پر مشتمل ہے:

۱- معجزہ (خارق عادت و فطرت) کا وقوع ناممکن ہے اور قرآن میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں [۱]۔

۲- یہ دلیل نبوت نہیں [۲]۔

۳- قرآن مجید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی معجزہ کے صادر ہونے کا کوئی ذکر نہیں [۳]۔

نکتہ اول کہ "معجزہ کا وقوع ناممکن ہے"، وہ اس طرح بیان کرتے ہیں کہ خرق عادت کے دو معنی

---

* پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج غازی، ہری پور، پاکستان۔

ہوسکتے ہیں، ایک یہ کہ جو امر ہمیشہ عادت مستمرہ کے مطابق ہوتا رہتا ہے وہ اس کے خلاف ہوجائے۔ مثلاً آسمان سے بارش کی جگہ خون کے مشابہ کوئی چیز برسے یا اولوں کی جگہ پتھر گریں۔ اور دوسرے معنی میں معجزہ سے مراد وہ خارق فطرت (Super Natural) لیتے ہیں، کہ کوئی امر اللہ کی بنائی ہوئی فطرت کے خلاف ہو[۴]۔

پہلے مفہوم کے اعتبار سے وہ معجزہ کے ممکن الوقوع ہونے کا اقرار کرتے ہیں، لیکن ان کا یہ اقرار لفظی حد تک ہی ہے، حقیقتاً وہ اس کا انکار کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ "---ایسے امر پر خارق عادت کا اطلاق ہوسکتا ہے۔ لیکن حقیقتاً یہ خارق عادت نہیں ہوتا کہ اس کا وقوع اسباب کے جمع ہونے پر منحصر ہے۔ اور جو امر اسباب سے ہو وہ خارق عادت نہیں ہوتا"[۵]۔

اپنے اس موقف کو وہ عقلی طور پر مثالوں سے ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ عادت یہ ہے کہ شیشہ بلندی سے گر کر ٹوٹ جاتا ہے، لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ بلندی سے گرنے کے باوجود شیشہ نہیں ٹوٹتا۔ ظاہراً تو یہ خارق عادت ہے لیکن حقیقتاً خارق عادت نہیں کہ ایسے اسباب موجود تھے کہ شیشہ ٹوٹنے سے محفوظ رہا۔ اور جو امر اسباب کے تحت ہو وہ خارق عادت نہیں موافق عادت ہوتا ہے۔ لہذا یہ مجازاً تو خرق عادت ہوگا لیکن حقیقتاً نہیں[۶]۔

دوسری مثال وہ اس طرح بیان کرتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی کو آنکھ بھر کر دیکھے اور وہ بے ہوش ہوجائے۔ یا کسی اندھے کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرنے سے وہ بینا ہوجائے، یا کسی بہرے کے کانوں میں انگلیاں ڈالے اور وہ سننے لگ جائے تو یہ امور ظاہراً خارق عادت ہیں، لیکن حقیقتاً خارق عادت اس لیے نہیں کہ انسانوں میں کوئی ایسی قوت موجود ہے جس سے اس طرح کے کام ہوسکتے ہیں۔ جو شخص بھی اس قوت کو کام میں لانے کے قابل ہوجائے اس سے اس طرح کے کام ظاہر ہوسکتے ہیں۔ اور ضروری نہیں کہ ایسے امور کے وقوع کے اسباب سے ہم آگاہ ہوں۔ لیکن اس قوت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ یہ وہی قوت ہے جس پر عصری علوم "مزمرزم" وغیرہ کی بنیاد قائم کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ "---مگر جب وہ ایک قوت ہے قوائے انسانی میں سے، اور ہر ایک انسان میں بالقوہ موجود ہے جیسے کتابت تو اس کا کسی انسان میں ہونا معجزہ میں داخل نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ وہ فطرت انسانی میں سے انسان کی ایک فطرت ہے"[۷]۔

سر سید معجزہ صرف اسی کو کہتے ہیں جو خلافِ قانونِ قدرت ہو، وہ کہتے ہیں کہ "جب تک خرقِ عادت کے دوسرے معنی یعنی خلافِ قانون قدرت کے نہ لیے جاویں اس وقت تک کسی واقعہ کا وقوع بطور معجزہ و کرامت کے تسلیم نہیں ہو سکتا"(۸)۔

لیکن ساتھ ہی وہ ایسے واقعہ کے وقوع کو خارج از امکان قرار دے کر معجزہ سے یوں انکار کر دیتے ہیں کہ "معجزہ یا خارق عادت چونکہ قانون قدرت کے خلاف ہوتا ہے، اگر اس کو تسلیم کر لیا جائے تو پھر قانون قدرت میں تبدیلی تسلیم کرنی پڑتی ہے، جب کہ اس میں کسی طرح کی تبدیلی نہیں ہو سکتی، نہ اللہ اس میں تبدیلی کرتا ہے اور نہ کرے گا، کیونکہ قانونِ قدرت اللہ کا عملی وعدہ ہے کہ اسی طرح ہوا کرے گا، اور اگر کوئی واقعہ اس کے خلاف وقوع پذیر ہو جائے تو اللہ کی ذات پر وعدے کی خلاف ورزی اور جھوٹ لازم آتا ہے جو محال ہے"(۹)۔

وہ اپنے اس مسلک کو عقل و نقل سے ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ عقلی دلائل دیتے ہوئے وہ کہتے ہیں کہ معجزات کو تسلیم کرنا خلاف عقل ہے۔ کیونکہ عقل قوانین قدرت کو اٹل ثابت کرتی ہے۔ اور معجزات وخوارق کے تسلیم سے اس اٹل قانونِ فطرت کی نفی ہوتی ہے، جو خلاف عقل ہے(۱۰)۔

ان کی دوسری دلیل یہ ہے کہ خارق عادت (معجزہ و کرامت) توحید کے خلاف ہے، کیونکہ ان پر ایمان سے اللہ کی قدرت اور فاعلیت میں غیر کی شرکت کا شائبہ پیدا ہوتا ہے، جو اللہ کی صفات میں وحدانیت کو نامکمل کر دیتا ہے۔ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر کسی لاؤ لپٹ کے معجزات کے مطالبے کے جواب میں صاف صاف فرمادیا تھا کہ ﴿سُبْحَانَ رَبِّي هَلْ كُنْتُ إِلَّا بَشَرًا رَسُولًا﴾(۱۱) (میرا رب پاک ہے میں صرف ایک پیغام پہنچانے والا انسان ہوں)۔

تیسری دلیل وہ یوں دیتے ہیں کہ خوارق عادت پر اعتقاد، ضعیف الاعتقادی، توہم پرستی، قبر پرستی اور پیر پرستی کو جنم دیتا ہے۔ اور مکار و دھوکہ باز سادہ لوح عوام کے دلوں میں اپنی جھوٹی کرامتوں کا نقش بٹھا کر ان کے عقیدے کو خراب کر دیتے ہیں۔ اور اس کا ثبوت پیر پرست لوگوں کے حالات سے بخوبی حاصل ہے جو اس وقت موجود ہیں۔ اور صرف معجزہ و کرامت کے خیال نے ان کو پیر پرستی اور گور پرستی کی رغبت دلائی ہے، اور خدائے قادر مطلق کو چھوڑ کر دوسروں کی طرف رجوع کر لیا ہے۔ اور غیر اللہ کے نام پر منتیں ماننا، نذر و نیاز چڑھانا ان کے نام کے نشانات بنانا اور ان کے نام پر جانور قربان کرنا سکھایا ہے(۱۲)۔

نقلی دلائل دیتے ہوئے سرسید قرآنی آیات کا حوالہ دیتے ہیں کہ اللہ کا فرمان ہے کہ ﴿لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ﴾[١٣] (اللہ کی بنائی ہوئی (فطرت) میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا) ﴿فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَحْوِيلًا﴾[١٤](سو تم اللہ کی عادت میں ہرگز تبدیلی نہ پاؤ گے اور اللہ کے طریقے میں کبھی تغیر نہ دیکھو گے) ﴿سُنَّةَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا﴾[١٥]((یہی) اللہ کی عادت ہے جو پہلے سے چلی آتی ہے۔ اور تم اللہ کی عادت کبھی بدلتی نہ دیکھو گے)۔ ﴿قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَى شَاكِلَتِهِ﴾[١٦] (کہہ دیجیے کہ ہر شخص اپنے طریق کے مطابق عمل کرتا ہے)۔

ان آیات سے سرسید یہ استدلال کرتے ہیں کہ "اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی، اور نہ ہی سنت اللہ بدل سکتی ہے، جس کی جو جبلت بنادی گئی ہے وہ اسی طرح عمل کر رہا ہے"[١٧]۔ اپنے موقف کو تقویت دینے کے لیے وہ مزید آیات بھی پیش کرتے ہیں کہ ﴿إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ﴾[١٨] (اور ہم نے ہر چیز اندازہ مقرر کے ساتھ پیدا کی ہے) ﴿وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ﴾[١٩] (اور ہر چیز کا اس کے ہاں ایک اندازہ مقرر ہے) اور ﴿وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا﴾[٢٠] (اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کا ایک اندازہ ٹھہرایا)۔

وہ ان آیات سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ "اللہ نے ہر چیز کو پیدا کر کے اس کا ایک اندازہ و حد مقرر کر دی ہے۔ وہ چیز اس اندازے سے نہ بڑھتی ہے نہ ہی کم ہوتی ہے اور یہی اندازہ قانون قدرت ہے"[٢١]۔

ان کا یہ بھی خیال ہے کہ قرآن مجید میں کسی معجزے کا ذکر نہیں اور اپنے اسی خیال کو وہ اپنے مسلک کے حق میں بطور دلیل پیش کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ "حکماء و فلاسفہ نے معجزات کا انکار کسی وجہ سے کیا ہو، مگر ہمارا انکار صرف اس بناء پر نہیں کہ وہ مخالف عقل کے ہیں، اور اس لیے ان سے انکار ضرور ہے، بلکہ ہمارا انکار اس بناء پر ہے کہ قرآن مجید سے معجزات و کرامات یعنی ظہور امور کا بطور خارق عادت یعنی خلاف فطرت یا خلاف جبلت یا خلاف خلقت یا خلاف قدرۃ اللہ التی قدرہا اللہ کے امتناع پایا جاتا ہے"[٢٢]۔

خارق عادت کے ممکن الوقوع ہونے کے مسئلہ میں مسلم متکلمین مختلف الآراء ہیں۔ رازی نے اپنی تفسیر میں آیت ﴿فَأَلْقَى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُبِينٌ﴾[٢٣] کی تفسیر کے ضمن میں اس اختلاف کو بیان کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ "واعلم أن القول بتجويز انقلاب العادات عن مجاريها صعب مشكل والعقلاء اضطربوا فيه"[٢٤] کہ انقلاب عادات جاریہ (خرق عادت) کا قائل ہونا مشکل ہے اور ارباب عقل اس میں مضطرب ہیں۔ پھر وہ اس

مسئلہ میں اہل علم کے اختلاف کا تذکرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ "وحصل لأهل العلم فيه ثلاثة أقوال"[۲۵] کہ اہل علم سے اس مسئلہ میں تین قول منقول ہیں۔

قول اول اشاعرہ کا ہے کہ وہ ہر طرح کے خرق عادت کے قائل ہیں۔ حتیٰ کہ وہ اس کے بھی قائل ہیں کہ اندلس میں بیٹھا ہوا اندھارات کے اندھیرے میں مشرق بعید کے کسی علاقے کو دیکھ لے۔ دوسرا قول فلاسفہ کا ہے کہ وہ خرق عادت کے علی الاطلاق منکر ہیں۔ اور تیسرا قول معتزلہ کا ہے کہ وہ بعض حالات میں خرق عادت کے وقوع کے قائل ہیں اور بعض میں منکر[۲۶]۔

فلاسفہ کے انکار کی بنیاد سلسلہ اسباب وعلل کو اٹل تسلیم کرنا ہے۔ ان کے نزدیک ذات واجب الوجود علتِ اولیٰ یا عقل اول کی علت تامہ ہے۔ اور علت تامہ سے معلول کا تخلف نہیں ہوتا بلکہ اس سے اضطراراً بلا قصد وارادہ پیدا ہوتا ہے۔ مثلاً جس طرح آفتاب کی روشنی علت تامہ ہے کہ آفتاب نکلنے سے روشنی کا ظہور لازمی ہوگا، یہ الگ بات ہے کہ کبھی بعض مواقع کی وجہ سے یہ روشنی ہمیں نظر نہ آئے۔ اس روشنی کا صدور سورج کے قصد وارادہ سے نہیں بلکہ مجبوراً ہوتا ہے۔ اسی طرح عقل اول کے پیدا ہونے کے بعد عالم کائنات کا تمام کارخانہ باہمی سلسلہ علت ومعلول سے خود بخود پیدا ہونے لگا اور تمام عالم ایک ایسے نظام میں بند ہو گیا ہے کہ اب خالق اول کو اس میں مداخلت کی قدرت ہی نہیں ہے[۲۷]۔

فلاسفہ نے یہ نظریہ اختیار تو کر لیا لیکن مشکل یہ پیش آئی کہ ان واقعات کی کیا توجیہہ کی جائے جن کا کوئی ظاہری سلسلہ علل ومعلول نہیں۔ اور تجربہ ومشاہدہ ان کے وقوع کا انکار بھی نہیں کر سکتا۔ ایک طرف سلسلہ علل ومعلول سے اللہ مجبور محض ہو جاتا ہے، اور دوسری طرف خرق عادت بھی رونما ہوتے ہیں۔ اس مشکل سے نکلنے کے لیے انہوں نے اسباب وعلل خفیہ کا سہارا لیا۔ اور یہ کہا کہ معجزہ اسبابِ خفیہ کی بناء پر صادر ہوتا ہے۔ جب اس کے اندرونی طبعی اسباب وعلل موجود ہوتے ہیں تو وہ خرق عادت نہیں رہتا اور نہ ہی معمولی نظام عالم میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے[۲۸]۔

فلاسفہ کے اس نظریہ پر جو اعتراضات واقع ہوئے ہیں ان کے پاس ان اعتراضات کا کوئی جواب نہیں۔

اول یہ کہ کائنات کے جو علل واسباب اور اشیاء کے جو خواص اب تک دریافت ہوئے ہیں کیا وہ نظام کائنات کو چلانے کے لیے کافی ہیں؟ اور دوم یہ کہ کیا کائنات کے سارے اسرار ورموز دریافت ہو چکے ہیں۔ اور کائنات کی ہر چیز کی علت وخاصیت معلوم ہو چکی ہے؟

حقیقت یہ ہے کہ جن اشیاء تک انسان کی اب تک رسائی ہوئی ہے۔ اور اس نے ان کے متعلق جو علم حاصل کیا ہے، وہ اسی حد تک ہے کہ وہ چیزیں کس طرح کام کرتی ہیں؟ یا وہ کیا ہیں؟ وہ ایسی کیوں ہیں، اس کا جواب کسی کے پاس بھی نہیں۔ خود انسان اپنے اندر ہونے والے اعمال کے "کیوں" کا جواب نہیں دے سکتا۔ کہ دل کیوں دھڑکتا ہے؟ پھیپھڑے کیوں سانس لیتے ہیں؟ آنکھیں کیوں دیکھتی ہیں؟ کان کیوں سنتے ہیں؟

پھر فلاسفہ جس سلسلہ اسباب وعلل کو نظام عالم کے چلانے کو کافی خیال کرتے ہیں اس پر یقین کر لینے سے آغاز آفرینش کی بحث پیدا ہوتی ہے۔ مادہ کیا ہے؟ اور کس طرح وجود میں آیا؟ عناصر کیسے ظہور میں آئے؟ یہ ایسا راز ہے جو کبھی منکشف نہیں ہوگا۔ فلاسفہ اس راز کو منکشف کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اس "کیوں" کا جواب اصول ارتقاء کی صورت میں دیتے ہیں۔ لیکن ان کی یہ کوشش سعی لاحاصل ہے کہ خود اصول ارتقاء کی حیثیت مفروضات و وہمیات سے زیادہ کچھ بھی نہیں۔ اور اس سلسلہ اسباب کی آخری سرحد لاعلمی وجہالت پر جاکر ختم ہو جاتی ہے۔ عناصر ومادہ کی نہ ابتداء معلوم کہ کیسے ہوئی، اور نہ ہی علت حدوث معلوم کہ کیوں ہوئی[۲۹]۔

کائنات میں جاری سلسلہ علل واسباب یہ تو بتا رہا ہے کہ حیوانات نطفہ سے پرندے انڈوں سے اور نباتات بیج سے پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن یہ بتانا کسی کے بس میں نہیں کہ پہلا انسان، پہلا پرندہ اور پہلا پودا کس سے پیدا ہوا۔ اگر بغیر نطفہ، بغیر انڈا اور بغیر گٹھلی کے پیدا ہوا ہو تو سلسلہ اسباب وعلل کی ساری عمارت ہی گر جاتی ہے۔ اور اگر پہلا حیوان نطفہ سے، پہلا پرندہ انڈہ سے اور پہلا درخت بیج سے پیدا ہوا تو پھر یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ نطفہ حیوان کے بغیر، انڈا پرندے کے بغیر اور درخت بیج کے بغیر وجود میں آیا ہے[۳۰]۔ یہ لاینحل عقدہ سلسلہ علل واسباب کے قائلین حل نہیں کر سکتے۔

فرق اسلامیہ میں اشاعرہ بظاہر سلسلہ اسباب کے منکر ہیں۔ ان کے نزدیک کوئی شئے کسی کی علت نہیں، اور نہ اشیاء میں خواص و تاثیر ہے۔ ان کے ہاں خوارق عادت ایسے امور ہیں جن کا وقوع بلاواسطہ اسباب طبعیہ کے ہوتا ہے۔ اس کی وضاحت اس طرح کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ عالم میں ہر چیز کو کسی سبب عادی کے بغیر پیدا کرتا ہے۔ لیکن کسی وقت وہ اپنے کسی پیغمبر کی خصوصیت دکھانے اور اس کی سچائی ثابت کرنے کے لیے اس کے ہاتھ سے کسی چیز کو بلاواسطہ سبب عادی کے محض ارادہ سے پیدا کر دیتا ہے۔ چونکہ معجزہ سے کسی چیز کا وجود بلاواسطہ اسباب ہوتا ہے اس لیے اسے خارق عادت یعنی عادت کو پھاڑنے والا کہتے ہیں[۳۱]۔ یہ مسلک صرف اشاعرہ ہی کا ہے کسی اور نے اسے اس طرح اختیار نہیں کیا۔ بلکہ ابن تیمیہ[۳۲] نے اشاعرہ کی اس فکر کو ابوالحسن اشعری[۳۳] کے تفردات میں شمار کیا ہے[۳۴]۔ رہا معاملہ اشاعرہ اور معتزلہ کے اختلاف کا تو وہ صرف نظریہ کا اختلاف ہے، نتیجہ کا نہیں۔ اس

اختلاف سے خرق عادت کے ثبوت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ دونوں یہ تسلیم کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کبھی کبھی اشیاء کی عادت جاریہ کو بدل دیتا ہے اور توڑ دیتا ہے۔ یہ کیسے کرتا ہے؟ یا کیسے ہوتا ہے؟ اس بحث میں پڑنے کی ضرورت ہی نہیں[۳۵]۔

سر سید احمد خان کا مسلک فلاسفہ سے اخذ کردہ ہے۔ وہ ظاہری اقرار کے باوجود خارق عادت کے وقوع کا انکار کرتے ہیں۔ گو وہ یہ کہتے ہیں کہ ان کا انکار اس وجہ سے ہے کہ یہ خلاف عقل ہے اور قرآن حکیم میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں۔ ان کی یہ دلیل غلط فہمی پر مبنی ہے۔ قرآن حکیم نے انبیاء علیہم السلام کے معجزات کا ذکر صراحتاً کیا ہے۔ لیکن سر سید انہیں معجزہ ماننے سے انکار کرتے ہیں اور ان کی تاویل کرتے ہیں۔

سر سید اپنے مسلک کے حق میں جن آیات سے استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ قوانین قدرت اٹل ہیں ان میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ اس لیے خارق عادت کا وقوع بھی ممکن نہیں۔ درحقیقت وہ ان آیات کو اپنے سیاق سے الگ کر کے دیکھتے ہیں۔ مثلاً ان کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمادیا ہے کہ ﴿فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَحْوِيلًا﴾[۳۶] کہ اللہ کی پیدا کی ہوئی چیز میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی اور نہ ہی سنت اللہ بدل سکتی ہے۔ جس کی جو جبلت بنادی گئی ہے وہ اسی پر عمل کر رہا ہے۔[۳۷] قرآنی منشا کے خلاف ہے۔

آیت ﴿فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَحْوِيلًا﴾ میں یا اس طرح کی دوسری آیات میں جن قوانین قدرت اور سنت اللہ کو اٹل اور غیر متبدل کہا جارہا ہے وہ کون سی ہیں؟ کیونکہ قوانین قدرت تو بے شمار ہیں۔ کچھ کا تعلق اجرام فلکی سے ہے کہ وہ کیسے حرکت کرتے ہیں؟ اور ان میں باہمی کشش کیسے ہے؟ کچھ کا تعلق اشیاء کے خواص سے ہے کہ زہر مہلک ہے، پانی نشیب کی طرف بہتا ہے وغیرہ۔ اور کچھ انسانی اخلاقیات اور قوموں کے عروج وزوال سے تعلق رکھتے ہیں۔

ان آیات میں جنہیں سر سید اپنے موقف کے حق میں بطور دلیل پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قوموں کے عروج وزوال کو بیان کر رہا ہے۔ جن میں اللہ کی سنت اور اس کا قانون غیر متبدل اور اٹل ہے۔ جب کوئی قوم سرکشی میں حد سے تجاوز کر جاتی ہے اور اخلاقی پستی کی انتہاء تک پہنچ جاتی ہے تو وہ عذاب میں ماخوذ ہو جاتی ہے اور بام عروج سے قعر مذلت میں گر جاتی ہے۔ یہ ہے وہ اللہ کا قانون اور اس کی سنت جو غیر متبدل ہے۔ آیات کا یہ مفہوم خود قرآن حکیم واضح کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَاءَهُمْ نَذِيرٌ لَيَكُونُنَّ أَهْدَى مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ فَلَمَّا جَاءَهُمْ نَذِيرٌ مَا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُورًا ٥اسْتِكْبَارًا فِي الْأَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا بِأَهْلِهِ فَهَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا سُنَّةَ الْأَوَّلِينَ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ

تَحْوِيلًا﴾[۳۸] (اور یہ اللہ کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی ہدایت کرنے والا آئے تو یہ ہر ایک امت سے بڑھ کر ہدایت پر ہوں گے۔ مگر جب ان کے پاس ہدایت کرنے والا آیا تو اس سے ان کو نفرت ہی بڑھی۔ انہوں نے ملک میں غرور کرنا اور دوہری چال چلنا اختیار کیا۔ اور بری چال کا وبال اس کے چلنے والے ہی پر پڑتا ہے۔ یہ اگلے لوگوں کی روش کے سوا اور کسی چیز کے منتظر نہیں۔ سو تم اللہ کی عادت میں ہرگز تبدل نہ پاؤ گے۔ اور اللہ کے طریقے میں کبھی تغیر نہ دیکھو گے)۔

سورہ بنی اسرائیل میں ہجرت کے سلسلہ میں اسی مضمون کو اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ اگر اہل مکہ (مشرکین) نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تنگ کر کے مکہ سے نکل جانے پر مجبور کر دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ کچھ زیادہ عرصہ نہیں رہ سکیں گے۔ کہ اللہ کا طریقہ (قانونِ قدرت) یہ ہے کہ وہ رسولوں کے مقابلے میں آنے والے مخالفین کو جو دعوت حق قبول کرنے سے اعلانیہ انکار کر دیتے ہیں، ہٹا دیتا ہے۔ یہی سنت الٰہی ہے جو ہمیشہ سے قائم ہے اور ہمیشہ قائم رہے گی۔ اس میں کبھی کوئی فرق پیدا نہ ہو گا۔[۳۹] اللہ کا فرمان ہے کہ ﴿وَإِنْ كَادُوا لَيَسْتَفِزُّونَكَ مِنَ الْأَرْضِ لِيُخْرِجُوكَ مِنْهَا وَإِذًا لَا يَلْبَثُونَ خِلَافَكَ إِلَّا قَلِيلًا - سُنَّةَ مَنْ قَدْ أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيلًا﴾[۴۰] (اور قریب تھا کہ یہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ سے پھسلا دیں تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہاں سے جلاوطن کر دیں۔ اس وقت آپ کے پیچھے یہ بھی نہ رہتے مگر بہت کم، جو رسول ہم نے آپ سے پہلے بھیجے تھے ان کا [اور ان کے بارے میں ہمارا] یہی طریق رہا ہے۔ اور تم ہمارے طریق میں تغیر و تبدل نہ پاؤ گے)۔

اللہ کے اس طریقہ (قانونِ قدرت) کا اظہار غزوہ بدر میں ہوا۔ جہاں مشرکین کے تمام زعماء قتل ہو گئے اور ہجرت کے بعد دوسرے ہی سال (بہت کم مدت میں) رسولوں کے بارے میں اللہ کی اٹل اور غیر متبدل سنت ظاہر ہو گئی[۴۱]۔

سرسید اپنے موقف کے حق میں یہ آیت بھی پیش کرتے ہیں کہ ﴿فِطْرَةَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ﴾[۴۲] [اللہ کی فطرت جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے (اختیار کیے رہو) اللہ کی بتائی ہوئی (فطرت) میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا]۔ لیکن اس سے بھی ان کا موقف ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ آیت میں ﴿فِطْرَةَ اللَّهِ﴾ سے مراد توحید ہے۔[۴۳] جسے قرآن دینِ فطرت سے تعبیر کرتا ہے۔ پوری آیت یہ مفہوم خود بیان کر دیتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ﴿فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا فِطْرَةَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ ذَلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ﴾[۴۴] (سو [باطل سے ہٹ کر] اپنے آپ کو دین پر سیدھا

قائم رکھو۔[یہ] وہی اللہ کی فطرت جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا اللہ کی بنائی ہوئی (فطرت) میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا۔ یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے]۔

قرآن حکیم کی اس اصطلاح ﴿فِطْرَةَ اللَّهِ﴾ کی تفسیر ایک صحیح حدیث سے بھی ہوتی ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "ما من مولود إلا يولدعلى الفطرة، فأبواه يهودانه أو ينصرانه أو يمجسانه كما تنتج البهيمة جمعاء هل تحسون فيها جدعاء ثم يقول: ﴿فطرة الله التي فطر الناس عليها...﴾ الآية"(۴۵) (کوئی بچہ ایسا نہیں جو فطرت پر پیدا نہیں ہوتا۔ لیکن ماں باپ اس کو یہودی، نصرانی یا مجوسی بنادیتے ہیں۔ جس طرح ہر جانور صحیح و سالم بچہ پیدا کرتا ہے۔ کیا تم نے دیکھا کہ وہ کان کٹا بچہ بھی جنتا ہے؟ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی" اللہ کی فطرت جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا۔۔۔ الخ)

سرسید کا یہ کہنا کہ قرآن حکیم میں کسی معجزہ کا کوئی تذکرہ نہیں، بھی محض بلادلیل ہے۔ قرآنِ حکیم میں حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کا ذکر موجود ہے۔ اور قرآن حکیم انہیں معجزہ ہی کر کے پیش کرتا ہے۔ سرسید اپنے زعم میں ان کی تاویل کر کے انہیں عین مطابق فطرت ثابت کرتے ہیں۔ اور پھر ان کے معجزہ ہونے سے انکار کرتے ہیں۔ مثلاً قرآن حکیم، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے آگ کے ٹھنڈا ہونے کا ذکر کرتا ہے: ﴿قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ﴾(۴۶) (وہ کہنے لگے کہ اس کے لیے ایک عمارت بناؤ پھر اس کو آگ کے ڈھیر میں ڈال دو)۔ یہ حکم ان کے مخالف حکمرانِ وقت نے اس وقت دیا جب وہ ان کے بت توڑنے پر انتہائی طیش میں آگیا تھا۔ یہ صرف حکم ہی نہیں تھا بلکہ بالفعل حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا۔ ﴿قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ - وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ﴾(۴۷) (ہم نے حکم دیا آگ سرد ہو جا اور وہ ابراہیم پر [موجب] سلامتی [بن جا] ان لوگوں نے برا تو ان کا چاہا تھا مگر ہم نے انہی کو نقصان میں ڈال دیا)۔

جب کہ سرسید اس معجزہ کا انکار ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ "حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصے میں کوئی نص صریح اس بات پر نہیں ہے کہ در حقیقت ان کو آگ میں ڈال دیا گیا تھا"(۴۸) سرسید چونکہ خود جدید سائنس کے سامنے سپر ڈال چکے تھے۔ اس لیے ہر وہ بات اور واقعہ ان کے نزدیک قابلِ تاویل قرار پایا جو سائنس کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا تھا۔ اور تمام واقعات انبیاء جن سے معجزات کا ثبوت ملتا ہے ان کے نزدیک قابل تاویل قرار پائے۔ ان کا خیال یہ ہے کہ قدماء مفسرین نے ان واقعات کو اس لیے معجزہ تسلیم کیا ہے کہ وہ سائنس سے واقف نہیں تھے۔

اور اسی وجہ سے وہ قرآن حکیم کے الفاظ پر کافی توجہ نہیں دے سکے۔ مزید یہ کہ یہ واقعات عہد عتیق کی کتب کے حوالے سے اسی طرح مشہور ہو گئے تھے۔ مفسرین نے بھی انہیں اسی طرح تسلیم کر لیا۔ اور تیسری وجہ وہ یہ بتاتے ہیں کہ ہر عجیب بات کو خواہ وہ قانونِ فطرت کے خلاف ہی کیوں نہ ہو، اسے معجزہ قرار دے دیا گیا۔ اور الفاظ قرآن کی حقیقت پر غور نہیں کیا گیا[۴۹]۔

جب کہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ سر سید خود سائنس سے اتنے متاثر ہو چکے تھے کہ انہوں نے قرآنی واقعات کو بھی سائنس ہی کی کسوٹی پر پرکھنا چاہا۔ جس کا نتیجہ انکارِ معجزات کی صورت میں ظاہر ہوا۔ اگر وہ سائنس کو نامکمل اور قرآن حکیم کو اٹل حقیقت تسلیم کر کے الفاظ قرآنی پر غور کرتے تو ان پر روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتا کہ قرآن حکیم نے واقعات انبیاء میں معجزات کو صریح الفاظ میں بیان فرمایا ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس واقعہ میں سر سید احمد خان کے مطابق "انہیں آگ میں ڈالنے پر کوئی نص صریح موجود نہیں"۔ جب کہ قرآن حکیم میں اس پر نص صریح موجود ہے۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے معبد میں بت توڑ دیئے اور آپ علیہ السلام کے جواب پر مخالفین سے کچھ بن نہ پڑی تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ اپنے معبودان باطلہ کا انتقام لینے کے لیے ضروری ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈال دیا جائے۔ ﴿قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانْصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ﴾[۵۰] (تب وہ کہنے لگے کہ اگر تمہیں [اس سے اپنے معبودوں کا انتقام لینا ہے اور] کچھ کرنا ہے تو اس کو جلا ڈالو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو)۔ اسی کو قرآن حکیم دوسرے مقام پر اس طرح بیان کرتا ہے کہ ﴿قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ﴾[۵۱] (وہ کہنے لگے کہ اس کے لیے ایک عمارت بناؤ پھر اس کو آگ کے ڈھیر میں ڈال دو)۔

یہ ان کی تدبیر تھی جسے اللہ نے ناکام بنا دیا۔ ﴿وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ﴾[۵۲] (ان لوگوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے تدبیر کی سو ہم نے انہیں ناکام بنا دیا)۔ تدبیر دو طرح سے ناکام بنائی جا سکتی تھی۔ اول یہ کہ آپ علیہ السلام کو آگ ہی میں نہ ڈالا جا سکتا۔ اور دوم یہ کہ وہ تو آپ علیہ السلام کو آگ میں ڈال دیتے لیکن آگ انہیں نہ جلاتی۔ قرآنِ حکیم کے الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ ان کی تدبیر کو دوسری طرح سے ناکام بنایا گیا کہ انہیں آگ میں ڈالا گیا اور اللہ کے حکم سے آگ ان کے لیے ٹھنڈی ہو گئی۔ ﴿قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ﴾[۵۳] (ہم نے حکم دیا اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیم پر [موجب] سلامتی [بن جا])۔

اگر سر سید کا موقف درست تسلیم کیا جائے کہ آپ علیہ السلام کو آگ میں نہیں ڈالا گیا۔ تو آیت قرآنی کا انکار لازم آتا ہے۔ اور مزید یہ کہ آگ کو ٹھنڈا ہو جانے کا حکم دینا بے معنی ہو جاتا ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات میں قرآن حکیم، آپ علیہ السلام کی لاٹھی کی ضرب سے بارہ چشموں کے پھوٹنے کا تذکرہ کرتا ہے۔ قرآن کا فرمان ہے کہ ﴿وَإِذِ اسْتَسْقَى مُوسَى لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا﴾[۵۴] (اور موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے لیے جب [اللہ سے] پانی مانگا تو ہم نے کہا کہ اپنی لاٹھی پتھر پر مارو [انہوں نے لاٹھی ماری] تو پھر اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے)۔ ﴿وَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى إِذِ اسْتَسْقَاهُ قَوْمُهُ أَنِ اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا﴾[۵۵] (اور جب موسیٰ علیہ السلام سے ان کی قوم نے پانی طلب کیا تو ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی لاٹھی پتھر پر مارو۔ تو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے)۔

موسیٰ علیہ السلام کے اس معجزہ کو تورات میں بھی بیان کیا گیا ہے۔ "پھر بنی اسرائیل کی ساری جماعت سین کے بیابان سے چلی اور خداوند کے حکم کے مطابق سفر کرتی ہوئی رفیدیم میں آکر ڈیرا کیا۔ وہاں ان لوگوں کو پینے کو پانی نہ ملا۔ وہاں وہ لوگ موسیٰ سے جھگڑا کر کے کہنے لگے کہ ہم کو پینے کو پانی دے۔ موسیٰ نے ان سے کہا کہ تم مجھ سے کیوں جھگڑتے ہو اور خداوند کو کیوں آزماتے ہو۔ وہاں ان لوگوں کو بڑی پیاس لگی۔ سو وہ لوگ موسیٰ پر بڑبڑانے لگے اور کہا کہ تو ہم کو اور ہمارے بچوں کو اور چوپایوں کو پیاسا مارنے کے لیے ہم لوگوں کو کیوں ملک مصر سے نکال لایا۔ موسیٰ نے فریاد کر کے خداوند سے کہا کہ میں ان لوگوں سے کیا کروں۔ وہ سب تو ابھی مجھے سنگسار کرنے کو تیار ہیں۔ خداوند نے موسیٰ سے کہا کہ لوگوں کے آگے ہو کر چل اور بنی اسرائیل کے بزرگوں میں سے چند کو اپنے ساتھ لے لے۔ اور جس لاٹھی سے تو نے دریا پر مارا تھا اسے اپنے ہاتھ میں لیتا جا۔ اور دیکھو میں تیرے آگے جا کر حواب کی ایک چٹان پر کھڑا رہوں گا۔ اور تو اس چٹان پر مارنا تو اس میں سے پانی نکلے گا کہ یہ لوگ پئیں۔ چنانچہ موسیٰ نے بنی اسرائیل کے بزرگوں کے سامنے یہی کیا[۵۶]۔

مفسرین کا اس پر اتفاق ہے کہ پتھر سے پانی موسیٰ علیہ السلام کے لاٹھی مارنے سے نکلا اور یہ آپ علیہ السلام کا معجزہ تھا[۵۷]۔ لیکن سر سید احمد خان کو اس سے اختلاف ہے۔ وہ اسے امر عادی قرار دیتے ہیں۔ اور آیت کا مفہوم یہ بیان کرتے ہیں کہ "آیت میں "ضرب" کے معنی "زدن" کے نہیں ہیں بلکہ چلنے کے یا جلد چلنے کے ہیں، جیسے کہ عرب بولتے ہیں "ضرب في الأرض" چلا، یا دوڑا زمین پر۔۔۔ پس صاف معنی یہ ہیں کہ خدا نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ "اپنی لاٹھی کے سہارے چل"[۵۸]۔

آیت میں لفظ "حجر" کے معنی بیان کرتے ہوئے وہ کہتے ہیں کہ "پہاڑی ملک کو اہل عرب حجر" کہتے ہیں۔ جیسے "عرب الحجر "یعنی عرب کا پہاڑی حصہ ﴿فاضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ ﴾ میں لفظ حجر کا استعمال ہوا ہے۔ بحر احمر کی شاخ کو عبور کرنے کے بعد ایک وادی ملتا ہے جس کا قدیم نام ایثام ہے۔ وہاں پانی نہیں ملتا۔۔۔ یہی مقام ہے جہاں بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پانی مانگا تھا۔ اس مقام کے پاس پہاڑیاں ہیں جن کی نسبت خدا نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: ﴿فاضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ ﴾[۵۹]۔ پھر وہ آیت کا مفہوم یہ بیان کرتے ہیں کہ "یعنی اپنی لاٹھی کے سہارے سے اس پہاڑی پر چڑھ چل۔ اس پہاڑی کے پرے۔۔۔ بارہ چشمے پانی کے جاری تھے۔ جس طرح پہاڑی ملک میں پہاڑوں کی جڑ یا چٹانوں کی دراڑوں سے جاری ہوتے ہیں جن کی نسبت اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَاعَشْرَةَ عَيْنًا﴾ (اس سے پھوٹ نکلے بارہ چشمے)"[۶۰]۔

سر سید نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اس معجزہ کی تاویل کرتے ہوئے جو معانی بیان کیے ہیں وہ لغت عرب کے مطابق بھی نہیں۔ "حجر" سے وہ پہاڑ مراد لیتے ہیں۔ عربی لغت میں پہاڑ کے لیے باوجود اس کے کہ متعدد الفاظ جبال، جبل، رواسی، طور، صخرہ وغیرہ استعمال ہوتے ہیں لیکن "حجر" پہاڑ کے لیے مستعمل نہیں ہے۔ اگر کہا جائے کہ "خذ هذا الحجر" تو اس سے ہر گز یہ مراد نہیں ہوگی کہ یہ پہاڑ لے لو [۶۱]۔

"ضَرب" سے انہوں نے چلنا مراد لیا ہے۔ یہ درست ہے کہ "ضَرب" چلنے کے لیے بھی مستعمل ہے لیکن جب یہ چلنے کے لیے آتا ہے تو اس کے صلہ "فی" ہوتا ہے۔ "الضرب في الارض — أي — الذهاب فيه والتنقل في البلاد"[۶۲] جیسا کہ قرآن میں ہے کہ ﴿وَقَالُوا لِإِخْوَانِهِمْ إِذَا ضَرَبُوا فِي الْأَرْضِ﴾[۶۳] (اور ان کے بھائی [مسلمان] جب [اللہ کی راہ میں] زمین میں چلتے ہیں [سفر کرتے ہیں] تو وہ ان کی نسبت کہتے ہیں)۔ ﴿لِلْفُقَرَاءِ الَّذِينَ أُحْصِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِي الْأَرْضِ﴾[۶۴] (ان ضرورت مندوں کے لیے جو اللہ کی راہ میں رکے بیٹھے ہیں اور ملک میں چلنے پھرنے کی طاقت نہیں رکھتے)۔ جب کہ آیت زیرِ بحث میں "اضْرِبْ" کا صلہ "ب" ہے، جس سے مراد مارنا ہی ہے۔ اور "عصا" اس آلہ کا نام ہے جس سے مارنے کا حکم دیا گیا یعنی اپنی لاٹھی سے مار۔

اگر سر سید کی تاویل کو درست تسلیم کرلیا جائے تو پھر ﴿فَانْفَجَرَتْ﴾ بے معنی ہو جاتا ہے۔ ان کے مطابق وہاں بارہ چشمے پہلے سے موجود تھے۔[۶۵] اگر ایسا ہوتا تو پھر یوں ہونا چاہیے تھا کہ "فإذا فيه اثنتا عشرة عينا" جب کہ ﴿فَانْفَجَرَتْ﴾ کا لفظ یہ بتاتا ہے کہ پتھر پر لاٹھی مارنے سے بارہ چشمے فوراً پھوٹ پڑے۔ کیونکہ "ف" تعقیب بلامہلت کے لیے ہے۔ ابی السعود میں ہے کہ "عطف على مقدر ينسحب عليه الكلام قد حذف

للدلالةعلى كمال سرعة تحقق الانفجار كأنه حصل عقيب الأمر بالضرب، إى فضرب فانفجرت"[٦٦]۔

تورات کے حوالے سے سر سید اس مقام کو جہاں سے چشمے پھوٹے تھے "ایلم" متعین کرتے ہیں جبکہ تورات ہی اس معجزے کے لیے "رفیدیم" کا مقام متعین کرتی ہے۔ ایلم کے مقام پر پانی کا تذکرہ تورات میں اس طرح ہے کہ "پھر وہ ایلم میں آئے جہاں پانی کے بارہ چشمے اور کھجور کے ستر درخت تھے۔ اور وہیں پانی کے قریب انہوں نے اپنے ڈیرے لگائے"[٦٧]۔ اور جہاں پتھر سے بارہ چشمے پھوٹنے کا معجزہ رونما ہوااس مقام کا نام تورات "رفیدیم" بتاتی ہے[٦٨]۔ تورات کے بیان سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ دو مختلف واقعات تھے۔ "ایلم" میں پہلے سے بارہ چشمے موجود تھے۔ جب کہ "رفیدیم" میں معجزہ سے پتھر سے بارہ چشمے پھوٹے۔

سر سید احمد خان موسیٰ علیہ السلام کے دوسرے معجزات جن کا تذکرہ قرآن کریم میں موجود ہے "لاٹھی کا سانپ بننا" اور "ید بیضا" کا بھی انکار کرتے ہیں۔ اور انہیں امر عادی قرار دیتے ہیں۔ قرآن حکیم میں ان معجزات کا تذکرہ متعدد مقامات پر ہوا ہے۔ سورت طٰہٰ میں ہے کہ ﴿وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَا مُوسَى O قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلَى غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرَى O قَالَ أَلْقِهَا يَا مُوسَى O فَأَلْقَاهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعَى O قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَاسِيرَتَهَا الْأُولَى O وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرَى﴾[٦٩] (اور موسیٰ یہ تمہارے دائیں ہاتھ میں کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ یہ میری لاٹھی ہے۔ اس پر میں سہارا لگاتا ہوں۔ اور اس سے اپنی بکریوں کے لیے پتے جھاڑتا ہوں۔ اور اس میں میرے لیے اور بھی کئی فائدے ہیں۔ فرمایا کہ موسیٰ اسے ڈال دو۔ تو انہوں نے اسے ڈال دیا۔ اور اچانک سانپ بن کر دوڑنے لگا۔[اللہ نے] فرمایا کہ اسے پکڑ لو۔ اور ڈرنا مت ہم اس کو ابھی اس کی پہلی حالت میں لوٹا دیں گے۔ اور اپنا ہاتھ اپنی بغل سے لگالو، وہ کسی عیب و بیماری کے بغیر سفید[چمکتا دمکتا] نکلے گا۔ یہ دوسری نشانی ہے)۔

سر سید ان معجزات کی تاویل کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ "ان آیتوں پر غور کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ کیفیت حضرت موسیٰ علیہ السلام پر طاری ہوئی تھی۔ قوت نفس کا ظہور تھا جس کا اثر خود ان پر ہوا تھا یہ کوئی معجزہ مافوق الفطرت نہ تھا۔۔۔ ازروئے فطرت وجبلت کے وہ قوت حضرت موسیٰ میں نہایت قوی تھا۔ جس سے اس قسم کے اثر ظاہر ہوتے ہیں"[٧٠]۔ ان کا کہنا ہے کہ لاٹھی کا سانپ بننا حضرت موسیٰ کے خیال میں تھا حقیقتاً نہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ "انہوں نے اس خیال سے کہ وہ لکڑی سانپ ہے اپنی لاٹھی پھینکی اور وہ ان کو سانپ یا اژدھا دکھائی دی۔ یہ خود ان کا تصرف اپنے خیال میں تھا وہ لکڑی لکڑی ہی تھی۔ اس میں فی الواقع کچھ تبدیلی نہیں ہوئی تھی"[٧١]۔

وہ "یدِ بیضا" کو بھی قوت نفس انسانی اور تصرف قوت متخیلہ کا سبب قرار دیتے ہیں اور اس کے معجزہ ہونے سے انکار کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ "انسان میں ایسی قوت ہے کہ انسان اس کے ذریعہ سے قوائے متخیلہ کی طرف توجہ کرتا ہے۔ اور پھر اس میں ایک خاص قسم کا تصرف کرتا ہے۔ اور ان میں طرح طرح کے خیالات اور گفتگو اور صورتیں جو کچھ اس کو مقصود ہوتی ہیں ڈالتا ہے پھر ان کو اپنے نفس مؤثرہ کی قوت سے دیکھنے والوں کی حس پر ڈالتا ہے۔ پھر دیکھنے والے ایسا ہی دیکھتے ہیں گویا وہ خارج میں موجود ہے۔ حالانکہ وہاں کچھ بھی نہیں ہوتا"(۷۲)۔ وہ کہتے ہیں کہ یدبیضا بھی اسی قوت نفس انسانی کے سبب تھا نہ کہ کوئی معجزہ تھا۔ ان کے الفاظ میں "یدبیضاء۔۔۔ کا بھی لوگوں کو اس طرح پر دکھائی دینا اسی قوتِ نفسِ انسانی اور قوت متخیلہ کا سبب تھا نہ یہ کہ وہ کوئی معجزہ مافوق الفطرت تھا(۷۳)۔

وہ قرآن سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں: "جہاں قرآن مجید میں یدِ بیضا کا ذکر آیا ہے وہاں یہ مضمون بھی موجود ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا ہاتھ نکالا تو وہ یکایک چٹا تھا دیکھنے والوں کے لیے ﴿وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ﴾(۷۴) اس آیت کو وہ اپنے موقف کے حق میں بطور دلیل پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں: "اور یہ مضمون صاف اس پر دلالت کرتا ہے کہ دیکھنے والوں کی نگاہ میں وہ چٹا دکھائی دیتا تھا جو اثر قوت نفسِ انسانی کا تھا نہ کوئی معجزہ مافوق الفطرت"(۷۵)۔

سرسید کے ان نکتہ نظر پر چند اعتراضات وارد ہوتے ہیں۔

اول: قوت نفس کا اثر دوسرے پر تو تسلیم کیا جا سکتا ہے، لیکن خود عامل کا اس سے متاثر ہو جانا ناممکن ہے۔ عامل جو عمل بھی کرتا ہے اور جس طرح بھی کرتا ہے، وہ دوسروں کو متاثر کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ لیکن یہ ممکن نہیں کہ عامل اپنے عمل سے خود ہی متاثر ہونے لگ جائے اور خوف زدہ ہو جائے۔ جب کہ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے جب لکڑی کو اژدھا بنا دیکھا تو خود ڈر گئے۔ قرآن کا بیان ہے کہ ﴿وَأَلْقِ عَصَاكَ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّى مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ يَا مُوسَى لَا تَخَفْ إِنِّي لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُونَ﴾(۷۶) (اور اپنی لاٹھی ڈال دو۔ جب اسے دیکھا تو اس طرح ہل رہی تھی گویا سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا (حکم ہوا کہ) موسیٰ ڈرو مت ہمارے پاس پیغمبر ڈرا نہیں کرتے)۔

دوم: سرسید ارتقاء کے قائل ہیں، لیکن موسیٰ علیہ السلام کے اس واقعہ میں وہ قوتِ نفس انسانی کے اچانک اثر کو کیسے تسلیم کر لیتے ہیں؟ اگر یہ قوت پہلے سے موجود تھی اور بتدریج ظاہر ہوتی گئی تو کوئی واقعہ ان کی زندگی میں ایسا

ہونا چاہیے تھا جس سے ان کی اس قوت کا اظہار ہوتا ہو۔ اگر ایسا نہیں اور یہ سب کچھ یک لخت ہوا تو پھر یہ معجزہ ہی تھا نہ کہ امر عادی۔

سوم: اللہ تعالیٰ نے عصائے موسیٰ کے متعلق یوں بیان فرمایا ہے: ﴿فَأَلْقَاهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعَىO قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَى﴾ (۷۷) (تو انہوں نے اس کو ڈال دیا اور وہ ناگہاں سانپ بن کر دوڑنے لگا۔ اللہ نے فرمایا کہ اسے پکڑ لو اور ڈرو مت، ہم ابھی اسے اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے) اگر آپ علیہ السلام کی لاٹھی لکڑی ہی رہی سانپ نہیں بنی تھی تو پھر اللہ کا یہ فرمانا کہ ﴿سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَى﴾ (ہم اس کو اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے) بے معنی ہو جاتا ہے۔ لکڑی سانپ میں تبدیل ہوگئی تھی تب ہی تو اللہ نے فرمایا تھا کہ ﴿سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَى﴾ اگر بات صرف قوت نفس ہی کی ہوتی تو پھر یوں کہا جاتا ہے کہ "ہم آپ کی قوت نفسانی کو ختم کر دیتے ہیں تا کہ وہ آپ کو لکڑی نظر آئے"۔ "ستلغی قوتك النفسانية كی تراها العصاء" اور پھر لکڑی کی نہیں موسیٰ کی حالت تبدیل ہوتی۔

قرآن حکیم "عصا" کی طرح "ید بیضا" کو بھی معجزہ قرار دیتا ہے۔ اور دونوں کو بیان کر کے فرماتا ہے: ﴿فَذَانِكَ بُرْهَانَانِ مِنْ رَبِّكَ إِلَى فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ﴾ (۷۸) (یہ دو [معجزاتی] دلیلیں تمہارے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے درباریوں کے لیے ہیں)۔ لیکن سر سید کہتے ہیں کہ "برہان" سے مراد معجزہ نہیں بلکہ "یہ فرعون اور اس کے سرداروں پر بطورِ حجت الزامی کے تھا۔ وہ اس قسم کے امور کو دلیل اس بات کی سمجھتے تھے کہ جس شخص سے ایسے امور ظاہر ہوتے ہیں وہ کامل ہوتا ہے۔ اور اسی لیے انہوں نے حضرت موسیٰ [علیہ السلام] سے بھی کرشمہ دکھلانے کی خواہش ظاہر کی تھی۔۔۔ اور اسی سبب سے انہوں نے کہا کہ اگر کوئی کرشمہ دکھلایا جاوے گا تو وہ موسیٰ علیہ السلام کو سچا جانیں گے" (۷۹)۔

سر سید ان دونوں کو کرشمے قرار دے رہے ہیں۔ اگر موسیٰ علیہ السلام نے بھی کرشمہ دکھایا اور جادوگر بھی کرشمے دکھا رہے تھے تو پھر نبی اور جادوگر یا شعبدہ باز کا فرق ختم ہو جاتا ہے۔ صرف درجہ کا فرق رہ جاتا ہے کہ نبی زیادہ بڑا شعبدہ باز ہے کہ اس کے سامنے شعبدہ بازوں کے کرشمے ماند پڑ جاتے جاتے ہیں۔ "أعاذنا الله من ذلك" کچھ اسی طرح کا اظہار تو فرعون نے بھی کیا تھا: ﴿إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ﴾ (۸۰) (بے شک یہ تمہارا بڑا ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے) اور اللہ تعالیٰ نے اس کی تردید کرتے ہوئے فرمایا: ﴿وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَى﴾ (۸۱) (اور جادوگر جہاں جائے فلاح نہیں پائے گا)۔

سر سید احمد خان کے مسلک کا دوسرا نکتہ یہ ہے کہ معجزہ دلیل نبوت نہیں۔ اس ضمن میں وہ قرآن سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ "جو لوگ معجزوں کے طلب گار ہوتے ہیں وہ کبھی ایمان نہیں لاتے اور نہ ہی معجزوں کے دکھانے سے کوئی ایمان لاسکتا ہے۔ خود خدا نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ اگر تو زمین میں کوئی سرنگ ڈھونڈ نکالے یا آسمان میں ایک سیڑھی لگالے تب بھی وہ ایمان نہیں لانے کے(۸۲)۔ اور ایک جگہ فرمایا کہ اگر ہم کاغذوں پر لکھی ہوئی کتاب بھی بھیج دیں اور وہ اس کو اپنے ہاتھوں سے بھی چھو لیں تب بھی وہ ایمان نہیں لانے کے اور یہ کہہ دیں گے کہ یہ اعلانیہ جادو ہے"(۸۳)۔ وہ ابن رشد سے بھی اس سلسلہ میں استدلال کرتے ہیں۔ اس کی کتاب "كتاب الكشف عن مناهج الادلة في عقائد الملة" کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ "ابن رشد بھی معجزات کو تعلیمات نبوی کے استناد کا ثبوت نہیں مانتے۔ اور کہتے ہیں کہ غیر پیغمبر بھی معجزہ دکھا سکتا ہے اور معجزہ اور معجزہ دکھانے والی پیغمبرانہ فطرت میں کوئی لازمی ربط نہیں ہے۔ خواہ وہ یہی دعویٰ کیوں نہ کرتا ہو کہ وہ معجزہ بحیثیت پیغمبر دکھا رہا ہے"(۸۴)۔ سر سید معجزہ کے دلیل نبوت ہونے کا انکار کرتے ہوئے یہ بھی کہتے ہیں کہ "۔۔۔ معجزہ تو اس کے لیے دلیل ہوگا، جو اللہ کو مانتا ہو مگر اسے رسول کی صداقت میں شک ہو۔ اور جو نہ اللہ کو مانتا ہو نہ نبی کو تو معجزہ اس کے لیے کیسے دلیل ہو سکتا ہے"(۸۵)۔

کیا معجزہ دلیل نبوت ہے؟ متکلمین کا اس میں ہمیشہ اختلاف رہا ہے۔ نہ صرف مسلم متکلمین میں بلکہ مذاہب عالم کے پیروکار اس مسئلہ میں مختلف فیہ رہے ہیں۔ اکثریت اس رائے کی مؤید رہی ہے کہ انبیاء علیہم السلام میں ضرور کوئی امر خارق عادت ہوتا ہے جس سے معجزات کا ظہور ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ خیال اتنا غلو کی حد تک پہنچ جاتا ہے کہ پیروکار مذہب اپنے نبی میں خدائی صفات تک تسلیم کر لیتے ہیں۔ اسی غلو میں آکر ہندو کرشن اور رام کو الٰہ بنا بیٹھے اور عیسائی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا جزو اور پیکر جسمانی یقین کرتے ہیں۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب لوگوں میں اپنی بعثت کا اعلان فرمایا تو انہوں نے اسی خیال کے مطابق کہ خرق عادت نبوت کا لازم ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے معجزات کا مطالبہ کیا۔ قرآن حکیم میں ان کے ان مطالبات کا تذکرہ یوں کیا گیا ہے کہ ﴿وَقَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتَّى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْأَرْضِ يَنْبُوعًا ο أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِنْ نَخِيلٍ وَعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْأَنْهَارَ خِلَالَهَا تَفْجِيرًا ο أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ο أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِنْ زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَى فِي السَّمَاءِ وَلَنْ نُؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَقْرَؤُهُ﴾(۸۶) (اور وہ کہنے لگے کہ ہم تم پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک کہ [خارق عادت۔ معجزہ نہ دکھاؤ یعنی یا تو] ہمارے لیے زمین سے چشمے جاری کرو، یا تمہارا کھجوروں اور انگوروں کا کوئی باغ ہو اور اس کے بیچ میں نہریں بہا نکالو۔ یا جیسا تم کہا کرتے ہو ہم پر آسمان کے ٹکڑے لا گراؤ یا اللہ اور فرشتوں کو [ہمارے] سامنے لے

آؤ۔ یا تمہارا سونے کا گھر ہو، یا تم آسمان پر چڑھ جاؤ، اور ہم تمہارے چڑھنے کو بھی نہیں مانیں گے جب تک کوئی کتاب نہ لاؤ جسے ہم پڑھ بھی لیں)۔

متکلمین میں سے اشاعرہ کے نزدیک معجزہ لازمہ نبوت اور دلیل نبوت ہے۔ شرح المقاصد میں ہے کہ "طريق ثبوت النبوة على الاطلاق على المنكرين هو المعجزة لا غيره"[۸۷]۔ (منکرین نبوت کے لیے دلیل نبوت صرف معجزہ ہی ہے کچھ اور نہیں) صاحب شرح المقاصد رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر بھی معجزہ ہی کو دلیل قرار دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ "إنه عليه السلام أدعى النبوة وأظهر المعجزة"[۸۸] (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت کا دعویٰ کیا تو معجزات ظاہر کیے)۔ پھر وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کا تذکرہ اس طرح کرتے ہیں کہ "فلأنه أتى بالقرآن المعجز وأخبر عن المغيبات وظهر منه ما لا يعتادمن الأحوال"[۸۹]۔ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم قرآنِ معجز لائے، غیب کی خبریں دیں اور خرق عادت افعال کا اظہار فرمایا)۔

اشاعرہ کے ماسوا متکلمین معجزہ کو شرائط نبوت میں سے نہیں مانتے۔ فخر الدین رازی کہتے ہیں کہ "وليس من شرط الرسالة الآية المعجزة. لأن الرسول يرسل أولاً ويدعوا إلى الله ... وأما الآية فالله إن أراد ينزلها وإن لم يرد لا ينزلها. وهذا لأن ما هو من ضرورات الشيء إذا خلق الله الشيء لا بد أن يخلقهاكالمكان من ضرورات الإنسان فلا يخلق الله إنساناً إلا ويكون قد خلق مكاناً أو يخلقه معه، ولكن الرسالة والمعجزة ليستا كذلك، فالله خلق رسولاً وجعله رسولاً ليسمن ضروراته إن تعلم له معجزة"[۹۰] (معجزہ شرائط رسالت میں سے نہیں کیونکہ رسول اللہ کی طرف سے دعوت دینے کے لیے بھیجا جاتا تھا۔۔۔ اور معجزہ اللہ چاہے تو نازل کر دیتا ہے نہ چاہے تو نہیں کرتا، کیونکہ یہ نبی کا لازمہ نہیں۔ اللہ جب کسی چیز کو پیدا کرتا ہے تو اس کی لازمی ضروریات بھی ساتھ ہی پیدا کرتا ہے۔ جیسے انسان مکان کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسا انسان نہیں پیدا فرمایا جو مکان سے مبرا ہو۔ لیکن رسالت اور معجزہ اس طرح لازم وملزوم نہیں۔ اللہ نے رسول بھیجے اور ان کی ضروریات میں معجزہ کو داخل نہیں کیا)۔

رازی ان انبیاء کا ذکر بھی کرتے ہین جن کے پاس کوئی معجزہ نہیں تھا۔ "ولهذا علم وجود رسل كشيث وإدريس وشعيب ولم تعلم لهم معجزة"[۹۱]۔ (چنانچہ ایسے رسول بھی ہیں جن کی رسالت مسلم ہے لیکن ان کے پاس کوئی معجزہ نہیں تھا جیسے شیث، ادریس اور شعیب علیہم السلام)۔

غزالی، نبی کے حالات کو اس کی نبوت پر دلیل قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ نبی کی نبوت کی تائید اس کی زندگی، طہارت اور اس کے علم وحکمت سے ہوتی ہے نہ کہ معجزات سے۔ وہ نبی کے حالاتِ زندگی کو اس کی نبوت پر دلیل قرار دینے کے بعد لکھتے ہیں کہ "... فمن ذلك الطريق فاطلب اليقين بالنبوة لا من قلب العصا ثعباناً وشق القمر"(۹۲)۔ (تو اسی طریقہ سے نبوت پہ یقین حاصل کرو نہ کہ لاٹھی کے سانپ اور چاند کے پھٹ جانے سے)۔ وہ مزید کہتے ہیں کہ صرف معجزہ ہی کو دلیل نبوت قرار دینا نبوت میں مزید شبہ پیدا کر دیتا ہے، کہ کہیں یہ سحر اور خیال بندی کی کرشمہ سازیاں تو نہیں(۹۳)۔

شاہ ولی اللہ دہلوی بھی اسی مسلک کی ترجمانی کرتے ہیں اور معجزہ کو اکثر حالات میں نبوت کے ساتھ لازم جاننے کے باوجود نبوت کی اصل سے خارج کرتے ہیں۔ حجۃ اللہ البالغہ میں لکھتے ہیں کہ "فليست المعجزات ولا استجابة الدعوات ونحو ذلك إلا أمور خارجة عن أصل النبوة ولازمة لها في الأكثر"(۹۴) (معجزات، استجابت، دعوات اور ان جیسے دوسرے امور اکثر حالات میں لازمہ نبوت ہونے کے باوجود اصل نبوت سے خارج ہیں)۔

شاہ صاحب یہ بھی کہتے ہیں کہ معجزات بھی عادی واقعات ہیں اور ان کا دارومدار ظاہری اسباب پر ہے۔۔ چونکہ ان کے اسباب قلیل الوقوع ہیں اس لیے ان کا ظہور بھی قلیل ہوتا ہے۔ اور اکثر انبیاء سے ان کا ظہور ہونے کے باوجود انہیں شرط نبوت قرار دینا قطعاً صحیح نہیں۔ الخیر الکثیر میں لکھتے ہیں کہ "وقد أشتهر أن النبي مقرون بالمعجزة البتةوليس عندنا مطرداً"(۹۵) (مشہور یہی ہے کہ نبی اور معجزہ لازم وملزوم ہیں، لیکن ہمارے نزدیک یہ ضروری نہیں ہے)۔

اس مسلک کے مؤید حضرات کا کہنا ہے کہ قرآن حکیم نے جس طرح توحید کا حقیقی تصور پیش کیا ہے اسی طرح نبوت کی اصل حقیقت بھی کھول کر بیان کر دی ہے۔ اور اس کے لیے سب سے پہلے بڑے واضح اور دوٹوک انداز میں یہ حقیقت بیان کی ہے کہ نبی بشر ہوتا ہے، اور جو چیزیں بشریت سے بالاتر ہیں وہ نبی میں نہیں ہوتیں مثلاً: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿قُلْ لَا أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا أَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ"(۹۶) (کہہ دیجیے کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب جانتا ہوں اور نہ تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ مگر میں تو صرف وحی کی اتباع کرتا ہوں) ﴿قُلْ لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَلَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ﴾(۹۷) (کہہ دیجیے کہ میں اپنے فائدے اور نقصان کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا

مگر جو اللہ چاہے۔ اگر میں غیب کی باتیں جانتا ہوتا تو بہت سے فائدے جمع کر لیتا اور مجھ کو کوئی تکلیف نہ پہنچتی، میں تو مومنوں کو ڈر اور خوش خبری سنانے والا ہوں)۔

قرآن حکیم نے لوگوں کے ذہنوں میں نبی کی بشریت کا اعتقاد بٹھانے کے بعد نبوت اور معجزہ میں تلازم کے عقیدہ کو بھی رفع کیا۔ منکرین حق جو معجزات طلب کرتے تھے اور نبوت کو معجزہ پر موقوف جانتے تھے انہیں مختلف انداز سے جواب دیئے گئے، اور ہر جگہ یہ ظاہر کیا کہ نبوت معجزہ پر موقوف نہیں۔ مثلاً: ﴿وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ﴾(٩٨) (اور کافر کہتے ہیں کہ اس [نبی] پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی [معجزہ] کیوں نہیں نازل کیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو صرف ڈر سنانے والے ہیں اور ہر قوم کے لیے ایک راہنما ہوتا ہے)۔﴿وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ قُلْ إِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ﴾(٩٩) (اور کافر کہتے ہیں کہ اس (نبی) پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں نازل کی گئی۔ کہہ دیجیے اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے اس کو اپنی طرف ہدایت کا راستہ دکھاتا ہے) ﴿وَقَالُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِنْ رَبِّهِ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِنْدَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُبِينٌ﴾(١٠٠) (اور وہ [کافر] کہتے ہیں کہ اس [نبی] پر اس کے رب کی طرف سے نشانیاں [معجزات] کیوں نہیں نازل ہوتیں۔ کہہ دیجیے کہ نشانیاں [معجزات] تو اللہ ہی کے پاس ہیں اور میں تو کھلم کھلا انذار کرنے والا ہوں)۔

سورہ بنی اسرائیل میں منکرین حق کے مطلوبہ معجزات کا ذکر کیا گیا ہے فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿وَقَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتَّى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْأَرْضِ يَنْبُوعًا ٥ أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِنْ نَخِيلٍ وَعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْأَنْهَارَ خِلَالَهَا تَفْجِيرًا ٥ أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ٥ أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِنْ زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَى فِيالسَّمَاءِ وَلَنْ نُؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَقْرَؤُهُ﴾(١٠١) (اور وہ [کافر] کہنے لگے کہ ہم تم پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک کہ یا تو ہمارے لیے زمین سے چشمہ جاری کردو، یا تمہارا کھجوروں اور انگوروں کا کوئی باغ ہو اور اس کے بیچ میں نہریں بہا نکالو۔ یا جیسا تم کہا کرتے ہو ہم پر آسمان کے ٹکڑے لا گراؤ۔ یا اللہ اور فرشتوں کو [ہمارے] سامنے لے آؤ۔ یا تمہارا سونے کا گھر ہو، یا تم آسمان پر چڑھ جاؤ۔ اور ہم تمہارے چڑھنے کو بھی نہیں مانیں گے جب تک کوئی کتاب نہ لاؤ جسے ہم پڑھ بھی لیں)۔

ان سب مطالبات کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے یہی فرمایا: ﴿قُلْ سُبْحَانَ رَبِّي هَلْ كُنْتُ إِلَّا بَشَرًا رَسُولًا﴾(١٠٢)(کہہ دیجیے کہ میرا رب پاک ہے، میں صرف ایک پیغام پہنچانے والا انسان ہوں)۔

ان اور ان جیسی دوسری آیات سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان معجزات کے اظہار سے اعراض کیا جو منکرین حق طلب کر رہے تھے۔ باوجود اس کے کہ ان کا اظہار اللہ کے لیے محال اور ناممکن نہ تھا۔ اور اس میں حکمت یہ تھی کہ لوگوں کو از خود اختیار کردہ اس قدیم عقیدہ سے نکالا جائے جس کے تحت وہ معجزہ کو لازمہ نبوت خیال کرتے تھے۔ ورنہ خرقِ عادت کے پیش کرنے سے انکار اس بناء پر نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ اس پر قادر نہیں۔ وہ خود فرماتا ہے: ﴿وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يُنَزِّلَ آيَةً وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ﴾[۱۰۳] (اور وہ (کافر) کہتے ہیں کہ ان پر ان کے رب کی طرف سے کوئی نشانی [معجزہ] کیوں نازل نہیں ہوا۔ کہہ دیجیے کہ اللہ تعالیٰ نشانی [معجزہ] اتارنے پر قادر ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے)۔

اشاعرہ جو کہ معجزہ کو نبوت کا لازمہ قرار دیتے ہیں، وہ بھی یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ معجزہ نبوت کی عقلی دلیل ہے۔ بلکہ ان کا مذہب یہ ہے کہ معجزہ کے صدور کے وقت لوگوں کو عادتاً یقین ہو جاتا ہے نہ کہ عقلاً۔ شرح المواقف میں ہے کہ "وهذه الدلالة ليست دلالة عقلية محضة، كدلالة الفعل على وجود الفاعل.... وليست المعجزة كذلك.... بل هي دلالة عادية كما أشار إليه بقوله وهي عندنا أي الأشاعرةاجراء الله عادته بخلف العلم بالصدق عقبيه أي عقب ظهور المعجزة"[۱۰۴] (اور یہ دلالت محض عقلی نہیں ہے جیسا کہ فعل کی دلالت فاعل کے وجود پر۔۔۔ معجزہ اس طرح کی دلالت نہیں۔۔۔ بلکہ یہ دلالت عادیہ ہے جیسا کہ صاحب مواقف نے اپنے لفظوں میں اشارہ کیا ہے کہ یہ دلالت ہمارے (اشاعرہ کے) نزدیک اس بناء پر ہے کہ اللہ کی عادت یہ ہے کہ جب معجزہ صادر ہوتا ہے تو صاحب معجزہ کی سچائی کا علم اللہ لوگوں کے دلوں میں پیدا کر دیتا ہے)۔

محققین اشاعرہ کے اس موقف پر بھی تنقید کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ دعویٰ بھی مکمل طور پر نہیں کیا جاسکتا کہ معجزہ سے صاحب معجزہ کی سچائی لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو جاتی ہے۔ کیونکہ یہ امر ثابت ہے کہ انبیاء سے معجزات کے ظہور کے باوجود بہت سارے لوگ ایمان نہیں لاتے تھے۔ بلکہ نہ ایمان لانے والوں کی تعداد اکثر ایمان لانے والوں سے زیادہ ہوتی تھی۔ اس طرح اس دعویٰ کو تسلیم کرنے سے بدایت کی تکذیب لازم آتی ہے۔ اور محققین کی تصریح کے مطابق معجزہ نبوت کے یقین کے لیے کافی نہیں[۱۰۵]۔

سر سید احمد خان بھی معجزہ کو دلیل نبوت تسلیم نہیں کرتے، عقلی طور پر معجزہ دلیل نبوت اس لیے نہیں کہ ان کے نزدیک معجزہ عقلی طور پر ممکن الوقوع ہی نہیں[۱۰۶]۔ رہا معاملہ شرع کا تو وہ کہتے ہیں کہ جب رسول کی بعثت ہی معرض بحث میں ہو تو شرع کا وجود کیسے ثابت ہو گا؟ اور مزید یہ کہ معجزہ تو اس کے لیے دلیل ہو گا جو اللہ کو

مانتا ہو۔ مگر رسول کی صداقت میں شک کرتا ہو، اور جو نہ اللہ کو مانتا ہو نہ ہی نبی کو تو معجزہ اس کے لیے کیسے دلیل ہو سکتا ہے؟(۱۰۷)

سر سید اس حد تک علماء متقدمین کے ساتھ ہیں۔ بلکہ ان کے سب سے بڑے ناقد مولانا محمد عبد الحق حقانی بھی یہ کہتے ہیں کہ "۔۔۔ انبیاء کی بعثت سے بنی آدم کی ہدایت اور ان کے اخلاق و معارف کی درستی موقوف ہوتی ہے۔ معجزہ کوئی مقصودی کام نہیں بلکہ نبی کی صداقت کے لیے صادر کرایا جاتا ہے۔ اور نبی کی نبوت معجزہ پر موقوف نہیں ہوتی، ممکن ہے بعض انبیاء نے ایک بھی معجزہ نہ دکھایا ہو"(۱۰۸)۔

سر سید اور متقدمین کے موقف میں فرق یہ ہے کہ وہ سرے سے خارق عادت کے وجود کو تسلیم ہی نہیں کرتے۔ جب کہ متقدمین خارق عادت کے ممکن الوجود ہونے کے قائل ہیں۔ جب کہ سر سید معجزہ کا واقع ہونا ہی تسلیم نہیں کرتے۔ تو ان کا متقدمین کے ساتھ ایک جزو میں متفق ہونا کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔

سر سید احمد خان کے مسلک کا تیسرا نکتہ یہ ہے کہ قرآن مجید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی معجزہ کے صادر ہونے کا کوئی ذکر موجود نہیں۔ وہ اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی اور نبوت کی سب سے بڑی دلیل قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت اور بڑھ جاتی ہے۔ اس سے وہ یہ بھی استنباط کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سرورِ انبیاء تھے لیکن قرآن نے ان کے کسی معجزے کا تذکرہ نہیں کیا تو پھر دوسرے انبیاء سے معجزات کا ظہور کیوں کر ہو سکتا ہے۔ ان کے الفاظ یہ ہیں کہ "مسلمانوں کے حال پر اس سے بھی زیادہ افسوس ہے کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو انبیائے سابقین سے افضل سمجھتے ہیں، انبیائے سابقین کے معجزے تو قرآن میں بتلاتے ہیں مگر افضل الانبیاء کے ایک معجزے کا ذکر بھی قرآن مجید میں نہیں دکھاتے"(۱۰۹)۔

اپنی بات کو درست ثابت کرنے کے لیے وہ قرآن حکیم سے استدلال کرتے ہیں کہ "۔۔۔ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ﴿قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ﴾(۱۱۰) (کہہ دو کہ میں تمہاری طرح کا ایک بشر ہوں [البتہ] میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود [وہی] ایک معبود ہے)۔ اور نبی سے صدور معجزہ کے بالکل انکار کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَقَالُوالَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِنْ رَبِّهِ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِنْدَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُبِينٌ﴾(۱۱۱) (اور [کافر] کہتے ہیں کہ اس پر اس کے رب کی طرف سے نشانیاں کیوں نازل نہیں ہوئیں۔ کہہ دو کہ نشانیاں تو اللہ ہی کے پاس ہیں، اور میں تو کھلم کھلا انذار کرنے والا ہوں)۔ ایک اور جگہ فرمایا کہ ﴿لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًاوَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ﴾[۱۱۲] (کہہ دو کہ میں اپنے فائدے اور نقصان کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے۔ اور اگر میں غیب کی باتیں جانتا ہوتا تو بہت سارے فائدے جمع کر لیتا اور مجھ کو کوئی تکلیف نہ پہنچتی، میں تو مومنوں کو ڈر اور خوش خبری سنانے والا ہوں)۔

ان آیات سے وہ یہ ثابت کرتے ہیں کہ قرآن حکیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی معجزہ کے صادر ہونے کی نفی کرتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ "اور اس طرح کی اور بہت سی آیتیں ہیں۔ پس خود ہمارے سردار نے معجزوں کی نفی کی ہے، پھر کس طرح ہم معجزوں کو مان سکتے ہیں"[۱۱۳]۔

لیکن قرآن حکیم یہ بتاتا ہے کہ کفار کا معجزہ طلب کرنا نفی معجزہ کی دلیل نہیں۔ انہیں نفس معجزہ مانگنے پر تنبیہ نہیں کی گئی بلکہ مادی اور ظاہری معجزات طلب کرنے پر تنبیہ کی گئی ہے، اور بتایا گیا ہے کہ نبوت کی نشانیاں ظاہر ہونے کے بعد بھی یہ عناد سے معجزہ طلب کرنے پر اصرار کر رہے ہیں۔ اسی لیے قرآن حکیم میں کفار کے معجزہ طلب کرنے کا جہاں ذکر ہے وہیں یہ تصریح بھی موجود ہے کہ جو خوارق وہ طلب کر رہے ہیں وہ اگر ظاہر بھی کر دیئے جائیں تو انہیں ہرگز تسلی نہ ہوگی۔ بلکہ تسلی کے لیے نبوت کے ان آثار و علامات کی طرف توجہ کرنی چاہیے جو ہر سعادت مند کے لیے باعث تسلی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللَّهُ أَوْ تَأْتِينَا آيَةٌ كَذَلِكَ قَالَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِثْلَ قَوْلِهِمْ تَشَابَهَتْ قُلُوبُهُمْ قَدْ بَيَّنَّاالْآيَاتِ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ o إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلَا تُسْأَلُ عَنْ أَصْحَابِ الْجَحِيمِ﴾[۱۱۴] (اور جو لوگ [کچھ] نہیں جانتے (یعنی مشرک) وہ کہتے ہیں کہ خدا ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی۔ اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے وہ بھی انہی کی سی باتیں کیا کرتے تھے۔ ان لوگوں کے دل آپس میں ملتے جلتے ہیں جو لوگ صاحب یقین ہیں ان کے [سمجھانے کے] لیے ہم نے نشانیاں بیان کر دی ہیں۔ بے شک ہم نے تو آپ کو حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا اور آپ سے اہل جہنم سے متعلق سوال نہیں کیا جائے گا)۔

اس آیت میں یہ وضاحت کر دی گئی ہے کہ معجزات طلب کرنے والوں کو نبوت کی وہ نشانیاں کیا نظر نہیں آتیں جو ہم نے کھول کر بیان کر دی ہیں۔ دوسری جگہ یوں ارشاد فرمایا: ﴿وَقَالُوا لَوْلَا يَأْتِينَا بِآيَةٍ مِنْ رَبِّهِ أَوَلَمْ تَأْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْأُولَى o وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنَاهُمْ بِعَذَابٍ مِنْ قَبْلِهِ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَاأَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ﴾[۱۱۵] (اور کہتے ہیں کہ یہ [رسول] اپنے رب کی طرف سے ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے۔ کیا ان کے پاس پہلی کتابوں کی نشانیاں نہیں آئیں۔ اور اگر ہم ان کو رسول کے بھیجنے سے پہلے ہی کسی عذاب سے

ہلاک کر دیتے تو وہ کہتے کہ ہمارے رب تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا کہ ہم ذلیل ورسوا ہونے سے پہلے تیرے کلام واحکام کی پیروی کرتے)۔

اس آیت میں بھی گذشتہ قوموں کے واقعات کی طرف توجہ دلا کر بتایا گیا ہے کہ پہلے لوگوں کے سامنے معجزات آئے تھے لیکن انہوں نے انکار کر دیا تو ان کا کیا حشر ہوا۔ تم بھی معجزات کا مطالبہ کر رہے ہو، اگر وہ ظاہر کر دیئے گئے اور تم ایمان نہ لائے تو انہی جیسے انجام سے دوچار ہوگے [۱۱۶]۔ قریش نے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معجزات کا ظہور ہوتے دیکھا تو معاندین کی عادت کے مطابق نہ صرف انکار کر دیا بلکہ اسے جادو، شعبدہ بازی اور کہانت کہا۔ یہی کچھ موسیٰ علیہ السلام کے معجزات دیکھ کر بنی اسرائیل نے کہا تھا: ﴿هَذَا سِحْرٌ مُبِينٌ﴾ [۱۱۷] (یہ تو کھلا ہوا جادو ہے)۔ ﴿إِنْ هَذَانِ لَسَاحِرَانِ﴾ [۱۱۸] (یہ دونوں تو جادوگر ہیں)۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزہ عصا کو دیکھ کر جادوگر تو ایمان لے آئے۔ ﴿فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ ٥ قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ٥ رَبِّ مُوسَى وَهَارُونَ﴾ [۱۱۹] (تو جادوگر سجدے میں گر پڑے [اور] کہنے لگے کہ ہم ہارون و موسیٰ کے رب پر ایمان لائے)۔ لیکن فرعون یہی کہتا رہا کہ ﴿إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ﴾ [۱۲۰] (یہ [موسیٰ] تو تم سب کا بڑا جادوگر ہے جس نے تم کو بھی جادو سکھایا ہے)۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بھی جب معجزات کا ظہور ہوا تو مخالفین نے یہی کہا کہ اس کے ساتھ شیطان اور بدروحیں ہیں جن کی مدد سے یہ سب کچھ کرتا ہے"۔۔۔ مگر فریسیوں نے کہا کہ یہ تو بدروحوں کے سردار کی مدد سے بدروحوں کو نکالتا ہے" [۱۲۱]۔

معاندین و مخالفین کی اسی عادت مستمرہ کے مطابق قریش نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات دیکھ کر کہا کہ یہ کاہن ہے، جادوگر ہے۔ قرآنِ حکیم نے ان کے اس قول کی نفی کی ہے: ﴿فَمَا أَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ﴾ [۱۲۲] (آپ اپنے رب کے فضل سے کاہن نہیں)۔ ﴿وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ﴾ [۱۲۳] (اور نہ ہی یہ کسی کاہن کا قول ہے)۔ ﴿قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ إِنْ هَذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ﴾ [۱۲۴] (منکرین حق کے پاس جب حق آیا تو انہوں نے کہا کہ یہ تو کھلا ہوا جادو ہے) ﴿ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ٥ فَقَالَ إِنْ هَذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ﴾ [۱۲۵] (پھر پیٹھ پھیری، تکبر کیا اور کہا کہ یہ تو جادو ہے جو اگلے وقتوں سے چلا آتا ہے)۔

مخالفین نے آخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خوارق عادت کا ظہور دیکھا تھا تبھی تو کہنے لگے کہ یہ جادو ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے بڑا معجزہ جس کا تذکرہ قرآن کرتا ہے اور جس سے کوئی انکار نہیں

کر سکتا، شرح صدر ورفعت ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ○ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ○ الَّذِي أَنْقَضَ ظَهْرَكَ ○ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ﴾[۱۲۶] (کیا ہم نے آپ کے لیے آپ کا سینہ نہیں کھول دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بوجھ بھی اتار دیا، جس نے آپ کی پیٹھ توڑ رکھی تھی، اور آپ کا ذکر بلند کیا)۔

کسی ایسے شخص کا جس نے کسی سے نہ پڑھا ہو، اور نہ لکھنا پڑھنا جانتا ہو، نہ ہی حکماء کے ملک کا رہنے والا ہو، جملہ علوم ومعارف کا سرچشمہ ہو جانا۔ ایسی شرح، شرح صدر نہیں جو انسانی قدرت سے فوق ہے؟ اور کیا دیکھنے والوں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معجزہ نظر نہیں آتا؟[۱۲۷]

حواشی وحوالہ جات

۱ - تحریر فی اصول التفسیر، سرسید: الاصل التاسع، ص: ۲۵-۲۷۔

۲ - دیکھیے: تفسیر القرآن: سرسید، ۱/۱۳۲-۱۴۵۔

۳ - تحریر فی اصول التفسیر: الاصل التاسع، تفسیر القرآن: ۳/۵-۱۵۔

۴ - تفسیر القرآن:،۳/ ۶،بتصرف۔

۵ - ایضاً: ص: ۲۶۔

۶ - ایضاً: ۳/۲۶۔

۷ - دیکھیے: ایضاً:۲/۱۶۱-۱۶۲،۳/۲۶۔

۸ - ایضاً: ۳/۲۸۔

۹ - ایضاً: ۳/۲۸۔

۱۰ - ایضاً: ۳/۳۳۔

۱۱ - سورہ بنی اسرائیل:۱۷: ۹۳، تفسیر القرآن: سرسید ۳ / ۲۴۔

۱۲ -تفسیر القرآن: سرسید، ۳/ ۲۴،۲۶،۳۴۔

۱۳ - سورۃ الروم: ۳۰: ۳۰۔

۱۴ - سورہ فاطر:۳۵ : ۴۳۔

۱۵ - سورۃ الفتح: ۴۸: ۲۳۔

۱۶ - سورہ بنی اسرائیل:۱۷: ۸۶۔

۱۷ - تفسیر القرآن: سرسید، ۳/۲۹۔

۱۸ - سورۃ القمر: ۵۴: ۴۹۔

۱۹ -سورۃ الرعد:۱۳: ۸۔

۲۰ - سورۃ الفرقان:۲۵: ۲۔

۲۱ -تفسیر القرآن: سرسید،۳/۲۸۔

۲۲ - ایضاً: ۳/۳۳۔

۲۳ -سورۃ الاعراف:۷: ۱۰۸ [(موسیٰؑ نے اپنی لاٹھی (زمین پر) ڈالی تو وہ اسی وقت صریح اژدھا (ہو گیا)]۔

۲۴ - تفسیر کبیر: رازی،۱۴/۲۰۲۔

۲۵ -دیکھیے: ایضاً: ۱۴/ ۲۰۲-۲۰۴۔

۲۶ - ایضاً۔

۲۷ - سیرت النبی: ندوی، سلیمان، ۵۴/۳، بتصرف۔

۲۸ - دیکھیے: ایضاً: ۵۵-۵۴/۳۔

۲۹ - دیکھیے: ایضاً: ۵۸-۵۶/۳۔

۳۰ - دیکھیے: ایضاً: ص ۵۹-۵۸/۳۔

۳۱ - اصول الدین: ابو منصور البغدادی، عبدالقاہر بن طاہر التمیمی (متوفی ۴۲۹ھ) ص: ۱۲۱-۱۲۰ مطبعہ الدولہ، استنبول ۱۹۲۸ھ۔

۳۲ - احمد تقی الدین ابو العباس بن عبد الحلیم بن عبد السلام (۷۲۸ھ)، فقیہ، مجتہد، مجدد، متکلم (شذرات الذہب: ۱۵۱-۱۴۲/۸)۔

۳۳ - ابو الحسن علی بن اسماعیل بن ابی بشر (۳۲۴ھ)، علی الجبائی معتزلی کے شاگرد تھے۔ اعتزال ترک کیا اور اپنے مسلک کی بنیاد رکھی جسے اشعری کہا گیا۔ متکلم، الحاد و اعتزال کے رد میں کثیر التصانیف تھے۔ (شذرات الذہب: ۱۳۳-۱۲۹/۴)۔

۳۴ - دیکھیے: الرد علی المنطقیین: ابن تیمیہ، تقی الدین ابو العباس (متوفی ۷۲۸ھ)، ص: ۴۲۱، ادارہ ترجمان السنہ لاہور، ۱۹۷۶ھ۔

۳۵ - ملاحظہ کیجیے: سیرت النبی: ندوی، سید سلیمان، ۵۵/۳۔

۳۶ - سورہ فاطر: ۳۵ : ۴۳۔

۳۷ - تفسیر القرآن: سرسید، ۲۹/۳۔

۳۸ - سورہ فاطر: ۳۵ : ۴۳-۴۲، تفسیر ابی السعود، ج ۳۷۴/۴، تفسیر المراغی: مراغی، احمد مصطفی (متوفی ۱۳۷۱ھ)، ۱۴۰/۸، مطبعہ مصطفی البابی الحلبی، قاہرہ، طبعہ اولیٰ ۱۹۴۶ھ۔

۳۹ - تفسیر ابی السعود: ۳۴۵/۳، تفسیر المراغی: ۸۰/۵۔

۴۰ - سورہ بنی اسرائیل: ۱۷: ۷۷-۷۶۔

۴۱ - دیکھیے: سیرت النبی: ندوی، ۳۱۲-۳۰۶/۳۔

۴۲ - سورۃ الروم: ۳۰ : ۳۰۔

۴۳ - دیکھیے: تفسیر ابن کثیر: ابن کثیر، ۱۷۴-۱۷۲/۳، تفسیر کبیر: رازی، ۱۲۱-۱۲۰/۲۵۔

۴۴ - الروم: ۳۰ : ۳۰۔

۴۵ - صحیح بخاری: کتاب التفسیر، تفسیر سورت الروم ، باب لا تبدیل لخلق الله عن ابی ھریرۃ رضی الله عنه-

۴۶ - سورۃ الصافات: ۳۷ : ۹۷۔

۴۷ - سورۃ الانبیاء: ۲۱: ۷۰-۶۹۔

۴۸ - تحریر فی اصول التفسیر: ص: ۳۴-۳۳، الاصل الخامس عشر۔

۴۹ - ایضاً: ص ۳۳۔

۵۰ - سورۃ الانبیاء: ۲۱ : ۶۸۔

۵۱ - سورۃ الصافات: ۳۷: ۹۷۔

۵۲ - سورۃ الانبیاء :۲۱: ۷۰۔

۵۳ - سورۃ الانبیاء :۲۱: ۶۹۔

۵۴ - سورۃ البقرۃ : ۲: ۶۰۔

۵۵ - سورۃ الاعراف :۷ : ۱۶۰۔

۵۶ - عہد نامہ قدیم: کتاب الخروج، باب: ۱۷، آیات: ۱-۷، کتاب گنتی، باب: ۲۰، آیات: ۱-۱۲، کتاب مقدس، برٹش اینڈ فارن بائبل سوسائٹی لاہور، ۱۹۴۷ء۔

۵۷ - تفسیر الکشاف: زمخشری، ۱/۲۷۴، تفسیر کبیر: رازی، ۳/ ۱۰۱-۱۰۲، تفسیر المراغی: ۱/۱۲۶۔

۵۸ - تفسیر القرآن: سرسید، ۱/۹۰-۹۱۔

۵۹ - ایضاً: ۱/۱۱۷۔

۶۰ - ایضاً: ۱/۱۱۷-۱۱۸۔

۶۱ - لسان العرب: ابن منظور افریقی، ۴/۱۶۵-۱۷۱، دیکھیے: معجم الوسیط، ص: ۱۵۷-۱۵۸۔

۶۲ - القاموس القویم للقرآن الکریم: ابراہیم احمد، ۱/ ۳۹۰-۳۹۱۔

۶۳ - سورۃ آل عمران: ۲: ۱۵۶۔

۶۴ - سورۃ البقرۃ : ۲: ۲۷۳۔

۶۵ - تفسیر القرآن: سرسید ۱/۱۱۸۔

۶۶ - تفسیر ابی السعود: ۱/۱۸۰، تفسیر کشاف: ۱/۲۷۴، البحر المحیط: ابو حیان اندلسی محمد بن یوسف [متوفی ۷۴۵ھ] ۱/ ۳۹۰-۳۹۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۹۹۳ء۔

۶۷ - عہد نامہ قدیم: کتاب الخروج، باب ۱۵، آیت: ۲۷۔

۶۸ - ایضاً: باب ۱۷، آیات: ۱-۷۔

۶۹ -طٰہٰ: ۱۷-۲۲۔

۷۰ - تفسیر القرآن: ۳/۱۷۰-۱۷۱۔

۷۱ - ایضاً: ۳/۱۷۱۔

۷۲ - ایضاً: ۳/۱۷۳۔

۷۳ - ایضاً۔

۷۴ -سورۃ الشعراء : ۲۶: ۳۳۔

۷۵ -تفسیر القرآن: ۳/۱۷۳۔

٧٦ -سورۃ النمل: ٢٧: ١٩۔

٧٧ - سورہ طہٰ: ٢٠: ٢١-٢٢۔

٧٨ - سورۃ القصص: ٢٨: ٣٢۔

٧٩ - تفسیر القرآن: ٣/١٧٤۔

٨٠ -طہٰ: ٢٠: ٧١۔

٨١ -سورۃ طہٰ، ٢٠: ٦٩۔

٨٢ - ﴿ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْأَرْضِ أَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاءِ فَتَأْتِيَهُمْ بِآيَةٍ ﴾ (الانعام: ٦: ٣٥)۔

٨٣ - ﴿وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَابًا فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ﴾ [الانعام: ٦: ٧] دیکھیے: تفسیر القرآن: ٣/٣٥۔

٨٤ -دیکھیے: الکشف عن مناهج الادلة في عقائد الملة: ابن رشد، ابوالولید محمد بن احمد (متوفی ٥٩٥ھ)، ص ١٧٣-١٧٨، (في بعث الرسل والمعجزات) تحقیق محمد عابد الجابری، مرکز دراسات الوحدہ العربیہ بیروت، ١٩٩٨ء، تفسیر القرآن: ١/١٣٣-١٤٢۔

٨٥ - ملاحظہ کیجیے: تفسیر القرآن: ج ١/ ١٩٣-٢٠٤۔

٨٦ - سورۃ بنی اسرائیل، ١٧: ٩٠-٩٣۔

٨٧ -شرح المقاصد: تفتازانی، سعد الدین سعود بن عمر بن عبداللہ [متوفی ٧٩٣ھ]، ٥/١٩، عالم الکتب بیروت ١٩٩٨ء۔

٨٨ - ایضاً: ٥/٢٥۔

٨٩ - ایضاً۔

٩٠ - تفسیر کبیر: رازی، ٢٥/٧٩، تفسیر﴿وَقَالُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِنْ رَبِّهِ..... ﴾ [سورۃ العنکبوت، ٢٩: ٥٠] المطالب العالیہ: رازی، ٨/٦٧-٦٨، دار الکتاب العربی، بیروت، ١٩٨٧ء۔

٩١ - تفسیر کبیر، رازی: ٢٥/٧٩۔

٩٢ -المنقذ من الضلال: غزالی، ابوحامد محمد بن محمد [متوفی ٥٠٥ھ]، ص: ١١٤دار الاندلس، بیروت، ١٩٦٢ء۔

٩٣ - ایضاً: ص ١١٤، "فإن ذلك إذا نظرت إليه وحده.... ربما ظنت أنه سحر وتخيل"۔

٩٤ - حجۃ اللہ البالغہ: شاہ ولی اللہ، ١/٨٥۔

٩٥ -الخیر الکثیر: شاہ ولی اللہ دہلوی، ص: ٧٣، من سلسلہ مطبوعات المجلس العلمی، نمبر ١٣، مدینہ پریس بجنور ١٣٥٣ھ۔

٩٦ - سورۃ الانعام، ٦: ٥٠۔

٩٧ - سورۃ الاعراف، ٧: ١٨٨۔

٩٨ - سورۃ الرعد، ١٣: ٧۔

۹۹ - سورۃ الرعد، ۱۳: ۳۷۔

۱۰۰ - سورۃ العنکبوت، ۲۹: ۵۰۔

۱۰۱ - سورہ بنی اسرائیل، ۱۷: ۸۹-۹۳۔

۱۰۲ - سورہ بنی اسرائیل، ۱۷: ۹۳۔

۱۰۳ - سورۃ الانعام، ۶: ۳۷۔

۱۰۴ - شرح المواقف: المبحث الثالث فی کیفیة دلالتها، جرجانی، علی بن محمد سید شریف، ۸/۱۸۱-۱۸۲، مطبعہ السعادہ، قاہرہ ۱۳۲۵ھ۔

۱۰۵ - الکلام: شبلی، ص: ۲۱۸۔

۱۰۶ - تفسیر القرآن: ۳/۳۳۔

۱۰۷ - دیکھیے ایضاً: ۱/۱۹۳-۲۰۴۔

۱۰۸ - البیان فی علوم القرآن: حقانی، محمد عبد الحق دہلوی [متوفی ۱۳۳۵ھ]، ص: ۱۵۴، دار الاشاعت تفسیر حقانی دہلی، ۱۹۳۲ء۔

۱۰۹ - دیکھیے: تفسیر القرآن: ۱/۱۶۱، ۳/۵-۱۵۔

۱۱۰ - سورۃ الکھف، ۱۸: ۱۱۰۔

۱۱۱ - سورۃ العنکبوت، ۲۹: ۵۰۔

۱۱۲ - سورۃ الاعراف، ۷: ۸۸۔

۱۱۳ - تفسیر القرآن: ۲/۱۶۱۔

۱۱۴ - سورۃ البقرۃ، ۲: ۱۱۸-۱۱۹۔

۱۱۵ - سورۃ طٰہٰ، ۲۰: ۱۳۳-۱۳۴۔

۱۱۶ - تفسیر کبیر: رازی، ۲۲/۱۳۷، تفسیر روح المعانی: آلوسی، شہاب الدین محمود [متوفی ۱۲۷۰ھ] ۱۷/۲۸۶، ادارہ الطباعہ المنیریہ، قاہرہ، سن ندارد۔

۱۱۷ - سورۃ النمل، ۲۷: ۱۳۔

۱۱۸ - سورۃ طٰہٰ، ۲۰: ۶۳۔

۱۱۹ - سورۃ طٰہٰ، ۲۰: ۷۰۔

۱۲۰ - سورۃ طٰہٰ، ۲۰: ۷۱۔

۱۲۱ - کتاب مقدس: عہد نامہ جدید، انجیل متی، باب ۹، آیت: ۳۴۔

۱۲۲ - سورۃ طور، ۵۲: ۳۹۔

۱۲۳ - سورۃ الحاقہ، ۶۹: ۴۲۔

۱۲۴ -سورۃ الاحقاف، ۴۶: ۷۔

۱۲۵ -سورۃ المدثر، ۷۴: ۲۳-۲۴۔

۱۲۶ -سورۃ الانشراح، ۹۴: ۱-۴۔

۱۲۷ -البیان فی علوم القرآن، حقانی، عبد الحق دہلوی، ص: ۱۴۲۔

برصغیر میں مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب کے علمی و فکری اثرات

Scholastic and Theoretical Impact of Muslim Christian Dialectic Literature in Sub-continent

ڈاکٹر محمد ریاض محمود☆

ڈاکٹر محمد صدیق☆☆

Abstract

The Indian Sub-continent has been a magic place for hundreds of years for the entire world for its vast area, fertile land and natural resources. The references of Sikandar-e-Azam, Muhammad Bin Qasim, Sultan Mahmood Ghaznavi, Shahab-ud-Din Ghouri and Zaheer-ud-din Babar reflect its historical, religious, social, cultural, civilizational and economic significance in the world history. The Mughal Rulers had emerged here as conquerers but they did not remain mere attackers after their great conquest over the Indians. They became natives here and gave the local people the status and rights which they deserved. Another invader external nation The British, also came here who set aside all the moral values. They took hold of the trade, commerce and political power in disguise of traders. They used their religion for the solidarity of their political rule. They raised many stigmas and objections against the Islamic teaching to propagate against Islam. The Muslim scholars countered this sheerly partial and false propaganda against the great religion of the Universe, Islam, at every forum. "The Muslim-Christian political Discourse" emerged because of this political upheaval between these two nations. This literature has great significance in the history of the religions of the world. This literature has left crystal clear and vast effects in the religious, social, political and economic fields of life of the sub-continent. It has been tried to fulfil the literary, historical, academic and educational need of the readers in the article "The Effects of Muslim-Christian Polemical Literature in the Sub-Continet".

☆لیکچرر اسلامیات، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، سیٹلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ، پاکستان۔

☆☆سابق چیئرمین شعبہ اسلامیات، گومل یونیورسٹی، ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان۔

برصغیر پاک وہند کا خطہ اپنے وسیع رقبہ، زرخیز زمین، سر بفلک پہاڑوں، دل نشین وادیوں، سرسبز وشاداب میدانوں، ہرے بھرے لہلاتے کھیتوں، پُرکیف باغات اور معدنی وسائل کی وجہ سے ہزاروں سال سے بیرونی دُنیا کے لیے باعثِ کشش چلا آرہا ہے۔

ڈاکٹر گستاؤلی بان کے بقول:

"اس ملک کی بے نظیر زرخیزی کی بدولت بہت سے موانع کے باوجود اقوام عالم نے کئی ہزار سال کے اندر اس پر بیس دفعہ دھاوا کیا"(۱)۔

اس سرزمین سے متعلق سکندرِ اعظم، محمد بن قاسم، سلطان محمود غزنوی، شہاب الدین محمد غوری اور ظہیر الدین بابر کے حوالہ جات اس کی تاریخی، مذہبی، تمدنی اور معاشی اہمیت کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ پہلا مغل حکمران ظہیر الدین بابر لکھتا ہے:

"ہندوستان کی بڑی خوبی یہ ہے کہ وسیع ملک ہے اس میں سونا چاندی بہت ہے"(۲)۔

مغلیہ خاندان کے پانچویں حکمران شہاب الدین محمد شاہ جہاں کے زمانے میں جب شاندار اور خوبصورت عمارات کی تعمیر کا سلسلہ شروع ہوا اور نقرئی چھتوں اور قیمتی پتھروں سے مرصع دیوانِ خاص بن کر تیار ہوا تو اس کی دیواروں پر سعد اللہ خان کا یہ شعر کندہ کیا گیا جو بیرونی اقوام کے خیالات وجذبات کی ترجمانی کر رہا ہے:

اگر فردوس برروئے زمین است　　　ہمیں است وہمیں است وہمیں است(۳)۔

مغل حکمران فاتح کی حیثیت سے یہاں آئے تھے مگر فتح کے بعد محض حملہ آور نہ رہے، وہ اس سرزمین کے مکین ہو گئے اور یہاں کے مفتوح باشندوں کو وہی مقام ومرتبہ عطا کیا جس کے وہ مستحق تھے۔ معروف خاتون مؤرخ ANNIE BESANT کے الفاظ میں:

"اس ملک پر بارہا یورشیں ہوئی ہیں لیکن ہر بار ان بیرونی حملہ آوروں نے اسی خطے کو اپنا مسکن بنالیا اور اسی کے فرزند بن گئے۔ انہوں نے اس کے ساتھ رشتہ اخوت قائم کر لیا اور مقامی باشندوں کے لیے حکومت کے سارے دروازے کھول دیئے"(۴)۔

اس سرزمین پر ایک بیرونی قوم ایسی بھی آئی جس نے تمام اخلاقی ضابطوں کو نظر انداز کر دیا۔ انگریز تجارت کے بہانے حکومت وسیاست پر قابض ہوگئے۔ ان فرنگی نوواردوں نے پُرفریب سازشوں اور دھاندلیوں کا ارتکاب کیا۔ اپنی سازشوں اور دھاندلیوں کو تحفظ دینے اور اپنی تجارت، سیاست اور حکومت کو استحکام دینے کی غرض سے مذہب کا سہارا لیا گیا۔ اپنے مذہب یعنی مسیحیت کو فروغ دینے کی کوشش کی گئی چنانچہ اسلام کو

بدنام کرنے کے لیے اس کی تعلیمات پر بے جا اعتراضات لگائے گئے، جن کا علمی و عقلی جواب مسلمان علماء نے دیا۔ فکرِ اسلامی اور مسلم تشخص کے تحفظ کے لیے برصغیر میں علمائے اسلام کا کردار تاریخی نوعیت کا رہا ہے۔ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ ۱۸۵۷ء میں میدانِ سیاست میں مسلمانوں کی مکمل پسپائی کے بعد مسلم علماء نے اسلامیانِ ہند کو تہذیبی ارتداد سے بچانے کے لیے شاندار کوششیں کیں۔ کسی بھی قوم کے فکر و فلسفہ کے نفوذ میں ان کا سیاسی غلبہ اہم کردار ادا کرتا ہے۔ مفتوح اور مغلوب قوموں کی نفسیات یہ ہے کہ وہ ہمیشہ فاتح اور غالب قوم کی فکر و فلسفہ اور تہذیب کو اپناتی ہیں۔ لیکن ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاسی ناکامی کے باوجود اسلام روحانی، معاشرتی اور تمدنی زندگی سے بے دخل نہیں ہوا بلکہ اس کے برعکس عام مسلمانوں میں بھی دین کے تحفظ کا احساس اجاگر ہوا۔ عام لوگوں میں دین کے تحفظ کا داعیہ بیدار کرنے میں سب سے اہم کردار علمائے اسلام کا ہے، جنہوں نے اس دور میں ایسا مذہبی ادب تخلیق کیا جس نے اسلام کے بارے میں مسیحی پادریوں کے پھیلائے ہوئے شکوک و شبہات کے اثرات کا نہ صرف خاتمہ کیا بلکہ جدید مغربی فکر و فلسفہ کی خامیوں کو بھی ہدفِ تنقید بنا کر اس کی کمزوریوں کو عیاں کیا۔ یہی وجہ ہے کہ اس دور کے دینی ادب میں مناظرانہ اسلوب نمایاں ہے، جس میں دلائل کے ساتھ ساتھ جذبات کا عنصر بھی موجود ہے۔

ہمیں اس حقیقت کا اعتراف کرنا چاہیے کہ اگر برصغیر میں اکابرینِ اسلام یہ کردار ادا نہ کرتے تو شاید برصغیر کی تاریخ اسپین اور وسط ایشیائی ریاستوں سے مختلف نہ ہوتی۔ جہاں غالب قوموں نے اہلِ اسلام اور ان کی تہذیب کو تاریخ کے اوراق تک محدود کر دیا تھا۔ انگریز حکمرانوں نے ماضی کی یہ تاریخ ہندوستان میں دہرانے کی پوری کوشش کی۔ انگریزوں نے اپنے سامراجی مقاصد کے حصول کے لیے ہندوستان میں مسیحی مذہب کے پرچار کی زبردست حوصلہ افزائی کی۔ اور اس کے فروغ کے لیے ہر طرح کے ہتھکنڈے استعمال کیے۔ اپنے مشن کی تکمیل کے لیے یورپی مبشرین نے مسیحیت کی نشرواشاعت کے نام پر پورے برصغیر میں سکول کھولے اور شہری و دیہی علاقوں میں مسیحی سرگرمیوں کا جال پھیلانے کے لیے مسیحی منادوں نے زبردست کوششیں کیں۔ مسیحی مبلغین نے اپنے مذہب کی خوبیوں کے بیان پر ہی اکتفانہ کیا بلکہ اسلامی تعلیمات اور مسلم تہذیب وتمدن کی مذمت میں بھی کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ مسیحی مبلغین کا بنیادی ہدف یہ تھا کہ مسلمان اپنے مذہب کو خیر باد کہہ کر مسیحیت میں داخل ہو جائیں، یا کم از کم وہ راسخ العقیدہ مسلمان ہونے کے دعویٰ ہی سے دست بردار ہو جائیں۔ مسیحی مناظرین نے اسلام پر ہمہ جہت حملے کئے تاکہ عام مسلمانوں کو مذہبی اعتبار سے تشکیک و تذبذب میں مبتلا کر دیا جائے۔ اسلام اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس پر ناپاک حملے کئے گئے۔ آئے روز مسیحی مناد مدارس، شفاخانہ جات اور

دیگر رفاہی سرگرمیوں کی آڑ میں مقامی آبادی کے عقائد پر تنقید کرتے اور مسلمان علماء کو مناظروں کی دعوت دیتے۔ چنانچہ انہوں نے نہ صرف تقریری مناظروں کی صورت میں بلکہ تحریری مناقشوں کی صورت میں بھی مختلف اسلامی موضوعات پر مسلم علماء کو چیلنج کیا۔ پادریوں کے پیش نظر صرف مسیحیت کی تبلیغ ہی نہ تھی بلکہ ان کا بنیادی مقصد حکومتِ وقت کا سیاسی اور سماجی استحکام تھا، دوسری طرف انہوں نے چاہا کہ اسلام کے بارے میں غلط فہمیاں پھیلا کر مسلمانوں کی نئی نسل کو اسلام اور اس کے آفاقی پیغام کے بارے میں شکوک وشبہات سے دوچار کر دیا جائے، لہٰذا انہوں نے مشنری کاموں کی آڑ میں مسلمانوں کو مذہبی، تہذیبی اور فکری اعتبار سے نقصان پہنچانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ انہوں نے قرآن، حدیث، سیرت النبی اور اسلامی علمی ورثہ کو اپنے مخصوص زاویۂ نظر سے متشکل کرنے کی کوششیں کیں۔

اس پس منظر میں علمائے اسلام نے مسیحی مشنریوں کی خرافات کا تحریری اور تقریری جواب دیا اور علمی و فکری محاذ پر اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ کے مقام و مرتبہ اور حقوق کی تعلیم و اشاعت کے لیے بے پناہ کام کیا۔ برصغیر کے اہلِ علم نے اسلام کی حقانیت کو ثابت کرنے کے لیے عقلی و نقلی دلائل سے ایسا عظیم الشان ادب تخلیق کیا جس کی اہمیت و افادیت آج بھی مسلم ہے۔ انہوں نے ہر محاذ پر عیسائی پادریوں کے چیلنج کو قبول کرتے ہوئے تقریری مناظروں کا تقریری صورت میں اور تحریری اعتراضات کا تحریری صورت میں جواب دیا۔ اس مذہبی کشمکش کے نتیجے میں برصغیر میں مسلم ۔ مسیحی مناظرانہ ادب وجود میں آیا۔ یہ ادب مذاہب کی تاریخ میں بڑی اہمیت کا حامل ہے اور علم و فکر کے میدان میں اس کے اثرات بہت وسیع ہیں۔ ان میں سے چند اہم اثرات کا جائزہ ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

ا۔ مسیحی مناظرین کی طرف سے اسلام پر لگائے گئے اعتراضات کا علمی جواب

برصغیر میں مسیحیوں نے اپنے مذہب کی اشاعت کے لیے دو اسالیب اختیار کیے، پہلا اسلوب مسیحی تعلیمات کی اشاعت تھا، اس کے لیے انہوں نے تورات، زبور اور انجیل کے اردو تراجم و تفاسیر پر توجہ دی نیز مسیحی تعلیمات کی اثر پذیری کو عقلی دلائل کی مدد سے ثابت کرنے کے لیے کتابیں اور رسائل تحریر کیے۔ دوسرا اسلوب برصغیر کے سابق حکمرانوں کے مذہب یعنی اسلام پر الزامات و اعتراضات لگانے کا تھا تاکہ عام مسلمان اسلامی عقائد و تعلیمات سے متنفر ہو کر مسیحیت قبول کر لیں یا کم از کم اپنے عقائد و نظریات سے متعلق وہم، تشکیک اور بے یقینی کا شکار ہو جائیں۔ مسیحیوں کی اس منفی تبلیغی روش کی وضاحت امداد صابری ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"عیسائی لوگوں سے کہتے کہ آپ لوگ دین عیسوی کی پیروی کیوں نہیں کرتے جس نے اپنی امت پر جان قربان کر دی اور آپ کو خدا سے بخشوا کر نجات دلائی؟ اور جناب محمد رسول اللہ باوجودیکہ زاری وعاجزی کر کے اپنے والدین اور چچا ابو طالب کی جس نے آپ کو پرورش کیا تھا اور حین حیات تک آپ کے حامی رہے، مغفرت چاہی مگر خدائے تعالیٰ نے منظور نہیں کیا تو آپ لوگوں کو کیا امید ہوگی اپنے نبی سے؟ پس یہ کلمات عیسائیوں کے، ہمارے مسلمان اپنے علماء سے دریافت کرتے ہیں تو وہ بھی اس طرح کہتے ہیں کہ ہاں ان کے حق میں شفاعت منظور نہیں ہوئی تو اہل اسلام نہایت پریشان ہو جاتے ہیں اور ان کے خیال میں خلل پڑتا ہے"(۵)۔

مسیحی پادریوں کے خلافِ اسلام مناظروں کا مقصد تلاش واظہارِ حق نہیں تھا۔ قرائن سے واضح ہوتا ہے کہ وہ صرف رسالتِ محمدیہ ﷺ کی توہین کر کے امتِ مسلمہ کو ذہنی کوفت سے دوچار کرنا چاہتے تھے، یقیناً مسلمانوں کو دی جانے والی اس ذہنی اذیت کے مسیحیوں کے ہاں بہت سے سیاسی ومعاشرتی مقاصد ہوں گے۔ مسیحیوں کی طرف سے حضرت محمد ﷺ کا احترام نہ کرنے کے بیسیوں واقعات کتب تاریخ میں محفوظ ہیں، امداد صابری ایک مناظرے کی روداد بیان کرتے ہیں:

"سید آل حسن کے ۱۸۴۴ء اور ۱۸۴۵ء کے درمیان ہونے والے گیارہ خطوط پر مبنی فانڈر کے تحریری مباحثہ کو مسیحی نقطہ نظر سے ۱۸۴۵ء میں میر زاپور سے شائع کیا گیا۔ جب کہ اسی سال سید آل حسن نے ان خطوط کو اپنی تنقیدات کے ساتھ "کتاب الاستفسار" کے نام سے شائع کیا۔ یہ مناظرہ خود فانڈر کی درخواست پر ہوا تھا۔ اس میں اہم بات پادری فانڈر کا شرائط مناظرہ میں رسول اللہ ﷺ کے بارے تعظیمی الفاظ استعمال کرنے سے انکار تھا۔ مولانا آل حسن نے اپنے خط میں شرائط رکھی تھیں:

۱۔ ہمارے پیغمبر خدا کا نام یا لقب تعظیم سے اگر لینا نہ ہو تو اس طرح لکھیے: "تمہارے نبی یا مسلمانوں کے نبی' اور صیغہ افعال کے یا ضمائر ان کے متعلق آئیں تو بصیغہ جمع لکھئے۔ جیسا اہل زبان بولتے ہیں ورنہ ہم سے بات نہ کی جائے گی اور نہایت رنج ہوگا"۔

۲۔ جب پیغمبر خدا یا اسلام کی کوئی بات آپ کے نزدیک غلط ہو تو یوں لکھا کیجئے کہ یہ بات غیر واقعی ہے یا ثابت نہیں ہوتی یا محال نہ کہ جھوٹ اور بے ہودہ اور لغو ہے۔ اس لیے کہ ہمارے اہل تہذیب اسی طرح گفتگو کرتے ہیں۔

۳۔ جب کوئی بات پوچھی جائے تو اس کے جواب کے لیے میعاد مقرر کر دی جائے۔ کوئی میعاد بھی ایک ہفتہ سے کم نہ ہو۔

۴۔ ہمارے پیغمبر خدا کی نسبت تعظیم کے صیغے اردو کے محاورے کے مطابق اگر آپ کہیں گے تو اس سے یہ نہیں سمجھا جاتا یا جائے گا کہ آپ نے ان کو مان لیا۔

لیکن پادری صاحب اس بات پر آمادہ نہیں ہوئے اور پیغمبر اسلام ﷺ کو لقب یا تعظیم سے مخاطب کرنا یا ان کے لیے جمع کی ضمائر استعمال کرنا اپنے لیے محال گردانا"[۶]۔

یاد رہے کہ پادری سی جی فانڈر ہندوستان میں مسیحی مناظرین کے سرخیل ہیں۔ ان کی شرافت وظرافت نے انھیں ایک مذہب کے بانی اور رہنما کے احترام کی اجازت نہیں دی تو بقیہ عام مسیحی مناظرین کی ذہنی، نفسیاتی اور فکری حالت کیا ہو گی؟ اس رویہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ برصغیر میں اشاعتِ مسیحیت کے لیے مسیحیوں کی طرف سے کسی حوصلہ، برداشت اور تحمل وتدبر کا مظاہرہ نہیں کیا گیا۔

اسلام جو تحمل اور رواداری کا مذہب ہے اس کے ماننے والوں کے ہاں مسیحیوں کا پہلا اسلوب تو قابلِ برداشت تھا مگر انہیں دوسرا اسلوب اختیار کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی تھی، لہٰذا اسلام پر لگائے جانے والے اعتراضات کے جوابات دیئے گئے۔ اس ضمن میں نقلی وعقلی دلائل پر مشتمل تالیفات ورسائل تحریر کئے گئے۔ عوامی اجتماعات میں مسیحیوں کی دعوتِ مناظرہ کو قبول کیا گیا۔ ان مناظروں میں مسلم علماء نے مسیحی اعتراضات کے بہترین جوابات دیئے۔ نتیجتاً مسلم مناظرانہ ادب وجود میں آیا جو تالیفات، رسائل، اخبارات اور مناظروں کی تحریری روداودں کی شکل میں موجود ہے۔ مذہبی تعلیمات کے میدان میں اس قابلِ فخر ادب کی نظیر انسانی تاریخ میں کہیں نہیں ملتی۔ مسلم مناظرین نے مسیحی اعتراضات کا جواب نہایت مدلل انداز میں اس طرح دیا کہ مسیحی مناظرین اپنی تمام تر آسائشوں اور حکومتی تعاون کے باوجود ناکام ونامراد رہے۔

مسلم علماء کسی کمزوری یا تحفظات کا شکار نہیں ہوئے بلکہ ہر مسیحی اعتراض یا الزام کا مدلل، ہمہ جہت اور مفصل جواب دیا گیا۔ البتہ انہوں نے مسیحی پادریوں کے منفی اندازِ فکر کو اپنانے کے بجائے سنجیدگی، شرافت اور علمی انداز اپنایا۔ نیز پادریوں کی تدلیس، کذب بیانی اور الزام تراشی کو احسن طریقے سے واضح کیا۔

۲۔ مسلم علماء میں مطالعہ مسیحیت کے دو مختلف رجحانات

برصغیر میں مسیحی مناظرین کی سرگرمیوں سے قبل مسلم علماء کی تالیفات میں قرآن، حدیث، فقہ اور تاریخ اسلام ایسے موضوعات تک محدود انداز میں بحث کی جاتی تھی لیکن مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب کے منظر عام پر

آنے سے مسلم علماء نے مسیحی عقائد اور ان کے اثرات، مسیحی فرقوں، کلیسا اور اس کے سیاسی و مذہبی غلبہ کی تاریخ کو بھی زیر بحث لانا شروع کر دیا۔ یہ رجحان اس سے قبل کے مسلم علماء کی تالیفات میں نظر نہیں آتا۔

اس مناظرانہ ادب نے برصغیر میں علم و فکر کے ہر شعبہ کو براہ راست یا بالواسطہ طور پر متاثر کیا۔ مسلم تفسیری ادب پر دو طرح کے اثرات مرتب ہوئے۔ ایک طرف متجددین کا گروہ وجود میں آگیا جنہوں نے مسیحیت کے ایجابی اثرات کو قبول کیا اور تفسیری خدمات انجام دیں اور دوسری طرف راسخ العقیدہ علماء متحرک ہو گئے جنھوں نے مسیحیت کی تردید میں اعلیٰ تفسیری خدمات انجام دیں۔ برصغیر کے مسلم مفسرین میں سے سر سید احمد خاں (م۱۸۹۸ء)، غلام احمد پرویز (م۱۹۸۵ء)، علامہ رحمت اللہ طارق اور احمد الدین امرتسری (م۱۹۳۶ء) کا تعلق پہلے گروہ سے، جبکہ مولانا عبد الحق حقانی (م۱۳۳۵ھ)، مولانا ثناء اللہ امرتسری (م۱۹۴۸ء)، مولانا عبد الماجد دریابادی، سید ابو الاعلیٰ مودودی (م۱۹۷۹ء) اور پیر محمد کرم شاہ الازہری (م۱۹۹۸ء) کا تعلق دوسرے گروہ سے ہے۔

برصغیر میں متجددین کے سرخیل سر سید احمد خان نے مسیحی مناظرانہ ادب سے متاثر ہو کر آزاد عقل پرستی کے رجحان کو فروغ دیا اور نئے علم کلام کو متعارف کرایا جس کی بنیاد "فطرت اور قوانین فطرت" پر تھی۔ آپ نے تدوین حدیث کے مختلف مراحل اور اس کی تاریخ پر شک کا اظہار کیا، اپنے تئیں خلافِ عقل احادیث کا انکار کیا اور خیال ظاہر کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ہستی کو فطرت کے ذریعے ثابت کیا ہے نیز نبوت وہبی نہیں اکتسابی ہے۔ انہوں نے دعوی کیا کہ اسلام اور عقل مکمل طور پر ہم آہنگ ہیں نیز قرآن مجید میں کوئی ایسی بات نہیں جو سائنس اور جدید تمدن کے خلاف ہو۔ انہوں نے منسوخ آیات، معجزات، شق قمر، معراج النبی، ملائکہ، شیطان، جنات، جبرائیل کے ذریعے نزول وحی، سات آسمانوں کی موجودگی، عیسیٰ علیہ السلام کے بے باپ پیدا ہونے اور آسمان پر اٹھائے جانے، ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالے جانے، عصائے موسیٰ، یدِ بیضا، دعاؤں کے فوائد، بنی اسرائیل کے بندر بن جانے نیز جنت اور دوزخ کی حقیقت کا انکار کیا۔ سر سید احمد خان کے بعد متجددین میں غلام احمد پرویز کا نام قابلِ ذکر ہے۔ انہوں نے فہم اسلام کی روایتی فکر کو تسلیم نہیں کیا۔ ان پر مسیحی ادب کے واضح اثرات مرتب ہوئے۔ انہوں نے حجیتِ حدیث، معراج النبی، اطاعتِ رسول کی حجیت، معجزات انبیاء علیہم السلام، فرشتوں، جنات، نصابِ زکوٰۃ، عید الاضحیٰ کی قربانی، نماز کے روایتی مفہوم، جزا و سزا کے روایتی تصور اور عذابِ قبر کا انکار کیا۔

برصغیر کے متجددین کے انحرافی رویوں کا علمی و عقلی تعاقب راسخ العقیدہ علماء نے کیا۔ اس گروہ کے سرخیل مولانا عبد الحق حقانیؒ ہیں۔ انہوں نے تفسیر حقانی میں تعددِ ازواج، معراج النبی، معجزات، قرآن مجید کی

تدوین، وجود باری تعالیٰ، جنت، دوزخ، وحی، یاجوج ماجوج اور دجال وغیرہ پر بحث کر کے سر سید کے اَفکار کا ردّ کیا۔ آپ سر سید کی "تفسیر القرآن" کا تعارف ان الفاظ میں کراتے ہیں:

"تفسیر القرآن آنریبل سر سید احمد خان بہادر دہلوی کی تصنیف ہنوز ناتمام ہے اس شخص نے ترجمہ شاہ عبدالقادرؒ (المتوفی ۱۲۳۰ھ) کو ذرا بدل کر ترجمہ لکھا ہے اور باقی اپنے ان خیالات باطلہ کو جو ملحدینِ یورپ سے حاصل کئے ہیں اور جن کے اتباع ان کے نزدیک ترقی قومی اور فلاحی اسلام ہے، درج کیا ہے اور بے مناسبت آیات واحادیث واقوال علماء کو اپنی تائید میں لا کر الہامِ الٰہی کو تحریف کیا ہے۔ دراصل یہ کتاب تحریف قرآن ہے نہ کہ تفسیر"(۷)۔

مولانا عبدالحق حقانیؒ کے بعد مولانا ثناء اللہ امر تسریؒ نے "تفسیر ثنائی"، مولانا عبدالماجد دریابادیؒ نے "تفسیر ماجدی"، سید ابوالاعلیٰ مودودی نے "تفہیم القرآن" اور جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری نے "ضیاء القرآن" میں مسیحی افکار پر تنقید کرتے ہوئے دفاعِ اسلام کا فریضہ انجام دیا۔

۳۔ مسلم علماء میں عقلی دلائل کے بھرپور استعمال کا رجحان

مسیحی مناظرین اسلام پر الزامات لگاتے ہوئے تورات، زبور، انجیل اور قرآن وحدیث کے حوالہ جات کے ساتھ ساتھ عقلی دلائل بھی دیتے۔ نتیجتاً مسلم مناظرین نقلی دلائل کے علاوہ عقلی دلائل کا بھی بھرپور استعمال کرتے۔ شاہ عبدالعزیز دہلوی کے مسیحی مناظروں کا حال کتبِ تاریخ میں محفوظ ہے۔ امداد صابری لکھتے ہیں:

"ایک بار ایک مشنری دہلی میں اقامت پذیر گورنر چارلس مٹکاف کے پاس آیا اور اس سے مناظرے کی خاطر کسی مسلم عالم سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ مٹکاف نے اس سے دو ہزار روپے کی شرط باندھی اور شاہ عبدالعزیز دہلوی کے پاس لے گیا۔ پادری موصوف نے سوال کیا کہ تمہارے پیغمبر حبیب اللہ ہیں؟ شاہ صاحب نے جواب دیا کہ ہاں۔ پادری نے کہا تمہارے پیغمبر صاحب نے بوقتِ قتلِ حسین فریاد نہ کی، حالانکہ حبیب کا محبوب زیادہ محبوب ہوتا ہے۔ شاہ صاحب نے فرمایا: "ہمارے پیغمبر فریاد کے لیے تشریف لے گئے تھے تو خدا نے فرمایا کہ تمہارے نواسے پر ظلم ہوا اور وہ شہید ہو گیا، لیکن اس وقت ہم کو اپنے بیٹے عیسیٰ علیہ السلام کا صلیب پر چڑھنا یاد آرہا ہے۔ یہ سن کر ہمارے پیغمبر خاموش ہو گئے کہ واقعی اکلوتے بیٹے سے بڑھ کر میرے نواسے نہیں ہو سکتے، جب

اپنے بیٹے کی مدد خدا نے نہیں کی تو میرے نواسے کی مدد کیوں کرے گا؟ پادری صاحب شرط ہار گئے"(۸)۔

اسی طرح ایک انگریز اپنے ملازم سے کہا کرتا تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام خدا کے بیٹے ہیں اور یہ بات بہت آشکار ہے مگر تم مسلمانوں کو اس کا اعتقاد نہیں بلکہ انکار کرتے ہیں۔ وہ شاہ صاحب کے پاس آیا اور عرض کی کہ ایک انگریز اس طرح سے کہتا ہے۔ آپؒ نے فرمایا کہ تم اس سے کہو کہ مجھے تو علم نہیں جو تم سے بحث کروں، ہاں اتنا جانتا ہوں کہ ہمارے محاورے میں تین قسم کے بیٹے ہوتے ہیں۔ پوت، سپوت اور کپوت۔ پوت وہ ہے کہ جو کمالات میں باپ کے ہمسر ہو اور سپوت وہ ہے جو کمالات میں باپ سے بڑھ کر ہو اور کپوت وہ ہے جو ابتر ہو کہ اس کا باپ اس سے ناراض رہے۔ اب بتاؤ کہ تمہارے اعتقاد کے مطابق عیسیٰ کس قسم کے بیٹے ہیں؟ اگر پوت ہیں تو بتاؤ کہ خدائے تعالیٰ نے تو یہ زمین وآسمان اور چاند وسورج پیدا کیے ہیں، عیسیٰ کے پیدا کئے ہوئے چاند اور سورج کہاں ہیں اور جو سپوت ہیں تو دکھاؤ کہ خدا نے ایک چاند اور ایک سورج پیدا کیا ہے، انہوں نے دو دو یا تین تین پیدا کئے ہوں گے تو دکھاؤ وہ کہاں ہیں؟ اگر کپوت ہیں تو ہم ان سے راضی نہیں۔ کیونکہ خود خدا تعالیٰ اس کا جب خوش نہ ہو تو ہم کس طرح ان کو مانیں۔ ملازم نے جب انگریز کو یہ جواب دیا تو وہ سن کر چکرا گیا اور نہایت شرمندہ ہوا کہ ایک جاہل ملازم نے اسے خاموش کر دیا(۹)۔

مسلم مناظرین میں ایک اور نام مولانا شرف الحق دہلویؒ کا ہے۔ آپ عبرانی، عربی اور فارسی زبانوں کے ماہر تھے۔ ۸ مارچ ۱۸۸۸ء کو غازی پور میں آپ کا پادری رونسن اور پادری ای پیٹرک، پرنسپل مشن کالج، غازی پور سے مناظرہ ہوا۔ پادری رونسن نے سوال کیا:

"وہ کونسی ضرورت تھی جو خدائے تعالیٰ نے پہلے توریت، انجیل کو نازل فرمایا اور اس کے بعد قرآن شریف نازل فرمایا؟ کیا وہ کتابیں اس قابل نہ تھیں کہ ان سے مخلوق خدا نجات حاصل کر لیتی؟ سب سے پہلے یہ بتائیں کہ ان میں کون سا نقص ایسا تھا جو ناقابل نجات قرار پائے اور جو نا قابل نجات ہوئی تو قرآن خدا کا کلام ہونے اور حضرت محمد صاحب کے رسول ہونے کے لیے کیا دلائل اور ثبوت اہل اسلام کے پاس ہیں؟ اگر آپ ہم کا محمد صاحب کو اللہ کا نبی اور رسول ہونے اور قرآن کا کلام ہونا ثابت کریں گے تو ہم مسلمان ہو جائیں گے"(۱۰)۔

مولاناؒ نے جواباً اعتراض کو معترض پر لوٹا دیا کہ جو اعتراض رونسن نے قرآن پر کیا ہے، وہی اعتراض زبور اور انجیل پر بھی ہو سکتا ہے کہ خدا نے جو تورات بنی اسرائیل حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی، وہ نجات کروانے کے قابل تھی یا ناقابل؟ اگر قابل تھی تو زبور وانجیل نازل ہونے اور خلق خدا کی ہدایت کے لیے آنے کی

ضرورت محسوس نہیں ہوتی، یہ کتب محض بے کار قرار پائی ہیں۔یوں مولانا نے تاریخی و علمی حوالہ جات کے ڈھیر لگا دیئے اور عقلی و نقلی دلائل سے کامیابی حاصل کی۔اس قسم کے ان گنت واقعات ایسے ہیں جن سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ برصغیر میں مسیحیوں نے اسلام کے خلاف مناظروں میں قرآن،حدیث اور کتب سماویہ کے حوالہ جات کے بجائے ناقص عقلی دلائل اور اٹکل پچو کا سہارا لیا۔ جبکہ مسلم علماء نے ان کے اعتراضات کے جواب عقلِ سلیم کے بہترین معیار کے مطابق دیئے۔

۴۔مذاہب کے درمیان تفہیم پیدا کرنے کا رجحان

برصغیر کا انگریز عہدِ حکومت (۱۸۵۷ء-۱۹۴۷ء) دنیا کے دو بڑے مذاہب،اسلام اور مسیحیت کے درمیان علمی، فکری، مذہبی اور سیاسی کشمکش کے حوالے سے بڑا اہم ہے۔ مسلم، مسیحی مناظرانہ سرگرمیاں اور ان کے مختلف پہلو اس تاریخی دور کی یادگار ہیں۔ان مناظرانہ سرگرمیوں میں مسلم علماء اور مسیحی پادریوں نے اپنے اپنے عقائد و نظریات کا بھرپور دفاع کیا مگر مذہبی دانش وروں پر مشتمل ایک ایسا طبقہ بھی تھا جو مذکورہ دونوں مذاہب کے درمیان افہام و تفہیم اور ہم آہنگی پیدا کرنے کی کوششیں کرتا رہا۔ اس ضمن میں سرسید احمد خان اور خواجہ حسن نظامی کے نام بڑے اہم ہیں۔دونوں کے افکار و خیالات کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔ سرسید نے مسیحی عقائد و تعلیمات کو سمجھنے اور عام کرنے کے لیے جہاں "تبیین الکلام" لکھی، وہیں مسیحیوں سے سماجی و سیاسی تعلقات کی بہتری کے لیے رسالہ "احکام الطعام لاہل الکتاب" تحریر کیا۔اس رسالہ میں آپ نے اہل کتاب کے کھانے کو، اگر وہ محرماتِ شرعیہ میں سے نہ ہو تو حلال و درست قرار دیا اور اس کا کھانا بھی مباح و جائز قرار دیا۔خواہ ان کے ہاں کھایا جائے یا ان کا بھیجا ہو کھانا اپنے گھر میں کھائیں۔خواہ اکیلے کھائیں یا اکٹھے ان کے ساتھ ایک ہی جگہ بیٹھ کر۔ سماجی زندگی میں مسلم اور مسیحی لوگوں کا اختلاط سرسید کے ہاں نہ صرف جائز تھا بلکہ وقت کی سیاسی ضرورت بھی تھا۔

سرسید احمد خاں کے علاوہ خواجہ حسن نظامی اس طبقہ فکر کی نمائندگی کرتے ہیں۔ آپ کی معروف تالیف "تاریخ مسیح" آپ کی بے تعصبی اور مفاہمانہ طرزِ عمل کو واضح کرتی ہے۔ ان شواہد سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ برصغیر کا مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب اپنے اندر بہت سے مثبت پہلو بھی رکھتا ہے۔

۵۔مسلم علماء کی تصانیف میں تہذیب و شائستگی کا رجحان

مسیحی مناظرانہ ادب کا ایک قابلِ افسوس پہلو اس کی رکاکت، سطحیت، تدلیس،کذب بیانی اور بے جا الزام تراشی ہے۔اس کے برعکس مسلم مناظرانہ ادب سنجیدگی، شرافت، قطعیت اور علمیت کے اعلیٰ اوصاف سے

متصف ہے۔ مسیحی پادری پیغمبر اسلام ﷺ کی توہین کرتے تو جوابی کاروائی کے طور پر مسلم علماء مقدس مسیحی ہستیوں کے خلاف بات نہ کرتے تھے۔ پادریوں کا انداز الزامی جبکہ مسلم علماء کا انداز تحقیقی و تفہیمی ہوتا۔ مسلم علماء نے مسیحی پادریوں کی انتہائی مبہم، غیر واضح اور توہین آمیز تالیفات کے جواب میں تہذیب و شائستگی سے عبارت تالیفات تحریر کیں۔ سید محمد الحسنی، سید محمد علی مونگیریؒ کے طرزِ تحریر سے متعلق لکھتے ہیں:

> "مولاناؒ کی تصنیفات میں ایک خاص بات یہ ہے کہ وہ عیسائیوں کے مآخذ اور ان کے مستند مؤرخین و مصنفین کے حوالہ سے ردّ کرتے ہیں۔ ان کا تاریخی مطالعہ اس موضوع پر بڑا وسیع معلوم ہوتا ہے اور دوسری طرف ان کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ ردِّ عیسائیت ہی پر اکتفا نہ ہو بلکہ اسلام کو ان کے سامنے دلنشین اور علمی طریقہ سے پیش کیا جائے اور مثبت پہلو بھی ان کے سامنے اچھی طرح واضح ہو کر آجائے"(۱۱)۔

خیر خواہی، انسان دوستی اور متانت و شرافت پر مبنی مسلم علماء کی ان تصانیف نے نہ صرف اسلامی عقائد کا دفاع کیا بلکہ برصغیر میں فروغِ اسلام کا باعث بنیں۔

۶۔ مسلم علماء میں اسلامی تعلیمات سے متعلق تحقیقی و تنقیدی تصانیف کا رجحان

برصغیر کا مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب مسلمانوں کے لیے بہت سے دروس و اسباق کا حامل تھا۔ مسلم علماء نے مناظرانہ تالیفات تحریر کرنے اور عملی طور پر مناظروں میں شریک ہونے کے علاوہ اسلامی تعلیمات سے متعلق تحقیقی و تنقیدی تصانیف تحریر کیں۔ اس ضمن میں سید سلیمان ندوی کی کتاب "ارض القرآن"، مولانا حفظ الرحمن سیوہارویؒ کی کتاب "قصص القرآن" اور سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی کتب "الجہاد فی الاسلام" اور "خلافت وملوکیت" بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔ اس اسلوب کی حامل کتب میں انتہائی غیر جانب داری، بے تعصبی اور تحقیق و جستجو کا جذبہ پایا جاتا ہے۔ اس فکر کے حاملین کا دعویٰ ہے کہ دیگر مذاہب کے لوگوں کے اعتراض کرنے سے پہلے ہی ہمیں اپنی تاریخ و تعلیمات پر تحقیقی و تنقیدی نگاہ ڈالنی چاہیے۔ یہی وجہ ہے کہ سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے "الجہاد فی الاسلام" کے ابتدائی صفحات میں ہی نہ صرف اسلامی تعلیمات کی تحقیق و جستجو پر زور دیا بلکہ دیگر مذاہب کے مطالعہ کے لیے ایک ضابطہ اخلاق بھی بیان کیا۔ پھر مختلف مذاہب سے اسلام کا موازنہ دلنشین انداز میں پیش کیا، اس سے قاری کے تمام شکوک و شبہات دور ہو جاتے ہیں اور حقیقت واضح ہو جاتی ہے۔

۷۔ مسلم مناظرانہ ادب میں شاعری کا رجحان

برصغیر کے مسلم، مسیحی مناظروں نے علم وادب کے بہت سے پہلوؤں پر اثرات مرتب کئے۔ نثر کے میدان میں تو بہت سے مسلم علماء اور مسیحی پادریوں نے طبع آزمائی کی۔ البتہ شاعری کے میدان میں بھی بعض شخصیات نے بڑی خوبصورتی سے مناظرانہ ادب کو تشکیل دیا۔ اس ضمن میں ایک اہم نام مولوی فیروز الدین ڈسکوی (۱۸۶۴ء-۱۹۰۷ء) کا ہے۔ آپ کی شخصیت ہمہ جہت تھی۔ آپ بیک وقت مدرس، عالم دین، مترجم ومفسرِ قرآن، لغت نویس، مناظر، مبلغ، سیرت وسوانح نگار اور اُردو، پنجابی، فارسی اور عربی کے قادرالکلام شاعر تھے۔ فیروز تخلص کرتے تھے۔ آپ کے شعری سرمایے میں، مناجات فیروزی، نعت فیروزی، ایک سچے آریہ کی مناجات، ایک سچے مسیحی کی مناجات، نماز مترجم منظوم، پنج گنج الٰہی (سورۃ فاتحہ اور چہار قل کا منظوم ترجمہ وتفسیر) سورۃ فتح، سورۃ مزمل، سورۃ ملک اور سورۃ الضحیٰ کا اردو، پنجابی اور فارسی منظوم ترجمہ شامل ہے۔ علاوہ ازیں پیارے نبی ﷺ کے پیارے حالات، سیرت النبی ﷺ، سیرت المصطفیٰ ﷺ، اور متفرق رسائل میں بھی ان کے منظوم اردو، پنجابی، فارسی اور عربی آثار موجود ہیں۔ آپ نے مسیحی اعتراضات کا جواب شعری شکل میں دیا۔ "ایک سچے مسیحی کی مناجات" کی تخلیق کا سبب ان کا مناظرانہ جذبہ ہی تھا جس میں انہوں نے مسیحی عقائد کو خلافِ فطرت ثابت کر کے مسیحیوں کو دین اسلام کی طرف آنے کی دعوت دی۔ انہوں نے اپنی شاعری میں اللہ تعالیٰ کے اوصاف قرآن کریم کی رو سے، نبی پاک ﷺ کا مرتبہ، سابق انبیاء کا مرتبہ، دین اسلام اور شعائر اسلام کی حقانیت کو موضوع بنایا ہے، آپ قرآن مجید اور دیگر الہامی کتب کا تقابلی جائزہ اپنے اشعار میں اس طرح لیتے ہیں:

واہ وہ عظمتِ کلام خدا — پست ہیں اس کے آگے سب عقلا
ہے فصاحت کا سر بسر شہرہ — اور ملاحت کا گھر بہ گھر چرچا
روحِ انسانی کا مربی ہے — کیا ہی شانِ کلام ربی ہے
گنگ ہیں اس کے آگے سب عقلا — کم زباں اس کے آگے سب حکما
طفلِ مکتب فلاسفہ سارے — ہے یہ خورشید اور وہ تارے
اس کا دعوی ہر اک دلیل کے ساتھ — اور ایک شوکتِ جلیل کے ساتھ
ہے جو اس کے بیاں میں تکمیل — کیا ہے توریت اور کیا انجیل
یہ حقائق کا اک سمندر ہے — ہر صداقت بس اس کے اندر ہے
بے سرا اس کے آگے وید کا غل — وید ہے بید بے ثمر باطل

ہے معارف کا بحرِ بے پایاں		اور دقائق کا گوہرِ رخشاں
ہے خدا کا نہ جس طرح ہمتا		ہے نہیں ہمسر کلامِ خدا
اس کی فیروز کیا کرے تعریف		سر بسر ہے وہ لائقِ تعریف (۱۲)۔

آپ مسیحیوں کے عقیدہ تثلیث کا رڈ یوں لکھتے ہیں:

بیٹا خدا کا کہتے ہو جب تم مسیح کو		مریم کو کیا کہو گے تمہیں کچھ حیا نہیں
پیدا ہوا تھا باپ سے بیٹا، عجب ہے یہ		پوتے سے پھر ہو بیٹا، کبھی یہ ہوا نہیں
حضرت مسیح عجز سے تھے مانگتے دعا		جو خود خدا ہو وہ تو دعا مانگتا نہیں
کہتے ہو اس مسیح کو ابن خدا ہے		جو موت کے بھی ہاتھ سے آخر بچا نہیں
عیسائیو! تمہارے عقیدے ہیں ایسے کیوں؟		پردہ اگر تمہاری خرد پر پڑا نہیں (۱۳)۔

فیروز ڈسکویؒ کی مناظرانہ شاعری اس حقیقت کی مظہر ہے کہ برصغیر کے مسلمانوں نے دفاع اسلام میں اپنی تمام تر توانائیاں صرف کر دی تھیں کیونکہ ایمان وعقیدہ اور محبت رسول سے بڑھ کر وہ کسی قیمتی متاع کے مالک نہ تھے۔

۸۔ مسلم شعراء، ناول نگاران، نقادوں اور افسانہ نگاران کی تعلیماتِ اسلام سے رغبت کا رجحان

برصغیر کے مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب نے ہر اہم صنفِ ادب کو متاثر کیا۔ اس کے دوررس اثرات مسلم شعراء، ناول نگاروں، نقادوں اور افسانہ نگاروں پر بھی بڑے واضح محسوس ہوتے ہیں۔ انہوں نے اسلامی تعلیمات و اقدار کے فروغ کے لیے باوقار اسلوب تخلیق کیا۔ مسلم شعراء الطاف حسین حالی، نذیر دہلوی، حفیظ جالندھری، ماہر القادری، نعیم صدیقی اور ڈاکٹر تحسین فراقی اس سلسلے کی اہم مثالیں ہیں۔ جنہوں نے وسیع پیمانے پر حمد، نعت اور منقبت ایسے اسلامی موضوعات کو شعری روایت کا حصہ بنا دیا۔ ناول نگاروں میں نسیم حجازی، ایم اسلم اور رئیس احمد جعفری کے نام بڑے اہم ہیں۔ خصوصاً نسیم حجازی نے اپنے ناولوں میں اسلام کی عظمتِ رفتہ کو پیش کیا ہے۔ محمد بن قاسم، طارق بن زیاد، صلاح الدین ایوبی اور ٹیپو سلطان ان کے تاریخی ناولوں کے ہیرو ہیں۔ افسانہ نگاروں میں نعیم صدیقی، ابوالخطیب، اسعد گیلانی، جیلانی بی اے اور آثم مرزا اہم نام ہیں۔ تنقید کے میدان میں جن لوگوں نے مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب کے زیر اثر لکھا ان میں فروغ احمد، پروفیسر خورشید احمد، سید اسعد گیلانی، ڈاکٹر تحسین فراقی، ڈاکٹر عبدالمصطفیٰ اور ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کے نام قابلِ ذکر ہیں۔

۹۔ مسیحیوں میں اسلامی تعلیمات اور ان کے خوشگوار اثرات سے متعلق تحقیقی تصانیف کا رجحان

برصغیر کی مسلم، مسیحی مناظرانہ کشمکش میں مسلمانوں کے ساتھ ساتھ مسیحیوں کے لیے بھی بہت سے دروس واسباق تھے۔ مسیحیوں کے ہاں فہم اسلام کے بعض رجحانات پیدا ہوئے جن کی تحسین کی جانی چاہیے۔ اس ضمن میں ایک اہم رجحان مسیحیوں کا اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب تحریر کرنا ہے، اس سلسلہ میں سردار مسیح گِل، ممبر پاکستان رائٹرز گلڈ کی کتاب "غیر مسلم املاک کا تحفظ (قرآن وسنت کی روشنی میں)" بڑی اہمیت کی حامل ہے، یہ کتاب پبلی کیشن سروس رجسٹرڈ، سمن آباد، لاہور سے ۱۹۸۰ء میں ایک ہزار کی تعداد میں شائع ہوئی۔ اس کے صفحات کی تعداد ۱۶۰ ہے۔ محترم سردار مسیح گل معروف صاحبِ علم وقلم شخصیت ہیں۔ آپ نے مسیحی ہونے کے باوجود اعلیٰ ظرفی اور بے تعصبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسلامی تعلیمات پر خصوصی نظر کی ہے۔ اسلامی تعلیمات کی اثر پذیری اور مسلمانوں کی غیر مسلموں سے رواداری اختیار کرنے کی روش کی وضاحت سردار مسیح گل "حرفِ آغاز" کے عنوان کے تحت ان الفاظ میں کرتے ہیں:

> "پاکستان ایک نظریاتی مملکت ہے اور اس کی اساس اسلام پر قائم ہے۔ دین اسلام سے ہٹ کر کوئی دوسرا "ازم" اس سے متصادم نہیں ہو سکتا۔ جبکہ اسلام از خود ایک مؤثر نظریہ حیات پیش کرتا ہے، اسلام نوع انسانی کی بہبود کا ضامن اور معاشرتی عدل وانصاف کا داعی ہے۔ اکثر وبیشتر مغربی مؤرخین نے اسلام کے بارے میں بے بنیاد غلط فہمیوں کو جنم دیا ہے اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اسلام میں دوسروں کے لیے وسعت وکشادہ دلی کا فقدان ہے جبکہ تاریخی وتحقیقی شواہد اس کے برعکس ہیں۔ اسلامی مآخذوں کا اگر بنظر غائر مطالعہ کیا جائے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ مسلمانوں نے ہمیشہ غیر مسلموں سے نہ فقط روادارانہ سلوک روا رکھا بلکہ فیاضانہ برتاؤ سے ان کے حقوق کی پاسداری کی۔ عہد نبوی کے واقعات اور خلفائے راشدین کی فقید المثال روایات یہ ثابت کرتی ہیں کہ مسلمانوں نے اپنے دور حکومت میں غیر مسلموں کو کبھی کوئی گزند نہ پہنچائی بلکہ ہمیشہ انہی غیر مسلم رعایا کے مذہبی تشخص کو قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھتے رہے اور کسی قسم کی دخل اندازی یا دلآزاری نہ کی"(۱۴)۔

کتاب ہذا میں فاضل مسیحی مصنف نے قرآن وحدیث کے علاوہ تفسیر، فقہ، سیرت، تاریخ اسلام اور قدیم وجدید مسلم علماء کی کتب سے کثیر حوالہ جات دیئے ہیں۔ کتاب کے آغاز میں مولانا محمد بخش مسلم، خطیب مسلم مسجد لاہور، علامہ احمد حسن نوری، کونسلر لاہور کارپویشن، سید محمد عبد القادر آزاد، خطیب بادشاہی مسجد لاہور، مولانا محمد

اجمل، جامعہ رحمانیہ لاہور، مولانا عطاء اللہ حنیف خطیب مسجد تقویۃ الاسلام لاہور، اور پروفیسر حافظ محمود اختر، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور کی تقاریظ درج ہیں جنہوں نے مصنف کی غیر جانب داری، بے تعصبی اور اعلیٰ ظرفی کی تصدیق کی ہے۔

۱۰۔ مسلم تعلیمی اداروں کا قیام

انگریز نے مسیحی مناظرین کی مدد کرنے اور ان کی منزل کو آسان کرنے کے لیے برصغیر کے دیسی نظام تعلیم میں بنیادی تبدیلیاں کیں جن کا ایک اہم مقصد مقامی مسلمانوں میں اسلامی فکر و شعور کا خاتمہ تھا۔ اس ضمن میں انگریزی زبان اور مغربی علوم کو رائج کرنے کی کوشش کی گئی نیز مسلمانوں کے پہلے سے قائم مدارس سے لوگوں کو بدظن کیا گیا، مدارس سے فارغ التحصیل طلبہ پر روزگار کے دروازے بند کر دیئے گئے۔ بعض مدارس کے ذرائعِ آمدن پر حکومت قابض ہو گئی۔ ان حالات میں مسلم علماء نے ضروری سمجھا کہ نئے خطوط پر تعلیمی ادارے قائم کئے جائیں جن سے فارغ التحصیل طلبہ ایک طرف اسلام کے سچے سپاہی ہوں تو دوسری طرف دورِ جدید کے تقاضوں کو سمجھ سکیں۔ یوں انگریز کا ۹۰ سالہ دورِ حکومت برصغیر میں مسلمانوں کے تعلیمی انقلاب کا دور تھا۔ اس انقلاب کو لانے میں حکومت نے کوئی قدم نہیں اٹھایا تھا بلکہ یہ مسلم علماء کی نگاہِ بصیرت کا فیضان تھا۔ بدلی ہوئی عصری ضروریات کے تحت مسلم تعلیمی اداروں کا جال پورے ہندوستان میں پھیلا دیا گیا۔ جہاں عقائدِ اسلامی کا دفاع کرنے والی مستقبل کی فوج تربیت پا رہی تھی، ان عظیم الشان تربیت گاہوں اور درس گاہوں میں دارالعلوم دیوبند، علی گڑھ کالج، ندوۃ العلماء لکھنو، جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن، جامعہ ملیہ اسلامیہ علی گڑھ اور مدرسۃ الاصلاح سرائے میر (اعظم گڑھ) بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان اداروں کے اساتذہ انتہائی متقی و مخلص تھے، انہوں نے اخلاص، یک سوئی اور لگن کے ساتھ تدریس کے فرائض انجام دیئے۔ ان اداروں سے فارغ ہو کر علماء ملک میں ہر طرف پھیل گئے۔ ان ہزاروں علماء نے نہ صرف مسیحی مناظرین کا کامیاب تعاقب کیا بلکہ برصغیر میں ایک عظیم علمی، فکری، سماجی اور سیاسی انقلاب کی بنیاد رکھی۔

ان تعلیمی اداروں نے بہت بڑی تعداد میں ایسی شخصیات پیدا کیں جو علم و عمل، دین و سیاست اور اُمتِ مسلمہ کی قومی و دینی ضروریات کے حوالے سے مختلفُ النوع خصوصیات کی حامل تھیں۔ ان شخصیات نے تعلیم و تصنیف، تزکیہ نفوس، تہذیب اخلاق، افتاء و مناظرہ، صحافت و خطابت اور دعوت و تبلیغ کے میادین میں بیش بہا خدمات انجام دیں۔ برصغیر پاک و ہند کی عظیم دانش گاہ "دارالعلوم دیوبند" کی خدمات و اثرات کے ضمن میں مفتی محمد شفیعؒ لکھتے ہیں:

"دارالعلوم دیوبند برصغیر کی وہ عظیم علمی درسگاہ ہے جس نے گزشتہ صدی میں عالم اسلام کی مایہ ناز شخصیتیں پیدا کیں اور ملت کی فکری اور علمی رہنمائی کر کے مسلمانوں کی تاریخ پر گہرے اور دوررس اثرات مرتب کئے، دارالعلوم کی ابتداء ایک انار کے درخت کے سائے میں ہوئی تھی،کسے معلوم تھا کہ یہ یہاں ایک چشمہ فیض جاری کیا جارہا ہے جس نے برصغیر کی تاریخ کا رُخ موڑ کر رکھ دیا اور پھر اس درس گاہ سے علم وفضل کے ایسے آفتاب وماہتاب پیدا ہوئے جنھوں نے ایک دنیا کو جگمگا کر رکھ دیا۔ درسگاہیں دنیا میں بہت سی قائم ہوئیں ہیں اور ان دینی درسگاہوں کا بھی کسی دور میں فقدان نہیں رہا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے دارالعلوم کو جو فضیلت اور امتیاز بخشا ہے بہت کم علمی اداروں کے حصے میں آتا ہے"[۱۵]۔

انگریز عہدِ حکومت میں قائم ہونے والے یہ مسلم تعلیمی ادارے مختلف انداز سے احیائے اسلام اور بیداری ئ ملت کا فریضہ انجام دے رہے تھے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ بھی ان اداروں میں سے ایک ہے۔اس کے نصابِ تعلیم کے متعلق مولانا محمد علی جوہرؔ کا یہ خیال تھا:

"اس طرح پہلی مرتبہ علم دین ودنیا ایک ہی چھت کے نیچے جمع ہوں گے جس سے بلا شبہ دونوں منفعت پذیر ہوں گے اور مغائرت کا وہ پردہ جو دونوں کے درمیان حائل ہے اور جس نے علمِ دین کو بے حس اور علم دُنیا کو بے روح اور دوراز خدا بنا رکھا ہے، اٹھ جائے گا"[۱۶]۔

۱۱۔ مسلمانوں کے قائم کردہ مناظرانہ تربیت فراہم کرنے والے ادارے

مسیحیوں کے مناظرانہ حملوں کا جواب دینے کے لیے جہاں مسلم علماء نے تالیفات ورسائل تحریر کئے،وہاں اپنے طلبہ کو مناظرانہ تربیت فراہم کرنے کے لیے خصوصی ادارے بھی قائم کئے، ایسے ہی ایک تربیتی ادارے "انجمن تبلیغ الاسلام حیدر آباد دکن" کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے امداد صابری لکھتے ہیں کہ مذکورہ انجمن سے وابستہ مولانا عبدالہادی اور مولانا عبدالقادر کی مناظرانہ جدوجہد سے چھ ماہ میں ۱۲۰ غیر مسلموں نے اسلام قبول کیا جن میں سے انگریزوں کی تعداد نو تھی[۱۷]۔

۱۲۔ مسلمانوں کے جاری کردہ اخبارات ورسائل

مسیحی مناظرانہ ادب میں کتب ورسائل کے ساتھ ساتھ اخبارات بھی شامل ہیں، مسیحی اخبارات کے ذریعے نہ صرف اپنے مذہب کی تبلیغ کرتے بلکہ اسلامی عقائد کو تنقید وتنقیص کا نشانہ بھی بناتے۔ ردِّ عمل کے طور پر

مسلمانوں نے بھی ایسے اخبارات جاری کئے جو توہین آمیز اور بے بنیاد الزامات کے جوابات دیتے۔اس ضمن میں شملہ اخبار، معراج الاخبار، کشف الاخبار، رفیق ہند، منشور محمدی، ضیاء اسلام، اخبار الاخبار، رہبر ہند، جامع الاخبار، برق خاطف، کوہِ نور، مجمع البحرین، جام جمشید، ذوالقرنین اور مخبر دکن کے نام قابلِ ذکر ہیں(۱۸)۔

۱۳۔ مسلم عوام کی فہم اسلام سے رغبت

مسیحی مناظرانہ ادب نے مسلم عوام کو فہم اسلام کی جانب راغب کیا۔جب آئے روز مسیحی مناظرین اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ کے خلاف قابلِ اعتراض زبان استعمال کرتے تو ردعمل کے طور پر مسلمان اسلامی عقائد و نظریات کی طرف زیادہ معقول انداز میں راغب ہوئے۔اس وجہ سے اسلامی تعلیمات اور ان کی افادیت کے بارے میں جامع تالیفات منظر عام پر آئیں۔ تفسیر، حدیث، فقہ، تاریخ اسلام، اجتہاد، اور تعلیم و تربیت کی اہمیت سے متعلق لکھی جانے والی کتب اس ضمن میں بڑی مفید ہیں۔

۱۴۔ مسلمانوں میں "مطالعہ بین المذاہب" کے شعور کی بیداری

برصغیر میں مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب نے اس ضرورت کا احساس بہت بڑھا دیا کہ مسلمانوں کو "مطالعہ بین المذاہب" کے لیے باقاعدہ منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔اسلامی تعلیمات کی تبلیغ و اشاعت اور ان کی برتری کو واضح کرنے کے لیے بہت ضروری ہے کہ دیگر مذاہب کی خوبیوں اور خامیوں سے آگاہی حاصل کی جائے۔دیگر مذاہب کے ماننے والوں کی نفسیات کو سمجھے بغیر انہیں دعوتِ اسلام کی طرف راغب کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی ان کے اسلام پر لگائے گئے اعتراضات کا مناسب جواب دیا جاسکتا ہے۔

برصغیر کے مسلمانوں میں مطالعہ بین المذاہب کے شعور کی بیداری کا ہی اثر ہے کہ عہد حاضر کے علماء جب اسلام کے کسی بھی پہلو پر کوئی کتاب لکھتے ہیں تو اسلام کے ساتھ ساتھ دیگر مذاہب کے موقف کا ذکر بھی کرتے ہیں۔مولانا عبدالحق حقانیؒ کی "تفسیر حقانی"، مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ کی "تفسیر ثنائی" اور مولانا عبدالماجد دریابادیؒ کی "تفسیر ماجدی" برصغیر کے تفسیری ادب میں اس کی بہترین مثالیں ہیں۔اسی طرح سید سلیمان منصورپوریؒ کی "رحمۃ للعالمین"، شبلی نعمانیؒ کی "سیرت النبی ﷺ" اور پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ کی "ضیاء النبی ﷺ" علم سیرت کے میدان میں بڑی قابلِ قدر ہیں۔ان کتبِ تفسیر و سیرت میں قرآن، حدیث اور تاریخ اسلام کے مباحث کے ساتھ ساتھ تورات، انجیل اور دیگر مذاہب کی بنیادی کتب کے حوالہ جات بکثرت ملتے ہیں۔انسٹی ٹیوٹ فار پالیسی

اسٹڈیز اسلام آباد، پاکستان(IPS) کے زیر انتظام شائع ہونے والے دو اہم ماہنامے "عالم اسلام اور عیسائیت" اور "اسلام اور مغرب" اسی رجحان کے نمائندہ ہیں۔

۱۵۔ مسلمانوں کی مسیحی عقائد سے آگاہی

مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب نے مسلم علماء کے لیے مطالعہ مسیحیت کے بہت سے پہلو نمایاں کر دیئے۔انہوں نے مسیحی مناظرین کو تقریر و تحریر کے میدان میں شکست سے دوچار کرنے کے لیے تثلیث، کفارہ، ابنیت والوہیتِ مسیح اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مصلوبیت ایسے عقائد کے بارے میں تفصیلی تحقیقات کیں۔ انجیل مقدس کی اصل حیثیت لوگوں پر واضح کی۔ مسیحیوں کے فرقوں اور ان کے داخلی اختلافات کا مطالعہ کیا۔ مسیحیت سے متعلق مسلم علماء کے تفصیلی مطالعات نے مسیحی مناظرین کے دعووں کی قلعی کھول دی۔ مسلم عوام جو مسیحی مشنریوں کے ظاہری ہمدردانہ رویوں اور رفاہی اقدامات سے متاثر ہو رہے تھے، انھیں ان کی حقیقت معلوم ہو گئی۔ نتیجتاً مسلم عوام میں قبول مسیحیت کے امکانات نہ ہونے کے برابر رہ گئے۔

۱۶۔ مسیحیوں کی فرقہ واریت سے برصغیر کے مسلمانوں کی آگاہی

برصغیر کے ابتدائی مسلم، مسیحی مناظروں میں کیتھولک پادری مسیحیت کی نمائندگی کرتے تھے، بعد ازاں پروٹسٹنٹ بھی اس میں شامل ہو گئے۔ یورپ میں جاری مسیحیت کی داخلی تقسیم یعنی کیتھولک اور پروٹسٹنٹ کی باہمی کشمکش کا اظہار برصغیر میں بھی ان کی آپس کی رقابت سے ہوتا ہے۔ ہندوستان میں سب سے معروف مسلم۔ مسیحی مناظرہ پادری فانڈر اور مولانا رحمت اللہ کیرانوی کے درمیان ۱۰ اپریل ۱۸۵۴ء کو عبد المسیح کٹہرہ، اکبر آباد (آگرہ) میں منعقد ہوا۔ اس مناظرہ میں مولانا کے ساتھی ڈاکٹر وزیر علی تھے جب کہ مقابل پادری فانڈر کے ہمراہ پادری فرنچ تھے۔ مناظرے کے موقع پر مسلم شخصیات میں مفتی حافظ محمد ریاض، مولوی فیض احمد، مولوی حضور احمد، مولوی امیر اللہ مختار راجہ بنارس، اور قمر الاسلام خطیب جامع مسجد اکبر آباد، منشی خادم علی مہتمم مطلع الاخبار اور مولوی سراج الحق نمایاں تھے[۱۹]۔

ایورل پاول کے مطابق مسیحی مناظرین کو انگریزی حکومت کی تائید حاصل تھی۔ اس وقت کے گورنمنٹ سیکریٹری سر ولیم میور، مسٹر موسلی اسمتھ حاکم صدر دیوانی، مسٹر جارج کرسچین مشیر نظارت مالیہ، مسٹر ریڈلی سرکاری ترجمان مناظرے میں موجود تھے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ سرکاری اشیر باد کے باوجود فرنچ

اور فانڈر مقامی مشنریز کی معمولی حمایت ہی حاصل کر سکے، جب کہ امریکن اسر بپٹسٹ مشنریز اس مناظرہ کے منظر سے غائب رہے۔ ایورل پاؤل اسے مسلکی رقابت کا نتیجہ قرار ہوئے رقمطراز ہے:

"The other Agra-based American and Baptist missionaries do not appear to have attended, their absence perhaps reflecting the usual sectarian jealousies"(۲۰).

اس "رقابت" کا تذکرہ پادری برکت اللہ ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"مسلمان علماء سٹراس فیورخ اور انگریزی ملاحدہ کی کتب مطالعہ کر کے اعتراض پیش کرتے تھے۔ افسوس اس امر کا ہے کہ معترضین کو یہ کتابیں آگرہ کی روی کلیسا کے اسقف اسر خادمان دین دیا کرتے تھے تاکہ پروٹسٹنٹ علماء کو نیچا دکھا سکیں۔ ان ملاحدہ کی کتب کے علاوہ انہوں نے مسلمان علماء کو کلیسا کی ابتدائی صدیوں کے بدعتیوں مثلاً مارسین، ابیونی، ایریس وغیرہ کی کتابیں بھی دیں اوران کے مضامین کو ان علماء کے ذہن نشین کرتے رہتے تاکہ بزعم خویش پروٹسٹنٹ خیالات کا پول کھل جائے ہم ان بشپوں اور دین کے خادمان کی ذہنیت پر حیران رہ جاتے ہیں" (۲۱)۔

یوں ان مسلم، مسیحی مناظروں سے مسلم عوام کو مسیحیوں کی باہمی فرقہ واریت کا اندازہ ہوا جس سے مسیحیت کو سمجھنے میں انہیں آسانی میسر آ سکی۔

۱۷۔ بعض پادریوں کی طرف سے مسلم علماء کی علمی برتری کا اعتراف

مناظرہ میں فریقین کا عمومی رویہ یہ ہوتا ہے کہ ایک دوسرے کو عقلی و نقلی دلائل سے شکست دے کر نیچا دکھایا جائے، بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ فریقِ مخالف کی علمی حیثیت اور فضیلت کا اعتراف کیا جائے۔ برصغیر کی مسلم، مسیحی مناظرانہ سرگرمیوں میں بعض واقعات ایسے بھی ملتے ہیں کہ جب ایک فریق نے دوسرے فریق کی برتری اور عظمت کو تسلیم کر کے اس کا جرأت مندانہ اظہار بھی کیا۔ ۸ مارچ ۱۹۸۸ء کو غازی پور میں مولانا شرف الحق دہلوی کا مناظرہ، پادری رونسن اور پادری ای پٹیرک، پرنسپل مشن کالج، غازی پور سے ہوا۔ مولانا نے عالمانہ شان اور شرافت و ظرافت کے انداز میں تاریخی و علمی حوالہ جات پیش کیے۔ مولانا کے علمی مقام و مرتبہ کا اعتراف واقرار مناظرے کے آخر میں پادری صاحبان نے ان الفاظ میں کیا:

"ہم جناب مولوی صاحب کی اس دریافت پر آفرین نہیں بلکہ صد آفرین کرتے ہیں کہ ہمارے مذہب میں ایسی تحقیق اور دسترس پہنچائی ہے۔ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ایسا ماہر اور جامع شخص ہمارے غازی

پور تشریف لایا۔ ہم میں اتنا علم اور اتنی لیاقت نہیں کہ جناب مولوی صاحب سے مقابلہ کر سکیں اور آپ کی ہر بات کا جواب دیں سکیں" (۲۲)۔

۱۸۔ مسیحیت کی تبلیغ کے لیے تبشیری سرگرمیوں کا فروغ

برصغیر میں مسلم، مسیحی مناظروں سے مسیحی تبشیری سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوا۔ مسیحیوں نے عہدِ اکبری میں مغل دربار سے سفارتی تعلقات قائم کئے، مسیحیت کی اشاعت کے لیے مختلف مشن مختلف ممالک سے ہندوستان میں آئے جنھوں نے تقریر و تحریر کے علاوہ معاشرتی تبدیلی اور مفادات کی ترغیب کا سہارا لیا۔ مسیحیت کو مذہبی کے بجائے ایک سماجی تحریک کے طور پر پیش کیا گیا۔ اس ضمن میں سماجی خدمت کو مسیحیت کا اصل ہدف قرار دیا گیا۔ دراصل ان سرگرمیوں کا اصل محرک یہ خیال تھا کہ حکومت کی سرپرستی میں مسیحیت کو فروغ دیا جائے۔ انگریز اور برصغیر میں ان کے اقتدار کو مضبوط بنایا جائے۔ اس کی تائید مسٹر مینگلس ممبر پارلیمنٹ کی اس تقریر سے ہوئی ہے جو اس نے ۱۸۵۷ء کے آغاز میں پارلیمنٹ کے دارالعوام میں کی، اس نے کہا:

"خداوند تعالیٰ نے ہمیں یہ دن دکھلایا ہے کہ سلطنت ہندوستان سلطنت انگلستان کے زیر نگیں ہے تاکہ عیسیٰ مسیح کی فتح کا جھنڈا ہندوستان کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک لہرائے۔ ہر شخص کو اپنی تمام تر قوت کل ہندوستان کو عیسائی بنانے کے عظیم الشان کام کی تکمیل میں صرف کرنی چاہیے اور اس میں کسی طرح تساہل نہ کرنا چاہیے" (۲۳)۔

نتیجتاً برصغیر میں برطانوی حکومت نے مسیحیت کی اشاعت کے لیے بھرپور مدد فراہم کی، فروغِ مسیحیت کے لیے تبشیری سرگرمیوں کے مختلف پہلوؤں کی وضاحت سید محمد میاں ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"۱۸۴۸ء میں انگریزوں نے جب مدارس پر قبضہ کیا تو ان کا طریقہ یہ تھا کہ جس مقام پر قبضہ کرتے وہاں برطانوی، امریکی، جرمنی، مسیحی نقادوں کی ٹڈی دل فوج شہروں، قصبوں، دیہاتوں، جنگلوں، پہاڑوں بازاروں اور محلوں میں پھیل جاتی اور مسیحیت کی تبلیغ کرتی۔ سکول کھولے جاتے، ہسپتال کھولے جاتے۔ طالب علموں اور مریضوں میں نصرانیت کی حقانیت ثابت کی جاتی اور اسلام کی تکذیب و تحقیر کی جاتی اور ان کاموں میں حکمران بھی حصہ لیتے" (۲۴)۔

مسیحی مناد انسان دوستی کے نام پر مسیحیت کے لیے راہ ہموار کر رہے تھے۔ امداد صابری لکھتے ہیں:

"۱۸۵۷ء میں تعلیم کے نام پر حاکم اعلیٰ (کلکتہ) نے نصرانیت کا پراپیگنڈہ سکولوں میں شروع کر دیا تھا۔ اس زمانے میں کلکتہ میں لوٹ مار شروع ہوئی تو میر جعفر سے جرمانہ وصول کر کے کلکتہ میں فری سکول

قائم کیا گیا۔ اس کے مہتمم خود گورنر مقرر ہوئے۔ اس مدرسہ میں تعلیم کی غرض وغایت یہ ہوئی تھی کہ اس میں ہر قوم کا وہ بچہ جس کی عمر پانچ سال سے دس سال تک ہوتی داخل ہو سکتا تھا۔ ہر طالب علم کے لیے لازم تھا کہ وہ مسیحی دعاؤں میں شریک ہو اور بائبل کی تعلیم ضرور حاصل کرے"[۲۵]۔

ان اقدامات کے نتیجے میں مشنری سوسائٹیاں اور سکول ملک کے طول وعرض میں پھیلا دیئے گئے، اس بات کا اہتمام کیا گیا کہ تمام مسلمانوں اور ہندوؤں کو مسیحی بنالیا جائے۔ نتیجتاً مقامی مذاہب کے لوگوں کو مسیحیت قبول کرنے کے لیے بہت سی ترغیبات دی گئیں۔

۱۹۔ مسیحیوں کے قائم کردہ مناظرانہ تربیت فراہم کرنے والے ادارے

انگریزوں نے مسیحیت کی تبلیغ کے ایک پہلو کے طور پر مسلمانوں کے خلاف مناظرانہ ادب تشکیل دیا، اس ضمن میں تسلسل اور حکمت عملی کے اصولوں کا خیال رکھا گیا۔ ۱۸۱۳ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی نے برطانوی پارلیمنٹ سے تبلیغ مسیحیت کی باقاعدہ اجازت چاہی لیکن برطانوی پارلیمنٹ نے ہندوستان میں امن وامان کے پیش نظر ایکٹ ۱۸۱۴ء منظور کیا جس میں طے پایا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے انگریز پادریوں کے لیے ایک بشپ اور تین آرڈیکن مقرر کیے جائیں اور بشپ کا صدر مقام کلکتہ ہو گا[۲۶]۔

نتیجتاً ہندوستان بھر میں مختلف چرچ سوسائٹیاں قائم ہوئیں، ان کے عہدہ داران کو مراعات دی گئیں۔ ان سوسائٹیوں کے زیر انتظام ایسے ادارے قائم کئے گئے جن میں مسلمانوں سے مناظرہ کرنے کی باقاعدہ تربیت دی جاتی تھی۔ اس مناظرانہ تربیت کے چند نکات ملاحظہ ہوں:

۱۔ مناظروں میں مسلمانوں کے اعتراضات کا جواب کس طرح دینا چاہیے؟

۲۔ غیر عیسائیوں کے اعتراضات کیا ہوتے ہیں؟

۳۔ غیر عیسائیوں میں روحانی ترقی کیسے ہو سکتی ہے؟

۴۔ مقامی عیسائیوں میں مذہبی ترقی کس طرح کی جائے؟[۲۷]۔

ان اداروں کے تمام اخراجات انگریز حکومت برداشت کرتی تھی۔

۲۰۔ مناظروں میں بعض عیسائیوں کا قبول اسلام

اکثر مناظروں کا وقتی انجام طعن وتشنیع، الزام تراشی اور لڑائی جھگڑا رہا ہے، اپنے نظریہ وعقیدہ پر قائم رہنے کو ہی مردانگی سمجھا جاتا رہا ہے، البتہ بعض واقعات ایسے ملتے ہیں جن میں لوگوں نے دوسرا مذہب قبول کر کے

ہمت وجرأت کا مظاہرہ کیا ہے۔ ۱۹۱۰ء مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ اور پادری جوالہ سنگھ کا لاہور میں "الوہیت مسیح" کے موضوع پر مناظرہ ہوا۔ پادری جو بھی دلیل پیش کرتا۔ مولانا اس کا رد پیش کر دیتے۔ یہاں تک کہ پادری نے گھبرا کر کہا۔ مولانا! میری کوئی دلیل تو رہنے دیں، اس پر مجمع ہنس پڑا۔ اسی مجمع میں عیسائیوں کا ایک پورا خاندان عیسائیت چھوڑ کر مسلمان ہو گیا(۲۸)۔

اسی طرح ۱۹۲۶ء میں گوجرانوالہ میں مولانا کا مسئلہ توحید پر پادری سلطان محمد پال سے مناظرہ ہوا، آٹھ دس ہزار کا مجمع تھا۔ اس میں یورپین عیسائی بھی موجود تھے۔ مولانا کے پیش کردہ دلائل کا جواب جب پادری سلطان محمد سے نہ بن سکا تو وہیں ایک عیسائی نوجوان مسلمان ہو گیا(۲۹)۔

علاوہ ازیں مولانا امداد صابریؒ نے معروف مسلم مناظرین مولانا شرف الحقؒ، مولانا عبد الہادیؒ اور مولانا عبد القادرؒ کی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا کہ ان کے مناظروں کی وجہ سے صرف چھ ماہ میں ۲۱۰ عیسائیوں نے اسلام قبول کیا، ان میں نو انگریز بھی شامل تھے(۳۰)۔

۲۱۔ تعلیمی اداروں کے اُسلوبِ تدریس پر اثرات

مسیحی مناظرانہ ادب میں مغربی افکار کی جھلک نمایاں تھی، ان افکار نے برصغیر کے نظامِ تعلیم پر واضح اثرات مرتب کئے۔ مخلوط تعلیمی ادارے، کنڈر گارٹن، پری سکول چائلڈ کیئر سنٹرز، تدریسی معاونات کا استعمال اور تربیت اساتذہ کی کلاسز اس کی اہم مثالیں ہیں۔ تعلیم و تدریس کے میدان میں آنے والی تبدیلیاں وقت گزرنے کے ساتھ مضبوط ہوتی گئیں خصوصاً تقسیم ہند کے بعد وجود میں آنے والے نظامِ تعلیم میں مغربیت کے عناصر زیادہ شدت سے ظہور پذیر ہوئے۔ مغربی طرزِ تعلیم سے متاثر ادارے اب پاکستان بھر میں پھیل چکے ہیں۔ مسیحی مشنریز کے قائم کردہ سکول و کالج، بیکن ہاؤس سکول سسٹم، برن ہال سکول و کالج ایبٹ آباد اور پاکستان انٹرنیشنل سکول سسٹم اس کی زندہ مثالیں ہیں۔

۲۲۔ جامعات کے تحقیقی مقالہ جات میں مطالعہ مسیحیت کا رجحان

مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب نے جامعات کے اساتذہ اور طلبہ کو مطالعہ مسیحیت کی جانب راغب کیا۔ اس وسیع علمی ذخیرہ کے زیر اثر اساتذہ نت نئے علمی و تحقیقی موضوعات اپنے طلبہ کو بتانے لگے۔ حضرت عیسیٰ، حضرت مریم، مسیحیت میں حضرت ابراہیم و موسیٰ کا مقام، تثلیث، کفارہ، ابنیت والوہیتِ مسیح، مصلوبیت مسیح، تورات، زبور اور انجیل کی اصل حیثیت، مسیحی فرقے اور ان کے داخلی اختلافات اور برصغیر میں مسیحیوں کی

علمی، فکری، سیاسی، طبی اور رفاہی خدمات کے بارے میں جامعات میں مختلف کانفرنسوں، سیمیناروں اور کمرہ جماعت میں لیکچروں کے ذریعے طلبہ کی مطالعہ مسیحیت سے دلچسپی میں اضافہ ہوا۔ مطالعہ مسیحیت کے رجحان کی وضاحت پاکستانی جامعات کے ایم فل اور پی ایچ ڈی کے تحقیقی مقالات کے درج ذیل عنوانات سے ہوتا ہے:

۱۔ مذاہب باطلہ کے رد میں مؤلفین تفسیر ثنائی وحقانی کی کاوشیں (پی ایچ ڈی، علوم اسلامیہ) جامعہ پنجاب، لاہور، ۲۰۰۳ء، مقالہ نگار: حافظ محمد اسرائیل فاروقی۔

۲۔ مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی علمی و دینی خدمات کا تحقیقی جائزہ، (پی ایچ ڈی، علوم اسلامیہ) جامعہ پنجاب، لاہور، ۲۰۰۰ء، مقالہ نگار: محمد عبد اللہ۔

۳۔ اسلامی اور پاکستانی مسیحی قانون وراثت کا تقابلی جائزہ (ایم فل، علوم اسلامیہ)، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، ۲۰۰۳ء، مقالہ نگار: مظہر فرید شاہ۔

۴۔ گوجرانوالہ میں مسیحی مشنری اداروں کا کردار اور مسلم معاشرے پر ان کے اثرات: تجزیاتی مطالعہ (ایم فل، علوم اسلامیہ)، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، ۲۰۰۶ء، مقالہ نگار: حافظہ فرحت۔

۲۳۔ مغربی دانش گاہوں میں اردو کی تدریس و تحقیق کا رجحان اور اس کا پس منظر

برصغیر کے مسلم، مسیحی مناظرانہ ادب نے محض مقامی اہلِ علم و فکر کو ہی متاثر نہیں کیا بلکہ اس کے اثرات ہندوستان سے باہر خصوصاً مغربی دنیا میں بھی ہوئے۔ چونکہ اس حساس مذہبی ادب کا زیادہ تر حصہ اُردو زبان میں تھا اس لیے اہلِ مغرب کو اردو سیکھنے کی فکر لاحق ہوئی۔ مغربی جامعات میں اُردو کی تدریس و تحقیق کے لیے خصوصی شعبہ جات قائم ہوئے۔ ان خصوصی شعبہ جات نے جن شخصیات کو اردو کی تعلیم و تربیت فراہم کی ان میں ایک قابل ذکر مثال معروف فرانسیسی مستشرق گارساں دتاسی کی ہے۔ وہ کبھی ہندوستان نہیں آیا۔ فرانس میں رہتے ہوئے اردو زبان سیکھی اور تقریباً نصف صدی تک اس زبان کی تدریس و تصنیف میں مشغول رہا۔ اردو زبان کی جنم بھومی سے ہزاروں میل دور بیٹھ کر اس نے وہ عظیم کارنامے انجام دیئے کہ بڑے بڑے مقامی اہل قلم ان کی محض آرزو ہی کر سکتے تھے۔ اس زمانے میں انٹرنیٹ، فون، موبائل اور فیکس جیسی سہولیات میسر نہیں تھیں، پھر بھی اس نے "تاریخ ادبیات ہندی و ہندوستانی" جیسا حیرت انگیز کارنامہ انجام دے ڈالا۔ اس کے تصنیفی منصوبوں کے لیے مواد کی فراہمی کا واحد ذریعہ انگریز افسروں سے مراسلت اور ہندوستان سے موصول ہونے والے اخبارات ورسائل تھے۔ گارساں دتاسی اور اس جیسے بہت سے مغربی اہل قلم کا مادی ہدف برصغیر کی سیاست و تجارت ضرور تھی، مگر ان کی اردو زبان میں موجود مذہبی ادب سے غیر معمولی دلچسپی کے پس منظر میں ان کے مشنری جذبات

تھے۔وہ عیسائیت کی تبلیغ کے لیے اردو زبان کی تحصیل ضروری خیال کرتے تھے، جس سے اس اعتراض کو تقویت ملتی ہے کہ اردو زبان سے لگاؤ اور سرپرستی کے پیچھے اردو کی محبت کے بجائے ان کی عیسائیت سے محبت اور مقامی زبانوں میں تبلیغ کی خواہش پوشیدہ تھی تاکہ زیادہ سے زیادہ ہندوستانیوں کو عیسائی بنایا جاسکے۔ گارساں دتاسی لکھتا ہے:

> "کلکتے کی 'کرسچن مشن' کے کلیسائی عہدے داروں نے دیسی عیسائیوں کی تعلیم کے لیے لاہور میں ایک مذہبی مدرسہ قائم کیا ہے، جہاں مبلغین کی تعلیم وتربیت کا انتظام کیا جائے گا۔ یہاں تعلیم اردو زبان میں دی جاتی ہے۔ ان مبلغین کے لیے لاطینی زبان سیکھنا لازمی نہ ہوگا جیسا کہ کیتھولک مدرسوں میں دستور ہے۔ اگر کوئی کیتھولک مبلّغ مذہب لاطینی زبان سے واقف نہ ہو تو وہ اپنے عہدے سے محروم کیا جاسکتا ہے۔ لیکن مناسب یہی معلوم ہوتا ہے کہ ہر ملک میں وہیں کی زبان عبادت کے لیے استعمال کی جائے" (۳۱)۔

اس بیان سے مسیحی پادریوں کی سرپرستی کرنے والے باصلاحیت اور متحرک اہل قلم کی نشاندہی ہوتی ہے جو زبان وادب اور تعلیم وتدریس کے نام پر مسیحیت کی راہ ہموار کرنے کی کوشش کرتے رہے، وہ دیارِ مغرب میں بیٹھ کر مشنری سرگرمیوں اور ان کے مذہبی اداروں کے بارے میں نہ صرف متفکر رہے بلکہ مشاورت ورہنمائی بھی فراہم کرتے رہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ڈاکٹر گستاؤلی بان، تمدن ہند،(مترجم: سید علی بلگرامی)، کراچی ۱۹۶۲ء، ص:۲۔

۲۔ ظہیر الدین بابر، تزک بابری،(مترجم: مرزا نصیر الدین حیدر)، کراچی ۱۹۶۲ء، ص:۳۴۳۔

۳۔انوار ہاشمی، تاریخ پاک وہند، کراچی ۱۹۷۴ء، ص:۳۶۔

۴۔Annie Besant, India: A Nation London, Edition-First P:18.

۵۔امداد صابری، فرنگیوں کا جال، فرید بک ڈپو، نیو دہلی، انڈیا،۲۰۰۸ء، ص:۱۸۳ ۔

۶۔م۔ن، ص:۲۱۲۔

۷۔عبد الحق حقانی، مقدمہ تفسیر حقانی، الفیصل ناشران، لاہور، سن ندارد، ۱۲۸/۱۔

۸۔امداد صابری، فرنگیوں کا جال، ص:۳۲۴۔

۹۔م۔ن، ص:۳۲۵۔

۱۰۔م۔ن، ص:۲۳۳۔

۱۱۔محمد الحسنی، سید، سیرت سید محمد علی مونگیری، مجلس نشریات اسلام، کراچی، ۱۹۶۳ء، ص:۶۰۔

۱۲۔ڈسکوی، فیروز الدین، مولوی، پیارے نبی کے پیارے حالات، جلد اول، سیالکوٹ، مفید عام پریس، ۱۳۱۸ھ، ص:۸۔

۱۳۔فیروز ڈسکوی، ایک سچے مسیحی کی مناجات، سیالکوٹ، پنجاب پریس، ۱۹۰۶ء، ص:۱۲،۱۱۔

۱۴۔سردار مسیح گِل، غیر مسلم املاک کا تحفظ (قرآن وسنت کی روشنی میں)، پبلی کیشن سروس رجسٹرڈ، سمن آباد، لاہور، ۱۹۸۰ء، ص:۱۸۔

۱۵۔بخاری، حافظ محمد اکبر شاہ، اکابر علمائے دیوبند، ادارہ اسلامیات، انار کلی، لاہور، ۱۹۹۹ء، ص:۷۔

۱۶۔سید محمد سلیم، ہندوپاکستان میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت، ادارہ تعلیمی تحقیق، تنظیم اساتذہ پاکستان، لاہور، ۱۹۹۳ء، ص:۲۸۴۔

۱۷۔امداد صابری، فرنگیوں کا جال، ص:۴۱۶۔۴۱۰۔

۱۸۔م۔ن، ص:۴۱۷تا۴۴۴۔

۱۹:۔سید عبداللہ، مباحثہ مذہبی، پہلا حصہ، مطبع منعمیہ، اکبر آباد ۱۲۷۰ھ، ص:۲۶۔

۲۰۔ Pwell, Muslims and Missionaries an Pre-Mutiny India, P:244.

۲۱۔برکت اللہ، پادری، صلیب کے علمبردار، پنجاب ریلیجیس بک سوسائٹی، لاہور، ۱۹۳۲ء، ص:۲۲۔

